پہلی مرتبہ تقریباً 350 نادر ونایاب رسائل وکتب کی یکجا اشاعت

مقالاتِ حکیم الامت

حکیم الامت مجدد الملت

حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ

۱۲۸۰ - ۱۳۶۲ھ ۱۸۶۳ - ۱۹۴۳ء

زیر سرپرستی

شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم

(شیخ الحدیث جامعہ دار العلوم کراچی)

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ

چوک فوارہ ملتان 0322-6180738

خانقاہ امدادیہ اشرفیہ تھانہ بھون.... مظاہر علوم سہارن پور..... دار العلوم کراچی
ودیگر مراکز علم سے حکیم الامت حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ کے
دستیاب شدہ نادر ونایاب رسائل کی پہلی مرتبہ یکجا اشاعت

مقالاتِ حکیم الامت 76

مجموعہ تالیفات

حکیم الامت مجدد الملت حضرۃ مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

الحمد للہ! عرصہ دراز کی جستجو کے بعد تقریباً 325 رسائل
اس مجموعہ میں شائع کیے جارہے ہیں۔

زیر سرپرستی

شیخ الاسلام فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم
(شیخ الحدیث جامعہ دار العلوم کراچی)

اِدارۂ تالیفاتِ اَشرفیہ
چوک فوارہ ملتان 0322-6180738

تاثرات

حضرت مولانا مفتی مجد القدوس خبیب رومی زید مجدہٗ
(صدر مفتی مدرسہ عربی مظاہر علوم سہارن پور، ہندوستان)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَحْدَہٗ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ لَانَبِیَّ بَعْدَہٗ

امابعد! ہندوپاک میں دینی کتب کی نشرواشاعت کے سلسلہ میں ''ادارہ تالیفات اشرفیہ'' ملتان کا نام محتاج تعارف نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ کے خطبات وملفوظات اور دیگر تالیفات کی نشرواشاعت کیلئے ہمارے ممدوح حضرت حافظ محمد اسحٰق صاحب زید مجدہٗ کو ایسی توفیق سے نوازا جو دیگر ناشران کتب کیلئے بھی قابل رشک ہے۔ اس عظیم اشاعتی کام کی بنیاد ان کے شیخ حضرت الشاہ الحاج محمد شریف صاحب رحمہ اللہ (خلیفہ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ) کی کمال سرپرستی اور دُعاؤں کا فیضان ہے۔ حضرت حاجی صاحب رحمہ اللہ اپنی تحریر میں فرماتے ہیں:

''مجھے دلی خوشی ہے کہ عزیز القدر حافظ محمد اسحٰق صاحب مجدد الملّت حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیفات شائع کرنے کے حریص ہیں۔ انہیں حضرت رحمہ اللہ سے صرف محبت ہی نہیں محبت کا نشہ ہے۔ حضرت کے مسلک اور مذاق کی تبلیغ کے بہت خواہش مند ہیں اور زرِ کثیر خرچ کر کے حضرت کی کتابیں جو نایاب ہیں

چھپواتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی سعی کو قبول فرما کر ناظرین کیلئے نافعیت اور ہدایت اور اُن کے لیے سرمایۂ آخرت بنائیں۔" دُعاگو: احقر محمد شریف عفی عنہ

آج سے چند سال قبل جبکہ شائقین علوم رومی حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی عالمانہ وعارفانہ شرح "کلید مثنوی" کو یکجا دیکھنے کیلئے ترستے اور تڑپتے تھے۔

حضرت قاری صاحب نے اس عظیم شرح کے ہندوپاک سے منتشر دفاتر کو جمع کر کے دس ضخیم جلدوں میں شائع کیا تو اکابر وقت نے خوب دُعاؤں سے نوازا۔ حضرت مولانا وکیل احمد شیروانی صاحب رحمہ اللہ نے اس موقع پر فرمایا تھا کہ یہ بادشاہوں کا کام تھا جو اللہ پاک نے ایک فقیر سے لے لیا ہے۔ اسی طرح ہندوپاک کے جملہ اکابر بالخصوص سلسلہ اشرفیہ کے حضرات نے وقتاً فوقتاً ادارہ کے حق میں اپنی مستجاب دُعائیں فرمائیں۔ بلاشبہ ادارہ کا اشاعتی فیضان انہی اللہ والوں کی دُعاؤں ہی کا ثمرہ ہے۔

الحمدللہ! ادارہ نے حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی تالیفات وتعلیمات پر تجدیدی کام کیے ہیں جن میں مختصر رسائل کے علاوہ ضخیم جلدوں کے مجموعے بھی شامل ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ادارہ کی جدید تجدیدی خدمات میں "مقالات حجۃ الاسلام" (مشتمل بر تالیفات حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ) اور "مقالات حکیم الامت" زیور طباعت سے آراستہ ہو رہے ہیں۔

"مقالات حکیم الامت" کے متعلق یہ سن کر نہایت خوشی ہوئی کہ اس میں قدیم وجدید 300 سے زائد رسائل کو جمع کر کے ترتیب دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں تالیفات کو شرف قبول نصیب فرمائیں اور ہمارے دونوں اکابر جو دینی اُصول وفروع کی افہام وتفہیم کیلئے امام الاصول اور جامع الاصول والفروع کی حیثیت رکھتے ہیں اور دینی بصیرت کے حوالے سے ہمارے لیے بمنزلہ "دونوں آنکھوں" کے ہیں۔

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمہ اللہ کے نزدیک حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمہ اللہ کی کتب ورسائل خواص (بلکہ

اخص الخواص) کے لیے نافع اور مفید ہیں۔

حکیم الاسلام حضرت قاری محمد طیب صاحب دیوبندی رحمہ اللہ کے بقول حضرت نانوتوی رحمہ اللہ امام الاصول تھے، حضرت گنگوہی رحمہ اللہ امام الفروع اور حضرت تھانوی رحمہ اللہ (اپنے اُستادِ خاص حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی رحمہ اللہ کے فیض صحبت کی برکت سے) جامع الاصول والفروع تھے۔

اس لیے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کے ملفوظات و مواعظ اور کتب ورسائل سے عوام وخواص دونوں ہی مستفید و منتفع ہو سکتے ہیں۔

آج کے پُرفتن دور میں جبکہ افراط وتفریط عام ہے اور دین کی تشریح کے نام سے نت نئے فتنے سر اُٹھا رہے ہیں۔ ان حالات میں ہمارے ان اکابر کی تعلیمات ہی ہیں جن کے متعلق سو فیصد یقین کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ

یہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہوگی

اللہ تعالیٰ حضرت قاری صاحب مدظلہ کو اکابر وقت کی مزید در مزید دُعاؤں سے اپنے دامن کو سجانے کی توفیق سے نوازیں اور ایسے نایاب علمی موتی منصۂ شہود پر لانے کی توفیق اور ہمت عطا فرماتے رہیں۔ آمین یارب العالمین

والسلام محمد القدوس خبیب رومی عفا اللہ عنہ

دارالافتاء جامع مسجد آگرہ انڈیا...۲۲ شوال المکرم ۱۴۴۱ ہجری

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اِجمالی فہرست

ما علینا الا البلاغ المبین

اصلاح ترجمۂ مرزا حیرت

جسکو

اشرف العلماء افضل الفضلاء رأس المفسرین تاج المحدثین
واقف احادیث وآیات صاحب مواجید وحالات ماہر علوم عقلی
ونقلی حضرت اقدس مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہم العالی نے

تالیف فرمایا اور

محمد انعام اللہ مدرس عربی جامع العلوم کانپور ساکن پرگاپور نے محمد قمر الدین صاحب کے
مطبع قیومی کانپور میں باہتمام ماسٹر رضا حسین چھپوایا

ما علینا الا البلاغ المبین

اصلاح ترجمہ مرزا حیرت

جسکو

اشرف العلماء افضل الفضلاء راس المفسرین تاج المحدثین

واقف احادیث وآیات صاحب مواجید وحالات ماہر علوم عقلی

ونقلی حضرت اقدس مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی مدظلہم العالی

تالیف فرمایا اور

محمد انعام اللہ مدرس عربی جامع العلوم کانپور ساکن پڑکاپور نے محمد قمر الدین صاحب کے

مطبع قیومی کانپور میں باہتمام [illegible] سے چھپوایا

قال تعالیٰ

وَإِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيقًا يَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتَابِ لِتَحْسَبُوهُ مِنَ الْكِتَابِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ

چوں آیت مبارکہ ناعی ست بر لیّ لسان بکتاب اللہ کہ مفسر ست بہ تقصیر کنانی الکبیر، وکذلک بر انتسابش الی اللہ الخبیر، وآں عام ست ہر تغییر و ہر انتقاصیکہ باللفظ باشد یا بالتفسیر، ورسالہ ملقب بہ

التقصیر فی التفسیر

رشحات قلم حقیقت رقم حضرت حکیم الامۃ مولانا الحاج شیخ محمد اشرف علی صاحب نفع بہ اللہ الصغیر والکبیر

کاشف بود از فساد چنیں تاویلات فاسدہ کتاب منیر و فاروق بود

میاں تاویلات مقبولہ و تاویلات مخذولہ

باحسن تقریر، و واضح تعبیر، بنا علیہ

نفعا للطالبین

در مطبع قاسمی واقع دیوبند مطبوع گردید

اَحْسَنُ التَّفْهِيْمِ

لِمَقُوْلَةِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ علیہ السّلام

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ، واقف الاسرار الفرقانیۃ،
راس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الاسرار الخفی مظہار الجلی اعنی بہ

مَوْلَانَا مُحَمَّدْ اَشْرَفْ عَلِی التَّھَانَوِی

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اس رسالہ میں ایک صاحب کے سوال کے جواب میں ''ھذا ربی'' کے قول کی تفسیر و تحقیق تحریر فرمائی ہے اور مثنوی شریف کے اُن اشعار کا مطلب واضح فرمایا ہے جو اِس جملہ کے بارے میں آئے ہیں۔

اَحۡسَنُ التَّفۡهِيۡمِ لِمَقُوۡلَةِ سَيِّدِنَا اِبۡرَاهِيۡمَ عَلَيۡهِ السَّلَامُ

در تحقیق توجیہ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ مقولہ ابراہیم علیہ السلام هذا ربی را

قال رحمۃ اللہ علیہ فی الدفتر الخامس قبیل حکایت شیخ محمد سروری۔

عالم وہم و خیال وطمع و بیم　　ہست رہرورا یکے سد عظیم
نقشہائے ایں خیال نقشبند　　چوں خلیلے را کہ بد شد گزند
گفت ہذا ربی ابراہیم راد　　چونکہ اندر عالم وہم اوفتاد
ذکر کوکب را چنیں تاویل گفت　　آں کسے کو گوہر تاویل سفت
عالم وہم و خیال چشم بند　　آنچنانکہ راز جائے خویش کند
تاکہ ہذا ربی آمد قال او　　غیر پیغمبر چہ باشد حال او

فی الشرح الحبیبی عالم وہم وخیال اور عالم نفس وطمع اور عالم خوف بیجا سالک کیلئے ایک زبردست رکاوٹ ہے کیونکہ قوت خیالیہ مصورہ کی بنائی ہوئی تصویریں خلیل اللہ جیسے شخص کیلئے جو کہ پہاڑ کی طرح غیر متزلزل تھے مضر ثابت ہوئی ہیں۔

چنانچہ جس وقت وہ عالم وہم میں پھنسے ہیں اور وہم کا اُن پر غلبہ ہوا ہے اور عقل عارضی طور پر مغلوب ہوگئی ہے تو انہوں نے حق سبحانہ کو طلب کرتے ہوئے شمس وقمر اور دیگر ستارہ کی نسبت ہذا ربی کہہ دیا جس کسی نے هذا ربی کی توجیہ کی ہے اس نے اس کی یہی وجہ بیان کی ہے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔ پس تم غور کرو کہ اس نظر بندی کرنے والے عالم وہم وخیال نے ایسے غیر متزلزل پہاڑ کو اپنے مقر اصلی سے تھوڑی دیر کیلئے ہٹا

دیا حتی کہ انہوں نے ایک ستارہ کی نسبت هذا ربی کہہ دیا پھر اس عالم میں غیر انبیاء کی کیا حالت ہوگی۔ اب احقر اشرف علی بعد نقل متن وشرح کے حاشیہ میں اس کی توضیح کرتا ہے یہ حاشیہ شرح کے اس قول پر ہے اس کی یہی وجہ بیان کی ہے۔ وھی هذا یعنی منجملہ ان توجیہات کے بعض نے یہ بھی ایک توجیہ بیان کی ہے چنانچہ ہمارے اکابر میں سے حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اسی توجیہ کو اختیار کیا ہے اور اس سے یہ مراد نہیں کہ نعوذ باللہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اس کا جزم یا احتمال راجح مساوی بلکہ یا مرجوح بھی ہو گیا تھا جیسا لفظ وہم سے شبہ ہو سکتا ہے۔

سو یہاں وہم سے اس کے معنی مصطلح مراد نہیں بلکہ مطلق خیال مراد ہے گو بدرجہ وسوسہ ہی ہو کیونکہ حضرات انبیاء علیہم السلام کا علم بالصانع فطری وضروری ہوتا ہے گو اول اول اجمالی ہوتا ہے پھر بتدریج تفصیلی ہو جاتا ہے مگر استدلالی نہیں ہوتا اور علم ضروری میں ایسا احتمال ممکن نہیں لیکن وسوسہ ممکن ہے اور وجہ اس وسوسہ کی یہ ہے کہ علم اجمالی کے بعد جب تفصیل کی طلب ہوتی ہے گو یہ طلب بمعنی ترتیب مقدمات نہ ہو بلکہ بمعنی رغبت وتمنا ہو تو یہ طلب شدت محبت کے سبب بعض اوقات ہیمان کا رنگ پیدا کر لیتی ہے جس کے ساتھ بعض نے ووجدک ضالا کو مفسر کیا ہے اور اس ہیمان سے قوت عقلیہ مغلوب ہو جاتی ہے گو تھوڑی ہی دیر کے لئے سہی جس کی طرف شرح ہذا میں اس قول سے اشارہ کیا ہے کہ عقل عارضی طور پر مغلوب ہو گئی ہے۔

اس مغلوبیت کے وقت بعض اوقات مطلوب کے بعض صفات سے ذہن کو ذہول ہو جاتا ہے اور بعض صفات متحضر رہتی ہیں اور کبھی اس کے تحقق کی یہ صورت ہوتی ہے کہ جو صفات مطلوب وغیر مطلوب کے درمیان فارق ہیں اُن سے تو ذہول ہو گیا اور جو صفات مشترک ہیں وہ حاضر رہیں تو ایسے وقت میں اگر کسی ایسے غیر مطلوب کا مشاہدہ ہو جو ان صفات مشترکہ سے متصف ہے یعنی گویا وہ مطلوب کی مثال ہے تو

اس مثال پر مطلوب کا وسوسہ ہو جاتا ہے۔ پھر جب وہ غلبہ زائل ہو جاتا ہے تو صفات فارقہ کے فوراً حاضر ہو جانے سے وہ وسوسہ دفع ہو جاتا ہے۔

اور پھر جب معرفت مفصلہ تام ہو جاتی ہے پھر ایسے وسوسہ کی بھی نوبت نہیں آتی پس غیر انبیاء کو جس درجہ میں احتمال ہو سکتا ہے انبیاء کو وسوسہ ہو سکتا ہے اور یہ منافی شان نبوت کے نہیں جیسے ایک شخص نے حکایت بیان کی کہ وہ جب گھر آتے تو دروازے پر اپنی چھوٹی لڑکی کو آواز دیتے وہ مر گئی تو ایک بار دروازے پر پہنچ کر اس کا مرنا یاد نہ رہا اور اسی کو پکارنے لگے پھر جب یاد آیا تو بہت روئے۔ اب دو سوال باقی ہیں ایک یہ کہ مولانا نے اس کو مضر کیوں کہا۔ جواب یہ ہے حسنات الابرار سیئات المقربین، دوسرا سوال یہ ہے کہ کیا انبیاء علیہم السلام بھی کیفیات سے مغلوب ہوتے ہیں جواب یہ ہے کہ ہوتے ہیں مگر کم خصوص ابتدائی حالت میں تو کچھ بھی بعد نہیں اور ایسی مغلوبیت احیاناً بہت نصوص میں مذکور ہے۔

نوٹ: شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اِجمالی تفسیر کو بھی اسی تفصیلی تقریر پر محمول کرنا ضروری ہے۔

ضمیمہ صمیمہ

(بمعنی الخالص لکون ہذا التوجیہ ابعد من کل اشکال ۱۲۰ منہ)

اس تقریر کی تحریر کے بعد اپنے رسالہ المفتاح المعنوی میں اس مقام کا ایک حل نظر پڑا تتمیم فائدہ کے لئے اس کو بھی نقل کرتا ہوں اور تقریر سابق و تقریر لاحق میں فرق یہ ہے کہ سابق میں تو ھذا ربی کا مشار الیہ کوکب وغیرہ ہے اور مصرعہ چونکہ اندر عالم وہم اوفتاد اپنے ظاہر پر محمول ہے اور لاحق میں ہذا کا مشار الیہ حق جل شانہ ہے اور مصرعہ مذکورہ اپنے ظاہر سے منصرف ہے چنانچہ عنقریب معلوم ہوگا۔ وھو ھذا.

قولہ گفت ھذا ربی الخ یہ ایک تاویل کی طرف اشارہ ہے جس کو بعض صوفیہ

نے تصریحاً فرمایا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو کوکب کو دیکھا تو اس میں تجلی حق کا مشاہدہ کیا اور اس مشاہدہ کو کہا ھذا ربی اور مظہر کو وہ پہلے سے بھی آفل سمجھتے تھے مگر دوسروں پر احتجاج کرنے کے لیے افول کے منتظر رہے افول کے وقت لا احب فرمایا چونکہ مظاہر عالم وہم سے ہیں اس لیے مولانا فرماتے ہیں: ع چونکہ اندر عالم وہم اوفتاد ورنہ انبیاء علیہم السلام کو مظاہر کے واسطہ کی ضرورت ہی نہیں۔ انکا علم ضروری ہوتا ہے اور ابراہیم علیہ السلام کا بھی ضروری تھا مگر بمصلحت احتجاج ایسا کیا اور چونکہ بشکل احتجاج نہ تھا اس لئے نادان کو اس سے ایہام ہو سکتا تھا جس کی بناء پر یہ بھی نظیر اقوال ثلثہ کی ہو گیا۔ دوسرے شعر میں اسی تاویل کی نسبت فرمایا ہے۔ ذکر کوکب را الخ

باقی اہل ظاہر کی تاویلات میں اقرب یہ ہے کہ بطور فرض کے فرمایا ہے اھ مافی المفتاح خلاصہ اس کا یہ ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام احتجاج کے لیے عالم وہم یعنی مظاہر میں (جو کہ واسطہ فی اثبات الصانع ہیں) واقع ہوئے نہ بایں معنی کہ گرفتار وہم ہوئے بلکہ بایں معنی کہ عالم وہم کی طرف متوجہ ہووے جس کا سبب ضرورت احتجاج تھی گو اسی کے بعد لا احب الافلین فرمادیا اور ھذا ربی اس کی نسبت نہیں فرمایا مگر اس سے نادان کو تو ایہام ہو گیا کہ دونوں قول ایک شئی کے متعلق ہیں۔

جس سے یہ قول بھی نظیر فعلہ کبیر ھم، وانی سقیم، وھذہ اختی کا ہو گیا اور جیسے وہ اقوال ثلثہ ایہام ہی کے سبب ظاہراً آپ کی شان رفیع سے قدرے بعید تھے۔ ایسا ہی ایہام کے سبب یہ بھی بعید ہو گیا اسی کو مولانا ضرر واز جان کند وغیرہ کہہ رہے ہیں تو اس ضرر کا سبب عالم وہم میں واقع ہونا بالمعنی المذکور ہوا۔ تو عالم وہم ایسی چیز ہے کہ اتنے بڑے کو مضر ہوا۔

(۱۶ جمادی الاخر ۱۳۴۴ ہجری)

تحقیق شجرہ آدم علیہ السلام

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ، واقف الأسرار الفرقانیۃ،
راس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الأسرار الخفی منھا والجلی اعنی بہ

مولانا محمد اشرف علی التھانوی

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے علمی و تحقیقی فتاویٰ کا مجموعہ
''امداد الفتاویٰ'' سے ماخوذ ایک سوال اور اُس کے جواب پر مشتمل رسالہ

تحقیق شجرہ آدم علیہ السلام

سوال: پس از سلام مسنون نیاز مشحون آنکہ قرآن پاک میں لفظ شجر بھی آیا ہے فی قولہ تعالیٰ ما کان لکم ان تنبتوا شجرھا مثلاً اور شجرہ بھی فی قولہ تعالیٰ ولا تقربا ھذہ الشجرۃ ۔مثلاً کیا ان میں تذکیر وتانیث کا فرق ہے یا کچھ اور؟ اس لفظ کے لغوی معنی کیا ہیں اور اصطلاحی معنی کیا؟ حتیٰ یحکموک فیما شجر بینھم میں شجر اپنے لغوی معنی میں مستعمل ہے یا اصطلاحی معنوں میں؟

ایک صاحب کا بیان ہے کہ شجر کے اصلی معنی پھٹاؤ، دراڑ اور درز کے ہیں، قصہ آدم میں شجرہ سے یہی معنی مراد ہیں جو کنایہ ہے عورت کے اندام نہانی سے لا تقربا ھذہ الشجرۃ کے حقیقی معنی یہی ہیں کہ مواصلت ومجامعت سے بچنا، دانہ گندم کا ذکر بھی اسی مناسبت سے ہے کیا یہ بیان اس کا صحیح ہے؟

علمائے اہل السنّت والجماعت میں سے کوئی ادھر گیا ہے؟ یا یہ بیان بالکل مردود ہے واضح فرمایا جاوے اللہ تعالیٰ اَجر جزیل دے۔ والسلام

الجواب: فی القاموس الشجر کجبل ما قام علی ساق او ما سما بنفسہ الواحدۃ بھاءٍ وشجر بینھم الا مر شجورا تنازعوا فیہ والشجر الامر المختلف (اھ) ملخصا و فی رُوح المعانی فیما شجر بینھم ای فیما اختلف بینھم من الامور واختلط ومنہ الشجر لتداخل اعضائہ و قیل للمنازعۃ تشاجر لان المتنازعین تختلف اقوالھم

وتعارض دعاويهم و يختلط بعضهم ببعض (اھ)۔

ان عبارات میں اس مادہ کے معانی مستعملہ اور اصل مذکور ہیں نیز شجر اور شجرہ کا فرق بھی مستفاد ہوتا ہے، نیز فیما شجر بینھم کا لغوی معنی میں مستعمل ہونا بھی ثابت ہوتا ہے، اور وہ معنی اختلاط ہیں۔ اور ان موارد استعمال میں ان صاحب کے دعوے کا کہیں پتہ بھی نہیں ان سے تصحیح نقل کا مطالبہ کرنا چاہئے اور جب بناء ہی ثابت نہیں تو اس پر جو دعویٰ مبنی کیا گیا ہے، اس کا بناء الفاسد علی الفاسد ہونا ظاہر ہے اور بالفرض اگر لغت میں معنی شگاف و درز کے منقول بھی ہوتے تب بھی تفسیر مقصود کا دعویٰ اُصول سے باطل کیوں کہ لغت میں قیاس جاری نہیں ہوتا، جیسے شیشی کو قارورہ اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں پانی وغیرہ کو قرار ہوتا ہے۔

مگر گھڑے مٹکے کو یا شکم کو یا حوض کو قارورہ کہنا صحیح نہیں، بلکہ اس میں نقل کی احتیاج ہوگی، اور اگر لغت کے عموم پر اس دعوے کو مبنی نہ کہا جاوے بلکہ اس کو مجاز میں داخل کیا جاوے تو مجاز کے لئے تعذر حقیقت وقرینہ شرط ہے جو یہاں مفقود ہے بلکہ قرآن میں اس کی نفی کی صریح دلیل موجود ہے چنانچہ سورۂ طٰہٰ میں ہے فاكلا منه (ای من الشجرة) جو نص ہے اس شجرہ کے ماکول ہونے میں اور اس اختراعی مدلول کا ماکول نہ ہونا ظاہر ہے۔ پس یہ دعویٰ محض ابتداع واختراع و تحریف ہے۔ اس لئے کوئی اس طرف نہیں گیا۔ اللهم الا ان يكون مثل هذا القائل فی ان كلا منها عن الحق مائل والله اعلم۔

(۲۲ر صفر المظفر ۱۳۵۲ھ (النور ص:۲۱، شعبان ۱۳۵۲ھ)

أَحْكَامُ التَّجَلِّيْ مِنَ التَّعَلِّيْ وَالتَّدَلِّيْ

حضرت حکیمُ الاُمت مُجدِّدِ المِلّت جامعِ الکمالات منبعِ الحسنات ماہرِ العُلُوم القرآنیۃ، واقفِ الأَسرار الفرقانیۃ،
رأس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الأُسرار الخفی منہا والجلی اعنی بہ

مَوْلَانَا مُحَمَّدْ اَشْرَفْ عَلِیْ التَّھَانَوِیْ

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اس رسالہ میں حق جل شانہ کے دیدار و تجلّی کا مفصل بیان فرمایا ہے کہ ❶ دُنیا میں دیدار باری تعالیٰ ممتنع ہے۔ ❷ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اِس امتناع سے مستثنیٰ ہیں۔ ❸ آخرت میں مؤمنین کو انہی ظاہری آنکھوں سے باری تعالیٰ کا دیدار ہوگا۔

اَحکامُ التّجلّی

مِنَ التَّعَلِّیْ وَالتَّدَلِّیْ

بعد حمد وصلوٰۃ یہ ایک رسالہ ہے جس کے اجزائے ترکیبیہ احقر ہی کے رسائل مفروع عنہا کے منتخب مضامین ہیں صورت اور سبب ان کے جمع کا یہ ہوا کہ میں رسالہ تشرف میں رویت حق کی ایک حدیث کی تحقیق پر پہنچا وہ بحث اس رسالہ کے طرز کے اعتبار سے قدرے طویل ہوگئی۔

اور چونکہ خصوصیت سے طلبہ کے لئے مفید معلوم ہوئی اس لئے خیال ہوا کہ اس کو مستقل بھی کردیا جاوے تاکہ ہر طالب کو نقل قلمی یا طبع پریس کے ذریعہ سے بسہولت میسر ہوسکے پھر خیال ہوا کہ مسئلہ رویت کی تکمیل کے لئے اس کے ساتھ اور بھی بعض احادیث کی شرح اپنی ہی بعض تالیفات سے منضم کردی جاوے چنانچہ یہ مجموعہ ان ہی اجزاء کا ہے جو مشتمل ہے تین فصل پر۔

فصل اوّل

میں یہ مسئلہ ہے کہ اس حیات دنیویہ میں حاسۂ بصر سے حق کی رویت بدلیل شرعی ممتنع ہے جس کو امکان عقلی مضر نہیں۔

فصل دوم

میں یہ مسئلہ ہے کہ اس امتناع سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدس مستثنیٰ ہے یعنی آپ لیلۃ المعراج میں بحاسۂ بصر رویت سے مشرف ہوئے۔

فصل سوم: میں یہ مسئلہ ہے کہ حیات اخرویہ میں تمام اہل ایمان کو رویت بحاسۂ بصر نصیب ہوگی موقف میں بھی اور جنت میں بھی اور یہاں تک سب اجزاء منصوص ہیں اور یہ کہ موقف و جنت کی رویت میں کیا تفاوت ہے یعنی اول مثالی ہے دوسری حقیقی گو اس میں بھی ادراک بالکنہ نہ ہو کہ وہ مطلقاً ممتنع ہے ہر مدرک کو اور ہر موطن میں۔ اور صرف یہ جزو یعنی تفصیل موقف و جنت کی نصوص سے ظناً مستنبط ہے صریح منصوص نہیں پس اس رسالہ میں تجلی کے اقسام بھی مذکور ہوں گے جن میں عین کا کہ ظہور عالی ہے تعلّی لقب رکھا گیا اور تجلی مثالی کا کہ ظہور یعنی قریب من الرائی ہے تدلی نام تجویز کیا گیا اور ان احکام کے احکام بھی مسطور ہوں گے کہ کس قسم کا وقوع کہاں ہو سکتا ہے اور ہوگا اور کہاں نہ ہوگا اسی بناء پر اس کا نام وہ تجویز کیا گیا جو آپ پیشانی پر ملاحظہ فرماتے ہیں اور ان احادیث کو جمع کرنے کے بعد خیال آیا کہ رویت کی بحث دو مقام پر میری تفسیر میں بھی قدرے مفصل ہے جو بہت سے فوائد علمیہ پر مشتمل ہے اس کو بھی ان فصول کا ضمیمہ بنا لینا نافع ہوگا چنانچہ اس کو بھی ملحق کر دیا گیا۔ اب ان شاء اللہ تعالیٰ یہ مجموعہ اس مبحث میں مفصل و مکمل ہے۔ **وها انا اشرع فی المقصود بعون الملک المعبود۔**

کتبہ اشرف علی اوائل ربیع الاول ۱۳۴۵ھ

❀❀❀

فصل اوّل

(تمہید میں ملاحظہ ہو۱۲)

از رسالۂ تشرف کتاب العلم

الحدیث ان للہ سبعین حجابا من نور لو کشفھا لا حرقت سبحات وجھہ ما ادرکہ بصرہ ابو الشیخ ابن حبان فی کتاب العظمۃ من حدیث ابو ھریرۃ بین اللہ وبین الملئکۃ الذین حول العرش سبعون حجاباً من نور واسنادہ ضعیف وفیہ ایضاً من حدیث انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لجبریل ھل تریٰ ربک قال ان بینی وبینہ سبعین حجاباً من نوز وظلمت وفی الاکبر للطبرانی من حدیث سھل بن سعد دون اللہ تعالیٰ الف حجاب من نور وظلمۃ ولمسلم من حدیث ابی موسی حجابہ النور لوکشفہ لاحرقت سجات وجھہ ماانتھی الیہ بصرہ من خلقہ ولابن ماجۃ ادرکہ بصرہ قلت ولمسلم فی روایۃ النار وفی کنز العمال(ج ۵ ص ۲۵۹) بروایۃ الطبرانی فی الکبیر عن ابن عمر وسھل بن سعد بعد قولہ وظلمۃ زیادۃ ماتسمع نفس من حسن تلک الحجب الازھقت الخ

ف.فیہ اثبات للحجب بین العبدوبین ربہ تعالیٰ وھذا الاطلاق شائع علی السنۃ الصوفیۃ وفیہ امتناع لرؤیۃ اللہ تعالیٰ فی الحال مطلقا وفی المال برفع حجاب الکبریاء الذی حاصلہ الادراک بالکنہ.

حدیث: حق تعالیٰ کے (سامنے) ستر حجاب ہیں نور کے اگر وہ ان کو کھول دیں تو ان کی ذات کے انوار تمام ان چیزوں کو جلا ڈالیں جن کو ان کی بصر ادراک کرتی ہے

(اور ظاہر ہے کہ ان کے ادراک بصر سے کوئی چیز خارج نہیں تو مطلب یہ ہوا کہ تمام چیزوں کو جلا ڈالیں) روایت کیا اس کو ابوالشیخ ابن حبان فی کتاب العظمۃ میں ابو ہریرہ کی حدیث سے کہ حق تعالیٰ کے اور ان ملائکہ کے درمیان میں جو کہ عرش کے حوالی میں ہیں ستر حجاب نور کے ہیں اور اس کی اسناد ضعیف ہیں۔ اور اسی کتاب میں حضرت انس کی روایت سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام سے فرمایا کیا تم اپنے رب کو دیکھتے ہو انہوں نے کہا کہ میرے اور ان کے درمیان میں ستر حجاب ہیں نور اور ظلمت کے۔ اور طبرانی کی (کتاب) اکبر میں سہل بن سعد کی روایت سے ہے کہ حق تعالیٰ کے آگے ہزار حجاب ہیں نور اور ظلمت کے۔

اور مسلم میں ابو موسیٰؓ کی روایت سے ہے کہ ان کا حجاب نور ہے اگر وہ اس کو کھول دیں تو ان کی ذات کے انوار تمام ان مخلوقات کو جلا ڈالیں جن تک ان کی بصر پہنچتی ہے (اور ظاہر ہے کہ ان کی بصر کی رسائی سے کوئی مخلوق خارج نہیں تو مطلب یہ ہوا کہ تمام مخلوق کو جلا ڈالیں) اور ابن ماجہ میں ادرکہ بصرہ ہے (جیسا سب سے اول روایت میں تھا) میں کہتا ہوں کہ مسلم کی ایک روایت میں (بجائے النور کے) النار ہے، (یعنی ان کا حجاب نار ہے اسی نور کو باعتبار تاثیر احراق کے نار فرمادیا) اور کنز العمال میں بروایت کبیر طبرانی کے ابن عمر اور سہل بن سعد کے و ظلمۃ کے بعد یہ اور زیادہ ہے کہ کوئی جان ایسی نہیں جو ان حجابوں کی آہٹ سن لے کہ فوراً نہ نکل جائے۔

ف: اس حدیث میں اثبات ہے حجابوں کا بندہ اور حق تعالیٰ کے درمیان میں اور لفظ حجاب کا اطلاق صوفیہ کی زبانوں پر کثرت سے شائع ہے نیز اس حدیث میں رویت حق کا ممتنع ہونا مذکور ہے فی الحال تو علی الاطلاق اور فی المآل (یعنی آخرت میں) حجاب کبریائی کے مرتفع ہوجانے سے جس کا حاصل ادراک بالکنہ ہے (دلالت) علی الامتناع اس طرح سے ہے کہ کشف حجاب کو جو کہ مقدمہ ہے رویت کا مستلزم انعدام مدرک فرمایا اور انعدام میں رویت ممتنع ہے)

از رسالہ حقیقۃ الطریقۃ

الحدیث عن ابی موسیٰ قال قام فینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بخمس کلمات وفیھا حجابہ النور لو کشفہ لاحرقت سبحات وجھہ ما انتھی الیہ بصرہ من خلقہ اخرجہ مسلم

حدیث... صد و ی و ششم: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم میں کھڑے ہو کر پانچ مضمون بیان فرمائے ان میں یہ بھی مضمون تھا کہ اللہ تعالیٰ کا حجاب نور ہے اگر وہ اس حجاب کو اٹھا دے تو اس کے انوار جلال ذات تمام مخلوق کو جہاں تک اللہ تعالیٰ کی نگاہ پہنچے سب کو جلا دے (اور ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نظر تمام مخلوق کو محیط ہے مطلب یہ ہوا کہ تمام مخلوق اس کے نور ذات سے سوختہ ہو جاوے) روایت کیا اس کو مسلم نے۔ (تیسیر ص ۲۷۶)

ف: مسئلہ امتناع رویت در دنیا۔ اکثر جہلاء صوفیہ کا اعتقاد ہے کہ سالک کو دنیا ہی میں حق سبحانہ و تعالیٰ کا دیدار ہو سکتا ہے یہ حدیث اس اعتقاد کی تغلیط کرتی ہے ان لوگوں کو اپنے اس اعتقاد کی اصلاح واجب ہے۔

الحدیث عن عمرو بن ثابت الانصاری انہ اخبرہ بعض اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یوم حذر الناس الدجال انہ مکتوب بین عینیہ کافر یقرأہ من کرہ عملہ اویقرأہ کل مؤمن وقال تعلموا انہ لن یری احدمنکم ربہ حتی یموت (رواہ مسلم)

حدیث... صد و ی و ہفتم: بعض صحابہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے جس روز دجال سے ڈرایا یوں بھی فرمایا کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں کافر لکھا ہوگا جو شخص اس کے عمل کو ناپسند کرے گا وہ اس کو پڑھ لے گا یا یہ فرمایا کہ ہر مومن اس کو پڑھ لے گا۔

اور آپ نے یہ ارشاد فرمایا کہ خوب جان رکھو کہ مرنے سے پہلے تم میں سے کوئی شخص اپنے رب کو ہرگز نہیں دیکھ سکتا اور دجال کو سب دیکھیں گے پس ثابت ہوا کہ وہ رب نہیں ہے) روایت کیا اس کو مسلم نے۔ (جلد ثانی ص ۳۹۹)

ف: اس میں امتناع رویت در دنیا اور زیادہ وضاحت وصراحت کیساتھ مذکور ہے۔

ولنختم هذا الفصل ببعض المنظوم. كانه في الباب سرمكتوم من العارف الشيرازى وعارف الروم. وببعض المنشور. كانه رق منشور. من الشيخ الجيلانى والشيخ الاكبر المشهور. فللشيرازىؒ

من گدا وتمنائے وصل او ہیہات　　　مگر بخواب بہ بینم جمال ومنظر دوست

دل صنوبریم ہم چو بید لرزان ست　　　زحسرت قد وبالائے چوں صنوبر دوست

ولہٗ ایضاً

روے تو کس نہ دید وہزارت رقیب ہست　　　در غنچہ ہنوز وصدت عندلیب ہست

ولہٗ ایضاً

دیدن روئے ترا دیدۂ جاں میباید　　　ویں کجا مرتبہ چشم جہاں بین من ست

ولہٗ ایضاً

مردم دیدہ ز لطف رخ اودر رخ او　　　عکس خود دید وگماں کرد کہ مشکین ست

وللرومی

انت وجهي لاعجب ان لا اراه　　　غاية القرب حجاب الاشتباه

انت عقلي لاعجب ان لم ارك　　　من وفور الالتباس المشتبك

(دفتر ۶ قبیل قصۃ الضریر)

شیخ الجیلانی والشیخ الاکبر رحمہما اللہ

فی الیواقیت عن الشیخ عبدالقادر الجیلانی رحمہ اللہ

لم یبلغنا وقوع ذٰلک فی الدنیا لاحد غیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقیل ان فلانا یزعم انہ یرےٰ اللہ تعالٰی بعین راسہ فارسل الشیخ خلفہ وقال احق مایقول ھؤلاء عنک فقال نعم فانتھرہ الشیخ وزجرہ عن ھذا القول واخذ علیہ العھد ان لایعود الیہ فقیل للشیخ امحق ھذا الرجل ام مبطل فقال ھو محق تلبس علیہ وذلک شھد ببصیرتہ نور ذٰلک الجمال البدیع ثم خرق من بصیرتہ الٰی بصرہ منفذٌ فرای ببصرہ بصیرتہ حال اتصال شعاعھا بنور شھودہ فظن ان بصرہ الظاھر رأی ماشھدتہ بصیرتہ وانما رای بصرہ حقیقۃ بصیرتہ فقط من حیث لایدری قال تعالٰی مرج البحرین یلتقیان بینھما برزخ لایبغیان وکان جمع من المشائخ حاضرین فاعجبھم ھذا الجواب واطربھم ودھشوا من حسن الفصاحہ رضی اللہ عنہ عن حال ذٰلک الرجل وفیھا ایضا عن الشیخ الاکبرؒ اعلم ان الحق تعالٰی اذا کان الوھم لایحیط بہ مع انہ الطف من الادراک الحسی فکیف یدرکہ البصر الذی ھو الاکشف ۱۲ ج ص ۱۶۲ و۱۶۳ (حاشیہ تعلیم الدین باب العقائد) وقد الحقت شرح ھذہ الکلمات باخر الرسالۃ فی الحواشی ان شئت فارجع الیھا نزول عنک الغواشی+

فصل دوم

(تمہید میں ملاحظہ ہو)

(از رسالہ تنویر السراج یعنی فصلے از نشر الطیب در واقعات معراج)

واقعہ بست ویکم

حق تعالیٰ کی رویت اور کلام ترمذی نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا اور عبدالرزاق نے بواسطہ معمر کے حسن سے روایت کیا کہ انہوں نے حلف کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا۔ اور ابن خزیمہ نے عروہ ابن الزبیر سے اس روایت کو ثابت کیا۔ اور ابن عباسؓ کے تمام اصحاب اس کے قائل ہیں اور کعب احبار اور زہری اور معمر سب اس کا جزم کرتے ہیں اور نسائی نے باسناد صحیح بطریق عکرمہ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کیا اور حاکم نے بھی اس کی تصحیح کی ہے انہوں نے فرمایا کیا تم تعجب کرتے ہو کہ خلت حضرت ابراہیمؑ کے لئے ہوا اور کلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے اور رویت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اور طبرانی نے اوسط میں بسند ثقات ابن عباسؓ سے ذکر کیا ہے کہ وہ فرماتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا ہے ایک مرتبہ بصر سے اور ایک مرتبہ قلب سے۔ اور خلال نے کتاب السنہ میں مروزی سے نقل کیا ہے کہ امام احمد سے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جو شخص زعم کرے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا تو اس نے اللہ تعالیٰ پر بڑا افترا کیا سو کون سی دلیل سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول کا جواب دیا جاوے۔ انہوں نے فرمایا کہ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول سے رایت ربی میں نے اپنے رب کو دیکھا ہے۔ (تو امام احمد کی روایت سے یہ حدیث مرفوع بھی ثابت ہوگئی۔)

ف: بعض صحابہ کا نفی رویت کی کرنا اپنی رائے۔

کذا قال النووی وما اورد علیه فی فتح الباری بقول عائشہؓ فی قول الله تعالیٰ ولقد راه نزلة اخری انها سالت رسول الله صلی الله علیہ وسلم عن ذلک فقال انما هو جبریل وفی روایة ابن مردویه فقلت یا رسول الله هل رایت ربک فقال لا انما رأیت جبریل منهبطا حین حکت النفی عنه صلی الله علیه وسلم وقال هورای جزم النووی بان عائشة لم تنف الروية بحديث مرفوع) عجیب فاقول هذا الایراد عجیب لان النفی فی هذا الحدیث المرفوع انما یتعلق بالرویة الخاصة المذکورة فی هذه الأیة لا مطلق الرویة والکلام فی مطلقها فافهم ۱۲

(حاصل اس عبارت عربیہ کا یہ ہے کہ اگر کسی کو شبہ ہو کہ بعض روایات میں حضرت عائشہؓ کا قول ہے کہ میں نے پوچھا یا رسول اللہ هل رأیت ربک فقال لا انما رأیت جبریل منهبطا پس نفی رویت کی نص سے ہوئی رائے سے نہ ہوئی جواب یہ ہے کہ یہاں مطلق رویت سے سوال نہ تھا بلکہ آیت ولقد راه نزلة اخریٰ کی تفسیر کا پوچھنا تھا کہ مراد اس سے رویت الٰہیہ ہے، اس کے جواب میں یہ ارشاد ہوا ہے۔ چنانچہ اسی حدیث میں یہ مصرح ہے جس کو مسلم نے اور حسب نقل فتح الباری ابن مردویہ نے روایت کیا ہے هل رأیت ربک اسی روایت ابن مردویہ میں آیا ہے فتح الباری کی عبارت حاشیہ مسلم مطبوعہ مجتبائی میں نقل کی ہے۔۱۲ منہ)

سے ہے جو مستنبط ہے بعض عمومات سے جیسے لاتدرکه الابصار لیکن بعد اثبات بالنصوص کے ان عمومات کو محمول کیا جاوے گا نفی ادراک بمعنی معرفت کنہ واحاطہ پر اور آپ کا یہ فرمانا کہ نورانی اراہ محمول (هذااحد المحامل لقوله علیه السلام نورانی اراه وهوا قربها وارغبها۔۱۲) اس پر ہے کہ نور جس درجہ میں مانع رویت ہوتا ہے وہ درجہ مرئی نہیں ہوا (جیسی قرص شمس کی رویت کے اس درجہ سے

جس میں قرار نظر شرط ہے وہ نوری شعاعیں عادۃً مانع ہو جاتی ہیں جو کہ نظر کو منتشر اور متحیر کر دیتی ہیں مگر پھر بھی رویت عین شمس کا حکم صحیح ہوتا ہے۔۱۲ منہ) اور آخرت میں یہ عادت مبدل ہو جاوے گی اور ایسا انکشاف ہوگا کہ اس سے فوق استعداد بشری کے لئے متصور نہیں اور مطلق رویت کی نفی کو مستلزم نہیں۔

(از رسالہ تشرف... کتاب المحبت والشوق)

الحديث. فى الصحيحين انها (راى عائشة قالت من حدثك ان محمد ارأى ربه فقد كذب ولمسلم من حديث ابى ذر سالت رسول الله صلى الله عليه وسلم هل رايت ربك قال نور انى اراه وذهب ابن عباس واكثر العلماء الى اثبات رويته له (قلت واورد السيوطى فى تفسيره عن مستدرك الحاكم عن ابن عباسؓ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رأيت ربى عزوجل) وعائشه لم تر وذلك عن النبى صلى الله عليه وسلم (قلت ورواه ابن عباس عنه صلى الله عليه وسلم ولا يحتمل الحكم بالاثبات ان يكون اجتهاد او يحتمل النفى كونه بالاجتهاد لقوله تعالىٰ لاتدركه الابصار اھ)

وحديث ابى ذر قال فيه احمد (هذا جواب آخر من حديث فيه قوله عليه السلام انى اراه ۱۲.) مازلت له منكر او قال ابن خزيمة فى القلب من صحة اسناده شئ مع ان فى رواية الاحمد فى حديث ابى ذررايته نورا الحديث ورجال اسنادها رجال الصحيح قلت وفى الحاشية علے مسلم عن فتح البارى ولابن خزيمة عنه اے عن ابى ذر قال راه (هذا توجيه آخر لحديث ابى ذر نورانى اراه ۱۲.) بقلبه ولم يره بعينه وبهٰذا يتبين مراد ابى ذربذكره النور اے ان النورحال بين

رویته وبصره، اه مافی الحاشیة قلت هذا رای من ابی ذر یجمع بہ
روایتی الاثبات والنفی والجمع فرع التعارض ولا تعارض لتقدم الر
وهو الاثبات علی الظاهر وهو النفی ولو سُلِّمَ یمکن الجمع بوجه ا
وهو حمل (هذا وجه آخر لقوله علیه السلام نورانی اراه فمجم
الوجوه اربعة مذکورة فی حواشی هذا الفصل احدها باعتبار الرو
والباقیة باعتبار الدرایة واسهلها اولها۱۲) الاثبات علی مطلق الرو
والنفی علی الادراک بالکنه وهذا یکون یوم القیمة وهذه الرویة ف
هذه الحیوة من خواص نبینا صلی اللہ علیه وسلم بدلیل النصوص الاخ
المانعة للرویة قبل الموت اھ والعبارات المدرجت منی ابتدأت بقول
قلت وانتهت بقولی اھ والباقی من العراقی۔

حدیث: صحیحین میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہے کہ جو شخص تجھ سے یہ بیان کرے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے اس نے جھوٹ بولا اور مسلم کے نزدیک ابوذر کی یہ حدیث ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کیا آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے فرمایا کہ وہ ایک نور ہے میں اس کو کہاں دیکھ سکتا ہوں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور اکثر علماء آپ کی اثبات رویت للرب کی طرف گئے ہیں (میں کہتا ہوں کہ جلال سیوطی نے اپنی تفسیر جلالین) میں مستدرک حاکم سے وارد کیا ہے وہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنے رب عز وجل کو دیکھا ہے۔اھ

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کو (یعنی نفی رویت کو) نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل نہیں کیا (محض ان کی رائے ہے میں کہتا ہوں اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اثبات رویت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے اور حکم بالاثبات میں اس کا احتمال نہیں کہ اجتہاد سے ہو اور نفی میں اسکا

احتمال ہے اس آیت کی وجہ سے لا تدرکہ الابصار اھ، اور ابوذر کی جو حدیث (جس میں نفی رویت مذکور ہے)۔

امام احمد فرماتے ہیں کہ میں ہمیشہ اس کو منکر سمجھتا رہا۔ اور ابن خزیمہ کہتے ہیں کہ قلب میں اس کی صحت اسناد کی طرف سے کھٹک ہے اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ امام احمد کی ایک روایت میں ابوذر کی حدیث میں یہ ہے کہ میں نے اس کو ایک نور دیکھا الحدیث (پس یہ صریح ہے اثبات رویت میں) اور اس روایت کے سند کے رجال صحیح کے رجال ہیں (اور کسی امام نے اس پر نکارت یا تردد کا حکم نہیں کیا پس اس کو ترجیح ہوگی میں کہتا ہوں کہ مسلم پر ایک حاشیہ میں فتح الباری سے یہ مضمون ہے کہ ابن خزیمہ کے نزدیک ابوذر کا یہ قول ہے کہ آپ نے رب کو قلب سے دیکھا اور آنکھ سے نہیں دیکھا اور اس سے ابوذر کی مراد ذکر نور سے" ظاہر ہوتی ہے یعنی نور درمیان رویت اور بصر کے حائل ہو گیا حاشیہ ختم ہوا میں کہتا ہوں کہ یہ ابوذر کی ایک رائے ہے جس سے اثبات و نفی کی روایتوں کے درمیان وہ جمع کر رہے ہیں اور جمع فرع ہے تعارض کی اور تعارض ہے نہیں کیونکہ نص اور وہ اثبات ہے ظاہر پر اور وہ نفی ہے مقدم ہوگی اور اگر تعارض تسلیم بھی کر لیا جاوے تب بھی دوسرے طریق پر جمع کرنا ممکن ہے اور وہ طریق یہ ہے کہ اثبات کو مطلق رویت پر محمول کیا جاوے اور نفی کو ادراک بالکنہ پر اور قیامت میں بھی رویت ایسی ہی ہوگی اور یہ رویت اس حیات میں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خواص میں سے ہے بدلیل دوسری نصوص کے جو رویت قبل الموت کو ممتنع قرار دے رہی ہے اھ۔

اور درمیان درمیان کی عبارتیں میری بڑھائی ہوئی ہیں جو اس لفظ سے شروع ہوتی ہیں کہ میں کہتا ہوں۔ اور اس لفظ پر ختم ہو جاتی ہیں۔ اھ۔ یعنی انتہی اور باقی عبارت عراقی کی ہے۔

فصل سوم

(تمہید میں ملاحظہ ہو۔۱۲)

(از رسالہ تشرف کتاب ذکر الموت)

الحديث. حديث صهيب فى قوله تعالىٰ للذين احسنوا الحسنىٰ وزيادة رواه مسلم كما ذكره المصنف قلت وهو قال (صهيب) قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم قوله تعالىٰ للذين احسنوا الحسنىٰ وزيادة قال اذا دخل اهل الجنة الجنة واهل النار النار نادىٰ مناديا اهل الجنة ان لكم عندالله موعدا يريد ان ينجز كموه قالوا ماهذا الموعد الم يثقل موازيننا ويبيض وجوهنا ويد خلنا الجنة ويجرنا من النار قال فيرفع الحجاب وينظرون الى وجه الله عزوجل فما اعطوا شيئا احب اليهم من النظر اليه.

ف:... دل على رويته تعالىٰ وهو بظاهره يدل على روية الذات وهو مذهب الجمهور وذهب البعض الىٰ كونها تجليا مثاليا كما فى حديث مسلم ايضًا عن ابى هريرة لما سألوه صلى الله عليه وسلم هل نرى ربنا يوم القيمة قال صلى الله عليه وسلم فياتيهم الله فى صورته التى يعرفون فيقول انا ربكم فيقولون انت ربنا الحديث والله تعالىٰ منزه عن الصورة فاقرب تاويلاتها هو التجلى المثالى والمبهم يحمل على المسفر هذا ماقالوه لكن الظاهر ان هذه الرؤية فى الموقف يوم القيمة غير الروية التى فى الجنة لكرامة اولياء الله تعالىٰ وانما هذه للامتحان صرح به الخطابى كما نقله عنه النووى فى شرح مسلم ولا نسلم الابهام فان قوله عليه السلام ينظرون الىٰ وجه الله

تعالیٰ صریح فی رؤیة العین فلایفسر بالتجلی المثالی ولتتمیم الفائدة
انقل لک ذاک الحدیث مع توجیه بعض اجزائه علے اصول القوم
واللفظ لابی سعید الخدری حین یقال لاهل الموقف لیتبع کل امة
ماکانت تعبدو فی اٰخره حتی اذا لم یبق الامن کان یعبدالله تعالےٰ من
بروفا جراتاهم رب العالمین فی ادنی صورة من التی رواه فیها رائے
عرفوه بهاکما فی لفظ ابی هریرة وتبقی هذه الامة فیها منافقوها
فیاتیهم الله فی صورة غیر صورته التی یعرفون الحدیث ای قبل ذٰلک
فی الدنیا ویکون هٰذا تجلیا مثالیاکما هو ظاهر مدلول لفظ الصورة)
قال فما ذاتنظرون یتبع کل امة ماکانت تعبد قالوا یاربنا فارقنا الناس
افقر ماکنا الیهم ولم نصاحبهم فیقول اناربکم فیقولون نعوذ بالله
منک لانشرک بالله شیئا مرتین اوثلثا حتی ان بعضهم لیکادان
ینقلب (عن الصواب ویرجع عنه للامتحان الشدید الذی جرے قاله
النووی ولعل وجه انکارهم ان الوجه الذے یعرفون به الحق فے الدنیا
تجلٍّ مثالی ایض علے اوضاع مختلفة فی اذهان مختلفة ویکون هذا
التجلی المثالی الذهنی غیر منطبق علٰی ذاک التجلی المثالی
المحشری کما دل علیه قوله علیه السلام فے ادنٰی صورة من التی
رواه فیها الحدیث ولعل حکمته الامتحان کما سبق عن الخطابی
والنووی یعنی امتحان ایمانهم ودعوٰهم التوحید وقولهم فارقنا الناس
فتجلے لهم فی غیر صورتهم الذهنیة ولم یخلق فیهم علما ضروریا
بکونه تجلیا ربانیا فلما انکروها ظهر صدق دعوٰهم التوحید حیث
نفوا ربوبیة مازعموه غیر الرب ولعل الانقلاب عن الصواب هو لغلبة
الاهوال علٰی عقولهم بحیث لایبعدان ینکروا التجلی المثالی الأخر

الاتى فيما بعد قياسًا لاحدهما على الاخرى) فيقول هل بينكم وبين
اٰية فتعرفونه بها فيقولون نعم فيكشف عن ساق فلايبقے من كان
يسجد لله من تلقاء نفسه الا اذن له بالسجود ولايبقے من كان يسجد
اتقاءً ورياءً الاجعل الله ظهره طبقة واحدة كلما اراد ان يسجد
خرعلى قفاه (قال القاضى عياض كما انقله عنه النووى قيل المراد
بالساق ههنا نور عظيم وورد ذٰلک فى حديث عن النبى صلى الله
عليه وسلم اه قلت ويخلق الله ح فيهم علما ضرور يابكونه تجليا
ربانيا وان لم يعرفوه به قبل ذلک والله اعلم، ثم يرفعون رؤسهم وقد
تحول فى صورته التى رواه فيها اول مرة فقال انا ربكم فيقولون انت
ربنا الحديث (باب اثبات رؤية المؤمنيين ج ۱) والذى ارے ان هذا
التحول هو ظهوره فى الصورة الذهنية المثالية التى كانوا يعرفونه بها
قبل ذٰلک وهذا هو الذے وعدنا باتيان ذكره بقولنا سياتى فى
الحديث ويجوز هذا التحول فى التجليات المثالية من بعضها الى
بعض وهذه الصورة وان كانت واحدة بالشخص لكنها يمكن ان
ترے مختلفة فى أبصار مختلفة فلا يشكل انطباق التصورات
المختلفة على الصورة المتعينة هذا وانما لم يتجل بصورة اعلےٰ مما
عرفوه مغائرة له لعدم حصول حكمة الامتحان به لان كل مؤمن يعتقد
انه تعالٰى ليس دون ما اعتقدناه ولايعتقد انه ليس فوق ما اعتقدناه فلو
تجلى بصورة اعلے لسوغ احتمال كونه تجليا ربانيا وما نفاه فلم
يحصل الامتحان فلما تجلى بصورة ادنى وكان يعتقدانه ليس ادنى
حكم بالنفى فافهم واعلم ان كل ماذكرته هنا فى شرح الحديث علے
اصول القوم ليس شئ منها قطعيا نعم هو اقرب من. كل ماذكره

اخرون من العلماء کقول بعضهم فی التجلی الادنی انه بعض الملئکة ظهر لهم ولا یخفے علیک بعده واباء قوله علیه السلام اتاهم رب العالمین عن هذا الحمل وکانک عثرت بهٰذا التقریر علی ما ادعینا من ان التجلے فی الجنة یکون برؤیة الذات وان لم یدرک کنهها وفی الموقف بالمثال کما کان لموسی علیه السلام بالطور بصورة النار ولا یمتنع علیه المثال بمعنے المشارک له فی الوصف لقوله تعالٰی وله المثل الا علےٰ ویمتنع علیه المثل بمعنی المشارک فی الماهیة لقوله لیس کمثله شیء وهٰذا المثال وان لم یکن قدیما لکن للتشارک البالغ الٰی حد الکمال یکون مرأةً للقدیم ولا یلتفت الذهن ح الی وجوه التغائر والتمائز بینهما فتبصروتفکر لئلاتضل ولا تزل فالمقام ادق من الشعر واحد من السیف ومما یتعلق بالحدیث ماقاله النووے انه لیس فے الحدیث تصریح برؤیة المنافقین الله تعالٰی وانما فیه ان الجمع الذین فیهم المؤمنون والمنافقون یرون و هذا لایقتضے ان یراه جمیعهم وقدقامت دلائل الکتاب والسنت علے ان المنافق لایراه سبحانه وتعالیٰ اه (کقوله تعالیٰ فے الکفار کلا انهم عن ربهم یومئذ لمحجوبون) واعلم ان الحدیث تستنبط منه مسئلة وهی انه کما ان الله تعالےٰ قد عذر من نفی مالا یعرفه من الحق مع کونه مثبتا فی الواقع کذٰلک یعذر من اثبت ماعرفه منه مع کونه منفیا فی الواقع لاشتراک العلة وهو التکلیف حسب العلم کما وقع لبعض المکاشفین من توهمهم التجلی الروحی تجلیا ربانیا والظن انه یعذر انشاء الله تعالٰی وحمل بعضهم قول ابراهیم علیه السلام هذا ربی علی مثل هذا العذر منهم العارف الرومے فی الدفتر الخاس من

المثنوی بعد اربعة اخماس من قبیل قصة الشیخ محمد بقوله ۔

گفت ہذا ربی ابراہیم راد چونکہ اندر عالم و ہم افتاد

واختاره الشیخ عبدالقادر الدهلویؒ من اساتذتنا فی تفسیره لهذه القصة وانی وان لم ارض به للانبیاء لکن ذهاب بعض اهل الحق الیه کاف فی جواز احتمال کونه عذرا والله اعلم

حدیث: صہیب کی حدیث اس آیت کے متعلق کہ جن لوگوں نے نیک کام کیے ان کے لئے اجر نیک ہے اور ایک زائد انعام ہے روایت کیا اس کو مسلم نے جیسا کہ مصنف نے ذکر کیا میں (یعنی عراقی) کہتا ہوں کہ وہ حدیث یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی۔ للذین احسنوا الحسنٰی وزیادة (جس کا ترجمہ اوپر گزرا ہے اور) فرمایا جب اہل جنت جنت میں اور اہل نار نار میں داخل ہو چکیں گے ایک پکارنے والا پکارے گا اے اہل جنت تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک وعدہ ہے وہ تم سے اس کو پورا کرنا چاہتا ہے، اہل جنت (تعجب سے کہیں گے وہ وعدہ کیا ہے کیا اللہ تعالیٰ نے ہماری میزان کو (نیکیوں سے) وزنی نہیں فرما دیا اور کیا ہمارے چہروں کو سفید نہیں کر دیا اور کیا ہم کو جنت میں داخل نہیں کر دیا اور کیا ہم کو دوزخ سے نہیں بچالیا (اب اس سے بڑھ کر کیا ہوگا جو ابھی باقی ہے) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بس حجاب اُٹھا دیا جائے گا اور حق تعالیٰ کے روئے مبارک کی طرف نظر کریں گے سو ان کو کوئی چیز ایسی عطا نہیں ہوئی جو ان کے نزدیک حق تعالیٰ کی طرف نظر کرنے سے زیادہ محبوب ہو۔

ف: یہ حدیث رویت باری تعالیٰ پر صریح دال ہے اور یہ حدیث اپنے ظاہر الفاظ سے رویت ذات پر دلالت کرتی ہے اور یہ ہی مذہب ہے جمہور کا اور بعضے اس رویت کے تجلی مثالی ہونے کی طرف گئے ہیں۔ جیسا مسلم ہی کی دوسری حدیث میں حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے جبکہ بعض صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

سوال کیا کیا ہم قیامت کے دن اپنے رب کو دیکھیں گے آپ کے اس ارشاد تک کہ پھر اللہ تعالیٰ اُن کے پاس تشریف لاویں گے اپنی اس صورت میں جس کو یہ پہچانتے ہوں گے اور فرمائیں گے کہ میں تمہارا رب ہوں وہ لوگ عرض کریں گے آپ ہمارے رب ہیں الخ (تو اس حدیثؑ میں اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ صورت وارد ہے اور اللہ تعالیٰ صورت سے منزہ ہیں۔ پس لامحالہ یہ ماوّل ہوگا) اور سب تاویلات میں قریب تر تاویل تجلی مثالی ہے اور مبہم کو مفسر پر محمول کیا جاتا ہے (پس رویت کا بطریق مثالی ہونا ثابت ہوگیا) یہ وہ قول ہے جو (اپنے مطلوب پر استدلال میں) انہوں نے کہا ہے لیکن (یہ استدلال کافی نہیں کیونکہ) ظاہر یہ ہے کہ یہ رویت جو قیامت کے دن موقف میں ہوگی اس رویت سے مغائر ہوگی۔ جو جنت میں مقبولان حق کے اکرام کے لئے ہوگی (جیسا عنقریب آتا ہے) خطابی نے اس تغائر کی تصریح کی ہے۔

جیسا کہ نووی نے شرح مسلم میں ان سے نقل کیا ہے اور ہم ابہام کو تسلیم نہیں کرتے کیونکہ یہ قول کہ ینظرون الی وجه الله تعالی رویت عین میں صریح ہے پس اس کو تجلی مثالی کے ساتھ مفسر نہ کریں گے اور تتمیم فائدہ کے لئے میں اس حدیث کو مع اس کے بعض اجزا کی توجیہ بنا بر اصول قوم کے ابوسعید خدریؓ کے الفاظ سے نقل کرتا ہوں جبکہ اہل موقف سے کہا جاوے گا کہ ہر جماعت کو چاہئے اپنے معبود کے ساتھ جاوے اور اس حدیث کے آخر میں ہے کہ یہاں تک کہ جب کوئی باقی نہ رہے گا بجز ان لوگوں کے جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے خواہ نیک ہوں یا بد اس وقت رب العلمین ان کے پاس ایسی صورت میں تشریف لاویں گے جو اس صورت سے مابعد کے درجہ میں ہوگی جس میں پہلے دیکھا تھا (یعنی جس صورت سے پہلے معرفت) حاصل تھی۔ جیسا ابو ہریرہؓ کے الفاظ میں اس طرح ہے کہ یہ امت باقی رہ جاوے گی جس میں منافقین بھی ہوں گے پس اللہ تعالیٰ ان کے پاس ایک ایسی صورت میں آویں گے جو اس کی اس صورت سے غیر ہوگی جس کی ان لوگوں کو معرفت حاصل تھی

یعنی اس سے قبل دنیا میں۔ پس میں نے جو دیکھنے کی تفسیر معرفت سے کی ہے وہ دلیل سے ثابت ہو گئی اور یہ رویت تجلی مثالی ہو گی جیسا لفظ صورت کا ظاہری مدلول ہے) پھر ارشاد ہو گا تم کس چیز کے منتظر ہو ہر جماعت اپنے معبود کے ساتھ جاوے، لوگ عرض کریں گے اے ہمارے رب ہم (صرف آپ کے لئے) دوسرے لوگوں سے ایسی حالت میں جدا ہوئے کہ ہم کو ان کی طرف سخت احتیاج تھی اور ان کا ساتھ نہیں دیا (پس اس وقت آپ کو چھوڑ کر کہاں جائیں) حق تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے میں تمہارا رب ہوں (چونکہ اس تجلی میں حق تعالیٰ کو پہچانیں گے نہیں اس لئے) وہ لوگ کہیں گے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں تجھ سے۔ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے دوبار یا تین بار ایسا کہیں گے یہاں تک کہ بعضے تو بالکل اس کے قریب ہو جاویں گے کہ (امر صواب سے) منقلب ہو جاویں اور اس سے ہٹ جاویں بسبب امتحان شدید کے جو کہ جاری ہو گا یہ نووی نے کہا ہے اور ان لوگوں کے اس انکار کی کہ تو ہمارا رب نہیں شاید یہ وجہ ہے کہ جس وصف سے حق تعالیٰ کی ان کو دنیا میں معرفت حاصل ہے وہ بھی تجلی مثالی ہے جو اذہان مختلفہ میں اوضاع مختلفہ پر ہے اور یہ تجلی مثالی ذہنی اس وقت کی تجلی مثالی محشری پر منطبق ہو گی نہیں۔

جیسا کہ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد دال ہے فی ادنیٰ صورۃ من التی راوھا اور شاید حکمت اس تغائر تجلی کی امتحان ہو جیسا خطابی ونووی سے اوپر مذکور ہوا ہے یعنی امتحان ان کے ایمان کا اور ان کے دعویٰ توحید کا اور ان کے اس قول کا کہ ہم لوگوں سے جدا ہو گئے تھے۔ پس اس امتحان کے لئے ان کے لئے ان کی صورت ذہنیہ سے مغائر صورت میں تجلی فرمائی اور اس کے ساتھ ان میں اس کا علم ضروری پیدا نہیں فرمایا کہ یہ بھی تجلی ربانی ہے پس جب انہوں نے اس صورت کا انکار کیا تو ان کے دعویٰ توحید کا صدق ظاہر ہو گیا کہ انہوں نے غیر کی ربوبیت کا انکار کر دیا اور شاید انقلاب عن الصواب کا سبب ان کے عقول پر اہوال کا غلبہ ہو اس طرح پر کہ

مستبعد نہ تھا کہ اس پر قیاس کر کے اس تجلی مثالی کا بھی انکار کر بیٹھیں جس کا ذکر عنقریب اسی حدیث میں آتا ہے، پھر ارشاد فرماویں گے کیا تمہارے اور رب تعالیٰ کے درمیان کوئی علامت ہے جس سے تم اس کو پہچان لو وہ کہیں گے ہاں پس ساق کو کھول دیا جاوے گا پس کوئی ایسا شخص باقی نہ رہے گا جو اللہ کو سجدہ کرتا ہو دل سے مگر اس کو سجدہ کی توفیق ہو جاوے گی اور کوئی ایسا شخص باقی نہ رہے گا جو تقیہ اور ریا سے سجدہ کرتا ہو مگر اللہ تعالیٰ اس کی کمر کو ایک تختہ کر دیں گے وہ جب بھی سجدہ کرنا چاہے گا فوراً ہی گدی کے بل گر پڑے گا۔ (قاضی عیاض نے کہا ہے جیسا کہ نووی نے ان سے نقل کیا ہے کہ بعض نے کہا ہے کہ مراد ساق سے اس جگہ ایک نور عظیم ہے اور یہ ایک حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے وارد ہوا ہے میں اشرف کہتا ہوں کہ ان لوگوں میں اس وقت اللہ تعالیٰ اس کے تجلی ربانی ہونے کا علم ضروری پیدا کر دیں گے اگر چہ اس کے قبل اس تجلی سے ان کو اس کی معرفت نہ تھی واللہ اعلم) پھر یہ لوگ سجدہ سے اپنا سر اٹھا دیں گے اور اللہ تعالیٰ اپنی ایسی صورت میں منتقل ہو چکے ہوں گے جس میں ان لوگوں نے ان کو اول بار (یعنی دنیا میں) دیکھا تھا (یعنی پہچانا تھا) پھر فرمادیں گے میں تمہارا رب ہوں۔ وہ لوگ کہیں گے آپ ہمارے رب ہیں۔ الحدیث (مسلم ج۔ا۔ باب اثبات رویۃ المؤمنین)

اور اس میں جو سمجھا ہوں یہ ہے کہ اس انتقال کی حقیقت اس صورت مثالیہ ذہنیہ میں ظہور ہے جس کے ذریعہ سے وہ لوگ حق تعالیٰ کو اس کے قبل دنیا میں پہچانتے تھے اور یہی تجلی ہے جس کے مذکور ہونے کا ہم نے اپنے اس قول میں وعدہ کیا تھا وہ قول یہ ہے جس کا ذکر عنقریب حدیث میں آتا ہے اور تجلیات مثالیہ میں ایسا انتقال ایک سے دوسرے کی طرف جائز ہے اور یہ صورت مثالیہ اگر چہ واحد بالشخص ہو گی لیکن ممکن ہے کہ ابصار مختلفہ میں حسب تصورات مختلفہ مختلف اطوار میں نظر آوے پس یہ اشکال واقع نہیں ہوتا کہ تصورات مختلفہ صورت متعینہ پر کیسے منطبق ہوں گے خوب سمجھ لو اور (بجائے ادنیٰ صورت میں تجلی فرمائیں گے) ایسی صورت میں تجلی نہ فرمانا جو ان کی

پہچانی ہوئی صورت سے اعلیٰ ہو اس وجہ سے ہے کہ اس سے امتحان کی حکمت حاصل نہ ہوتی اس لئے کہ ہر مومن کا یہ اعتقاد ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے اعتقاد سے کم نہیں ہے اور یہ کسی کا اعتقاد نہیں کہ میرے اعتقاد سے فوق بھی نہیں ہے پس اگر صورت اعلیٰ میں تجلی فرماتے تو اس کو یہ احتمال ہوتا کہ شاید یہ تجلی ربانی ہو اور اسکی نفی نہ کرتا پس امتحان حاصل نہ ہوتا اور جب صورت ادنیٰ میں تجلی فرمائی اور اس کا اعتقاد یہ تھا کہ وہ ادنیٰ نہیں ہے اس لئے نفی کا حکم کر دیا خوب سمجھ لو اور جاننا چاہئے کہ میں نے اس جگہ حدیث کی شرح میں اصول قوم پر جو کچھ ذکر کیا ہے ان میں کوئی جز وقطعی نہیں۔

البتہ دوسرے علماء نے جو کچھ ذکر کیا ہے ان سب سے اقرب ضرور ہے مثلاً بعض نے کہا ہے کہ یہ ادنیٰ صورت میں تجلی کسی فرشتہ کا ظہور ہوگا اور اس کا بعید ہونا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اتاھم رب العالمین کا اس سے آبی ہونا ظاہر ہے اور غالباً تم اس تقریر سے ہمارے اس دعویٰ پر آگاہ ہو گئے ہو گے کہ جنت میں تجلی رویت ذات سے ہوگی اگرچہ اس کی کنہ کا ادراک نہ ہوگا اور موقف میں مثال سے ہوگی جیسا موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر بصورت نار ہوئی تھی اور حق تعالیٰ پر مثال بمعنی مشارک فی الوصف ممتنع نہیں چنانچہ ارشاد ہے وله المثل الاعلیٰ اور مثل بمعنی مشارک فی الماہیۃ ممتنع ہے جیسا ارشاد ہے لیس کمثله شیء اور یہ مثال قدیم نہیں ہوتی لیکن تشارک کامل کے سبب قدیم کا مرآۃ ہو جاتی ہے اور اس وقت ذہن کو وجوہ تغائر وتمائز کی طرف التفات نہیں ہوتا۔ خوب بصیرت اور فکر سے کام لو تاکہ غلطی اور لغزش میں نہ پڑ جاؤ کیونکہ مقام بال سے باریک اور تلوار سے تیز ہے اور اسی حدیث کے متعلق وہ بات بھی ہے جو نووی نے کہی ہے کہ اس حدیث میں اسکی تصریح نہیں ہے کہ منافقین کو بھی اللہ تعالیٰ کی رویت ہوگی صرف حدیث میں یہ ہے کہ ایسی جماعت کو جس میں مومنین ومنافقین دونوں ہوں گے رویت ہوگی اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ سب ہی کو رویت ہو اور کتاب وسنت کے دلائل اس پر قائم ہیں کہ منافق کو حق سبحانہ

و تعالیٰ کی رویت نہ ہوگی (جیسے ارشاد ہے کلاّ انھم عن ربھم یومئذ لمحجوبون اھ) اور جاننا چاہئے کہ حدیث سے ایک مسئلہ مہمہ مستنبط ہوتا ہے وہ یہ کہ جیسے اللہ تعالیٰ نے ایسے شخص کو معذور رکھا جس نے حق کے ایسے وصف کی نفی کی جس کی اس کو معرفت نہ تھی باوجودیکہ کسی مرتبہ میں وہ وصف مثبت تھا اسی طرح وہ شخص بھی معذور رکھا جاوے گا جو ایسے وصف کو ثابت کرے جس کی اس کو معرفت ہے گو وہ بعض مرتبہ میں منفی ہو کیونکہ دونوں جگہ علت معذوریت کی مشترک ہے اور وہ علت تکلیف ہے حسب العلم جیسا بعض مکاشفین نے تجلی روح کو تجلی حق سمجھ لیا ہے امید ہے کہ معذور ہوں گے اور بعض نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قول هذا ربی کو اسی قسم کے عذر پر محمول کیا ہے ان میں سے عارف رومیؒ بھی ہیں دفتر خامس کے چار خمس کے بعد شیخ محمد کے قصہ سے ذرا قبل اس قول میں۔

گفت ہذا ربی ابراہیم راد چونکہ اندر عالم وہم افتاد

اور ہمارے مشائخ میں سے حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلویؒ نے اپنی تفسیر میں اسی کو اختیار کیا ہے اور اگرچہ مجھ کو انبیاء علیہم السلام کی شان میں یہ پسند نہیں لیکن بعض اہل حق کا اس طرف جانا اس کے عذر محتمل ہونے کے لئے تو کافی ہے۔ واللہ اعلم

ضمیمہ

از تفسیر بیان القرآن سورۃ الانعام

قولہٗ تعالیٰ لاتدرکه الابصار وھو یدرک الابصار وھو اللطیف الخبیر

ترجمہ و تفسیر

(اور اس کے علیم ہونے کی اور اسمیں متفرد ہونے کی یہ کیفیت ہے کہ) اس کو تو کسی کی نگاہ محیط نہیں ہوسکتی (دنیا میں تو اس طرح کہ کوئی دیکھ ہی نہیں سکتا۔ جیسا دلائل شرعیہ سے ثابت ہے اور آخرت میں اس طرح کہ اہل جنت گو دیکھیں گے جیسا کہ

دلائل شرعیہ سے ثابت ہے لیکن احاطہ محال رہے گا اور جس محسوس بالبصر کے ظاہر کا احا
احساس بصری سے محال ہے تو اس کی حقیقت باطنی کا کہ ظاہر کے مقابلہ میں بدر جہا خف
تر ہے احاطہ کرنا عقل سے جو کہ احساس سے بدر جہا زیادہ محتمل غلط ہے بدر جہا اولی محا
ہوگا) اور وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) سب نگاہوں کو (جو کہ اس کے احاطہ سے عاجز تھیں وجو
محیط ہو جاتا ہے۔ (اسی طرح اور چیزوں کو بھی علما محیط ہے وھو بکل شیء علیم)
اس امر سے کہ وہ سکو محیط ہے اور اسکو کوئی محیط نہیں لازم آ گیا کہ) وہی بڑا باریک بیں
باخبر ہے (اور کوئی دوسرا نہیں اور یہی تھا تفرد فی کمال العلم جو ثابت ہو گیا)

ف: حاصل مقام کا یہ ہے کہ حق تعالیٰ کے سوا کوئی مبصر و مرئی خواہ کیسا ہی اکبر
اعظم ہو ایسا نہیں کہ اس کا احاطہ کسی رائی کے بصر سے خواہ وہ کیسا ہی اصغر و احقر ہو محال
ہو چنانچہ اس کا امکان باقتضائے عقل ظاہر ہے بخلاف حق تعالیٰ کے کہ باوجودیکہ دنیا
میں عقلاً مبصر ہونا فی حد ذاتہ ممکن ہے جیسا کہ رب ارنی کی درخواست سے ظاہر ہے گو
شرعاً ممتنع ہے جیسا لن ترانی سے یقینی ہے نیز احادیث میں علی الاطلاق اس کی
تصریح ہے اور آخرت میں مبصر ہونا واقع ہے لیکن احاطہ ہر حالت میں محال ہے اور یہ
امر خواص باری تعالیٰ سے ہے پس یہ شبہ دفع ہو گیا کہ بعض اجسام عظیمہ پر بھی یہ امر
صادق آتا ہے کہ لاتدرکہ الابصار۔ وجہ دفع ظاہر ہے کہ وہاں ادراک بمعنے
الاحاطہ محال تو نہیں پس نفی ادراک مذکور فی الآیہ مرتبہ استحالہ میں خواص واجب سے ہوا
اور احاطہ عقلیہ کا محال ہونا مستقلاً بھی کتب کلامیہ میں مذکور ہے اور لا تدرکہ
الابصار بھی بالاولی اس پر دال ہے جس کی تقریر اثناء ترجمہ میں کر دی گئی اور یدرکہ
الابصار میں تخصیص ابصار کی باقتضائے خصوصیت مقام ہے کہ مقام بیان ابصار کا
ہے خصوصیت حکم کی مقصود نہیں کیونکہ عموم دوسرے دلائل سے ثابت ہے اور اس کا
مضمون (یعنی مدلول ۱۲) خواص واجب سے اس طور پر ہے کہ ممکنات میں کوئی چیز ایسی
نہیں کہ دوسری چیز کا اس کو محیط ہونا محال ہو اور اس کا احاطہ اس دوسری چیز کو واجب ہو

پس لاتدرکه الابصار میں نفی مرتبہ استحالہ میں معتبر ہوگی اور یدرکہ الابصار میں اثبات مرتبہ وجوب میں معتبر ہوگا اب دونوں حکموں کا خواص میں سے ہونا ظاہر و متیقن ہوگیا اور ادراک کا جو ترجمہ کیا گیا اس سے معتزلہ کا استدلال درباب انکار رویت الٰہیہ کی اہل جنت کے واسطے ساقط ہوگیا۔ اور ادراک کے یہ معنی ابن عباسؓ سے منقول ہیں چنانچہ درمنثور میں ہے اخرج ابن جریر عن ابن عباس لاتدرکه الابصار لایحیط بصر احد بالله تعالٰی اھ اور روح میں ہے والیه ذهب الکثیر من ائمة اللغة وغیرهم پس مطلق رویت ثابت ہے اور احاطہ منفی۔

اور حدیثوں میں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس سوال کے جواب میں هل رایت ربک دو جواب آئے ہیں ایک نورٌ انی اراہ دوسرا رأیت نورًا۔ پہلے جواب میں احاطہ مراد ہے اور دوسرے میں مطلق رویت اور جاننا چاہئے کہ لیلۃ المعراج میں آپ کا اللہ تعالیٰ کو دیکھنا جیسا کہ جلالین میں بتخریج مستدرک حاکم بروایت حضرت ابن عباسؓ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد منقول ہے۔ رأیت ربی عزوجل الحدیث وہ اس حکم امتناع شرعی فی الدنیا سے مخصوص ہے اور شیخ اکبر رحمہ اللہ سماوات ومافوقہا کو دنیا سے خارج فرماتے ہیں اور آخرت میں داخل کرتے ہیں اس بنا پر کہ آخرت کا ایک زمانہ ہے جو قیامت میں آوے گا اور ایک مکان ہے جو اوپر مذکور ہوا پس یہ رویت آخرت میں ہوئی تھی فلا حاجۃ الی القول بالتخصیص۔

ایضاً از تفسیر بیان القرآن سورۃ الاعراف

(قوله تعالٰی) ولما جآء موسٰی لمیقاتنا وکلمه ربه قال رب ارنی انظر الیک قال لن ترانی ولکن انظر الی الجبل فان استقر مکانه فسوف ترانی فلما تجلٰے ربه للجبل جعله دکا وخرموسٰی صعقًا فلما افاق قال سبحٰنک تبت الیک وانا اول المؤمنین ○

ترجمہ وتفسیر

اور جب موسیٰ (علیہ السلام) اس واقعہ میں، ہمارے وقت (موعود) پر آئے تھے جس کا قصہ بیان ہورہا ہے) اوران کے رب نے ان سے بہت سی لطف وعنایت کی، باتیں کیں تو (شدت انبساط سے دیدار کا اشتیاق پیدا ہوا، عرض کیا کہ اے میرے پروردگار اپنا دیدار مجھ کو دکھلا دیجئے کہ میں آپ کو ایک نظر دیکھ لوں ارشاد ہوا کہ تم مجھ کو (دنیا میں) ہرگز نہیں دیکھ سکتے (کیونکہ یہ آنکھیں تاب جمال نہیں لاسکتیں کما فی المشکوۃ عن مسلم لاحرقت سبحات وجهه) لیکن (تمہاری تشفی کے لئے یہ تجویز کرتے ہیں کہ تم اس پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو ہم اس پر ایک جھلک ڈالتے ہیں) سو اگر اپنی جگہ برقرار رہا تو (خیر) تم بھی دیکھ سکو گے۔

(غرض موسیٰ علیہ السلام اس کی طرف دیکھنے لگے) پس ان کے رب نے جو اس پر تجلی فرمائی تجلی نے اس (پہاڑ) کے پرخچے اڑا دیئے اور موسیٰ (علیہ السلام) بے ہوش ہوکر گر پڑے پھر جب افاقہ میں آئے تو عرض کیا بیشک آپ کی ذات (ان آنکھوں کی برداشت سے) منزہ اور رفیع ہے میں آپ کی جناب میں (اس مشتاقانہ درخواست سے) معذرت کرتا ہوں۔ (اور جو کچھ حضور کا ارشاد ہے کہ لن ترانی) سب سے پہلے میں اس پر یقین کرتا ہوں۔

ف: یہاں چند امور قابل تحقیق ہیں۔ اول موسیٰ علیہ السلام سے حق تعالیٰ نے کلام فرمایا مگر یہ کہ اس کی حقیقت کیا تھی اللہ ہی کو معلوم ہے جن احتمالات عقلیہ کی شریعت نفی نہ کرے ان سب کے قائل ہونے کی گنجائش ہے۔ لیکن بلادلیل عدم تعیین اسلم ہے زیادہ تفصیل اس کی کتب کلامیہ میں ہے البتہ قرآن مجید کے ظاہر الفاظ سے اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ اس کلام کو بہ نسبت اس کلام کے جو عطائے نبوت کے وقت ہوا تھا کچھ زیادہ اختصاص متکلم سے ہے چنانچہ یہاں مطلق کلمہ ربه ہے وہاں نودی من شاطئ الواد الایمن فی البقعة المبارکة من الشجرة آیا ہے اور غالباً اس زیادہ

اختصاص کے سبب یہ کلام مورث اشتیاق رویت ہوا وہ نہیں ہوا واللہ تعالیٰ اعلم۔

دوم: موسیٰ علیہ السلام کی درخواست دیدار کی کرنا دنیا میں اس کے امکان عقلی پر اور حق تعالیٰ کا جواب اس کے امتناع شرعی پر دلیل ہے اور یہی مذہب ہے اہل سنت و جماعت کا۔

سوم: پہاڑ پر تجلی ہونے کے معنی واللہ اعلم یہ سمجھ میں آتے ہیں کہ حق تعالیٰ کا نور خاص بارادۂ خداوندی خلائق سے محجوب ہے اور اس محجوب ہونے کے جو وسائط ہیں وہ حجب اور موانع ہیں تعیین ان کی اللہ کو معلوم پس غالباً ان حجب میں بعض حجب مرتفع کردیئے ہوں اور چونکہ وہ حجب مرتفعہ قلیل تھے اس لئے ترمذی کی حدیث مرفوع میں تمثیلاً اس کی قلت کو انملہ خنصر سے تشبیہ دی گئی ورنہ صفات الٰہیہ تجزی و مقدار سے منزہ ہیں اور چونکہ افعال حق تعالیٰ کے اختیاری ہیں اس لئے ممکن ہے کہ وہ حجب جبل کے اعتبار سے مرفوع ہوئے ہوں۔ اور موسیٰ علیہ السلام اور دیگر خلق کے اعتبار سے مرتفع نہ ہوئے ہوں یہ معنے ہوجاویں گے للجبل کے اور چونکہ ارتفاع حجب کا خاصہ احراق ہے جیسا کہ حدیث میں ہے لاحرقت سبحات النور ماانتهى اليه بصره اس لئے پہاڑ کی یہ حالت ہوئی اور یہ ضرور نہیں کہ سارے پہاڑ کی یہ حالت ہوجاوے کیونکہ تجلی فرمانا باختیار خود کسی خاص قطعہ پر ممکن ہے اور موسیٰ علیہ السلام کی بے ہوشی ان پر تجلی فرمانے سے نہ تھی کیونکہ ظاہر للجبل کے خلاف ہے بلکہ پہاڑ کی یہ حالت دیکھ کر و نیز محل تجلی کے ساتھ ایک گونہ تلبس و تعلق ہونے سے یہ بے ہوشی ہوئی۔

چہارم: ظاہر افان استقر مكانه فسوف ترانی سے استقرار کی تقدیر پر رویت کا وقوع۔ اور عدم استقرار کی تقدیر پر عدم وقوع مفہوم ہوتا ہے۔ اس میں قابل تحقیق یہ امر ہے کہ ان میں باہم علاقہ کیا ہے۔ سو عدم استقرا) ر اور عدم وقوع رویت میں تو علاقہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ حاسہ بصریہ موسویہ ترکیب عنصری میں جبل سے اضعف والطف ہے۔ جب اقویٰ واشد متحمل نہ ہوا تو اضعف کیسے متحمل ہوگا۔ اور اس تقریر پر گو استقرار مستلزم تحمل بصر موسوی عقلاً نہ ہوگا لیکن اس کو وعدہ پر محمول کرنے سے اشکال رفع

ہوجاوے گا یعنی باوجود دونوں کی عدم تساوی کے ہم تبرعاً وعدہ کرتے ہیں کہ اگر یہ تمہارا
ہوگیا تو تمہارے حاسہ بصریہ کو بھی متحمل کر دیا جائے گا۔

پنجم: وقوع تجلی سے وقوع رویت کا شبہ نہ کیا جاوے کیونکہ دونوں مترادف یا متلازم نہیں ہیں بلکہ تجلی کے معنی کسی شئے کا ظہور ہے گو دوسرے کو اس کا ادراک نہ ہو پس تجلی کا انفکاک رویت سے ممکن ہے جیسا آفتاب کو متجلی و طالع کہہ سکتے ہیں لیکن خفاش کو رائی اور مدرک کہنا لازم نہیں آتا کیونکہ ممکن ہے کہ مبادی تجلی سے قبل تجلی بہ قبلیت زمانیہ یا تجلی کے ساتھ بمعیت زمانیہ وقبلیت ذاتیہ چشم خفاش معطل ہوجاتی ہو اس بحث کے متعلق کسی قدر آیت **لاتدرکه الابصار**۔ واقعہ آخر پارہ واذا سمعوا کے ذیل میں لکھا جاچکا ہے ملاحظہ کیا جائے۔ تمت الضمیمۃ و بتمامہا تمت الرسالۃ الکریمۃ

الحواشی المتعلقۃ بآخر الفصل الاوّل

قولهٗ فللشیرازی۔

من گدا۔ الخ در شاخ صنوبر گرہے باشد کہ آنرا بدل تشبیہ دہند و دل صنوبر ہم اوراگویند۔ کذا فی الحاشیۃ۔ ان اشعار میں بیان ہے اس کا کہ ورود تجلیات میں بھی انکشاف تام یعنی رویت جس طرح آخرت میں ہوگی اس عالم میں واقع نہیں ہوتی:

لامتناعه شرعًا وان لم یمتنع عقلًا

پس مطلب یہ ہوا کہ خواب یعنی حالت استغراق میں تو تجلی ہوسکتی ہے اور اپنے محل میں ثابت ہے کہ وہ تام نہیں ہوتی باقی وصل یعنی رویت عیاناً کی تمنا ہی مستبعد ہے اور جس قدر انکشاف ہوتا ہے وہ ایسا ہے کہ اس میں حسرت استتار کی بھی رہتی ہے لکونہ غیر تام پس اس میں رفع ہے بعض ناواقفوں کی غلطی کا اور لفظ گدا سے اشارہ اس طرف ہوسکتا ہے کہ اس رویت کا مانع ہمارا عدم تحمل وعدم قابلیت ہے جو آخرت میں مبدل بہ تحمل ہوجاوے گا۔ (عرفان حافظ)

قولہٗ روی تو۔ الخ تا در ہزارت مضاف الیہ رقیب نہ بایں معنی کہ ایشاں رقیب تو مستند یعنی شریک عشق کسی با تو فانہ غیر مقصود بلکہ باں معنی کہ باہم رقیب اند در تو یعنی شریک عشق بر تو وکس ندید یعنی تفصیلا وادراکا بالکنہ ودر غنچہ یعنی مستتری بالمعنی المذکور یا کس نہ دید ثانی رویت باشد در دنیا۔ مطلب یہ کہ محبوب حقیقی کو گو کسی نے دنیا میں نہیں دیکھا۔ (لان الروية لاتقع فی الدنیا ویستثنی منه رسول الله صلی الله علیه وسلم حیث رای لیلة المعراج اویقال انه رأی فی الأخرة لان السماء من مکان الأخرة) اور کسی کو آپ کی تفصیلی معرفت نہیں ہوئی مگر پھر بھی بے شمار عاشق و طالب ہیں۔ شاید مقصود اس سے تصریح اس مسئلہ ہی کی ہوتا کہ اہل سلوک اس ہوس میں نہ پڑیں۔ یا کمال حسن و جمال بیان کرنا ہو کہ اس اجمالی ہی معرفت نے یہ نوبت کر رکھی ہے جو اوروں کے تفصیلی مشاہدہ میں بھی نہیں اس سے معلوم ہوا کہ وہ بمراتب غیر متناہیہ اوروں سے اجمل واکمل ہے پس ایسی ذات کا طالب ہونا عین واجب ہے اور کس نہ دید اگر نفی رویت کی ہو تو مخصوص ہے دنیا کے ساتھ اور اگر نفی ادراک بالکنہ کی ہو جیسا در غنچۂ سے یہ ہی مراد ہے تو عام ہے آخرت کو بھی کیونکہ احاطہ حقیقت وہاں بھی نہ ہوگا لامتناعہ۔ وھٰذا ھو معنی قوله علیه السلام لایبقی علی وجهه الارداء الکبریاء والله اعلم. (عرفان حافظ)

قولہٗ دیدن روئے ترا۔ الخ ترجمہ لفظی تو ظاہر ہے اور مراد معنوی اس سے اشارہ ہوسکتا ہے تحقیق مسئلہ رویت کی طرف یعنی اس آنکھ سے رویت حق تعالیٰ کی نہیں ہوسکتی بلکہ دنیا میں تو محض عقل وبصیرت سے ہوسکتی ہے اور آخرت میں گو چشم سر سے ہوگی مگر اس میں ایک خاص قوت پیدا ہو جاوے گی جو کہ اب نہیں ہے۔ اسی سے اس کا تحمل ہو جاوے گا اور حقیقت اس قوت کی غلبۂ روحانیت کا ہے جو کہ تمام جسد کو عام ہوگا اور یہ ہی بنا ہوگی اس کے بقا کی پس لفظ دیدۂ جاں دونوں صورتوں کو شامل ہے دنیا میں چشم بصیرت کو اور آخرت میں چشم سر کو باعتبار غلبۂ روح کے۔ پس جو شخص دنیا میں

دعویٰ رویت کا چشم سر سے کرتا ہے اس کی غلطی کی طرف اشارہ ہو گیا۔ (عرفان حافظ)

قولہٗ مردم دیدہ۔ الخ۔ ترجمہ لفظیہ کی تقریر یہ ہے کہ محبوب کا رخ ایسا روشن اور تاباں ہے کہ اس رخ کی رخشانی اور تابانی کی وجہ سے جو اس رخ میں پتلی کا عکس پڑا تو اپنا عکس اس میں دیکھ کر اس عکس کی نسبت یہ سمجھا کہ یہ اسی رخ پر مشکیں خال ہے اور بلسان اشارت مردم دیدہ کنایہ ہے مکاشف سے بمناسبت صفت رویت کے اور رخ سے مراد ذات حق۔ اس لئے کہ رخ ترجمہ ہے وجہ کا اور وجہ کی تفسیر ذات ہے اور ذات کا لطیف وجمیل ہونا ظاہر ہے اور عکس سے مراد وجود ظلی جو ممکنات کو حاصل ہے اور یہ امر معلوم ومسلم ہے کہ مبدأ ظہور جمیع اشیاء کا کہ موجود بوجود ظلی ہیں ذات حق ہے اس مبدائیت وسببیت کی مناسبت سے مجازاً ذات کو محل انعکاس صور قرار دے کر رخ کہہ دیا۔ کیونکہ آئینہ بھی خاص مراتب خاصہ ظہور کا مبداء وسبب ہوتا ہے اور مشکیں خال سے مراد صفات متعلقہ بذات حق ہیں جیسا خال متعلقات خاصہ رخ سے ہوتا ہے حاصل یہ ہوا کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ غلبۂ حال یا اثر اشغال سے مکاشف اپنے لطائف روح وغیرہ کے انوار مشاہدہ کرتا ہے اور ان کو براہ غلط انوار حق سمجھتا ہے اور ہر چند کہ دوسرے مکنونات ملکوتیہ کے بارہ میں بھی ایسی غلطی ہوتی ہے لیکن انسان چونکہ اشرف المخلوقات ہے اور اس کی روح ودیگر بعض لطائف کو کہ ذاتاً یا اعتباراً علی اختلاف الاقوال غائر روح ہیں ذات حق تعالیٰ سے بوجہ تشابہ بعض صفات مثل اطلاق وتجرد وتنزہ عن قید الہیولٰی کے مناسبت زائد ہے اس لئے ایسی غلطی ان کے بارہ میں زیادہ اور اکثر ہوتی ہے اور اسی لئے مصرعہ ثانیہ میں عکس خود دید میں اسکی تخصیص کی پس وجہ اس غلطی کی بیان فرماتے ہیں کہ ذات حق مبداء ظہور ہے ان مرئیات کا اور اس مبدائیت کے سبب ربط خاص ومناسبت خاصہ ہے درمیان ذات اور ان مرئیات کے پس بعض احیان میں اس مناسبت کا انکشاف غالب اور تغائر وتمائز کی جانب مغلوب بوجہ شدت سکر یا قلت علم کے ہو کر ایسی غلطی ہو جاتی ہے کہ اس کو وجود قدیم سمجھتا ہے اور وہ وجود ظلی ہوتا ہے پس

اس میں تنبیہ ہے سالک کی غلطی پر کہ گمراہ نہ ہو جاوے جیسا بایزیدؒ کا قول مشہور ہے کہ تیس برس تک روح پر دھوکہ حق کا رہا۔ (عرفان حافظ)

قولہ للرومیؒ۔ انت وجھی الخ (اے محبوب حقیقی) آپ (غایت قرب میں) بمنزلہ میرے رخ کے ہیں (اس لئے) اس میں کچھ عجب نہیں کہ میں اس (رخ) کو نہیں دیکھتا جیسا کہ ظاہر ہے کہ انسان کو عادۃً اپنا چہرہ نظر نہیں آیا کرتا باوجودیکہ بہت ہی قریب ہے اسی طرح آپ باوجود بے حد قریب ہونے کے کہ نحن اقرب الیہ من حبل الورید۔ پھر نظر نہیں آتے آگے محبوب حقیقی کے نظر نہ آنے کی وجہ بتلاتے ہیں کہ خود) غایت قرب حجاب اشتباہ (یعنی اختفاء) کا ہے (اس کو دوسرے محققین نے اس طرح کہا ہے کہ غایت ظہور کے سبب خفی ہوگئے اور اسکی مثال دی ہے کہ جس طرح خفاش کہ نظر سے آفتاب کے مختفی ہونے کا سبب اس کا غایت منور ہونا ہے کہ خفاش اس کا متحمل نہیں ہوسکتا چونکہ غایت قرب کو غایت ظہور بشرط صلاحیۃ المحل للظہور لازم ہے اس لئے غایت قرب کو بھی سبب کہنا صحیح ہوگا کیونکہ غایت قرب بوجہ ملزوم ہونے کے سبب ہوگا غایت ظہور کا اور غایت ظہور سبب ہوگا اختفاء کا اور سبب کا سبب سبب ہوتا ہے پس غایت قرب بھی سبب ہو جائے گا اختفاء کا اور عندالتأمل غایت قرب یا غایت ظہور کو مانع رویت کہنا یہ ایک حکم ظاہری ہے کیونکہ یہ دونوں چیزیں تو مقتضی ہیں رویت کو جبکہ محل صالح للرویت ہو تو مقتضی کو مانع کہنا کیسے صحیح ہوسکتا ہے بلکہ کلام کی حقیقت یہ ہے کہ باوجود مقتضی رویت کے رویت نہیں ہے بسبب ایک مانع قوی کے اور چونکہ وہ مانع بھی مقتضی کے ساتھ علی الدوام پایا جاتا ہے اس لئے تجوزاً اس عدم رویت کو اس مقتضی کی طرف مستند کر دیا کہ جس میں ایک ملابس کو دوسرے ملابس کے قائم مقام قرار دیا اور وہ مانع عدم ہے خاص واسطہ کا یعنی رویت کے لئے رائی اور مرئی کے درمیان بعض وسائط کی کہ وہ شرط رویت ہیں ضرورت ہوتی ہے۔ اور ان واسطوں کے نہ ہونے سے رویت نہیں ہوتی ان میں سے ضیاء ہے اور ان میں سے قوت اور تحمل ہے

رائی کا۔ اور ان میں سے قابل رویت ہونا ہے مرئی کا اور ان میں سے منتہی ہونا ہے شعاعوں کا مرئی تک ونحو ذلک مما لایخفٰی۔ پس عدم رویت کا تحقق جہاں ہوگا کسی شرط کے فوت ہونے سے ہوگا۔ مثلاً آدمی جو اپنا چہرہ نہیں دیکھتا جس کا اس شعر میں ذکر ہے یا اپنی آنکھ نہیں دیکھتا جس کو میر زاہد نے ایک مثال میں اختیار کیا ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ منتہی شعاع کا نہیں یعنی شعاع اس پر نہیں واقع ہوتی اور مثلاً آدمی اپنی عقل کو نہیں دیکھتا جس کا شعر آئندہ میں ذکر ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ محل صالح للرویت نہیں اور مثلاً خفاش خورشید کو نہیں دیکھتا اس کی وجہ یہ ہے کہ رائی میں قوت وتحمل نہیں اور مثلاً اللہ تعالیٰ کو اس دنیا میں نہیں دیکھتا اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ رائی میں قوت وتحمل نہیں یہ تو کلام تحقیقی ہے باقی ظاہری کلام میں متکلمین نے شرائط ابصار میں سے یہ بھی کہا ہے کہ مرئی نہ غایت قرب میں ہو اور نہ غایت بعد میں تو اس بنا پر غایت قرب کا مانع ہونا بھی ظاہراً صحیح ہو جاوے گا اور اس شرط عدم غایت قرب کو میری اس شرط کی طرف راجع کر سکتے ہیں کہ وہ مرئی منتہی شعاع کا ہو کیونکہ شعاع کے منتہی ہونے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ شعاع کی نسبت اقرب نہ ہو۔

پس حاصل اس شرط کا یہ ہوگا کہ مرئی واسطہ رویت سے قریب نہ ہو تو باری تعالیٰ کے عدم رویت فی الدنیا کے دو سبب ہو جاویں گے ایک عدم تحمل بصر دوسرے اس کا واسطہ کی نسبت اقرب ہونا اور فی الدنیا کی قید اس لئے لگائی کہ آخرت میں رویت منصوص ہے سو وہاں بھی گو حق تعالیٰ کی اقربیت ایسی ہی ہوگی بلکہ اس سے بھی زیادہ ہو جاوے گی اور یہ نہ ہوگا کہ وہاں واسطہ اقرب ہو جاوے بہ نسبت حق تعالیٰ کے بلکہ وہاں واسطہ ہی شرط نہ ہوگا اور اسی طرح حق تعالیٰ رائی کو تحمل بھی عطا فرما دیں گے اور معتزلہ منکرین رویت فی الآخرت ان شرائط کو عقلی کہتے ہیں اور اہل حق عادی اس لئے اس عالم میں عادت بدلنے سے رویت واقع ہوگی آگے اس غایت قرب کے مانع ہونے کی اور مثال ہے کہ آپ بمنزلہ میری عقل کے ہیں۔ (کہ غایت قریب ہے) تو

کچھ تعجب نہیں اگر میں آپ کو نہ دیکھوں بوجہ غایت اشتباہ جال در جال کے (اس اشتباہ سے مراد بھی اختفاء ہے کہ اشتباہ مستلزم ہے اختفاء کو فاطلق الملزوم وارید به اللازم اور جال در جال یعنی شدید) اور اس مصرعہ ثانیہ میں اختفاء کو سبب عدم رویت قرار دینے سے تعارض نہ سمجھا جاوے۔ اوّل یعنی سبب غایت قرب کے ساتھ کیونکہ غایت قرب سبب اختفاء کا ہے اور اختفاء سبب عدم رویت کا ہے۔ پس عدم رویت کو کہیں سبب کی طرف منسوب کر دیا کہیں سبب السبب کی طرف اور بعض نسخوں میں مشتبک کی جگہ مشترک ہے اس کی توجیہ یہ ہوسکتی ہے کہ جو اختفاء مسبب عن غایت القرب سبب ہے، عدم رویت کا وہ خاص نہیں باری تعالیٰ کے ساتھ تا کہ کوئی عقل پرست اس میں استبعاد سمجھے بلکہ مشترک ہے واجب وممکن میں کہ بعض ممکنات کی عدم رویت بھی اسی سبب سے ہے جیسے وجہ کی عدم رویت یا عقل کی عدم رویت البتہ اس دوسری مثال میں دوسرا سبب بھی ماننا پڑے گا علاوہ غایت قرب کے اور عدم قابلیت مبصریت ہے تو مشترک کہنے سے وہ استبعاد دفع ہوگیا۔ (عشر ثانی از کلید مثنوی دفتر ششم)

قولهٗ للشيخ الجيلانى والشيخ الاكبرؒ الخ (شرح)

ایک غلطی یہ کہ جس طرح حق تعالیٰ کا جنت میں دیدار ہوگا اسی طرح دنیا میں دیدار کے قائل ہیں جاننا چاہئے کہ قرآن مجید میں موسیٰ علیہ السلام کا قصہ مذکور ہے کہ دنیا میں دیدار کی تمنا کی اور لن ترانی جواب سنا حدیث شریف میں موجود ہے انكم لن تروا ربكم حتے تموتوا یعنی موت سے پہلے کبھی خدائے تعالیٰ کو نہ دیکھو گے دوسری حدیث میں ہے حجابه النور لو كشفه لاحرقت سبحات وجهه ما انتهى اليه بصره من خلقه رواهما مسلم اب قرآن وحدیث کے بعد اور کون چیز ہے جس پر یقین آوے۔ قال الله تعالىٰ فباى حديث بعده يؤمنون۔

اب عارفین کا کلام سنئے کیا فرماتے ہیں مصباح الہدایۃ میں ہے۔

"رویت عیاں دریں جہاں متعذر ست چہ باقی درفانی نہ گنجد امادر آخرت

مؤمناں راموعودست وکافراں راممنوع'' کشف الاثار میں ہے۔

''روزے درمجلس جناب ارشاد مآب قبلۂ کونین غوث الثقلین شیخ محی الدین ابومحمد سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ وارضاہ مذکور شد کہ فلاں مرید آنجناب میگوید کہ من جناب حق سبحانہ وتعالیٰ رابچشم سری بینم۔ آنحضرت اورا بحضور خود خواندند وپرسیدند او اعتراف نمود پس آنجناب اورا ازیں قول منع فرمودند وعہد گرفتند کہ بار دیگر ایں چنیں نہ گوید حاضراں سوال کردند کہ ایں مرد محق ست یا مبطل۔ فرمودند محق ست لیکن امر بروئے ملتبس گشتہ۔ ووجہش آن ست کہ وے بچشم سر (بکسر السین) نور جمال رادید۔ درہماں وقت از بصیرت کہ رویت قلبی ست سوراخے بطرف بصرا و پیدا گشت وشعاع بصرش بنور شہود حق تعالیٰ متصل شد پس آنچہ بصیرتش مشاہدہ کرد مظنون اوشد کہ بصر من دیدہ است وفرق نہ کرد کہ اینجا دررویت ست۔ حضرت شیخ قوام الدینؒ کا ارشاد ہے مکاشفہ نہ آنست کہ ہویت حق سبحانہ تعالیٰ ادراک کنند ویادریابند ہرچہ خواہی نام نہ رویت قلبی راخواہ رویت بصیرت گوخواہ مکاشفہ۔ خواہ مشاہدہ باصطلاح صوفیہ رویت قلبی ست نہ رویت عیانی کہ بحاسۂ بصر تعلق دارد۔ بحرالعلوم شرح مثنوی میں فرماتے ہیں۔ دریں تجلی حضرت موسیٰ علیہ السلام مشاہدۂ حق سبحانہ تعالیٰ نمودند وبسبب مشاہدہ فانی شدند ورویت حاصل نہ شد۔ مکتوبات قدسیؒ میں ہے آنچہ اینجا بود یقین گویند کہ حجاب درمیان ست وانچہ آنجا بود عیاں نامند کہ ارتفاع حجاب ازمیان ست۔ (انوار العارفین)

احیاء العلوم میں ہے۔ مرئی بالاعین والابصار فی دار الأخرة دار القرار ولا یری فی الدنیا اھ مختصرا اور کتب سلوک میں مقام فنا میں جو مشاہدہ ہونا لکھا ہے وہ رویت قلبی ہے جیسا اوپر گزر چکا اور نیز مقام فنا مشابہ خواب کے ہوتا ہے سو خواب میں اللہ تعالیٰ کو دیکھنا ممکن ہے۔

تنبیہ: بعض اوقات سالک روحانی تجلی کو تجلی ربانی سمجھ کر گمراہ ہوتا ہے۔ اس مقام پر شیخ کامل محقق کی ضرورت ہے۔ درمکتوبات چہاردہم حضرت یحییٰ منیریؒ ست بدانکہ تجلی عبارت از ظہور ذات وصفات الوہیہ است جل جلالہ۔ وروح رانیز تجلی

باشد وبسیار روندگان دریں مقام مغرور شدہ اند وپنداشتند کہ تجلی حق یافتند اگر شیخ صاحب تصرف نہ باشد ازیں ورطہ خلاصی دشوار بود اکنوں بدانکہ فرق ست میان تجلی ربانی وتجلی روحانی چوں آئینۂ دل از کدورت وجود ماسوی اللہ صقالت پذیرد مشرقہ آفتاب جمال حضرت گردد۔ وجام جہاں نمائے ذات وصفات اوشود۔ لیکن نہ ہرکس را ایں سعادت مشاہدہ نماید از میان روندگاں صاحب دولتے باشد کہ چوں آئینۂ دل از صفات بشریت صاف کند بعضے صفات روحانی بردل وے تجلی کند پس گاہ بود کہ ذات روح کہ خلیفۂ حق ست در تجلی آید وبخلافت خود دعویٰ انا الحق کردن گیرد۔ وگاہ بود کہ جملہ موجودات را پیش تخت خلافت روح در سجود بیند در غلط افتد۔ داند کہ مگر حضرت حق ست قیاس بریں حدیث **اذا تجلی اللہ لشیٔ خضع لہ کل شیٔ (اخرجہ النسائی فی صلوۃ الکسوف بروایۃ ابی قلابۃ عن النعمان ابن بشیر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بلفظ ان اللہ عزوجل اذا بدالشیٔ من خلقہ خشع لہ وعن قبیصۃ بلفظ وان اللہ عزوجل اذا تجلی لشیٔ من خلقہ یخشع لہ.**

الحدیث: وازیں جنس غلطہا بسیار افتد کہ تجلی روحانی سمت حدوث دارد وآنرا قوت افنانہ باشد واز تجلی روحانی غرور وپندار پدید آید ودر طلب نقصان پدید آید واز تجلی حق سبحانہ وتعالیٰ ایں جملہ برخیزد وہستی بہ نیستی مبدل شود ودر طلب بیفزاید وتشنگی زیادہ گردد۔ اور بعض بزرگوں کے جو اس قسم کے اقوال ہیں شعر:

دیگراں را وعدہ فردا بود ۔۔۔ لیک مارا نقد ہم اینجا بود

اس کے معنی حضرت شیخ عبدالقدوس رحمہ اللہ فرماتے ہیں معنے او آنست انچہ آنجا وعدہ برویت بود اینجا بچشم یقین مشاہدہ ایں منقود را المحققاں مشاہدہ خوانند نہ محض رویت دانند۔ تعلیم الدین آخر باب ہشتم)

تمت الحواشی المقصودۃ فی الباب الموعودۃ فی الکتاب واللہ الھادی الی الصواب. والعاصم من موجبات الارتیاب.

ضمیمہ التعلیقات فی بعض التحقیقات وکلہا ظنیات من الذوقیات اوالکشفیات

(لما کانت الخواص الاعلام لم تترجم بلسان العوام ۱۲منہ)

الاوّل عن الشیخ ابن العربی فی بعض الاشکالات المتعلقۃ بانکار

(الوارد فی الحدیث المذکور فی ص ۱۱ من الرسالۃ ۱۲منہ)

اهل الموقف بعض التجليات فان قيل فاذاوقع الانكار من هؤلاء فهل يكون المقرون من الانبياء والاولياء حاضرين فان كانواحا ضرين فلم لم يرشد وهم الٰى ان المتجلى لهم هو الله تعالٰى فالجواب كما قاله الشيخ فى شرحه لترجمان الاشواق ان الانكار اذا وقع يكون الانبياء والعارفون واقفين بجانب عن هؤلاء المنكرين وانما لم يرشد والمنكرين لتلك التجليات لانهم يعرفون من الحق تعالٰى انه طلب منهم ان يستروه عن اولئك المنكرين ليجنى كل احد ثمرة علمه به فے دارالدنيا. (الیواقیت والجواہر ج۱، ص ۱۲۳)

الثانى عن الشيخ تقى الدين فى جواب بعض السوالات فان قيل فهل تكون الرؤية للمؤمنين بباصر العين كمافى الدنيا ام تكون بجميع عيونهم (اے ذواتهم) فالجواب كما قاله

الشیخ تقی الدین ابن ابی المنصور ان رؤیة المؤمنین لربهم فی الأخرة تکون بجمیع اجسادهم وذٰلک لکمال النعیم الابدی فلا تتقید رویتهم له تعالٰی بباصر العین بل کلهم ابصار قال وبعضهم یراه بجمیع وجهه فقط الخ. (الیواقیت ج۲ ص۱۳۲)

الثالث عن استاذی رحمه الله تعالٰی فی دفع بعض الاستبعادات فان قیل اذا سئل المؤمنون بعد دخولهم الجنة تریدون شیئا ازیدکم ویجیبون الم تبیض وجوهنا الم تدخلنا الجنة وتنجنا من النار قال صلی الله علیه وسلم فیرفع الحجاب فینظرون الی وجه الله الحدیث فکیف یقنعون فی الجواب بالنعیم عن رب النعیم ولم لایطلبون النظر الی وجهه الکریم فالجواب انهم یحسبون الانوار الجمالیة الظاهرة فی مرأة نعیم الجنان انها هی التی وُعدنا رویتها وهی الحاصلة لنا فوق الحسبان . کما اشار واالی حصولها لهم فی قولهم الم تدخلنا الجنة باشتمال الملزوم علےٰ جمیع اللوازم منها الرؤیة التی هی اعظم المنه (من حفظےٰ) قلت ویحتمل النسیان زیادةً فی فرحهم لحصولها من غیر ترقب وهو اکمل فی الامتنان کما قد نسوافےٰ الموقف اختصاص نبیهم صلی الله علیه وسلم بالشفاعة الکبریٰ حیث اتوا غیره صلی الله علیه وسلم من الرسل لیخلصوهم من الداهیة العظمیٰ. ولعل امثال هذه الاحکام مخصوص بالعوام.

خاتمة الکل

ھذا واللہ اعلم بحقائق کل مرام فی کل مقام لفظ

الحدیث

مع شرحہ الملقب بالادراک والتوصل الی حقیقة الاشراک والتوسل

بعد البسملة والحمدلة والصلوٰة. یہ ایک حدیث ہے جو رسالہ التشرف کی جس میں دو معرکۃ الآراء مسئلوں کی ایک بدیع تحقیق ہے جو غالبانہ تلاش سے ملتی ہے نہ عمق افکار کو وہاں تک رسائی ہوتی ہے ایک مسئلہ توسل جو موضوع رسالہ (تشرف) میں داخل ہونے کے سبب قصداً وارد کیا گیا ہے دوسرا معیار فرق شرک اکبر واصغر کا جو ضمناً مذکور ہوا ہے ضروری اور کثیر النفع اور اہل علم کے مقصد ہونے کے سبب اس کو ایک مستقل رسالہ کی شکل میں بنا دیا گیا کہ انتفاع میں سہولت ہو اور استقلال کی بنا پر اس کا ایک لقب بھی رکھ دیا گیا جو عنوان میں مذکور ہے اور اللہ تعالیٰ اس کو نافع اور شبہات کے لئے دافع فرمائے۔

کتبہ اشرف علی آغاز محرم ۱۳۲۶ھ

حدیث: مصعب بن سعد عن ابیہ انہ ظن ان لہ فضلا علی من دونہ من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انما نصر اللہ ھذہ الامہ بضعفائھا ودعوتھم واخلاصھم رواہ النسائی وھو عند البخاری بلفظ ھل تنصرون و ترزقون الا بضعفائکم

ف: دل علی امرین الاوّل فضل الضعفاء ومن ثم تری اھل اللہ یقدمون الضعفا علی الکبراء والثانی ثبوت التوسل بالمقبولین ذواتھم واعمالھم الظاھرة واعمالھم الباطنة کما تدل علیہ بضعفائھا ودعوتھم واخلاصھم والتفصیل فی المسئلة ان التوسل بالمخلوق لہ تفاسیر ثلثة الاول دعاء ہ واستغاثتہ کدیدن المشرکین وھو حرام اجماعًا اما انہ شرک جلی ام لا فمعیارہ انہ ان اعتقد استقلالہ بالتاثیر

فهو شرک کفری اعتقادًا کما ان الصلوة والصوم مما يختص بالله تعالى للمخلوق شرک کفری عملا ومعاملة لاسجدة التحية وان كانت معصيةً الا ماكان شعارا الكفر کسجدة الصنم وشد الزنار والافلا ومعنى استقلاله ان الله قد فوض اليه الامور بحيث لايحتاج فى امضائها الى مشية الجزئية وان قدر على عزله عن هذا التفويض والثاني طلب الدعاء منه وهذا جائز فيمن يمكن طلب الدعاء منه ولم يثبت فى الميت بدليل فيختص هذا المعنى بالحى والثالث دعاء الله ببركة هذا المخلوق المقبول وهذا قد جوزه الجمهور ومنع منه ابن تيمية واتباعه زعما منهم انه لم يذكر احد من العلماء انه يشرع التوسل والاستسقاء بالنبى والصالح بعد موته ولا في مغيبه كما فى رسالته زيارة القبور والعجب منه انه نفسه قد ذكر فى رسالته المذكورة قول المجوزين ودليلهم بما نصه قالوا وليس فى التوسل دعاء المخلوقين ولا استغاثة بالمخلوق لكن فيه سوال بجاهه كما فى سنن ابن ماجه بحق السائلين عليک وبحق ممشای هذا والله تعالى قد جعل على نفسه حقا الى اخر ماقال واطال وسرد الايات والاحاديث ولم يجب عن هذه الدلائل لكن مع هذا ثبت على المنع وحقيقة هذا المعنى الثالث اللهم ان العبد الفلانى اوالعمل الفلانى لنا اولفلان مقبول ومرضى عندک ولنا تلبس وتعلق به اما مباشرة له فى العمل واما محبة له فى العبد اوعمله وانت وعدت الرحمة بمن له هذا التلبس فنسئلک هذه الرحمة فياليت شعرى اى محذورفيه نقلا اوعقلا نعم لو منع عنه لمصلحة العوام لما خالفناه لكن الكلام فى تحقيق المسئلة فالحق فيه معنا ان شاء الله تعالى

فاغتنم هذا التحریر الکاشف لحقیقة التوسل وحقیقة الشرک اللتین یتحیر فیهما کثیر من الفضلاء والعقلاء.

حدیث: مصعب بن سعد کی حدیث وہ روایت کرتے ہیں اپنے باپ سے کہ ان کو یہ خیال ہوگیا کہ مجھ کو دوسرے صحابہ پر (بوجہ ریاست کے) کچھ فوقیت ہے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی جو نصرت اس امت کے ساتھ ہے وہ بدولت اس کے عاجزوں کے اور ان کی دعا و اخلاص ہی کے ہے (تو رؤساء ان کے محتاج ہوئے نہ کہ برعکس) روایت کیا اس کو نسائی نے اور یہ حدیث بخاری کے نزدیک ان الفاظ سے ہے۔ تمہاری جو نصرت کی جاتی ہے اور تم کو جو رزق ملتا ہے یہ صرف تمہارے عاجزوں کی بدولت ہے۔

ف: یہ حدیث دو امر پر دال ہے ایک تو عاجزوں کی فضیلت اور اسی وجہ سے تم اہل اللہ کو دیکھتے ہو کہ عاجزوں کو رؤسا پر مقدم رکھتے ہیں اور دوسرا مقبولین سے توسل کا ثبوت ان کی ذات سے بھی اور ان کے اعمال ظاہرہ و باطنہ کے ساتھ بھی چنانچہ اس مجموعہ پر یہ الفاظ دلالت کرتے ہیں کہ بدولت اس کے عاجزوں کے اور ان کی دعا و اخلاص کے (لفظ عاجز ذات پر دال ہے اور دعا عمل ظاہر پر اور اخلاص عمل باطن پر) اور اس مسئلہ میں تفصیل یہ ہے کہ توسل بالمخلوق کی تین تفسیریں ہیں ایک مخلوق سے دعا کرنا اور اس سے التجا کرنا جیسا مشرکین کا طریقہ ہے اور یہ بالاجماع حرام ہے باقی یہ کہ یہ شرک جلی بھی ہے یا نہیں سو اس کا معیار (حاصل اس اعتقاد تاثیر و عدم اعتقاد تاثیر کے معیار فرق کا یہ ہے کہ بعض کا تو یہ عقیدہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی خاص مخلوق کو جو اس کا مقرب ہے کچھ قدرت مستقلہ نفع و ضرر کی اس طرح سے عطا فرما دی ہے کہ اس کا اپنے معتقد و مخالف کو نفع و ضرر پہنچانا مشیت جزئیہ حق پر موقوف نہیں گو اگر وہ روکنا چاہے پھر قدرت حق ہی غالب ہے جیسے سلاطین اپنے نائبین و حکام کو خاص اختیارات اس طرح دیتے ہیں کہ ان کا اجرا اس وقت سلطان اعظم کی منظوری پر موقوف نہیں ہوتا

کو روکنا چاہے تو سلطان ہی کا حکم غالب رہے گا۔

سو یہ عقیدہ تو اعتقاد تاثیر ہے اور مشرکین عرب کا اپنے الٰہ باطلہ کے ساتھ یہی اعتقاد تھا اور بعض کا یہ عقیدہ ہوتا ہے کہ ایسی قدرت مستقلہ تو کسی مخلوق میں نہیں مگر بعض مخلوق کو قرب وقبول کا ایسا درجہ عطا ہوتا ہے کہ وہ اپنے متوسلین کے لئے سفارش کرتے ہیں پھر اس سفارش کے بعد قبول میں تخلف کبھی نہیں ہوتا اور اس سفارش کی تحصیل کے لئے اس کے ساتھ بلاواسطہ یا بواسطہ معاملہ مشابہ عبادت کرتے ہیں یہ عقیدہ اعتقاد تاثیر نہیں ہے لیکن بلا دلیل شرعی بلکہ خلاف دلیل شرعی ایسا عقیدہ رکھنا معصیت اعتقادیہ ہے اور مشابہ عبادت معاملہ کرنا معصیت عملیہ ہے اور اسی مشابہت کے سبب اطلاقات شرعیہ میں اس کو مشرک کہہ دیا جاتا ہے۔ ہذا ما سنح لی واللہ اعلم"

تتميم لزيادة التفهيم

تقریر مذکور فارق بین الشرکین جو کہ ماخوذ ہے کلیات شرعیہ سے اپنے دونوں دعوؤں کے اعتبار ہے ایک یہ کہ مشرکین اس تصرف غیر مقید بالاذن کے قائل تھے دوسرے یہ کہ تصرف مقید بالاذن کا قائل ہونا شرک اکبر نہیں زیادت امتناع میں محتاج تھی ادلہ جزئیہ کی جن سے ایک مدت تک باوجود فکر ذہن خالی رہا الحمد للہ کہ پرسوں اور کل میں علی التعاقب تین دلیلیں ذہن اور نظر میں گزریں جن کا مجموعہ دونوں دعوؤں میں تردد کیلئے نافی ہے۔

دلیل اوّل عقلی

براصول میزائیین جو اپنی جزئیت کے سبب کلیات سے زیادہ کافی ہے وہ یہ ہے کہ مسئلہ توحید الٰہی واجب عقلی ہے خواہ بدیہی ہو یا نظری یہ دوسری بحث ہے اور کسی حکم کا وجوب عقلی مستلزم ہوتا ہے اس کی نقیض کے امتناع عقلی کو پس نقیض توحید کا حکم ممتنع ہوگا اور اس نقیض کی دو قسمیں ہیں ایک نفی الٰہ کہ کفر ہے دوسری تشریک الٰہ آخر معہ کہ شرک ہے اور ہر مقسم کا امتناع مستلزم ہوتا ہے اس کے سب اقسام کے امتناع کو پس شرک کے لئے لازم ہوا کہ وہ کسی امر ممتنع کا اعتقاد ہوگا اور اس امتناع واستحالہ کی طرف نصوص بھی مشیر ہیں۔

کقوله تعالٰی لوکان فیهما الهة الا الله لفسدتا و قوله تعالٰی لوکان معه الهة کما یقولون اذا لابتغوا الیٰ ذی العرش سبیلا وقوله تعالٰی ما اتخذ الله من ولد وماکان معه من اله اذا لذهب کل اله بما خلق ولعلٰی بعضهم علٰی بعض وقوله تعالٰی لواراد الله ان یتخذ ولدا لاصطفٰے مما یخلق مایشاء سبحانه. ونحوها من الأیات علٰے مافسرت فی بیان القرآن اور تصرف مقید بالاذن عقلاً ممتنع نہیں پس وہ شرک نہ ہوگا گوکسی تصرف منفی بالنص کا اعتقاد بوجہ مخالفت نص کے معصیت یا کفر یا بدعت ہو علی اختلاف مراتب النص ومراتب المخالفۃ مگر شرک کسی حال میں نہ ہوگا اور جاہلان عرب کا مشرک ہونا نص سے ثابت ہے پس لامحالہ وہ تصرف غیر مقید بالاذن کے قائل تھے۔ اس سے بحمد اللہ دونوں دعوے ثابت ہو گئے۔

دلیل ثانی نقلی

من الاقوال المنقوله عن العلماء الربانیین جو بوجہ صراحت موافقت اکابر کے دلیل عقلی سے زیادہ شافی ہے قال القاضی محمد اعلٰے التهانوی فی کتابه کشاف اصطلاحات الفنون الشرک علٰے اربعة انحاء الی ان قال منهم من یقول ان الله سبحانه خلق هذه الکواکب وفوض تدبیر العالم السفلی الیها وقال بعد ورقة ان القوم یعتقدون ان الله فوض تدبیر کل من الاقالیم الٰی ملک معین وفوض تدبیر کل قسم من اقسام العالم الی روح سماوی بعینه (ص۷۷۱،۷۷۲) وقال ابن القیم فی اغاثة اللهفان ماحاصله انه تعالٰے قال ام اتخذوا من دون الله شفعاء قل اولو کانوا لایملکون شیئا ولا یعقلون قل لله الشفاعة جمیعاله ملک السمٰوٰت والارض اخبران الشفاعة لمن له ملک السمٰوٰت، والارض وهوالله وحده فهو الذی یشفع بنفسه الی نفسه فیرحم عبده فیاذن

هو لمن يشاء ان يشفع فيه فصارت الشفاعة في الحقيقة انما هي له والذي يشفع عنده انما يشفع باذنه له وامره بعد شفاعته سبحانه تعالیٰ وهي ارادته من نفسه ان يرحم عبده وهذا ضد الشفاعة الشركية التي البتها هؤلاء المشركون ومن وافقهم وهي التي ابطلها سبحانه وتعالیٰ في كتابه بقوله ليس لهم من دونه ولي ولا شفيع فاخبر سبحانه انه ليس للعباد شفيع من دونه بل اذا اراد الله تعالیٰ رحمة عبده اذن هو لمن يشفع فيه بشفاعة باذنه وليست بشفاعة من دونه والفرق بين الشفيعين كالفرق بين الشريک والعبد المامور الى ان قال فالرب تعالیٰ هو الذي يحرک شفيع حتى يشفع والشفيع عند المخلوق هو الذي يحرک المشفوع اليه حتى يفعل (ص ۱۱۵ الیٰ ۱۱۸)

ان اقوال سے دعویٰ اولیٰ منطوقاً اور دعوے ثانیہ مفہوماً ثابت ہے۔

دلیل ثالث نقلی

من آیات رب العلمین جو عالم السرائر والضمائر کی شہادت ہونے کے سبب حجیت میں سب سے زیادہ وافی ہے وهو قوله تعالیٰ قل ادعوا الذين زعمتم من دونه فلا يملكون كشف الضر عنكم ولا تحويلا وقوله تعالیٰ ولا يملک الذين يدعون من دونه الشفاعة الا من اذن. وامثالهما من الأيات التي تفوت الحصر وجہ دلالت دعویٰ اولے پر یہ ہے کہ ان نصوص میں ملک تصرفات کی نفی کی گئی ہے اور ملک من حیث الملک کا مقتضا بلکہ حقیقت تصرف غیر مقید بالاذن ہے اور سیاق سے مقصود مزعومات مشرکین کا ابطال ہے اس سے معلوم ہوا کہ وہ ایسے اختیارات وتصرفات کے قائل تھے جو کہ مقید بالاذن نہ ہوں پس دعویٰ اولے ثابت ہوگیا اور محل ذم کی قیود میں مفہوم مخالف معتبر ہوتا ہے اس سے دعویٰ ثانیہ پر بھی دلالت ہوگئی والحمد لله علےٰ تمام النعم والهام الحكم۔ (سلخ ج ۲۔

۱۳۴۴ھ ۱۲ منہ) یہ ہے کہ اگر یہ شخص اس مخلوق کے موثر مستقل ہونے کا معتقد ہے تب تو یہ شرک کفری ہے جیسا کسی مخلوق کے لئے نماز وروزہ ایسی عبادت کرنا جو خاص ہے حق تعالیٰ کے ساتھ عملاً ومعاملۃً شرک کفری ہے نہ کہ سجدہ تحیت گو معصیت ہے، باستثناء اس فعل کے جو شعار کفر ہو جیسے سجدہ صنم شدز نار ورنہ نہیں (صرف معصیت ہے) اور مستقل بالتاثیر ہونے کے معنے یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے یہ کام اس کے سپرد ایسے طور پر کردیئے ہیں کہ وہ ان کے نافذ کرنے میں حق تعالیٰ کی مشیت خاصہ کا محتاج نہیں ہے گو اللہ تعالیٰ کو یہ قدرت ہے کہ اس کو اس تفویض (واختیارات) سے معزول کردے۔

اور دوسری تفسیر یہ کہ مخلوق سے دعا کی درخواست کرنا اور یہ ایسے شخص کے حق میں جائز ہے جس سے دعا کی درخواست ممکن ہے اور یہ امکان میت میں کسی دلیل سے ثابت نہیں پس یہ معنی (توسل کے) زندہ کے ساتھ خاص ہوں گے اور تیسری تفسیر یہ کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا اس مقبول مخلوق کی برکت سے اور اس کو جمہور نے جائز رکھا ہے اور ابن تیمیہ نے اور ان کے اتباع نے منع کیا ہے اس خیال سے کہ کسی نے علماء میں سے اس کو ذکر نہیں کیا کہ توسل یا استقاء کسی نبی یا صالح کے وسیلہ سے ان کی وفات یا غیر حاضری کی حالت میں مشروع ہے جیسا کہ ان کے رسالہ زیارۃ القبور میں یہ تقریر مذکور ہے اور ان سے تعجب ہے کہ خود انہوں نے اپنے رسالہ مذکورہ میں مجوزین کا قول اور ان کی دلیل بھی اس عبارت سے ذکر کی ہے کہ وہ مجوز لوگ کہتے ہیں کہ توسل میں نہ مخلوق سے دعا ہے اور نہ ان سے التجا ہے لیکن اس میں صرف اس کی جاہ (و مقبولیت) کے ذریعۂ سے (حق تعالیٰ سے) سوال ہے۔

جیسا کہ سنن ابن ماجہ میں آیا ہے کہ میں ان لوگوں کے حق سے سوال کرتا ہوں جو آپ سے سوال کرتے ہیں اور اپنے اس چلنے کے حق سے سوال کرتا ہوں (جو محض اخلاص کے ساتھ واقع ہوا ہے) اور اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات پر (مقبولین کا) حق قرار دیا ہے اپنے قول کے ختم تک اور دور تک کہتے چلے گئے اور (اس حق کے اثبات کے

لئے) آیات واحادیث بیان کی ہیں (غرض مجوزین کے دلائل خود ذکر کئے ہیں) اور ان دلائل کا کچھ جواب نہیں دیا لیکن باوجوداس (جواب نہ دینے کے) اس کے منع ہی پر جمے رہے اوراس معنی ثالث کی حقیقت یہ ہے کہ اے اللہ فلاں بندہ یا فلاں عمل ہمارا یا فلاں بندہ کا عمل آپ کے نزدیک مقبول و پسند ہے اور ہم کو اس (بندہ یا عمل) سے تلبس اور تعلق ہے خواہ تو اس عمل میں ارتکاب کا اور خواہ اس بندہ یا اس کے عمل میں اس سے محبت رکھنے کا اور آپ نے ایسے شخص پر رحمت فرمانے کا وعدہ کیا ہے جس کو یہ تلبس (وتعلق) ہو پس ہم اس رحمت (موعودہ) کا آپ سے سوال کرتے ہیں (یہ حقیقت ہے اس توسل کی) پس کاش مجھ کو کوئی یہ بتلادے کہ اس (معنے) میں کونسی خرابی نقلی یا عقلی ہے البتہ اگر عوام کی (دینی) مصلحت کے لئے اس سے منع کیا جاوے تو ہم بھی ابن تیمیہ کی مخالفت نہ کریں گے۔ لیکن کلام مسئلہ کی تحقیق میں ہے۔

سواس میں حق (اس تحریر کے بعد ایک تحقیق علامہ شوکانی کی جواز توسل کے باب میں نظر سے گزری چونکہ ابن تیمیہؒ کے معتقدین شوکانی کو بھی حجت کہتے ہیں اس لئے اس کو نقل کرنا نافع معلوم ہوا و ھو ھذا (از العدل ۲۹ جون ۲۷ء)

قاضی شوکانی کا بیان

رہی یہ بات کہ انسان اپنے مقصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ کے دربار میں کسی شخص کو بطور وسیلہ پیش کرے تو اس میں شیخ عزالدین عبدالسلام فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی شخص کو اللہ تعالیٰ کے دربار میں بطور وسیلہ پیش کرنا جائز نہیں ہاں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ بنانا جائز ہوگا۔ لیکن بشرطیکہ وہ حدیث صحیح ہو جو توسل بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اثبات میں پیش کی جاتی ہے۔ شاید حدیث توسل بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم سے شیخ عزالدین کی مراد وہ حدیث ہو جو نسائی نے اپنے سنن اور ترمذی نے اپنی صحیح اور ابن ماجہ وغیرہ محدثین نے اپنی اپنی کتابوں میں باسند نقل کی ہے کہ ایک اندھا دربار نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا

کہ یا رسول اللہ میں اندھا ہوگیا ہوں میرے لئے خدا سے دعا کرو کہ میں بینا ہو جاؤں۔ تو آنحضرت نے فرمایا کہ وضو کرو اور دو رکعت نماز ادا کرو۔ پھر یہ دعا پڑھو:

اے اللہ میں تیرے نبی کے طفیل تجھ سے درخواست کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں یا محمد میں اپنی بینائی واپس کرانے میں تجھے (خدا کے دربار میں) سفارشی پیش کرتا ہوں اے اللہ میرے حق میں اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سفارش قبول فرما پھر نبی کریم نے ارشاد فرمایا کہ ازیں بعد بھی اگر تمہیں کبھی کوئی ضرورت پیش آئے تو اسی طرح مجھے وسیلہ بناؤ (اس شخص نے نبی کریم کو وسیلہ بنایا اور آنکھوں کے لئے دعا کی) تو اللہ تعالیٰ نے اس کو بینا کر دیا علماء حدیث مذکورہ بالا حدیث کا مطلب دو طرح بیان کرتے ہیں ایک تو یہ کہ اس حدیث میں توسل کا مطلب وہی ہے جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ اے اللہ جب قحط پڑ جاتا تھا تو ہم تیرے نبی کو تیرے دربار میں وسیلہ پیش کیا کرتے تھے پس تو ہم پر بارش کرتا تھا اور اب ہم اپنے نبی کے چچا کو تیرے دربار میں وسیلہ پیش کرتے ہیں یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث صحیح بخاری وغیرہ کتب میں موجود ہے۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ مطلب ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں بارش کی دعا کے وقت صحابہ کرام آپ کو وسیلہ بنایا کرتے تھے پھر آنحضرت کی رحلت کے بعد آپ کے چچا عباس کو وسیلہ بنایا جاتا تھا تو صحابہ کے توسل بالنبی کا یہ مطلب ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے اس طرح طلب باراں کیا کرتے تھے کہ نبی کریم دعا فرماتے اور صحابہ بھی آپ کے ساتھ دعا کرتے تو اس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کے لئے خدا کے دربار میں وسیلہ ہوتے کہ سفارشی بھی ہوتے اور ان کے لئے دعا بھی فرماتے اور دوسرا مطلب حدیث توسل بالنبی کا یہ ہے (جو قاضی شوکانی کا مذہب ہے) کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حاجات میں وسیلہ بنانا صرف زندگی کی حالت سے مخصوص نہ تھا بلکہ جس طرح زندگی میں آپ کو وسیلہ بنایا جاتا تھا اسی طرح انتقال کے

بعد بھی آپ کو وسیلہ بنانا جائز ہے اور جس طرح آپ کی موجودگی میں آپ سے توسل جائز تھا اسی طرح عدم موجودگی میں بھی جائز ہے یہ بالکل واضح ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی زندگی میں وسیلہ بنانا اور آپ کے انتقال کے بعد دوسرے بزرگوں کو وسیلہ بنانا صحابہ کرام کے اِجماع سکوتی سے ثابت ہے کیونکہ جب حضرت فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس کو وسیلہ بنایا تو کسی صحابی نے بھی اس کے خلاف نہیں کیا، میرے خیال میں جواز توسل کو نبی کریم سے مخصوص کر دینا۔

جیسا کہ عزالدین کو وہم ہوا ہے اس کی کوئی وجہ نہیں اس عدم تخصیص کی دو دلیلیں ہیں پہلی تو وہی صحابہ کا اجماع جس سے ہم مطلع کر چکے ہیں اور دوسری دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دربار میں ارباب فضل اور کمال کو بطور وسیلہ پیش کرنے کا دراصل یہ مطلب ہے کہ ان کے اعمال صالحہ اور کمالات کو وسیلہ بنایا جاتا ہے کیونکہ کوئی شخص وسیلہ بننے کے قابل ہی تب ہوتا ہے جبکہ وہ اعمال صالحہ کرے تو گویا جب کوئی شخص یوں کہے کہ اے اللہ میں فلاں صاحب کمال کو تیرے دربار میں وسیلہ پیش کرتا ہوں تو اس کا وسیلہ بننا بلحاظ کمال کے ہوگا۔ اور نیک عمل کو وسیلہ بنانا حدیث سے ثابت ہے جیسا مسلم و بخاری وغیرہ میں موجود ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تین شخصوں کا قصہ بیان کیا جو غار میں تھے اور غار کے منہ پر پتھر آ گیا تھا ان میں سے ہر ایک نے اپنے بڑے عمل کو وسیلہ بنایا اور پتھر غار سے ہٹ گیا تو اگر اعمال صالحہ سے توسل ناجائز ہوتا یا شرک ہوتا جس طرح عزالدین وغیرہ سخت گیر لوگ کہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان تین آدمیوں کی دعا قبول نہ کرتے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کا قصہ بیان کرنے کے بعد ان کے فعل توسل کو ضرور ناجائز قرار دیتے (قاضی مرحوم توسل کو ثابت کر کے اب منکرین توسل کے دلائل کا جواب دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ جب یہ واضح ہو گیا کہ توسل جائز ہے تو) اب معلوم ہو گیا کہ جو دلائل منکرین توسل پیش کرتے ہیں۔

مثلاً مانعبدهم الا لیقر بونا الی اللہ زلفیٰ) اور فلاتدعوا مع اللہ

احدا اور له دعوة الحق والذين يدعون من دونه لايستجيبون لهم بشیء) ہمارے دعوے جواز توسل بالنبی والصالحین کے لئے مضر نہیں بلکہ اگر ان آیات کو امتناع توسل کے لئے پیش کیا جائے گا تو یوں کہا جائے گا کہ محل نزاع اور امتناع توسل سے یہ دلائل بالکل اجنبی ہیں کیونکہ مشرکوں کے اس قول سے (کہ مانعبدهم الا الخ) صاف یہ واضح ہے کہ مشرک قرب الٰہی حاصل کرنے کے لئے بتوں کی عبادت کیا کرتے تھے جو شخص کسی بزرگ کو وسیلہ بناتا ہے وہ اس کی عبادت نہیں کرتا بلکہ یہ سمجھ کر خدا کے دربار میں اس کی عزت ہے اس کو وسیلہ بناتا ہے۔

اسی طرح یہ آیت (فلاتدعوا مع الله الخ) جواز توسل کے خلاف نہیں کیونکہ اس میں تو صرف یوں کہا گیا ہے کہ خدا کے ساتھ کسی دوسرے کو نہ پکارو اور یوں نہ کہو یا اللہ یا فلاں اور جو کسی بزرگ کو وسیلہ بناتا ہے وہ تو صرف اللہ کو پکارتا ہے ہاں اللہ کے کسی نیک آدمی کو بوجہ کمال وسیلہ بناتا ہے جس طرح ان غار والے تین اشخاص نے اپنے نیک اعمال کو وسیلہ بنایا تھا اور اسی طرح آیت والذين يدعون من دونه الخ جواز توسل کے خلاف نہیں کیونکہ مشرک تو ان کو بلاتے تھے جو ان کی سنتے نہیں تھے۔ اور خدا کو جو ان کی سنتا ہے اس کو نہیں بلاتے لیکن کسی بزرگ کو وسیلہ بنانے والا تو صرف اللہ کو بلاتا ہے۔ کسی دوسرے کو نہیں بلاتا۔

ہمارے کلام سابق سے منکرین توسل کے تمام دلائل کی بھی قلعی کھل جاتی ہے اور یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ ان دلائل کو منع توسل سے دور کا بھی واسطہ نہیں مثلاً ان کا یہ استدلال کہ يوم لاتملك نفس لنفس شيئا والامر يومئذ لله الخ) جواز توسل کے منافی نہیں کیونکہ اس آیت میں صرف یہ بیان ہو رہا ہے کہ قیامت کو سب اختیارات اللہ کو ہوں گے اور کسی دوسرے کو کوئی اختیار نہیں ہوگا۔

لیکن جو شخص کسی بزرگ کو وسیلہ بناتا ہے اس کا تو کبھی یہ عقیدہ نہیں ہوتا کہ یہ بزرگ اختیارات اخروی میں خدا کا شریک ہے جو یہ عقیدہ رکھے کہ غیر اللہ کو امر

آخرت میں کچھ اختیار ہے اس کو تو ہم بھی گمراہ سمجھتے ہیں لیکن متوسل کا یہ عقیدہ ہرگز نہیں ہوتا اسی طرح منکرین توسل کا آیت **لیس لک من الامر شیٌ** وآیہ **قل لا املک لنفسی نفعًا و لا ضرًا** سے استدلال کرنا غلط ہے کیونکہ ان آیتوں میں تو اس کی تصریح ہو رہی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو امر اللہ میں کوئی دخل نہ ہوگا اور یہ کہ نبی کریم جب اپنے نفع نقصان کے مالک نہیں تو دوسرے کے نفع نقصان کے کس طرح مالک ہو سکتے ہیں لیکن کسی نبی یا ولی یا عالم کے توسل کے عدم جواز میں ان آیتوں کو کیا دخل متوسل کا تو یہ عقیدہ نہیں ہوتا کہ غیر اللہ کو امر آخرت یا نفع و نقصان میں کوئی اختیار ہے توسل کا انکار نبی کریم کی شفاعت کا انکار ہے اور شفاعت کا انکار قرآن کا انکار ہے کیونکہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام محمود یعنی مقام شفاعت عظمٰی کے اعزاز سے مشرف فرمایا ہے اور مخلوق کو یہ ہدایت کی ہے کہ آپ کے لئے اللہ تعالیٰ سے اس شرف عظیم کی درخواست کیا کریں اور اللہ تعالیٰ نے نبی کریم کو فرمایا ہے کہ مقام محمود کی درخواست کیا کرو۔ آپ کو دیا جائے گا اور اُمت کی سفارش کرو۔ تمہاری سفارش مقبول ہوگی۔ ہاں شفاعت کا حق اللہ کی اجازت سے ہوگا۔ پھر خاص اس کو جس کو اللہ پسند فرمائیں اسی طرح منکرین توسل کہ نبی کریم کے اس ارشاد کو کہ اے فلاں بن فلاں میں اللہ کی طرف سے تیرے لئے کسی چیز کا مالک نہیں پیش کرتا۔ جواز توسل کے خلاف نہیں کیونکہ اس کا تو صرف یہ مطلب ہے کہ جب کسی کو اللہ نفع یا نقصان پہنچانا چاہے، تو میں اس کے خلاف نہیں ہو سکتا اور یہ بات ہر مسلمان جانتا ہے۔ لیکن یہ کہاں سے ثابت ہوا کہ توسل ناجائز ہے کیونکہ متوسل کا یہ عقیدہ تو نہیں ہوتا کہ وسیلہ امر اللہ میں دخیل ہے بلکہ اس کا تو یہ مطلب ہوتا ہے کہ اختیار کلی صرف اللہ کو ہے اور میں اسی سے درخواست کرتا ہوں۔ ہاں کسی ایسے بزرگ کو جس کے طفیل دعا مقبول ہو سفارشی بناتا ہوں اور وسیلہ پیش کرتا ہوں۔

(ترجمہ در تفسیر مصنفہ قاضی شوکانی)

حاشیۃ الحاشیہ

حاشیہ بالا کے شروع ہی میں جس حدیث کا نسائی وترمذی وابن ماجہ وغیرہم محدثین کے حوالہ سے ذکر ہے میں نے اس کی دعا کو تتمہ قربات معروف بمناجات مقبول میں وارد کیا ہے اور حفاظت عوام کے لئے صیغۂ ندا کو اس سے مختصر کر کے ایک حاشیہ لکھ دیا ہے۔

(اختصرته لان النداء الوارد فيه لادليل على القائه بعد حياته عليه السلام)

اس پر امرتسر سے بطور طعن کے جو کہ ادب اہل علم کے خلاف ہے ایک سوال آیا کہ آپ نے اندھے کی روایت میں۔ یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ترمیم کر دیا ہے شاید قعدہ میں بھی آپ۔ السلام علی النبی کی تلقین کرتے ہوں گے۔ اذکار ماثورہ میں ترمیم وتنسیخ کا اختیار غالباً نہیں ہے۔ اھ

اس کا جواب جو یہاں لکھا گیا (جو بتامہ النور ماہ ربیع الاول ۴۶ھ میں شائع ہوا ہے اور قابل ملاحظہ ہے) اس کا نہایت مختصر ملخص اس مقام پر نقل کرنا اس لئے مناسب سمجھتا ہوں کہ تحقیق بالا سے جس طرح مسئلہ توسل میں افراط کی اصلاح کی گئی ہے کہ توسل کو استغاثہ میں داخل کر کے ناجائز نہ سمجھیں اسی طرح اس جواب سے مسئلہ مذکورہ میں تفریط کا انسداد ہو جاوے کہ استغاثہ کو توسل میں داخل کر کے جائز نہ سمجھ لیں۔

جیسا کہ اس مصلحت کا قابل رعایت ہونا متن رسالہ کے ختم کے قریب عبارت نعم لو منع عنه لمصلحة العوام میں مذکور ہوا ہے وہ ملخص یہ ہے میں تو تشہد میں السلام علی النبی کی تلقین نہیں کرتا مگر بعض اجلہ صحابہ نے یہ بھی کیا ہے رواہ البخاری فی کتاب الاستیذان ان باب الاخذ بالیدین من قول ابن مسعودؓ اور عامہ ائمہ کا ایسا نہ کرنا اس بناء پر ہے کہ یہ خطاب بوجہ اقتران بالسلام کے بواسطہ ملائکہ کے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچا دیا جاتا ہے اس کو اس میں کسی مفسدہ کا احتمال نہیں بخلاف قصہ اعمیٰ

کے وہاں نہ کوئی دلیل بلاغ ہے اور واقعہ میں خود حضور اقدس سامنے تشریف رکھتے تھے اور بعد میں اس وقت کے عوام خوش عقیدہ تھے اس کو حکایت پر محمول کر لیتے تھے بخلاف اس وقت کے اکثر عوام کے کہ فساد عقیدہ ان کا مشاہدہ ہے۔ البتہ اگر کسی عامی کا عقیدہ یقیناً صحیح ہو اس کے لئے اب بھی منقول کا اتباع اولیٰ ہے اھ **تمت الرسالة مع تحقيقاتها وتعليقاتها والحمدلله على مواهبه من العلوم وتدقيقاتها۔**

کتبہ: اشرف علی تھانوی (۵ ربیع الاول ۱۳۳۶ھ)

ہمارے ساتھ ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔ پس اس تحریر کو غنیمت سمجھو جس سے حقیقت توسل کی اور حقیقت شرک کی مکشوف ہوگئی جن میں بہت فضلاء وعقلاء متحیر رہتے ہیں۔

تنبیہ۔ مسئلہ توسل کی ضروری تحقیق مع احادیث رسالہ نشر الطیب کی اڑتیسویں فصل میں بھی قابل ملاحظہ ہے۔ فقط۔

خاتمہ مصعب بن سعد کی حدیث جو بشکل رسالہ مستقلہ ہے ختم ہوئی۔

تجوید القرآن

مع رسالہ

تعلیم الوقف و یادگار حق القرآن

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ، واقف الاسرار الفرقانیۃ،
راس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الاسرار الخفی منھا والجلی اعنی بہ

مولانا محمد اشرف علی التھانوی

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کا یہ رسالہ اصل میں دو رسائل کا مجموعہ ہے۔ تجوید القرآن میں مسائل تجوید کو بچوں کی سہولت اور تفریح طبع کیلئے نظم فرمایا گیا ہے جبکہ یادگار حق القرآن میں قرآن مجید کے آداب اور مسائل تجوید کا بیان ہے۔ یہ رسالہ تجوید القرآن کا اختصار ہے بعض اضافہ جات کے ساتھ۔ اسے تجوید القرآن کا ضمیمہ بنا دیا گیا ہے اور اُسی کے ساتھ طبع ہوا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تجویدُ القرآن مع رسالہ تعلیم الوقف و یادگار حق القرآن

و نیز رسالہ تعلیم الوقف کے اخیر میں ''آداب معلم و متعلم قرآن'' بھی درج ہیں

وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ وَ هُوَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْهِ التُّكْلَانُ

التماس

ارباب علم اور علم دوست حضرات پر یہ اَمر مخفی نہیں۔ کہ اس وقت ہند و پاک میں عموماً تمام اسلامی اور قومی مدارس اور مکتبوں میں فن تجوید کی طرف جو واقعی بہت بڑا اور مہتم بالشان اَمر ہے اور جس کی نسبت وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلاً حکم ہو چکا ہے بڑی بے اعتنائی ہو رہی ہے بزرگانِ قوم اور علمائے اُمت کا اس وقت یہ فرض ہے کہ اس کمی کو پورا کرنے کا مدارس میں بہت جلد انتظام فرماویں۔ مدرسہ صولتیہ مکہ معظمہ میں اس کی تکمیل اور تعلیم کا جو انتظام خصوصیت کے ساتھ کیا گیا ہے گو وہ اب تک اعلیٰ درجہ تک نہیں پہنچا۔ مگر تاہم مجھے اس بات کے دیکھنے سے نہایت خوشی ہوئی ہے کہ مدرسۂ مذکور کے تعلیم یافتہ طالب علموں کی قدر و منزلت ملک میں کما حقہ ہوئی ہے اور ہند و پاک کے اکثر اسلامی مدارس نے اس بات کی خواہش ظاہر کی ہے کہ اس فن کے ماہر اُستادوں کی خدمات ان کو دی جاویں۔ یہ رسالہ جو اس وقت آپ کے ہاتھ میں ہے۔ میرے واجب الاحترام دوست مولانا مولوی محمد اشرف علی صاحب تھانوی نے قیام مکہ معظمہ زادھا اللہ شرفا کے ایام میں مدرسۂ صولتیہ کے طالب علموں کے واسطے نظم فرمایا تھا جو اس وقت سے مدرسۂ مذکور کے نصاب میں داخل ہے عام فہم اور اُردو ہونے کی وجہ سے یہ رسالہ مبتدی طلبہ اور کم عمر بچوں کے لئے نہایت کارآمد اور مفید ہے اور مجھے پوری اُمید ہے کہ شائقین علم اس رسالہ کی قدر کریں گے۔ اور ہند و پاک کے حفاظ سے الزام کو دُور کریں گے:

''کہ ہندی قرآن غلط پڑھتے ہیں''۔ (محمد سعید کیرانوی مہتمم مدرسۂ صولتیہ مکہ معظمہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رسالہ تعلیم الوقف

قاعدہ: جاننا چاہئے کہ وقف نہیں ہوتا مگر سکون پر برابر ہے کہ سکون اصلی ہو جس طرح مِنْكُمْ عَنْكُمْ یا بسبب وقف کیا جاوے جس طرح يَعْلَمُوْنَ یہی سمجھا جاتا ہے معنیٰ وقف کے قرّاء کے نزدیک یہ ہیں قَطْعُ الصَّوْتِ مَعَ النَّفَسِ وَاِسْكَانُ الْمُتَحَرِّكِ اِنْ كَانَ مُتَحَرِّكًا یعنی قطع آواز کا اور نفس کا اور ساکن کرنا حرف کا اگر متحرک ہو۔ وقف کرنا تین طرح پر جائز ہے ایک سکون محض اور یہی اصل اور حق ہے جیسے فرمایا امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے ؂

وَالْاِسْكَانُ اَصْلُ الْوَقْفِ وَهُوَ اشْتِقَاقُهٗ مِنَ الْوَقْفِ عَنْ تَحْرِيْكِ حَرْفٍ تَعَزَّلَا

دوسرا روم کہ کسرہ اور ضمہ میں جائز ہے معنے روم کے یہ ہیں کہ ادا کرنا تیسرا حصہ حرکت کا جو کان رکھتا ہے۔ سنتا ہے۔ اور سمجھتا ہے بخلاف بہرے کے تیسرا اشمام کہ فقط ضمہ اور رفع میں جائز ہے۔ معنیٰ اشمام کے یہ ہیں کہ اشارہ کرنا طرف ضمہ کے ہونٹوں سے۔ بغیر ملائے ہونٹوں کے بغیر صَوْت کے بغیر سکون کے (یعنی فوراً بلا تاخیر کے۔ ۱۲ ط) جو دیکھتا ہے سمجھتا ہے بخلاف نابینا کے۔ پھر حرف موقوف علیہ جو ساکن کیا گیا ہے۔ بسبب وقف کے، سکون اس کا ضمہ سے ہوگا۔ یا رفع سے یا فتح سے یا نصب سے یا کسرہ سے یا جر سے اور حرف موقوف علیہ خود یا تو حرف صحیح ہوگا یا حرف علت مشدد ہوگا یا مخفف مُنَوَّنْ ہوگا یا غیر مُنَوَّنْ۔ اگر تنوین بالفتح ہوگی۔ تو حالتِ وقف میں الف ہو جاوے گی اور حرف موقوف علیہ الف کیا جاوے گا۔ پھر حرف موقوف علیہ اگر حرف صحیح ہو۔ تو اس کی کئی صورتیں ہیں یا تو ہمزہ ہوگا یا تا تانیث کی۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ تاء تانیث کی کبھی مربوط یعنی گول مرسوم ہوتی ہے اور کہیں دراز جو گول لکھی جاتی ہے وہ حالتِ وقف میں ہاء ہو جاتی ہے اور روم اور اشمام

اُس میں جائز نہیں اور ایسا ہی حرکتِ عارضی میں جیسے وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ. مَنْ يَّشَاءِ اللّٰهُ یا ہاءِ ضمیر مذکر کی ہوگی یا غیر اس کا فائدہ جاننا چاہئے کہ ہائے ضمیر مذکر میں دو قول ہیں بعضے کہتے ہیں کہ جب ہائے ضمیر مذکر کے ماقبل ضمہ ہو یا کسرہ یا ماقبل اس کے واؤ یا یائے مدہ ہو جس طرح يَعْلَمُهٗ بِمُزَحْزِحِهٖ عَقَلُوْهُ. وَفِيْهِ ۔ تو ان صورتوں میں روم واشمام نہیں کیا جاوے گا۔ اور بعضوں کا قول ہے کہ ہر حالت میں کیا جاوے گا۔

اور یہی وجہ مروّج ہے اور ماقابل حرف موقوف علیہ کے یا تو حرف متحرک ہوگا یا ساکن پھر یا تو حرف صحیح ہوگا۔ یا غیر صحیح پھر غیر صحیح بھی حرف مدہ ہوگا۔ یا حرفِ لین پس وقف کرنا ان مذکورہ صورتوں میں کئی وجہوں کے ساتھ جائز ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ حرفِ موقوف علیہ اگر حرفِ علت متحرک مخفف ہو اور ماقبل حرکت موافق ہو تو وقف کیا جاوے گا۔ مد طبعی کے ساتھ۔ جس طرح اُوْحِيَ تَتْلُوْ نَسِيَ وَلِيِّ ئِے رَضِيَ اور اگر حرفِ موقوف علیہ مشدد ہو خواہ حرف علت ہو یا حرفِ صحیح تشدید پر وقف کیا جاوے گا تشدید میں کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا پس اگر مفتوح ہے تو سکون محض ہوگا جس طرح تَبَّ فَاَتَمَّهُنَّ اِلَیَّ صَوَآفَّ اور اگر مکسور ہو تو روم بھی ہوگا جس طرح لُجِّيٍّ، بِالْمَنِّ اور اگر مضموم ہو تو اشمام بھی ہوگا جس طرح دُرِّيٌّ مُسْتَمِرٌّ مُسْتَقَرٌّ جَآنٌّ۔

فائدہ:۔ جاننا چاہئے کہ تنوین حالتِ روم میں بھی حذف کی جاتی ہے۔

اور ماقبل حرف صحیح ساکن ہو تو اس میں سکون محض ہوگا جس طرح وَقَالَ الَّذِيْ اشْتَرٰهُ مِنْ مِّصْرَ اگر مکسور ہو تو روم بھی ہوگا جس طرح وَالْفَجْرِ : بِالْوَحْيِ اور اگر مضموم ہو تو اشمام بھی ہوگا جیسے قَبْلُ بَعْدُ فَاَهْلَكْتُهُ پھر اگر حرف موقوف علیہ کوئی حرف ہو سوائے ہمزہ کے اور ماقبل اُس کے حرف مدّہ ہو جس طرح يَعْلَمُوْنَ. وَالصَّلٰوةَ. وَاِيَّایَ۔ پس اگر مفتوح ہے تو اس میں تین وجہیں ہوں گی۔ سکون محض کے ساتھ طول چھ (۶) حرکت کا۔ اور توسط چار (۴) حرکت کا۔ اور قصر دو (۲) حرکت کا مدودِ ثلاثہ (۳) ان ہی کو کہتے ہیں۔ اور اگر مکسور ہو جس طرح الرَّحِيْمِ. الصَّلٰوةِ.

فَازْهُوْنِ . مُسْلِمَاتِ تو اس میں چار وجہیں ہوں گی۔
(۱ تا ۳) مدودِ ثلاثہ مع السکون المحض اور ۴ روم قصر کے ساتھ۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ روم حکم میں وصل کے ہے اسی واسطے مدّ اصلی کے ساتھ ہوتا ہے اور اگر مضموم ہو جس طرح نَسْتَعِيْنُ عَقَلُوْهُ تو اس میں سات (۷) وجہیں ہوں گی۔؟ (۱ تا ۳) مدودِ ثلاثہ مع السکون الخالص ۴ تا ۶ اور مدودِ ثلاثہ مع الاشمام اور ۷ روم قصر کے ساتھ۔ اور اگر حرف موقوف علیہ کوئی حرف ہو ہمزہ یا غیر ہمزہ اور ماقبل اس کے حرف لین ہو جس طرح خَوْفٌ بَيْتٌ عَلَيْهِ .شَيْءٌ تو اس کا بھی یہی حکم ہے مگر قصر مقدم ہوگا یوں کہا جاوے گا قصر توسط طول اور اگر حرف موقوف علیہ ہمزۂ مفتوح ہو اور ماقبل حرف مدہ جس طرح جَآءَ شَآءَ تو اس میں تین وجہیں ہوں گی۔ مد چار حرکت کا۔ توسط پانچ حرکت کا۔ طول چھ حرکت کا اور اگر مکسور ہو جس طرح مِنَ السَّمَآءِ تو اس میں پانچ وجہیں ہوں گی (۱ تا ۳) مدودِ ثلاثہ مع السکون الخالص (۴، ۵) اور روم مد اور توسط کے ساتھ اور اگر مضموم ہو تو اس میں آٹھ وجہیں ہیں۔
(۱ تا ۳) مدودِ ثلاثہ مع السکون الخالص ۴ تا ۶ اور اشمام مدودِ ثلاثہ کے ساتھ اور (۷، ۸) روم مد اور توسط کے ساتھ۔ فائدہ۔ جاننا چاہئے کہ حفص رحمہ اللہ سات کلموں پر وقف کرتے ہیں الف کے ساتھ اور وصل میں بدون الف کے ایک اَنَا دوسرا لٰكِنَّا تیسرا الظُّنُوْنَا چوتھا اَلرَّسُوْلَا۔ پانچواں السَّبِيْلَا۔ چھٹا قَوَارِيْرَا اوّل ساتواں سَلٰسِلَا اور ساتویں کلمہ پر بغیر الف کے بھی وقف کرنا درست ہے۔

فائدہ: سات کلموں کے آخر میں ہائے سکتہ بھی وصل میں اور وقف میں ساکن رہتی ہے ایک لَمْ يَتَسَنَّهْ دوسرا فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ تیسرا كِتٰبِيَهْ۔ چوتھا حِسَابِيَهْ۔ پانچواں مَالِيَهْ ۔ چھٹا سُلْطٰنِيَهْ۔ ساتواں وَمَآ اَدْرٰكَ مَا هِيَهْ۔ فائدہ۔ جاننا چاہئے کہ لفظ یَآيُّهَا کا تمام قرآن شریف میں الف کے ساتھ مرسوم ہے اور وقف بھی الف کے ساتھ کیا جاوے گا مگر تین جگہ پر ایک سورۂ نور میں اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۔

دوسرا سورۂ زخرف میں یٰاَیُّہَ السّٰحِرُ تیسرا سورۂ رحمٰن میں اَیُّہَ الثَّقَلٰنِ تو وقف بھی بغیر الف کیا جاوے گا فائدہ جاننا چاہیے کہ ہائے ضمیر مذکر کی کبھی مکسور پڑھی جاتی ہے اور کہیں پر مضموم مکسور اُس وقت پڑھی جاتی ہے جبکہ ماقبل ہائے ضمیر کے کسرہ ہو۔ یا یائے ساکنہ ہو جس طرح بِہٖ فِیْہِ. عَلَیْہِ مگر دو جگہ ایک سورۂ کہف میں اَنْسٰنِیْہُ اور دوسرے سورۂ فتح میں عَلَیْہُ اللّٰہَ اور باقی صورتوں میں مضموم پڑھی جاتی ہے صِلہ کے ساتھ جس طرح رَبُّہٗ مگر ایک جگہ سورۂ زمر میں یَرْضَہُ اور اگر ساکن ہو تو صلہ نہیں کرتے مگر ایک جگہ سورۂ فرقان میں یعنی فِیْہٖ مُھَانًا۔ فائدہ۔ حفص رحمہ اللہ کہیں امالہ نہیں کرتے مگر ایک جگہ لفظ مَجْرٖھَا پر کہ سورۂ ھود میں ہے اور تسہیل بھی نہیں کرتے مگر ایک جگہ لفظ ءَ اَعْجَمِیٌّ پر جو سورۂ فصلت میں ہے۔ فائدہ: جاننا چاہیے کہ چھ کلموں میں ابدال اور تسہیل دونوں جائز ہیں مگر ابدال افضل اور مختار ہے وہ چھ کلمے یہ ہیں آٰلذّٰکَرَیْنِ دو (۲) جگہ، سورۃ انعام میں آٰلْئٰنَ دو جگہ، سورۂ یونس میں آٰللّٰہُ دو (۲) جگہ ایک جگہ سورۂ یونس میں دوسرا سورۂ نمل میں۔

فائدہ: جاننا چاہیے کہ لَا تَاْمَنَّا جو سورۂ یوسف میں ہے اُس میں نہ کوئی اظہارِ محض پڑھتا ہے۔ یعنی لَا تَاْمَنُنَا۔ اور نہ کوئی ادغام محض پڑھتا ہے یعنی صرف دو (۲) وجہ جائز ہیں۔ (۱) ادغام مع الاشمام اور (۲) روم۔ فقط۔ تَمَّتْ

آدابِ معلّم و متعلّم آداب معلّم کے یہ ہیں

(۱) مسلمان ہو۔ (۲) عاقل ہو۔ (۳) بالغ ہو۔ (۴) دین دار ہو۔

(۵) یا خوب ہو۔ (۶) فسق و بد نیتی سے منزّہ ہو۔ (۷) جس طرح اُستاد سے پڑھا ہے اسی طرح پڑھاوے۔ (۸) نیت خالص رکھے کوئی دنیوی غرض یا شہرت یا وجاہت یا مال مقصود نہ ہو۔ (۹) اگر کوئی خدمت کرے بہ نیت اعانت لیوے اُجرت کا قصد نہ ہو۔ (۱۰) خوش خلق ہو۔ (۱۱) دنیا کی طمع نہ رکھے۔ (۱۲) سخی و حلیم ہو۔

(۱۳) کشادہ رو ہو۔ (۱۴) سکون و وقار و تواضع اختیار کرے۔

(۱۵) حیثیت لباس وغیرہ درست رکھے۔ (۱۶) ممنوع لباس نہ پہنے۔
(۱۷) ہیئت تکبر سے نہ بیٹھے۔ (۱۸) حتی الامکان قبلہ رُو بیٹھے۔ (۱۹) باوضو ہو۔
(۲۰) خوشبو لگائے اگر ممکن ہو۔ (۲۱) داڑھی یا کپڑے وغیرہ سے نہ کھیلے۔
(۲۲) جب متعلم بھولے تو آہستہ سے اس کو ٹوکے اگر خود نکال لے فبہا ورنہ آہستہ سے بتلاوے۔ (۲۳) ریا۔ حسد۔ کینہ غیبت دوسرے کی تحقیر اور عجب سے بچے۔
(۲۴) کشادہ مکان میں بیٹھے تاکہ طالبین فراغت سے بیٹھ سکیں۔
(۲۵) شاگردوں کی علیٰ قدر مراتب خاطر داشت کرے۔
(۲۶) اگر حاجت ہو۔ راہ میں بھی پڑھاوے۔

آداب متعلم کے یہ ہیں

(۱) نیت خالص رکھے۔ (۲) علائق وموانع کو حتی الامکان کم کردے۔
(۳) وقت کو غنیمت سمجھے۔ (۴) دوسرے وقت پر نہ ٹالے۔
(۵) سیکھنے پر عار نہ کرے۔ (۶) شیخ کامل کو تلاش کرے۔
(۷) جب اُس کے پاس جاوے تو کپڑے صاف ہوں۔
(۸) ادب سے پیش آوے۔ (۹) نگاہِ حرمت سے اس پر نظر کرے۔
(۱۰) جو بتلادے اُس کو توجہ سے سُنے اور یاد رکھے۔
(۱۱) اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آوے اپنا قصور سمجھے۔
(۱۲) اس کے رُوبرو کسی اور کا قول مخالف ذکر نہ کرے۔
(۱۳) اگر کوئی اس کے استاد کو بُرا کہے۔ حتی الوسع اس کا دفعیہ کرے ورنہ وہاں سے اُٹھ کھڑا ہو۔ (۱۴) جب حلقے کے قریب پہنچے سب حاضرین کو سلام کرے پھر شیخ کو خصوصاً سلام کرے۔ (۱۵) لوگوں کو پھاندتا ہوا نہ جاوے جہاں جگہ مل جاوے بیٹھ جاوے لیکن اگر شیخ کا اذن ہو۔ تو مضائقہ نہیں۔
(۱۶) کسی کو اُٹھا کر اس کی جگہ نہ بیٹھے۔

(۱۷) دو شخصوں کے درمیان میں بدوں ان کے اذن کے نہ بیٹھے۔

(۱۸) بیٹھنے میں جگہ تنگ نہ کرے۔ (۱۹) اپنے رفقاء سے نرمی برتے۔

(۲۰) غل نہ مچاوے۔ (۲۱) بے ضرورت نہ ہنسے۔ (۲۲) بہت باتیں نہ کرے۔

(۲۳) اِدھر اُدھر نہ دیکھے۔ بلکہ شیخ کی طرف متوجہ رہے۔

(۲۴) شیخ کی بدخلقی کی سہار کرے۔

(۲۵) اس کی تندخوئی سے اس کے پاس جانا نہ چھوڑے نہ اس کے کمال سے بداعتقاد ہو۔ بلکہ اس کے افعال واقوال کی تاویل کرے۔

(۲۶) جب شیخ کسی کام میں لگا ہو۔ یا ملول ومغموم یا بھوکا پیاسا ہو یا اُونگھتا ہو یا اور کوئی عذر ہو جس سے تعلیم شاق ہو یا حضورِ قلب سے نہ ہو ایسے وقت میں نہ پڑھے۔

(۲۷) جب پڑھنے کا اِرادہ ہو۔ تو اوّل مسواک کرے۔

(۲۸) اگر پڑھنے میں اُستاد یا کوئی دوسرا بزرگ آوے۔ قراءت قطع کرکے تعظیم کے لئے کھڑا ہونا جائز ہے۔

(تمت...... رسالہ تعلیم الوقف تمام ہوا۔)

رسالہ تجویدُ القرآن (نظم)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حمد کے لائق ہے اوّل ذوالجلال ملک جس کا ہیگا دائم بے زوال
نعت کے قابل ہیں پھر خیر البشر خُلُق ہے قرآن جن کا سربسر
ہوں خدا کے سو(۱۰۰) درود اور سو سلام ان پہ اور آل و صحابہ پر تمام
سُن تو مجھ سے چند حرف قاریاں اپنے پڑھنے کے لئے اے خوش بیاں
کیونکہ واجب تر ہوا علمِ ادا نام ہے تجوید جس کا اے فتا
وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا سُو اس وجوبی اَمر سے غافل نہ ہو
جو کہ بے تجوید پڑھتا ہے غبی رُبَّ ① تَالٍ اس کو کہتے ہیں نبیؐ
کیا ہے وہ تجوید اور علم ادا؟ حق ادا کرنا ہے ہر یک حرف کا
یعنی مخرج اور صفت کا ہو خیال تیسرے زینت ہے اے نیکو خصال
یعنی پڑھنا بے تکلّف ہو تمام لہجۂ مصری ہوا ہے جس کا نام
اس کے عامل کی ہے ورزش ② گہ دہاں اس کا تارک ہے گنہگارِ جہاں
مختصر احکام ہائے چند کو تجھ سے کہتا ہوں کہ لے تو پند کو
کیونکہ پندِ دوستاں میں ہے صفا ③ دِیْنُ نُصْحٌ ہے گا قول مصطفےٰ
ہے خدا سے اَجر کی اُمید و بس ساتھ ہی اس کے قبولِ جملہ کس
اے خدا سب کا مُعین ہو فضل سے جس نے لکھی جو کوئی دیکھے پڑھے

① پوری حدیث یہ ہے رُبَّ تَالٍ لِلْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ یَلْعَنُہٗ یعنی بعض لوگ قرآن پڑھتے ہیں اور قرآن اُن پر لعنت کرتا ہے مراد اس سے جو غلط پڑھے یا عمل نہ کرے یا اپنی رائے سے تحریف کرے۔ (۱۲)

② وہ جگہ جہاں ریاضت و محنت کی جائے۔ ③ معنی حدیث یعنی دین خیر خواہی ہے ۱۲ منہ

پہلا باب مخارج حروف میں

اَوّلاً سن تو مخارج جہائے حرف   سترہ (۱۷) سب ہیں تو کن اے نیک ظرف
واو الف اور یا کا ہے جوفِ دہان ❶   نام ان کا حرفِ مد ہے اے جوان
منتہائے حلق ہے ہمزہ و ہا   وسط میں دو حرفِ مہمل عین و حا
غین و خائے معجمہ ادنائے حلق   حلق ❷ میں ہیں تین مخرج نزدِ خلق
قاف کا مخرج ہے اقصائے زبان   کاف اُس سے اسفل اس کو خوب جان
جیم و شین و یا یہ حرف اے مقتدا   ہوتے ہیں وسطِ زباں سے بس ادا
ضاد کا مخرج ہوا حافۂ لسان   جبکہ ہو اضراس (داڑھ) سے وہ ہمعنان
خواہ ایمن سے ہو یا ہو از یسار   لیک ایسر سے تو آساں کر شمار
ضاد سے ہے لام ادنیٰ کی طرف   اُس سے نیچے نون اے صاحب شرف
راہے اس کے پاس سے بے گفتگو   لیک ہے پشتِ زبان کی طرف کو
اور زبان کی طرف سے تا طا و دال   اور ثنایا ہائے علوی سے نکال
فوق سے سفلی ثنایا کے زبان   صاد و زاء و سین میں کر اقتران
طرف علیا کو زبان کی طرف سے   گر ملادیں نکلیں ذال و ظا و ثے
باطنِ لب سے ادا کر حرفِ فا   اور ثنایا کی طرف سے دے ملا
باؤ واو و میم دو لب سے نکال   غنہ کا خیشوم مخرج رکھ خیال

❶ (یعنی درصورت سکون ومدیت ۱۲ منہ) ❷ (اصل میں تغیر کیا ہے۔۱۲۔ط)

دوسرا باب صفاتِ حروف کے بیان میں

جہر و رخو و مستفل اے نیک ذات   منفتح و مصمت ہیں حرفوں کی صفات
اب سمجھ لے ان کے تو اضداد کو   کیونکہ شے اضداد سے معلوم ہو

کہہ فَحَثَّهٗ بعدهٗ شَخصٌ سَکَتْ ❶ — دس حروفِ ہمس ہیں اے خوش صفت
ہے اَجِدُ قَطِ اور بَکَتْ ❷ حرفِ شدید — لِنْ عُمَرْ ❸ نے رخو ہیں اور نے شدید
خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ ❹ بہ نزد قاریاں — سبع علوی نام ان کا ہے عیاں
مطبقہ ہے صاد و ضاد و طا و ظا — فَرَّمِنْ لُبّ ❺ مذلقہ ہے قاریا
صاد و سین و زای ہیں حرفِ صفیر — قَطِ بَجَدْ ❻ کو قلقلہ کہہ اے خبیر
واوَ و یائی ساکنہ ہیں حرفِ لین — قبل اس کے فتح ہو گر اے امین
لام و را کے واسطے ہے انحراف — رای میں تکریر بھی ہے بے خلاف
شین معجم میں تفشی ہے تو جان — ضاد میں ہے استطالت اس کو مان
معتبر جب ہے کہ ساری کیفیت — قاریوں کے مُنہ سے سُن لے اور صفت
اور رسالوں اور کتابوں سے کہیں — ہوتا ہے حاصل یہ فن اے مرد دیں
ضبط کے ہیں واسطے یہ سب متون — سیکھ لے اس فن کو از اہلِ فنون
لہجۂ اہلِ عرب میں پڑھ قرآں — ہے یہی ارشاد ختمِ مرسلاں
اعجمیت کا بہانہ جو کرے — جاہل اس کو بالیقیں تو جان لے
بعد کوشش کے نہ ہووے گر حصول — عذر اس کا شرع میں جب ہے قبول
ورنہ ❼ اہلِ فقہ نے لکھا صریح — جب تلک قرآن نہ سیکھے گا صحیح
ہوں نمازیں اس کی سب برباد و خام — ہاں مگر جب یاس ہو جاوے تمام
پھر خدا سے مانگ توفیقِ رفیق — مثل اُس کے جو چلے راہِ عمیق

❶ (ف ح ث ہ ش خ ص س ک ت۔۱۲ منہ)
❷ (ء ج د ق ط ب ک ت۔۱۲ منہ) ❸ (ل ن ع م ر۔۱۲ منہ)
❹ (خ ص ض غ ط ق ظ۔۱۲۔منہ) ❺ (ف ر م ن ل ب ۱۲ منہ۔)
❻ (ق ط ب ج د۔۱۲ منہ) ❼ یہ دو شعر اصل سے زائد ہیں۔

تیسرا باب بیان میں احکامِ نون ساکن وتنوین کے اوراس میں پانچ فصل ہیں

فصلِ اَوّل اظہار میں

حکم نون ساکن و تنوین کے چار ہیں اظہار ① حلقی ایک ہے
جب یہ ہوویں پہلے حرفِ حلق سے اب حروف حلق سن اے نیک پے
ہمزہ ہاؤ عین و حائے مہملہ غین و خا اب سُن تو مجھ سے امثلہ
جیسے یَنْئَوْنَ وَیَنْعِقُ مِنْهُمَا اور وَانْحَرْ اور مِنْ غَمٍّ ہوا
مِنْ خَبِیْرٍ خا کی تم سمجھو مثال امثلہ تنوین کے کر لو خیال

① آگے ایک اظہار شفوی آتا ہے ۱۲ منہ۔

دوسری فصل ادغام میں

دوسرا ادغام ہے چھ حرف میں یَرْمَلُوْنَ ① سے کر حساب اے نورِعین
لیک اس کی ہیں دو قسمیں اے پسر ایک باغنہ ہے یَنْمُوْ ② یاد رکھ
مَنْ یَّقُوْلُ اَنْ نَّمُنَّ مِمَّنْ مَّنَعُ مِنْ وَّلِیٍّ مِنْ وَّرَا کر مجتمع
لیک دو کلمے میں ہونا شرط جان ایک کلمہ ہو تو پس اظہار مان
جیسے دُنْیَا اور قِنْوَانٌ سنو اس کا نام اظہار مطلق تم کہو
لام و رابے غنہ ہے قسمِ دگر مِنْ لَّدُنْ مِنْ رَّبِّهِمْ کو یاد کر

① (ی رم ل و ن۔ ۱۲ منہ) ② (ی ن م و ۱۲ منہ)

تیسری فصل اقلاب میں

باجو آوے بعد نون تنوین کے جیسے اَنْبِئْهُمْ تو بدلو میم سے

چوتھی فصل اخفاء میں

پندرہ حرفوں میں تم اخفا کرو　　مجھ سے سُن لو ان کی تم تفصیل کو
ضا دو ثاؤ ذال وجیم وشین و قاف　　سین و فاؤ طای مہمل دال و کاف
ظا ؤ صاد و تاو زا ہیں پندرا　　اس کو اخفائے حقیقی ❶ ہے لکھا

❶ آگے ایک اخفائے شفوی آتا ہے۔۱۲منہ

پانچویں فصل حروف غنہ میں

غنہ کر جب ہو مشدد میم ونون　　حرف غنہ ہیں یہ نزد ذوفنون

چوتھا باب بیان احکام میم ساکن وغیرہ میں اوراس میں دو فصل ہیں

فصل اوّل اَحکامِ میم میں

میم ❶ ☆ سب حرفوں سے پہلے آئی ہے　　ہے الف ❷ خارج مگر اس حکم سے
تین حکم اُس کے ہیں اخفاء اوّلین　　اور دو ادغام و اظہار اے امین
حکم اخفا ہے جہاں آتی ہے با　　یَعْتَصِمْ بِاللہ مثال اے دلربا
اس کا بس اخفائے شفوی نام ہے　　اور جو پیچھے میم ہوا دغام ہے
ہے مگر شرط اس کی ادغامِ ❸ صغیر　　جیسے مِنْهُمْ مَّنْ مثال اے دل پذیر
دوسرے حرفوں کے ساتھ اظہار کر　　کہہ اسے اظہار شفوی اے پسر
واو ❹ فا میں کچھ نہیں ہے اعتبار　　اتحاد و قرب کا اے ہوشیار

❶ (یعنی میم ساکن ۱۲منہ) ❷ (کیونکہ اجتماعِ ساکنین محال ہے۔۱۲منہ)
❸ (یعنی جس جگہ میم اوّل ساکن ہو)
❹ (یعنی واو فا میں اگرچہ میم سے مخرج میں قرب واتحاد ہے مگر ادغام نہیں ہوتا۔۱۲منہ)

دُوسری فصل لام اَلْ یعنی لام تعریفی اور لام فعل میں

لامِ اَلْ کی ہیں دو حالت قبل حرف اَوّلاً اظہار اے مردِ شرف ❶
چودہ حرفوں سے ملے جب بے سخن وَابْغِ ❷ حَجَّکَ خَفْ عَقِیمَہٗ رحمٰن
دوسرے چودہ میں تو ادغام کر رمز سے اب یاد ان کے نام کر
طِبْ ❸ ثِقْ ❹ ضِفْ ذَانِعَمْ صُمْ ثُمَّ رُمْ زُرْشَرِیْفًا سُوْءَ ظَنٍّ دَعْ لَهُمْ
لام اول کا ہوا قمریہ نام دوسرے کا ہے لقب شمسی مدام
لامِ فعلی مطلقاً اظہار کر اور قُلْنَا قُلْ نَعَمْ پر کر نظر

❶ (اس مجموعہ میں سے ہر لفظ کا ابتدائی حرف لے لیا ہے معنی اس شعر کے یہ ہیں خوش رہ مراد کو پہنچے گا تو مہمان ہو صاحب نعمت کا روزہ رکھ پھر قصد کر زیارت کر شریف کی بدگمانی کو چھوڑ ان کے لئے ۱۲۔ منہ) ❷ (وء ب غ ح ج ک ح ف ع ق ی م ہ ۔۱۲ منہ)
❸ (ط ث ض ذ ن ص ث ر ز ش س ظ د ل ۔۱۲ منہ) ❹ (نیک .... بزرگ ۱۲۔ ط)

پانچواں باب اقسام مَد میں اور اس میں چار فصل ہیں

فصلِ اَوّل مدّ اصلی وفرعی میں

مدّ ہیں دو قسم ایک کا اصلی ہے نام دوسرا ہے اس کا فرعی لا کلام
گر نہ ہو موقوف بروجہِ سبب اس کا اصلی اور طبیعی ہے لقب
یعنی ❶ اُس کے بعد میں ہمزہ نہ ہو اور نہ ہو ساکن بھی اے مردِ نکو
اور جو ہمزہ بعد میں ہو یا سکون ہیں یہی اسباب جیسے قَآئِمُوْنَ
اور سکون جیسے کہ لام و میم و کاف فرعی اس کا نام ہے بے اختلاف
حرفِ مدّ ہیں تین واو و یا الف جب نہ ہووے قبل حرکت مختلف

❶ (یہ تفصیل ہے اسباب کی ۱۲ منہ)

دوسری فصل بیان میں احکام مدِ متصل و منفصل وبدل ولازم کے

تین ہیں احکامِ مد اے ذی علوم — یعنی واجب اور جائز اور لزوم
ہے وہ واجب جس میں بعدِ حرف مد — ایک کلمے میں ہو ہمزہ اے سند
جیسے جَاءَ تَ نام اس کا متصل — دوسرا جائز کہ ہے وہ منفصل
یعنی حرفِ مد یک کلمے میں ہو — دوسرے میں ہمزہ جیسے مَآ اٰتَوْا
بعض کے نزدیک اس میں قصر ہے — نام جائز ہوگیا اس واسطے
وقف میں مد پر جو عارض ہو سکون — قصر ① و مد پر ہے توسط واں فزوں
ہو جو ہمزہ سے مؤخر حرفِ مد — نام اُس کا ہے بدل اے معتمد
بعد مد کے ہو سکون اصلی اگر — ہے وہ لازم اور اُس میں طول کر

① (یعنی تین وجہ جائز ہیں قصر، توسط، طول۔۱۲ منہ)

تیسری فصل بیان اقسام مدّ لازم میں

مدّ لازم کی ہیں اوّل قسم دو (۲) — ایک کلمی دُوسرا حرفی سُنو
پھر ہر اِک میں ہے مخفف اور ثقیل — چار قسمیں کُل ہوئیں بے قال و قیل
حرفِ مد کے بعد گر ساکن پڑا — ایک کلمہ میں تو وہ کلمی ہوا
وسط میں ہو گر ثلاثی حرف کے — حرفِ مدّہ اس کو حرفی جان لے
ہو اگر ادغام ہیں دونوں ثقیل — ورنہ ہیں دونوں مخفف اے جلیل
کرلے چاروں کی مثالیں دل سے یاد — دَآبَّۃ اور آٰلْئٰنَ لَآمْ وَصَآد
لازمِ حرفی ہے آیا آٹھ جا — اس کا موقع ہے سُوَر کی ابتداء
ان کا مجموعہ ہے کَمْ عَسَلٍ نَّقَصْ ② — عین ③ کی دو وجہ میں ہے طول اخص
ما سوا حرفِ ثلاثی جز اَلف — مد طبیعی اس میں ہے بے مختلف

اس کی جا بھی ہے سُور کی ابتدا حَیٌّ طَاہِرٌ۝ اس کا مجموعہ ہوا
مختصر مذکور چودہ(۱۴) حرف کا نُصُحُ طُرُقِیْ مِسْکُہٗ غَالٍ۝ ہوا

❷ (ک م ع س ل ن ق ص ۱۲ منہ) ❸ (یعنی بعض کے نزدیک اس میں طول ہے اور بعض کے نزدیک توسط مگر طول مختار ہے۔۱۲ منہ۔)
❹ (ح ی ط ا ہ ر) ❺ (ن ص ح ط ر ق ی م س ک ہ ع ا ل۔۱۲ منہ)

چوتھی فصل مقدار مدّات میں

متصل اور منفصل ہے اے اخی قدر حرکت چار کی یا پانچ کی
متصل میں وقف گر اُس پر کیا چھ برابر طول بھی جائز ہوا
وقف گر عارض طبیعی پر ہوا تین مدّیں اس میں ہیں بے شک روا
یا طبیعی دو(۲) برابر اے اخی یا توسط ہو برابر چار(۴) کی
یا برابر چھ(۶) کے پڑھ اس کو طویل یاد ان وجھوں کو کر بے قال و قیل
مدّ لازم چھ سے کم ہوتا نہیں حکم مدّوں ❶ کے ہوئے ختم اے امین
گر اَلف سے تو کیا چاہے شمار کرلے دوحرکت کو اک اے مرد کار

❶ (اس مصرع کا مضمون اصل سے متغیر کیا گیا۔۱۲ منہ)۔

چھٹا باب بیان میں ترقیق وتفخیم حرفوں کے

حرف ہائے ❶ مستفل اے مقتدا ہیں مرقق اور اَلف وقتِ ادا
پہلے ❷ اس سے ہو جو حرف مستفل ورنہ کر تفخیم اے آئینہ دِل
ہمزۂ اَلْحَمْدُ وَاَعُوْذُ اِھْدِنَا ہمزہ اَللّٰہُ اور لامِ لَنَا
لامِ یَتَلَطَّفُ وَلَا الضَّآلِّیْنَ کو لامِ لِلّٰہِ کو مرقق تم پڑھو
مَخْمَصَۃُ مَرْیَمَ مَرَضٌ کی میم کو کر ادا ترقیق سے اے نیک خو

بَابِہِمْ اور بَرْقٌ اور بَاطِلٌم بِلذِیْ ہے مرقق مثل ذال الَّذِیْ
جیم و با کی جہر و شدت میں ہے اجر درمیان حُبّ و صَبْر و حَجّ و فَجْر
کر سکوں کے وقت ظاہر قلقلہ خوب ظاہر وقف میں ہاولولہ
خَصْحَصَ الْحَقُّ وَاَحَطتُّ اور خَصَاصٌ کر مرقق سب کی حا اے با مراد
سین یَسْقُوْ سین یَسْطُوْ مُسْتَقِیْم مثل سابق کر مرقق اے سلیم
لام اور را میں کبھی تفخیم ہے اور کبھی ترقیق ہے اے نیک پے
راجو ہو مکسور جیسے سَارِعُوْا یا ہو ساکن بعد کسر اے نیک خو

① (چونکہ اکثر قراء ان کلمات میں بے احتیاطی سے غلطی کرتے ہیں اس لئے تنبیہ کی گئی۔۱۲ منہ) ② (اس شعر کا مضمون اصل سے زائد ہے۔۱۲)

جیسے فِرْعَوْنَ مِرْفَقًا ترقیق کر حرف علوی بعد اس کے ہو نہ گر
ورنہ پھر تفخیم کر اُس جا پہ تو جیسے قِرْطَاسٍ اور مِرْصَادُ اے عمو ①
عارضی کسرہ اگر ہو قبل را جیسے اِرْتَبْتُمْ مفخم کر ولا
ہے مرقق یا مفخم رائے فِرْقٌ اختلاف اس میں ہوا اے نیک عرق
بعد یا ساکن کے گر موقوف ہو تب بھی را ترقیق سے موصوف ہو
یا کہ ہووے درمیانِ کسر و را حرف ساکن غیر علوی اے فتا
اس کی بھی ترقیق کر اب سن مثال جیسے سِحْرٍ اور خَبِیْرٍ کر خیال
لام اَللّٰہ کا مفخم ہے مدام بعد فتح و ضمہ اے عالی مقام
سین عَسٰے کا ذال کو مَحْذُوْر کی انفتاح ان دو کا کرنا اے ذکی
تا عَصٰے سے ہو نہ اس کا اشتباہ اور مَحْظُوْرًا کے ساتھ اے مردِ راہ
کاف و تا کی کر تو شدت کا خیال شِرْکِکُمْ اور فِتْنَۃٍ میں بے جدال
جب بَسَطْتَّ اور فَرَّطْتُّمْ پڑھے قلقلہ مت کر مگر اطباق ② ہے
قاف نَخْلُقْکُّمْ میں ہیگا اختلاف نا تمام ادغام ہے یا ہیگا ③ صاف

صورتِ اُولیٰ میں ظاہر ہوگا وصف — صورتِ اخریٰ میں بالکل ہوگا حذف
کر جَعَلْنَا اور ظَلَلْنَا کا سکون — اہتمام خاص سے اے ذوالفنون
ایسے اَنْعَمْتَ وَالْمَغْضُوْبِ میں — لام و نون ظاہر کرو اے نور عین
یوں ہی ہر کلمے کو کرلو تم قیاس — اور پڑھو تحقیق سے اے حق شناس

❶ (عَمُوْ۔ (مشدد سے مخفف ضرورۃً) چاچا۔ (۱۲۔ط) ❷ (کیونکہ ان میں ادغام ناقص ہے کہ اندراجِ ذات ہے بدون صفت ۱۲منہ) ❸ (اور ادغام محض اصح ہے۔۱۲منہ)

ساتواں باب بیان میں کیفیت استعمال حروف قراءت کے

(اس کا مضمون اصل سے متغیر کیا گیا۔۱۲منہ)

پہلی فصل بیان کیفیت میں

اب سنو تم کیفیت کا اہتمام — تا نہ ہو پڑھنا تمہارا سب حرام
جب ہو استعمال حرف اے نیک نام — اس کا مخرج جان کرلو اس سے کام
ہمزۂ مفتوح کو اوّل میں لا — کر کے ساکن حرف کو اس سے ملا
جیسے اَبْ اَثْ اَثْ وَاَجْ آخر تلک — مشق کر ہر حرف کی کر دفع شک
ضاد ساکن میں نہ کر تو قلقلہ — تائے ساکن میں بھی اے پُر حوصلہ
کھینچ مت حرفوں کو سختی سے دلا — ہر جگہ مت کر توقف سکتہ سا
وقف ساکن پر ہی ہوتا ہے سلام — گر نہ ہو ساکن تو ساکن کر تمام
پھر اگر ہے تام ❶ یا احسن حسن — یا ہے اکفیٰ یا ہے کافی جان من
یا ہوا جائز و یا مطلع ❷ ہوا — وقف ایسی جائے پر برحق ہوا
گر نہ ہو ایسا تو پھر پہلے سے لے — اور ملا ما بعد سے یہ خوب ہے
وقف سے دو قسم نزد اہل فن — اختیاری اضطراری بے سخن
اختیاری وقف کے موقع پہ آئے — اضطراری جس جگہ دم ٹوٹ جائے
از سر نو اضطراری میں پڑھو — اور اس تکریر سے خائف نہ ہو

بلکہ حرکت پر شکستہ کرنا دم — ہے بُرا تجھ کو نہیں کچھ اس کا غم
منطقی کو گر نہ یہ تمیز ہے — اس کی منطق ہیچ ہے نا چیز ہے
ہمزۂ ساکن سے گر ہو ابتداء — کب وہ ہمزۂ وصل سے ہووے جدا
حرفِ مد سے ہوگا وہ ہمزہ بدل — قاعدہ یہ صَرف کا ہے بے خلل
اُوْتُمِنَ اِیْتُوْا وَاِیْتُوْ ہے مثال — تینوں کا قرآن میں کرلو خیال
اور جو ہو موصول (۳) پھر وہ ہمزہ ہو — جیسے ثُمَّ ائْتُوا کہ ہمزہ سے پڑھو
ہمزۂ وصلی سے گر ہو ابتدا — مجھ سے سُن حکم اس کی تو تحریک کا
حرفِ ثالث پر نظر اپنی کرو — ضمہ ہو یا فتحہ ہو یا کسرہ ہو
گر ہو ضمہ دے دو ضمہ ہمزہ کو — ورنہ دونوں حال میں مکسور ہو
تھا یہ حکمِ فعل جو لکھا گیا — اسم میں دائم اُسے مکسور (۴) لا

(۱) (موقع وقف کو مابعد کے ساتھ اگر کچھ تعلق نہ ہو نہ لفظاً نہ معنیً وہ وقف تام ہے اور اگر صرف تعلق معنوی ہے وہ کافی ہے اور اگر تعلق لفظی بھی ہو حسن ہے اصل یہ تین قسم ہیں باقی اس کے فروع ہیں ان کے بیان میں تطویل ہے۔۱۲ منہ) (۲) (یعنی راُس آیت۔ واللہ اعلم۔۱۲ ط) (۳) (یعنی حالتِ وصل میں وہ حرف مدہ پھر ہمزہ ہو جاوے گا۔۱۲ منہ)
(۴) (مگر ہمزہ جو لامِ تعریف سے ملتا ہے وہ مستثنیٰ ہے باستثنائے منفصل ۱۲ منہ)

دوسری فصل سکتہ وغیرہ میں

حفصؒ کے نزدیک کل سکتے ہیں چار — اب مواقع اس کے کرلو تم شمار
کہف میں عِوَجًا پہ اور یٰسٓ میں — لفظ مَرْقَدِنَا پہ قرا کہتے ہیں
مَنْ پہ ہے ثالث قیامہ میں عزیز — بَلْ پہ کر تطفیف میں رابع تمیز
فصلت میں جو ہے کلمہ اَعْجَمِیّ — دوسرا ہمزہ مُسَہَّلْ اے اخی
درمیان فتح و ہمزہ کر شعور — قاریوں کے منہ سے سُن اُس کو ضرور

تیسری فصل بیان مثلین و متقاربین و متجانسین میں

ہو جو دو حرفوں کا مخرج اور صفت　　متفق مثلین ہیں اے یک جہت
اور اگر مخرج میں ہوں دونوں قریب　　اور صفت میں مختلف ہوں اے لبیب
نام اس حالت میں ہے متقاربین　　اب سنو تم تیسرا متجانسین
یعنی مخرج میں تو ہووے اتفاق　　اور صفت ہو مختلف اے خوش مذاق
پھر اگر ساکن ہو حرفِ اوّلین　　کہہ صغیر ان تینوں کو اے مرد دین
اور جو دونوں میں ہو حرکت اے بصیر　　تینوں حالت میں کہو اس کو کبیر
لیک ہے ادغام مثلین صغیر　　اتفاقاً حتم و لازم نے کبیر
وصل میں یَلْھَثْ کی ثا ادغام کر　　ایسے ہی اِرْکَبْ کی با اے خوش سیر
اِتَّخَذْتُمْ میں تو کر اظہارِ ذال　　لَا تُزِغْ اور مَنْ یُّرِدْ کی غین و دال
صاد مریم نونؔ قلم یٰسؔ کا سینؔ　　ثاء لَبِثْتَ سب ظاہر اے امین

چوتھی فصل ذال و دال و تائے تانیث و لام ساکن کے بیان میں

ذال اِذْ مدغم ہے ظاو ذال میں　　دالِ قَدْ مدغم ہے تاو دال میں
تا مؤنث ہے مدغم اے شگرف ❶　　دال و تاوٗ طا میں ہیں یہ تین حرف
لام کو ادغام لام و را میں کر　　اور باقی میں ہے اظہار اے پسر

❶ (نیک، بزرگ، خوبصورت، عمدہ ۱۲۔ طہ)

پانچویں فصل روم اور اشمام میں

روم اک ہلکی سی ہوتی ہے صدا　　جس کو سُن سکتا ہو یعنی پاس کا
یعنی دے موقوف کو حرکت ذرا　　پڑھنے میں مطلب ہوا یہ روم کا

ضمہ و کسرہ میں ہوتا ہے یہ روم فتحہ میں ممنوع ہے نزدیک قوم
وقف مدِّ عارضی پر گر ہوا روم حالِ قصر میں ہیگا روا
اور اگر ہووے توسط یا کہ طول روم ہے ممنوع اس میں اور فضول
اور جو مدِّ متصل پر ہووے وقف روم ❶ کو کر مدِّشش حرکت میں حذف
اب سمجھ اشمام تحریکِ دولب قصد گویا ضم کا ہے اے با ادب
صرف بس ضمہ میں یہ اشمام ہے فتح و کسرہ میں نہ اس کا نام ہے
سب مدوں میں یکساں وہ آئی ہے ہوتا ہے ادراک اس کا آنکھ سے
غیرمَد پر وقف گر ہو جیسے بَرْقٌ وہاں بھی ہے اشمام کر اس میں نہ فرق

❶ (لیکن حکم خلافِ تحقیق ہے اور صواب یہ ہے کہ مد متصل وقفی میں روم بلاشبہ صحیح ہے۔۱۲ محمد طاہر)

چھٹی فصل متفرقات میں

ہاؔ و یاؔ اور لامِ اَلْ کر متصل وقت پڑھنے کے نہ ہو یہ منفصل
لے تو تینوں کی مثالیں اے فہیم ھٰؤُلَاءِ یٰاَیُّھَا وَالرَّحِیْمُ
کہف و فرقان و معارج اور نساء ان میں جو ہے لفظِ مَالِ اے پارسا
لکھنے میں ما بعد سے مفصول ہے مصحفِ عثماں سے یہ منقول ہے
وقف بھی جائز ہے حرف لام پر اختیار و قصد سے اے با ہنر
لَاتَ حِیْنَ کے وصل میں ہے اختلاف فصل افضل ہے مگر سن حکم صاف
تین جا پر بے اَلف لکھ اَیُّھَا نور و زخرف اور رحمٰن تیسرا
اختیاری وقف میں اَیُّہْ پڑھو تھے اگر ماہر تو ماہر تر بنو
لفظِ قرآنی اگر ہو بے محل خوف ہے آوے نمازوں میں خلل
پیشوا کو سخت مشکل ہے حساب فہم کر واللہ اعلم بالصواب

یادگارِ حق القرآن

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

حمد نذرِ خالقِ کون و مکان — جس نے احمد پر کیا نازل قرآن
پھر دیا فرمان ہمیں ترتیل کا — نام ہے تجوید جس کا اے فتا
بعد اس کے سُن کہ امداد العلوم — مدرسہ دینی ہے یاں اے ذیفہوم
اس کا ایک شعبہ ہے تعلیمِ قرآن — حق قرآن نام ہے اس کا عیاں
جی میں آیا اس کے بچوں کے لئے — نظم ہو جاویں ضروری قاعدے
تاکہ وہ اور بھی ہوں مستفید — سب کے حق میں ہو الٰہی یہ مفید

بیان مخارج حروف

اوّلاً سن تو مخارج ہائے حرف — سترہ (۱۷) سب ہیں تو گن اے نیک ظرف
واؤ الف اور یا کا ہے جوف دہاں — نام ان کا حرف مد ہے اے جوان
منتہائے حلق ہے ہمزہ و ہا — وسط میں دو حرف مہمل عین و حا
غین و خائے معجمہ ادنائے حلق — حلق میں ہیں تین مخرج نزدِ خلق
قاف کا مخرج ہے اقصائے زبان — کاف اس سے اسفل اِس کو خوب جان
جیم و شین و یا① یہ حرف اے مقتدا — ہوتے ہیں وسطِ زباں سے بس ادا
ضاد کا مخرج ہوا حافۂ لسان — جبکہ ہوا ضراس سے وہ ہمعناں
خواہ ایمن سے ہو یا ہواز یسار — لیک ایسر سے تو کر آسان شمار

ضاد سے ہے لام ادنی کی طرف — اس سے نیچے نون اے صاحب شرف
را ہے اس کے پاس سے بے گفتگو — لیک ہے پشتِ زباں کی طرف کو
اور زبان کی طرف سے تا طا و دال — اور ثنایا ② ہائے علوی سے نکال
فوق سے سفلی ثنایا کے زبان — صاد و زاوَ سین میں کر اقتران
طرف علیا کو زبان کی طرف سے — گر ملاوے نکلیں ذال و ظاوَ ثے
باطنِ لب سے ادا کر حرفِ فا — اور ثنایا کی طرف سے دے ملا
باوَ واوَ میم ③ دولب سے نکال — غنہ کا خیشوم مخرج کر خیال

① (یائے متحرک ولین۔۱۲) ② (سامنے کے دو دانت اُوپر نیچے کے ثنایا کہلاتے ہیں اور ان کے پاس ایک ایک رباعیہ اور ان کے پاس ایک ایک ناب اور ان کے پاس ایک ایک ضواحک۔ اور ان کے پاس تین تین طواحن اور ان کے پاس کا ایک ایک نواجذ ۱۲ اف یعنی نون اپنے مخرج سے صاف ادا ہو۔ اور غنہ نہ ہو۔۱۲)
③ (میم کے اظہار و اخفاء کو شفوی کہتے ہیں۔۱۲)

بیانِ اظہارِ نون

حکم نون ① ساکن و تنوین کے — چار ہیں اظہار حلقی ایک ہے
جب یہ ہوں قبل ان حروفِ حلق کے — ہمزہ ہاوَ عین و غین و حے و خے

① (مثالیں یَنْئَوْنَ ، مِنْهُمْ یَنْعِقُ مِنْ غَمٍّ وَانْحَرْ مِنْ خَیْرٍ ۔ ۱۲)

ادغامِ نون

دوسرا ادغام ہے چھ حرف میں — یَرْمَلُوْنَ سے کر حساب اے نورِ عین
لیک اس کی ہیں دو قسمیں اے پسر — ایک باغنہ ہے یَنْمُوْ ① یاد کر
دوسری بے غنہ ہے لام ② اور رے — لیک دو کلمے میں ہونا شرط ہے
ایک ③ کلمہ ہو تو بس اظہار مان — اس کو کہہ اظہار مطلق اے جوان

❶ (مَنْ یَّقُوْلُ . اَنْ نُّمُنَّ . مِمَّنْ مَّنَعَ مِنْ وَّلِیٍّ. مِنْ وَّرَآئِهِمْ. ۱۲)

❷ (مِنْ لَّدُنْ . مِنْ رَّبِّهِمْ.) ❸ (دُنْیَا . قِنْوَانٌ صِنْوَانٌ. بُنْیَانٌ. ۱۲)

اقلابِ نون

نون وتنوین کے اگر بعد آئے بے جیسے اَنْ ۢبِئْهُمْ تو بدلو میم سے

اخفاءِ نون

یعنی نون ساکن کو اس کے مخرج سے لے جا کر دماغ میں چھپا دیں اس طرح کہ نہ ادغام ہو اور نہ اظہار بلکہ ان دونوں کے درمیان ایک حالت ہے اور نون مخفی میں زبان کو بالکل دخل نہیں جیسے رنگ اور آہنگ ۱۲ (یہ حکم تحقیقی نہیں ۱۲)۔

پندرہ حرفوں میں تم اخفا کرو مجھ سے سُن لو اُن کی تم تفصیل کو

تاؤ ❶ ثاؤ جیم و دال و ذال و زا سین وشین و صاد و ضاد و طاوظا

فاؤ قاف و کاف ہیں یہ پندرہ اس کو اخفائے حقیقی ہے لکھا

❶ (ظَنَنْتُمْ. اُنْثٰی فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ . جُنْدٌ .مَنْ ذَاالَّذِیْ. تَنْزِیلٌ. مِنْ سُلٰلَةٍ. یَنْشُرُ. وَلَمَنْ صَبَرَ مَنْضُوْدٍ. فَاِنْ طِبْنَ . فَانْظُرْ اَنْفُسُهُمْ. مَنْ قَالَ. رَسُوْلٍ کَرِیْمٍ. ۱۲)

نون قطنی

بعد تنوین ❶ کے جو ساکن حرف ہو نون کو تنوین کے تم زیر دو

❶ (نُوْحُ نِ ابْنَهٗ ۱۲)

ابدال تنوین بالف

دو زبر پر گر کسی جا وقف ہو دے اَلف سے تو بدل تنوین ❶ کو

❶ (وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ط ۱۲)

احکام میم

تین حکم اس کے ہیں اخفاء اوّلین — اور دو اَدغام و اظہار اے امین
حکم اخفا ہے جہاں آئی ہے با — یَعْتَصِمْ بِاللّٰهِ مثال اے دلربا
اس کا بس اخفائے شفوی نام ہے — اورجو پیچھے میم ہو ادغام① ہے
دوسرے حرفوں کے ② ساتھ اظہار کر — کہہ اسے اے اظہارشفوی اے پسر

①(وَبَدَالَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ ۱۲) ②(اَنْعَمْتَ ۱۲)

حروف غنہ

غنہ کر جب ہو مشدد① میم و نون — حرف غنہ ہیں یہ نزد ذوفنون

①(حَمَّالَةَ. اِنَّ ۱۲)

حروف قلقلہ

باؔ ① جیم و دال و طا و قاف کو — جب ہوں ساکن قلقلہ کر کے پڑھو

①(ضَبْحًا . فَجْرٌ . قَدْحًا . فَوَسَطْنَ نَقْعًا)

تفخیم وترقیق

ان کا پر کرنا نہیں ہوتا معاف — صاد و ضاد و طا و ظا خا غین و قاف
لام و رَا گاہے ہیں پُر گاہے نہیں — مجھ سے اب تفصیل سُن اے پاک دیں
قبلِ لام① اللہ جو فتح و ضمہ ہو — پُر ہے اور باریک ہے جو کسرہ ہو
رے ہے پُر گراس② پہ ضمہ فتحہ ہو — اور جو اُس پر کسرہ ہو پُر مت پڑھو
اور جو ساکن ہو تو دیکھو قبل کو — فتحہ ③ ضمہ ہو تو اُس کو پُر پڑھو
اور جو کسرہ ہو تو ہے باریک رے — لیک اُس سے دو محل خارج ہوئے

جب ❶ ہو را کے قبل کسرۂ عارضی　یا ہورا کے بعد پُر حرف اے اخی
اور اگر ما قبل بھی ❺ ساکن ہوا　گر وہ ساکن یا ہے ہو باریک را
اور جو کوئی دوسرا حرف آوے واں　پس نظر کر اس کے ماقبل اے جواں
گر ہو فتحہ یا کہ ضمہ پُر پڑھو　لیک لفظ یَسُرْ کو خارج کہو
اور جو کسرہ ہو تو پڑھ باریک را　لیک لفظِ مِصْرُ مستثنیٰ ہوا

❶ (اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلَیْہِ، نَصْرُ اللّٰہِ اَللّٰہُ. لِلّٰہِ ۱۲)

❷ (رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ. رُبَمَا. وَالْفَجْرِ ۱۲)

❸ (ءَ اَنْذَرْتَھُمْ .یُرْسِلُ لَمْ تُنْذِرْھُمْ ۱۲) ❹ (اَمِ ارْتَابُوْا قِرْطَاسٍ ۱۲)

❺ (خَیْرٌ. لَیْلَۃُ الْقَدْرِ لَفِیْ خُسْرٍ، لِذِیْ حِجْرٍ)

مد

(جَآءَ. سُوْٓءِ. جِآیْءَ، دَآبَّۃٍ آٰلْئٰنَ ۱۲)

گر اَلف ساکن سے پہلے فتحہ ہو　یا کہ قبل واو ساکن ضمہ ہو
یا کہ قبلِ یائ ساکن کسرہ ہو　اور ان تینوں سے پیچھے ہمزہ ہو
یا مشدد یا کہ ساکن حرف ہو　سب مقاموں میں بڑھا کر مد پڑھو ❶

❶ (لیکن مدعارضی پر وقف ہوتو قصر میں روم جائز ہے۔اور توسط اور طول میں ممنوع ۱۲)

رَوم واشمام

(تین مقام پر نہ روم جائز ہے نہ اشمام۔ جہاں تائے تانیث پر وقف ہو۔جیسے قِیٰمَۃُ یا میم جمع پر جیسے عَلَیْھِمْ ۔ اِلَیْھِمْ یا حرکت عارضی ہو جیسے لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا۔۱۲)

روم اک ہلکی سی ہوتی ہے صدا　جس کو سن سکتا ہے یعنے پاس کا
یعنی دے موقوف کو حرکت ذرا　پڑھنے میں مطلب ہوا یہ روم کا
ضمہ و کسرہ میں ہوتا ہے یہ روم　فتحہ میں ممنوع ہے نزدیکِ قوم

اب سمجھ اشمام تحریکِ دو لب قصد گویا ضم کا ہے اے با ادب
صرف بس ضمہ میں یہ اشمام ❶ ہے فتح و کسرہ میں نہ اس کا نام ہے

❶ (اور یہ مد عارضی کے ساتھ بھی جائز ہے۔۱۲۔)

متفرق ضروریات

چند موقع یاد رکھ قرآن کے صاف جس میں اکثر لوگ پڑھتے ہیں خلاف
سورۂ یوسف کے تَاْمَنَّا میں قوم کرتی ہے اشمام واجب یا کہ روم
کہف کا لٰکِنَّا پڑھ تو بے اَلف بِئْسَ الْاِسْمُ سے جدا کر دے اَلف
ءَاَعْجَمِیٌّ میں پڑھو تسہیل کو اور نَخْلُقْکُّمْ میں صاف ادغام ہو
لفظ مَجْرٖ ھَا امالہ سے پڑھو یہ ضروری قاعدے ازبر کرو

تَمَّتْ

(الراقم: اشرف علی تھانوی عفی عنہ ۱۱ رصفر المظفر ۱۳۱۹ھ ہجری)

اَلتَّدْقِیْقُ الْجَلِیّ
فِیْ تَحْقِیْقِ النُّوْنِ الْخَفِیّ

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ واقف الاسرار الفرقانیۃ، راس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الاسرار الخفی منہا والجلی اعنی بہ

مَوْلَانَا مُحَمَّدْ اَشْرَفْ عَلِی التَّھَانَوِیْ

نور اللہ مرقدہ وجعل الجنۃ مثواہ

نون مخفی کی اداء میں کتابوں سے جہاں تک پتہ چلتا ہے تقریباً نصف صدی سے اب تک قراء حضرات اس طرح لکھتے اور ادا کرتے چلے آرہے ہیں کہ نون کا مخرج بالکل ادا نہ ہو، صرف غنی مابعد کے مخرج سے ممزوج ہو کر نکلے، اور یہ درست نہیں ہے، بلکہ اس طرح ہونی چاہیے نوکِ زبان نون ہی کے مخرج میں نہایت ضعف کے ساتھ لگے، یعنی اِتصال جس میں نہایت ضعیف ہو۔ اس رسالہ میں حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اس صحیح صورت کو دلائل سے ثابت فرمایا ہے۔

اَلتَّدْقِیْقُ الْجَلِّی
فِی تَحْقِیْقِ النُّوْنِ الْخَفِی

سوال: ''الحمدللّٰہ الذی ھو نعم الوکیل والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ النبی الجلیل والہ وصحبہ الذین ھم اولو البر والصبر الجمیل''

امابعد! نون مخفی کی ادامیں کتابوں سے جہاں تک پتہ چلتا ہے تقریباً نصف صدی سے اب تک قراء اس طرح سے ادا کرتے ہیں اور لکھتے چلے آ رہے ہیں کہ نون کا مخرج بالکل ادا نہ ہو صرف غنہ مابعد کے حرف سے ممزوج ہو کر نکلے۔ جیسے اُردو میں پنکھا جنگ وسنگ اور یہ ادا اتنی شائع ذائع ہوئی کہ عرب وعجم مہرہ وغیرمہرہ سب اس میں مبتلا ہو گئے حالانکہ اس ادائیگی میں اور ادغام ناقص کی ادامیں مثل ''من یقول من وال'' کے کوئی فرق باقی نہیں رہتا۔ مجھے اس اداء اخفاء میں تحصیل تجوید کے ایام ہی سے برابر اشکال رہا۔ لیکن اللہ کریم کا صد لاکھ شکر کہ امام العصر وحید الدہر رئیس القراءٔ اُستاذ الاساتذہ الحضرت شیخی وسیدی مولانا الحاج الحافظ المقری عبدالرحمٰن المکی الہ آبادی مدظلہم العالی کو نہ معلوم کیسے توجہ ہوئی کہ یکا یک ایک مضمون ارقام فرمایا کہ جس میں یہ ثابت کیا گیا کہ اداء اخفاء مروجہ (جو اس طرح ہوتی ہے کہ زبان کو ذرّہ بھر دخل نہیں ہوتا۔ صرف صوت خیشومی مابعد کے حرف سے مل کر ادا ہوتی ہے) صحیح نہیں بلکہ اس طرح ہونی چاہیے کہ نوک زبان نون ہی کے مخرج میں نہایت ضعف کے ساتھ لگے یعنی اتصال جس میں نہایت ہی ضعیف ہو۔ چنانچہ اس کا اثبات مع دلائل وعلل فرما کر اس مضمون عالی کو اپنے

اس ناچیز خادم کے پاس بھی ارسال فرمایا۔ وہ مضمون عالی بتمامہٖ نہایت ہی معمولی توضیح و تشریح اور مختصر تغیر لفظی کے ساتھ اور وہ بھی ملتقطاً حسب ذیل ہے۔

لایقال لابد من عمل اللسان فی النون والشفتین فی المیم مطلقًا حتی فی حالة الاخفاء والادغام بغنة و کذا للخیشوم عمل حتی فی حالة التحریک والاظهار فلم هٰذا التخصیص لانهم نظر و للاغلب فحکمو اله بانه المخرج فلما کان الاغلب فی حالة اخفائهما او ادغامهما بغنة عمل الخیشوم جعلوا مخرجهما حینئذ وان عمل اللسان والشفتان ایضا ولما کان الأغلب فی حالة التحریک والاظهار عمل اللسان والشفتان جعلوا هما المخرج وان عمل الخیشوم حینئذ ایضا کما أفاده البعض عن العلامة الشبرا ملسی.

اور ان کے ارشد تلامذہ علامہ احمد دمیاطی اپنی کتاب اتحاف فی القرآت الاربعۃ عشر میں لکھتے ہیں "یجب علی القاری ان یحترز من المد عند اخفاء النون فی نحوان کنتم وعند الاتیان بالغنة فی النون والمیم فی نحوان الذین واما فداء وهو خطاء قبیح و تحریف ولیتحرز ایضا من الصاق اللسان فوق الثنایا العلیا عند اخفاء النون فهو خطاء وطریق الخلاص منه ان تتجافی اللسان قلیلا من ذلک الخ مع الاختصار" اور نہایۃ القول المفید میں ہے "قال فی المرعشی یجب علی ان یحترز فی حالة اخفاء النون من ان یشبع الضمة والفتحة والکسرة ولیحترز ایضا من المد عند الاتیان بالغنة فی النون والمیم فی نحوان واما فان ذلک خطأ صریح و زیادة فی کلام اللّٰه تعالٰی ولیحترز ایضًا من الصاق اللسان فوق الثنایا العلیا عند اخفاء النون فهو خطأ ایضًا و طریق الخلاص منه ان یجا فی اللسان قلیلا من ذلک انتهی مع الاختصار" اور امام جزری نشر فی

القرأت العشر میں لکھتے ہیں: "المخرج السابع عشر وهو الغنة وهى تكون فى النون والميم الساكنين حالة الاخفاء او ما فى خفا حكمه من الادغام بالغنة فان مخرج هذين الحرفين يتحول فى هذه الحالة عن مخرجها الا صلى على القول الصحيح كما يتحول مخرج حروف المدمن مخرجها الى الجوف على الصواب" پھر آگے احکام النون الساکنہ والتنوین کی تنبیہات میں لکھتے ہیں: "الاوّل مخرج النون والتنوين مع حروف الاخفاء الخمسة عشر من الخيشوم فقط ولا حظاهما معهن فى الفم لانه لا عمل لللسان فيهما كعمله فيهما مع ما يظهر ان او يدغمان لغنة"

اور ملا علی قاری منح الفکریہ میں لکھتے ہیں:

"وان النون المخفاة مركبة من مخرج الذات ومن تحقق الصفة"

اور امام مکی کتاب الرعایہ میں لکھتے ہیں: "الاخفاء انما هو ان تخفى الحروف فى نفسه لا فى غيره والادغام انما هو ان تدغم الحروف فى غيره لا فى نفسه فتقول خفيف النون عند السين واخفيت النون عند السين ولا تقول خفيت فى السين ولا اخفيتها فى السين و تقول ادغمت النون فى الواو ولا تقول ادغمتها عند الواو"۔

امام شبرا ملسی، احمد دمیاطی، مرعشی، امام جزری، ملا علی قاری، امام محمد مکی ان سب ائمہ کے اقوال سے ثابت ہوگیا کہ نون مخفی میں اصلی مخرج کو دخل ہے لیکن ضعیف اعتماد کے ساتھ جس کو کہ ہر ایک نے مختلف عنوان سے تعبیر کیا ہے۔ مثلاً شبرا ملسی نے مقلوب سے دمیاطی اور مرعشی نے تجا فی قلیل سے اور جزری نے کعمله کی قید سے اور پہلے قول میں یتحول کے لفظ سے اور محمد مکی نے فی نفسہ لا فی غیرہ سے اور ملا علی قاری نے مرکبۃ من مخرج الذات سے۔ اب جبکہ کلام ائمہ کے سیاق وسباق سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ صوت خیشومی بدون اعتماد محقق بایں قدر کہ پیدا نہیں ہوسکتی اور

پہلے یہ لوگ یہ بھی ثابت کر چکے ہیں کہ نون مخفی اپنے اصلی مخرج سے خیشوم کی طرف متحول ہو جاتا ہے اور ذات نون باطل ہو جاتی ہے اور الصاق لسان سے بھی احتراز کا حکم ہے۔ تو لامحالہ اس سے تولید حرف مد لازم آوے گی کیونکہ جب نہ تو ذات نون باقی اور نہ زبان کا کسی مقام پر الصاق تو صوت خیشومی محض جوف سے ادا ہوئی اور یہی تولید مدہ ہے جو کہ محذور اور ممنوع ہے اور زیادۃ فی کلام اللہ ہے۔

تو پھر اس سے خلاص کا طریقہ اور چھٹکارا کہ نون خفی بھی ادا ہو جاوے اور تولید حرف مدّہ بھی نہ ہو اور الصاق لسان بھی نہ ہو یہی ہے کہ اعتماد اپنے مخرج اصلی پر ضعیف ہو جس کو ہر ایک نے مختلف عنوان سے تعبیر کیا ہے جیسا کہ اوپر گزرا۔

اب تعارض بین الاقوال بھی نہ رہا اور اختلاف حقیقی کی صورت بھی رفع ہو گئی۔ صرف نزاع لفظی کی صورت ہو گئی۔ اب جبکہ یہ امر ثابت ہو گیا کہ نون مخفی میں مخرج اصلی کو دخل ہے اور اس پر اعتماد ضعیف ہوتا ہے تو نون خفی کے ادا کرتے وقت مابعد کے حرف کے مخرج پر اعتماد کرنا مثل سنگ و جنگ وغیرہ کے بالکل باطل ہو گیا اور اس کی کوئی اصل نہیں۔ حالانکہ ہم لوگ عموماً و خصوصاً اس میں مبتلا ہیں۔

ثانیاً یہ کہ اگر اعتماد مابعد کی کچھ اصل ہوتی تو تحول الی الخیشوم لکھنے کی ضرورت نہیں تھی بلکہ تحول الی مخرج مابعد الحرف لکھتے۔ علاوہ بریں نون مخفی کے عند الجمہور پندرہ حرف ہیں اور امام جعفر رحمہ اللہ کے نزدیک سترہ ہیں تو تعجب ہے کہ اہل فن ذرّہ ذرّہ تجوید کے دقائق اپنی کتابوں میں لکھتے ہیں مگر اتنے مخارج والے حرف کو چھوڑ دیتے اور کہیں اشارتاً بھی اعتماد مابعد الحروف کو ذکر نہ کرتے۔

ثالثاً یہ کہ چونکہ نون مخفی کی اداء میں تولید حرف مدّہ کا مظنہ ہوتا ہے۔ لہٰذا اگر لسان کو یعنی مخرج اصلی کو کچھ دخل نہ ہو تو حرف مدّہ پیدا ہونا چاہیے۔ جیسے کہ ماسبق کی عبارات سے واضح ہوتا ہے۔ حالانکہ اعتماد مخرج مابعد سے اس کا مظنہ بھی نہیں ہوتا۔ پس مظنہ تولید مدہ سے معلوم ہوا کہ اعتماد مابعد الحرف پر صحیح نہیں ہے۔

سوال: اگر کوئی یہ شبہ کرے کہ تولید حرف مدہ تو مبالغہ فی الغنہ کے لیے ہوتی ہے۔ جیسا کہ لکھتے ہیں: ”ویبالغ فی الغنہ“

جواب: اس کا یہ ہے کہ حرف مدہ سے غنہ کی تقویت نہیں ہوتی بلکہ اور مانع عن الغنہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ اکثر غیر مشاق سے ”اتحاجونی“ وغیرہ میں غنہ ادا نہیں ہوتا۔ اگر مدّہ کا مؤید ہوتا تو یہ دقت نہ ہوتی تو عبارت مذکور کا مطلب یہ ہے کہ ”ان یبالغ الغنہ ای فی اخراج حرف الغنہ من الخیشوم“

رابعاً: یہ کہ جہد المقل میں ہے۔ ”فلیحذر القاری عن اطباق أقصی اللسان الی الحنک عند التلفظ بالغنة قبل القاف والکاف“ اس تحذیر سے صاف ظاہر ہوگیا کہ غنہ یعنی نون مخفی قبل القاف والکاف کے ادا کرتے وقت اقصیٰ لسان کا حنک اعلیٰ سے اطباق نہ ہونا چاہیے۔ جیسا کہ اُردو میں پنکھا اور سنگ وغیرہ میں ہم لوگ کرتے ہیں۔

خامساً یہ کہ امام جعفر کے یہاں خاء اور غین میں بھی اخفاء ہوتا ہے اور یہاں اعتماد مخرج مابعد کی کوئی صورت نہیں۔ سوائے اس کے کہ ادنیٰ حلق سے صوت خیشومی مفخم نہایت دقت سے ادا ہو بلکہ اس میں غین و خاء کی کچھ بو و شائبہ بھی مسموع ہو اسی کی کیا خصوصیت ہے بلکہ اکثر حروف میں نون مخفی کے ادا کرتے وقت آئندہ والے حرف کا شائبہ ہوتا ہے۔ خصوصاً حروف مستعلیہ میں غنہ ”مفخم“ ادا ہوتا ہے اور ممنوع و منہی عنہ ہے۔ جیسا کہ نہایۃ القول میں حروف فرعیہ کے بیان میں ہے ”قال الحلبی و زاد القاضی اللّام والنون المخفاة وهو وهم اذ لیس فیهما شائبة حرف آخر ولم یقعا بین مخرجین“ اور ملا علی قاری شرح شاطبی میں لکھتے ہیں ”وان النون المخفاة لیس فیها شائبة حرف آخر ولم تقع بین مخرجین و کونها ذات مخرجین لایلزم بینیتها“

حلبی اور ملا علی قاری نے تصریح کردی کہ نون خفی میں شائبہ دوسرے حرف کا نہیں

ہوتا اور نہ دو مخرج سے ادا ہوتا ہے کیونکہ مخرج تو خیشوم قرار دیا گیا ہے اور مخرج اصلی بوجہ اعتماد ضعیف اور تجافی قلیل کے کالعدم سمجھا گیا تو اب دوسرا مخرج کہاں جو نون خفی کو حرف فرعی کہا جاوے اور اگر اعتماد مابعد کے حرف پر صحیح ہوتا تو "لم یقع بین مخرجین" نہ لکھتے بلکہ "وقع بین مخرجین" لکھتے اور نون کو حرف فرعیہ میں داخل کرتے کیونکہ نون خفی کے لیے ایک مخرج تو خیشوم تھا ہی۔ دوسرا حرف مابعد کا مخرج ہو جاتا۔ پس حرف فرعی کی تعریف ماتردد بین المخرجین صادق ہو جاتی۔

سوال: چونکہ یہ ثابت ہو گیا کہ نون خفی کا مخرج خیشوم ہے اور زبان کو بھی دخل ہے تو حرف فرعی کی تعریف ماتردد بین المخرجین تو صادق آ گئی تو پھر حلبی اور ملا علی قاری نے "لم یقع بین مخرجین" کیوں لکھا؟

جواب یہ ہے کہ یہاں صفت محذوف ہے یعنی "لم یقع بین مخرجین" متغائرین حرفا ہما اور حرف مابعد کے اعتماد یعنی مثل سنگ کی ادائیگی پر صادق آوے گا وقع بین مخرجین متغائرین حرفا ہما اور وقوع بین مخرجین متغائرین حرفا ہما کو لازم ہے تردد بین المخرجین جیسا کہ الف ممالہ، صاد مشمہ، ہمزۂ مسہلہ ہوتا ہے حالانکہ یہ معلوم ہو چکا کہ نون خفی میں دوسرے حرف کا شائبہ بھی نہیں ہوتا۔ پس اسی واسطے حلبی نے اس کی فرعیت سے انکار کر دیا لیکن چونکہ ملا علی قاری نے حرف فرعی کی تعریف ہی دوسری لکھی ہے۔ یعنی "ما عدل عن مخرجه الأصلی او الصفة الذاتیة" لہٰذا اس تعریف کے بموجب نون خفی ولام "مفخم" بھی فرعی ہی رہے گا۔

سادساً یہ کہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی درۃ الفرید میں اخفاء کی تعریف وغیرہ کے بعد لکھتے ہیں کہ "ولا یخفی ما فیه من اللطف والدقة" اگر یہی اعتماد مابعد الحرف معتبر ہوتا یعنی مثل پنکھا وغیرہ کی ادا کے تو دقت کیا تھی دقت اس میں ہے کہ اظہار والا بھی اعتماد نہ ہو اور ادغام والا بھی اعتماد نہ ہو۔ علاوہ بریں شیخ کو اخفاء ہی کے لیے یہ کہنے کی کیا خصوصیت تھی جبکہ ادغام ناقص اور اخفاء میں کوئی فرق نہیں تھا۔

سابعاً یہ کہ جمیع اہل فن سلفاء وخلفاء یہ لکھتے ہیں کہ مخفی میں تشدید نہیں ہوتی اور مدغم میں تشدید ہوتی ہے۔ یہ فرق سب لکھتے ہیں اور تشدید کی یہ تعریف کرتے ہیں "هو شدة اتصال الحرفين مع امتزاجهما في السمع بحيث يرتفع اللسان ارتفاعاً واحداً" اب ہم لوگ جو مابعد کے حرف پر زور دے کر اخفاء ادا کرتے ہیں اس میں تشدید پیدا ہو جاتی ہے اور تعریف مذکور صادق آ جاتی ہے۔ مگر تشدید ناقص جیسا کہ احطت اور بسطت کے ادغام میں تشدید ناقص ہوتی ہے۔

ثامناً یہ کہ مرعشی وغیرہ لکھتے ہیں کہ جو حروف اخفاء نون سے بعید المخرج ہیں ان میں نون اقرب الی الاظہار ہوگا اور اقرب الی الاظہار جب ہی ادا ہوگا جب نون کو اپنے اصلی مخرج سے تعلق ہو اور اعتماد زیادہ ہو حالانکہ اخفاء کی مروجہ ادا میں حرف فا، وقاف و کاف میں مخرج اصلی کو کچھ ذرّہ بھر بھی دخل نہیں ہوتا۔ لہٰذا ان تمام ادلہ اور نقول سے یہ ثابت ہو گیا کہ یہ اعتماد مابعد الحرف اور اداء مروجہ باطل اور بے اصل ہے اور اس کے رواج کی وجہ محض مہرہ تجوید کی بے توجہی اور قلت ہے۔

دوسرے یہ کہ یہ قاعدہ مسلمہ ہے کہ اصعب میں اسہل جذب ہو جاتا ہے کیونکہ طبیعت کا اہتمام اصعب کی طرف ہوتا ہے جس سے اسہل میں خرابی آ جاتی ہے تو چونکہ نون ساکن قبل حروف اخفاء ثقیل علی اللسان ہے۔ اس واسطے نون ساکن مابعد کے حرف میں جو سہل الخروج ہے جذب ہو جاتا ہے۔ لہٰذا یہ اعتماد مابعد الحرف مروج ہو گیا۔

سوال: اگر یہ شبہ کیا جاوے کہ اخفاء کی تعریف ہے "حالة بين الاظهار والادغام عار من التشديد" اور "بينية" جب ہی ہوگی جب مابعد سے بھی لگاؤ ہو؟

جواب یہ ہے کہ "عار من التشديد" بمنزلہٗ فصل کے ہے اور اس لگاؤ یعنی اعتماد سے مثل ادغام ناقص کے ہو جاوے گا جس میں کہ تشدید بھی ناقص ہوتی ہے۔ حالانکہ اخفاء میں کسی قسم کی تشدید بھی نہیں ہوتی۔ دوسرے یہ کہ نون مخفی ونون مدغم وغیرہ قسم ہیں نون مطلق کی اور مقسم کی قسموں میں تباین ہوتا ہے اور اس اعتماد سے

مخفی و مدغم یا ادغام ناقص میں مثل ”من یقول“ کے کچھ تھوڑا ہی سا فرق ہوتا ہے جس سے ادغام کی تعریف صادق آ جاتی ہے۔

حالت بین الاظہار والادغام کے معنی یہ لکھتے ہیں ”لا اظهار فیه ولا ادغام“ اظہار کے معنی ہیں اپنے مخرج اصلی اور صفات اصلیہ کے ساتھ ادا کرنا اور ادغام کے معنی ہیں ”خلط حرف بحرف بحیث یرتفع اللسان ارتفاعًا واحدًا مع شدة الاتصال فیهما“ اور خلط کی تین صورتیں ہیں یا تو خلط ساتھ قلب ذات مع جمیع صفات کے ہوتا ہے جیسے ”قل رب“ میں ہے یا قلب ذات مع بقاء صفت غنہ کے جیسے ”من یقول و من وال“ میں ہے یا خلط مع شدة الاتصال ساتھ انعدام بعض صفت کے جیسے ”احطت“ میں ہوتا ہے۔ اب تعریف مذکور کا مطلب سمجھ لیجئے۔

اخفاء میں ذات نون کامل طور پر اپنے مخرج سے ادا نہیں ہوتی اس لیے اظہار نہ ہوا اور چونکہ کچھ مخرج کو بھی دخل ہے اور صفت غنہ بھی باقی ہے۔ لہٰذا کچھ اظہار بھی ہوا اور ادغام میں ستر ذات یا صفت کا ہوتا ہے اور یہ ستر اخفاء میں بھی ہے مگر ادغام خلط اور شدة الاتصال کے ساتھ ہوتا ہے اور اخفاء میں یہ بات نہ ہونی چاہیے۔ لہٰذا اب اخفاء کی تعریف بین الاظہار والادغام بھی صادق آ گئی اور لا اظہار ولا ادغام بھی صادق آ گیا۔ اسی واسطے تو محققین نے ادغام اخفاء کی یوں تفریق بیان کی ہے۔ ”الاخفاء اخفاء حرف فی نفسه عند غیره لا فی غیره فی نفسه“ کے معنی اے فی مخرجہ اور عند غیرہ کے معنی اے عند حروف الاخفاء لا غیر۔ لا فی غیرہ کے معنی اے لا فی مخرج غیرہ اور ادغام میں لکھتے ہیں ”هو اخفاء حرف فی غیره ای فی مخرج غیره“ اس تفریق کے بعد معلوم ہو گیا کہ اعتماد مابعد سے لازم آوے گا ”اخفاء الحرف فی غیره و هذا خلاف ما صرحوا به“

سوال: دیگر یہ کہا جا سکتا ہے کہ امام سخاوی و امام دانی نے یا اور واؤ میں ادغام ناقص کو لکھا ہے کہ حقیقت ادغام نہیں بلکہ وہ اخفاء ہے؟

جواب یہ ہے کہ ان حضرات نے مطلقاً ادغام کی کہیں نفی نہیں کی بلکہ تمام کی نفی کی ہے کیونکہ تیسیر میں لکھتے ہیں "**والباقون یدغمون فیھما ای فی الواو والیاء لکن القلب الصحیح ممتنع فیھما**" اس آخری جملہ سے معلوم ہوگیا کہ نفی قلب کامل کی ہے باقی ادغام ناقص کو اخفاء لکھنا اس کا یہ منشاء ہے کہ اخفاء کی تعریف ہے حالۃ بین الاظہار والادغام اس تعریف سے اخفاء اور ادغام میں جو کہ باہم قسیم ہیں چونکہ قدر مشترک ثابت ہوتی ہے لہٰذا ایک کا دوسرے پر اطلاق کر دیا گیا ورنہ حقیقتاً دونوں جدا جدا مستقل ہیں اور متبائن کیونکہ اتنی عبارت بین الاظہار والادغام تو بمنزلہ جنس کے ہے اور اس سے آگے کی عبارت "**عار من التشدید**" بطور قید کے جس کی دانی وسخاوی نے بھی تصریح کی ہے یہ بمنزلہ فصل کے ہے اس قید سے اخفاء ادغام سے نکل جاتا ہے بلکہ اخفاء اور ادغام کی تعریف جو اوپر بیان کی گئی ہے اس سے تو اخفاء کو ادغام سے چاہے ناقص ہی کیوں نہ ہو، کچھ مناسبت ہی نہیں ہے، صرف لغوی معنی میں اشتراک ہے۔ یعنی محض مطلقاً استتار اسی واسطے امام جزری اور ملا علی قاری وغیرہ نے لکھا ہے کہ یہ اطلاق دانی وسخاوی کا ادغام ناقص کو اخفاء لکھنا صحیح نہیں ہے یا یہ کہا جاوے کہ ان حضرات کی اصطلاح ہی جدا ہے۔ جیسا کہ لکھتے ہیں "**الاخفاء مابقیت معه الغنة**" اس عبارت کا مطلب یہ ہوا کہ پہلے حرف کا جہاں کچھ اثر باقی رہے وہ اخفاء ہے مگر پھر تفصیل بھی ان ہی کے اقوال سے ثابت ہوتی ہے کہ اخفاء کے اقسام میں کہیں بلا قلب وخلط وبلا تشدید جیسا کہ حروف اخفاء میں ہوتا ہے اور کہیں مع القلب والخلط والتشدید مع الغنہ جیسا کہ "**من یقول**" اور "**من وال**" میں ہوتا ہے اور کہیں خلط بلا قلب مع التشدید جیسا کہ "احطت" میں ہوتا ہے۔ اب ان ہی کی تفصیل سے واضح ہوگیا کہ ادغام ناقص اور اخفاء دونوں غیر ہیں اور وہ اطلاق محض اصطلاحی ہے۔

حاصل ساری تحریر کا یہ ہے کہ نون مخفاۃ نون مظہر کے مخرج سے ساتھ قراءت ضعیف کے ادا کیا جائے اور مابعد کے حرف کا اس میں شائبہ بھی نہ ہو نہ اس کے مخرج پر اعتماد ہو۔

واخر دعوانا ان الحمدلله رب العالمين. فقط

ضِیَاءُ الشَّمْسِ فِی اَدَاءِ الْهَمْسِ

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ، واقف الاسرار الفرقانیۃ،
رأس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الاسرار الخفی منہا والجلی اعنی بہ

مَوْلَانَا مُحَمَّدْ اَشْرَفْ عَلِی التَّھَانَوِی

نور اللہ مرقدہ وجعل الجنۃ مثواہ

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اس رسالہ میں تجوید کے متعلق
ایک دقیق مسئلہ کے متعلق تحقیقی جواب تحریر فرمایا ہے

ضِیَاءُ الشَّمْسِ فِیْ اَدَاءِ الْھَمْسِ

از قاری محمد یامین صاحب مدرس تجویدیہ امداد العلوم تھانہ بھون

السوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین وقراء قرآن مبین اس مسئلہ میں کہ حرف کاف وتا جو حروف مہموسہ ہیں ان کی صفت ہمس کے کیا معنی اور کس طرح ادا کی جاتی ہے۔ایک صاحب فرماتے ہیں کہ کاف وتاء کی صفت ہمس کسی کو ادا کرنا نہیں آتی اور وہ خود اس طرح ادا کرتے ہیں کہ کاف وتاء ساکن ومتحرک ہیں ہاء ہوز کی آواز سنائی دیتی ہے آیا یہ ادا صحیح ہے یا نہیں۔نیز وہ صاحب اپنی کیفیت اداء کی تائید میں کتاب جہد المقل کی عبارت ذیل پیش کرتے ہیں۔واما الشدید المھموس فھی حرفان الکاف والتاء المثناة الفوقیة فلشد تھما یحتبس صوتھما بالکلیة بل نفسھا ایضًا حین اختباس صوتھما لان احتباس الصوت بالکلیة لا یکون الا باحتباس النفس با لکلیة لان حقیقة الصوت ھی النفس ثم ینفتح مخرجاھما و یجری فیھما نفس کثیر مع صوت ضعیف لیحصل الھمس. آیا اس عبارت سے اُن صاحب کے اداء کی تائید ہوتی ہے یا نہیں اگر ہوتی ہے تو یہ قول قابل عمل ہے یا نہیں؟ بینوا و توجروا۔

الجواب: ہمس مقابل ہے جہر کا جہر لغت میں آواز قوی و بلند کو کہتے ہیں اور ہمس آواز ضعیف وخفی کو کہتے ہیں اور اصطلاح قراء میں یہ دس حروف جن کا مجموعہ فحثہ شخص سکت ہے حروف ہمس اور مہموسہ کہلاتے ہیں کیونکہ ان حروف کے

ادا کرتے وقت آواز ان کے مخرج میں ایسے ضعف کے ساتھ ٹھہرتی ہے کہ سانس جاری رہتا ہے اور آواز ضعیف و خفی ہوتی ہے (اسی سے جہر کی تعریف اور حروف بھی مقابلۃً معلوم ہو گئے۔ کما قال العلامة علی القاری الهمس فی اللغة الخفا و سميت حروفه مهموسة لجريان النفس معها لضعفها ولضعف الاعتماد عليها عند خروجها وضدها المجهورة منح الفكرية على متن الجزرية مطبوعہ مصر ص ۲۰ اور حروف مہموسہ میں سے دو حرف کاف و تا شدیدہ ہیں اور باقی رخوہ شدۃ کے معنی لغۃً قوۃ و سختی کے ہیں اور اصطلاحاً یہ آٹھ حروف جن کا مجموعہ اجدک قطبت ہے حروف شدۃ اور شدیدۃ کہلاتے ہیں کیونکہ ان کی ادا کے وقت آواز ان کے مخرج پر ایسی قوت کے ساتھ ٹھہرتی ہے کہ بند ہو جاتی ہے اور آواز میں قوۃ و سختی پیدا ہوتی ہے چونکہ شدۃ مقابل ہے رخوۃ کے لہٰذا شدۃ کے معنی لغوی و عرفی سے۔ مقابلۃً رخوہ کے معنی بھی معلوم ہو گئے اور علاوہ آٹھ حروف شدیدہ مذکورہ اور پانچ حروف متوسطہ لن عمر کے باقی سولہ حروف رخوہ کہلاتے ہیں۔

پس تمہید مذکور سے معلوم ہوا کہ کاف و تاء مہموسہ بھی ہیں اور شدیدہ بھی ہیں لیکن بنابر تعریف مذکور ہمس و شدۃ کے اجتماع میں بظاہر اشکال وارد ہوتا ہے وہ یہ کہ ہمس کی تعریف میں ضعف اعتماد و صوت اور جریان نفس مذکور ہے اور شدۃ کی تعریف میں قوۃ اعتماد و صوت اور احتباس صوت ماخوذ ہے حالانکہ یہ اُمور ایک دوسرے کے مخالف وضد ہیں لیکن درحقیقت کچھ اشکال نہیں اس لیے ہمس و جہر و شدۃ و رخوہ کی تعریف میں جو قوۃ وضعف اعتماد و صوت اور جریان و احتباس نفس وصوت کہا جاتا ہے یہ امور اضافی و اعتباری ہیں یعنی ہر ایک صفت میں اس کے مقابل صفت کی نسبت سے قوۃ وضعف و جریان و احتباس پایا جاتا ہے۔ پس کاف و تاء میں من حیث الہمس جو ضعف اعتماد و صوت اور جریان نفس ہے، وہ باعتبار حروف مجہورہ کے ہے اور من حیث الشدۃ جو قوۃ

اعتماد وصوت اور احتباس صوت ہے، وہ حروف رخوہ کی نسبت سے ہے فارتفع الاشکال۔ نیز ہر ایک صفت کے حروف میں باہم بھی قوۃ وضعف وجریان واحتباس نفس وصوت کا تفاوت پایا جاتا ہے بوجہ دیگر صفات قویہ یا ضعیفہ کی آمیزش کے پس کاف وتاء بہ نسبت صاد ضعیف ہیں کیونکہ صاد میں تین صفت قوی اطباق واستعلاء وصفیر موجود ہیں اور بہ نسبت ثاء وحاء وخاوسین وشین وفا وہا قوی ہیں اور بہ نسبت دیگر حروف شدیدہ ضعیف وخفی الصوت ہیں مگر صفت شدۃ کی وجہ سے ان میں جریان نفس کمتر ہے بہ نسبت دیگر حروف مہموسہ کے۔(لا نہ فی الشدۃ یو جد احتباس الصوت و احتباس الصوت یستلزم احتباس النفس کما فی جھد المقل)

پس تقریر مذکور سے ثابت ہو گیا کہ کاف وتاء میں ہمس حقیقی یعنی ضعف وخفاء صوت تو بہر حیثیت پایا جاتا ہے مگر جریان نفس بخوبی نہیں ہوتا اور چونکہ بہ نسبت دیگر حروف مہموسہ ان میں جریان نفس بہت کم ہوتا ہے اسی وجہ سے بعض علماء نے ان کے مہموسہ ہونے میں خلاف کیا ہے اور ان کو مجہورہ کہا ہے کیونکہ ایسے جریان نفس قلیل سے تو حروف مجہورہ بھی خالی نہیں۔ چنانچہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس خلاف کو منح الفکریہ شرح جزریہ میں شافیہ ابن حاجب سے نقل کیا ہے۔

نیز دیگر محققین فن تجوید وقراءۃ کے اقوال سے بھی یہ امر ظاہر ہوتا ہے کہ کاف وتاء میں جریان نفس بخوبی نہیں ہوتا۔ یا کم ہوتا ہے دیگر حروف مہموسہ سے چنانچہ حضرت مولانا قاری عبدالرحمٰن صاحب پانی پتی تحریر فرماتے ہیں لیکن جریان نفس ''در کاف وتاء خوب معلوم نمی شود گو ضعف صوت ہست'' لہٰذا بعض علما در مہموسہ بودن اینہا خلاف کردہ اند تحفہ نذریہ مطبوعہ بلالی پریس ساڈھورہ صفحہ ۱۹ اور حضرت قاری محمد علی خان صاحب جلال آبادی تحریر فرماتے ہیں ''اما جریان نفس در کاف وتاء کمتر ست و در بواقی اکمل آہ حجۃ القاری مطبوعہ محمود المطابع کان پور ص ۱۶ نیز یہ بھی واضح ہو کہ قوۃ اعتماد یا

ضعف اعتماد اور جہری الصوت یا خفی الصوت ہونا تو حروف میں ہر حال میں پایا جائے گا خواہ متحرک ہوں یا ساکن کیونکہ یہ امور صفات حروف کی تعریف میں منجملہ ذاتیات کے ہیں لیکن جریان یا احتباس نفس یا جریان یا احتباس صوت یہ امور منجملہ عرضیات کے ہیں کہ حالات سکون میں ان کا ظہور ہوتا ہے اور جب حروف متحرک ہوں تو جریان و احتباس نفس وصوت غایت درجہ خفا میں ہوتا ہے **کما قال صاحب الزعایة ان جری النفس فے الھمس وحبس النفس فی الجھرفی الساکن زائد من المتحرک وفی الوقف ازید من الساکن اه ھکذا اقال الجاربردی و ذکر الجاربردی ان جریان الصوت و عدم جریه عند اسکان الحرف ابین منھما عند تحریکه الخ** پس کاف وتاء اگر متحرک ہونگے تو چونکہ حرف متحرک کی ادائیگی انفتاح مخرج کے ساتھ ہوتی ہے۔

لہٰذا انفتاح مخرج کی وجہ سے فی الجملہ صوت کا جریان ضرور ہوگا جب جریان صوت ہوگا اس کے ساتھ جریان نفس بھی ضرور ہوگا۔ بموجب قاعدہ مسلمہ **جریان الصوت یستلزم جریان النفس کذا فی الجھد**۔ مگر یہ جریان نفس اول تو بوجہ تحریک حرف کے دوسرے بوجہ صفت شدت قوی کے غایت درجہ خفا میں ہوتا ہے کہ خود قاری کو بھی اُس کا پتہ نہیں لگتا بلکہ معدوم کہنا چاہیے۔

جیسا کہ بقول بعض حروف قلقلہ سے بحالت حرکت بھی صفت قلقلہ منفک نہیں ہوتی اور نون ومیم متحرک بھی صفت غنہ سے خالی نہیں مگر بوجہ عدم ظہور وغیرہ محسوس ہونے کے قلقلہ وغنہ کالعدم ہوتے ہیں۔ اسی طرح کاف وتاء متحرک میں بھی گو جریان نفس ہوتا ہے مگر بوجہ عدم ظہور وغیر محسوس ہونے کے **لا یعباء به** ہے۔ یہ تفصیل تو کاف وتاء متحرک کے متعلق تھی اور اگر کاف وتاء ساکن ہوں تو چونکہ حرف ساکن کی ادائیگی استقراء صوت والتصادق مخرج کے ساتھ ہوتی ہے بالخصوص حروف شدیدہ میں کہ ان

میں تصادم جس میں بالقوۃ ہوتا ہے لہٰذا شدۃ اتصال کی وجہ سے جب صوت محتبس ہوگی تو نفس بھی ضرور محتبس ہوگا۔ (کما ذکرہ صاحب الجھد).

پس جب صوت و نفس دونوں بند ہو گئے تو جب تک مخرج کو جنبش نہ ہو تب تک کوئی حرف سنائی نہیں دے سکتا اسی لیے حروف شدیدہ میں سے حروف قطب جد میں بوجہ صفت جہر قوی کے بحالت سکون صفت قلقلہ یعنی مخرج میں جنبش قوۃ کے ساتھ رکھی گئی تا کہ آواز میں قوۃ وجہر پیدا ہو اس قدر کہ سامع قریب بھی محسوس کر کے لان ادنی الجھر اسماع الغیر، مگر ہمزہ کو اکثر نے قلقلہ سے خارج کیا ہے و توجیھہ مذکور فی المطولات اور دو حرف کاف و تاء ساکن میں بوجہ صفت ہمس کے جنبش نہایت ضعف و نرمی کے ساتھ رکھی گئی تا کہ آواز میں ضعف و خفا قائم رہے اس قدر کہ خود قاری اُس کو محسوس کر سکے لان ادنی المخافة اسماع نفسه مگر اس جنبش ضعیف سے (کہ صفت ہمس کے ادا کی غرض سے کی جاتی ہے) جو نفس جاری ہوتا ہے اُس کے ساتھ کسی قسم کی صوت جاری نہ ہونا چاہیے کیونکہ ہمس کی تعریف میں جریان نفس ماخوذ ہے نہ کہ جریان صوت اور نفس اور صوت میں یہی فرق ہے کہ ہوا خارج از داخل انسان اگر مسموع ہو تو صوت ہے اور اگر غیر مسموع ہو تو نفس ہے کما قال صاحب الجھد المقل اعلم ان النفس الذی ھو الھواء الخارج من داخل الانسان ان کان مسموعا فھو صوت والافلا انتھی ص ۲۷ وقال مولف حقیقة التجوید فی رسالته المذکورة فالتنفس یوجد فی کل صوت ولا یوجد صوت فی کل تنفس بل بعضه مع الارادة واذا خرج الحرف من فم الانسان بغیر ارادة فلا یطلق علیه الحرف ولا یراد منه المعنی فالصوت علی قسمین جھری و خفی و الجھری ما یسمعه الغیر و الخفی ما یسمعه النفس کما قال الفقھاء وادفی

الجهرما يسمعه الغير ادنى المخافة ما يسمعه النفس فى القراءة و الطلاق و العتاق والبيع والا ستثناء والتسمية على الذبح ووجوب السجدة بتلاوة آية السجدة وغيرها والموار من الادنى حد الجهر و الخفى ص ۱۲ پس خلاصہ تقریر مذکور کا یہ ہوا کہ اوّل تو کاف وتا' میں مطلقاً خواہ متحرک ہوں خواہ ساکن جریان نفس بخوبی نہیں ہوتا اور دیگر حرف مہموسہ سے بہت کم ہوتا ہے اور بالخصوص متحرک میں ساکن سے بھی کم ہوتا ہے۔

جیسا کہ دلائل وشواہد اقوال محققین سے ثابت کیا گیا۔ دوسرے صفت ہمس کے ادا کی غرض سے کاف وتاء متحرک میں انفتاح مخرج کے ساتھ اور ساکن میں جنبش ضعیف وخفی کے ساتھ جو کچھ نفس کا جریان ہوتا بھی ہے اُس کے ساتھ صوت کا جاری ہونا ضروری بھی نہیں کیونکہ نفس عام ہے اور صوت خاص اور عام کے تحقق کے ساتھ خاص کا تحقق لازم نہیں۔ نیز صوت کا جاری کرنا درست بھی نہیں نہ عقلاً نہ نقلاً عقلاً اس وجہ سے کہ اگر صوت جاری کی جاویگی تو کاف وتاء شدیدہ نہ رہیں گے بلکہ رخوہ ہو جائیں گی کیونکہ جریان صوت رخوہ میں ہوتا ہے نہ کہ شدیدہ میں اور یہ بات ادنی تامل سے ظاہر ہوتی ہے کہ جو شدت باری اور جاری کے با اور جیم میں ہے وہ بھاری جھاری کے باء اور جیم میں نہیں ہوسکتی۔ اسی قیاس پر جو شدت کانا اور تانا کے کاف وتاء میں ہے وہ کھانا اور تھانا کے کاف وتاء میں نہیں پائی جاتی تو ایک صفت ہمس جو مختلف فیہ ہے اُس کے ادا کرنے کی وجہ سے صفت شدت جو کہ متفق علیہ ہے مفقود ہو جاویگی اور یہ جائز نہیں۔ اور نقلاً اس وجہ سے کہ امام جزریؒ سے کتاب النشر فی القراءت العشر میں اور ملا علی قاری سے منح الفکریہ علی متن الجزریہ میں اس کا عدم جواز وغلط ہونا ثابت ہوتا ہے چنانچہ کتاب النشر فی القراءت العشر میں ہے والتاء يتحفظ بما فيها من الشدة والهمس لئلا تصير رخوة كما ينطق بعض الناس و الكاف

فيحسن بما فيها من الشدة والهمس لئلا يذهب الى الكاف الصماء الناشئة فى بعض لغات العجم فان ذلك غير جائز فى لغات العرب وليحذر من اجراء الصوت معها كما يفعله بعض الاعاجم۔

اس سے صاف طور پر ثابت ہو گیا کہ اجراء صوت اداء اعاجم ہے جو کہ ممنوع و قابل احتراز ہے۔ نیز ملا علی قاری منح الفکریہ علی متن الجزریہ صفحہ ۲۰ میں فرماتے ہیں ثم ان النفس الخارج الذی هو صفة حرف ان تكيف كله بكيفية الصوت حتى يحصل صوت قوى كان الحرف مجهورا وان بقى بعضه بلا صوت يجرى مع الحرف كان الحرف مهموسا وايضاً وان انحصر الصوت فى مخرجه انحصارا تاما فلا يجرى جريا تا سهلا يسمى شديدا و اما اذا اجرى جريانا تاما ولا ينحصر اصلايسمى رخوة. اس عبارت سے بھی ثابت ہو گیا کہ مہموس من حیث ہو مہموس میں نفس بلا صوت یعنی غیر مسموع کا جریان ہوتا ہے اور فلا یجری جریانا سهلا سے شدیدہ میں جریان صوت ضعیف کی بھی نفی ہوگئی پس چونکہ جہد المقل کی عبارت مذکورہ فی السوال کا مفہوم بظاہر معارض ہے کتاب النشر فی القراء العشر اور منح الفکریہ کی عبارات مذکورہ کے لہٰذا امام جزری اور ملا علی قاریؒ کے مقابل صاحب جہد المقل کے قول کا اعتبار نہ کیا جاویگا۔

علاوہ ازیں جہد المقل کی عبارت میں کاف وتاء متحرک مراد ہے یا ساکن یا مطلقاً متحرک تو مراد ہو ہی نہیں سکتا کیونکہ اوّل تو خود جہد المقل کی عبارت ص ۶۰ میں حاصله انهما ناقصان عند تحريك الحرف اس کے معارض ہے دوسرے یہ کہ حرکت خود انفتاح مخرج سے پیدا ہوتی ہے پھر ثم ينفتح کے کوئی معنی نہیں بنتے اور اسی سے مطلق کی بھی نفی ہوگئی کیونکہ وہ متحرک کو بھی شامل ہے۔

پس لامحالہ مراد جہد المقل کی عبارت مذکورہ میں کاف وتا ساکن ہے پس اگر جہد

المقل کی عبارت کے موافق تلفظ کیا جاوے تو کاف وتاء ساکن کے بعد صوت جاری رکھنا چاہیے کیونکہ حرف ثم تعقیب وتراخی کے لیے ہے اب اگر یہ صوت کسی حرف کی ہے تو زیادتی فی القرآن لازم آئیگی اور اگر صوت مسموع غیر حرفی ہے تو اس کا عدم جواز واداء عاجم ہونا نشر ومنح سے ثابت ہوگیا۔ پس حکم یہ ہے کہ اگر صوت حرفی پیدا ہو تو لحن جلی ہوگا۔ اور اگر غیر حرفی ہو تو لحن خفی ہوگا اور اگر جری صوت کا وہم وشبہ ہو تو یہ ادا مطابق ادا محققین کے ہے اور یہی ہونا چاہیے اور غالباً مراد جہد المقل کی یہی ہے۔

لہٰذا اکثر جگہ ان کے کلام کی تاویل کرنا پڑے گی اور یا یہ کہا جاوے کہ اُن پر عجمیت غالب تھی اور اس مقام پر اور نیز دیگر مقامات پر جہاں کہیں جریان نفس کثیر وصوت ضعیف کہا ہے یہ توجیہ ہوسکتی ہے کہ مراد جہد المقل کی جریان النفس کثیر سے کثیر بہ نسبت حروف مجہورہ کے ہے گو دیگر حروف مہموسہ کے اعتبار سے قلیل ہو اور مراد صوت ضعیف سے صوت خفی غیر مسموع ہے لان ادنی المخافة هو اسماع نفسه تو اس توجیہ پر جہد المقل کی عبارت سے یہ صوت مخصوص یعنی کاف وتاء مخلوط بہاء ہوز بھی ثابت نہ ہوئی پس کاف وتاء کے جریان نفس میں اس قدر مبالغہ کرنا جس سے ہاء ہوز کی یا کسی اور حرف کی آواز پیدا ہو (جیسا کہ بعض سین مہملہ کی اور بعض تاء مثلثہ کی آواز نکالتے ہیں) اور حروف عربی مخلوط التلفظ حروف عجمی ہو جاویں کانا کو کھانا اور ابتر کو ابتھر پڑھنا ثلقت کو ثقلتھ اور ذکرک کو ذکرکھ پڑھنا۔

اس طرح کی صفت ہمس ادا کرنا بالکل غلط وبے اصل ہے نہ کسی ماہر ومحقق قاری سے سنا گیا نہ محققین کی کتب معتبرہ میں اس کا ذکر ہے البتہ بعض اعاجم مثل خراسان وترکستان وایران یا بعض اعراب عرب مثل اہل نجدہ یمن وغیرہ سے اس قسم کی ادا سنی ہے اور کتب آئمہ فن مثل شیخ جزری وملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہما سے اس قسم کی ادا کی تغلیط ثابت ہوتی ہے کما ذکر اس قسم کی ادا مخترع وبے اصل ہے تو ان بعض علما کے قول

پر عمل کرنا بہتر ہے جو کہ کاف وتاء کو مجہورہ کہتے ہیں۔

نیز دیگر محققین قراء کے اقوال سے بھی اس قسم کی ادا کا غلط ہونا ثابت ہوتا ہے چنانچہ حضرت مولانا قاری عبدالرحمٰن صاحب پانی پتی تحفہ نذریہ میں تحریر فرماتے ہیں وپیدا باد کہ درمقدمہ صفات حروف چناں فساد برپا کردہ کہ اگر بطور قواعد مخترعہ او کلام اللہ خواندہ شود ضروراست کہ کلام اللہ محرف گردد چہ می گوید کہ در وقف مہموسہ بعد سکون تاء و کاف آواز دیگر پیدا شود چوں معنی ایں قول از تلامذہ او پرسیدم گفتند کہ در لفظ خلقت خلقتس باید گفت یعنی بعد سکون تاء آواز سین ساکن باید برآورد گو اجتماع ساکنین شود بدون آں صفت ہمس حاصل نمی شود ہمچنیں در کاف ساکن در وقف بعد سکون کاف یک سین ساکن بآوار خفیف باید گفت وہمچنیں در حروف قلقلہ و دیگر صفات فساد ہا اختراع کردہ تعلیم مردم ساختہ سبحان اللہ در عبارات کتب قراءت چہ غلط فہمی کردو کدام علم شریف را بجہل مرکب خود ساختہ۔ انتہی بقدر الحاجۃ صفحہ ۸ تحفہ نذریہ مطبوعہ بلالی پریس ساڈھورہ۔ نیز رسالہ مذکور میں دوسرے مقام پر صفحہ ۳۲ میں فرماتے ہیں۔

کاف را احتیاط کند تا کاف فارسی کہ آنرا کاف صماء گویند نگردد خصوصاً وقتیکہ مکرر باشد مانند بشر ککم وماقبل مہموسہ درآید مانند تستکثر وبسیار احتیاط کند کہ صوت دراں جاری نہ شود چنانچہ لغت بعضے عجمیان است اھ۔ حضرت قاری محمد علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ جلال آبادی حجۃ القاری مطبوعہ محمود المطابع کانپور صفحہ ۲۵ میں فرماتے ہیں کاف با کاف فارسی نیامیزد وہا، ہوز ہم درو پیدا نہ شود خاصۃً وقتیکہ پیش از حرف مہموسہ و آید نحو تستکثر و ہمچنیں اگر مکرر ہا باشد نحو بشر ککم اھ وقال العلامۃ الجزری فی مقدمہ وراع شدۃ بکاف وبتا کشر ککم و تتوفی فقط واللہ تعالٰی اعلم و علمہ اتم واحکم کتبہ العبد المسکین محمد یامین عفا عنہ رب العلمین معلم التجوید فی مدرسۃ امداد العلوم تھانہ

بھون (اوائل صفر ۱۳۳۸ھ) جواب نہایت صحیح و مدلل اور متقدمین و متاخرین کی کتب و ادا کے مطابق ہے۔ عبدالرحمٰن المکی ثم الالہ آبادی عفی عنہ۔

حضرت مولانا مرشدنا تھانوی افاض اللہ تعالیٰ علی برکاتہم نے احقر کو یہ فتویٰ دکھلایا احقر حرف بحرف اس جواب سے متفق ہے۔ احقر سے اکثر لوگوں نے اس قسم کے سوالات کیے تھے جن کے مختلف طور سے جوابات دیئے گئے جو بفضلہٖ تعالیٰ اس جواب میں مع شئی زائد سب مضامین موجود ہیں۔

احقر بوجہ عدم فرصتی و بے سامانی اس حد تک نہیں کر سکا اس تکمیل سے نہایت مسرت ہے۔ کمترین خلائق عبدالوحید الہ آبادی عفا اللہ عنہ خادم درجہ قراءت مدرسہ عالیہ دیوبند ضلع سہارنپور میں مدت سے ایسی تحقیق کا شائق تھا۔ اس رسالہ کو دیکھ کر جوش مسرت میں یہ شعر بے ساختہ قلب میں آیا:

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر مے خواست
آمد آخر زپس پردہ تقریر پدید

جزی اللہ تعالیٰ مؤلفها خیر الجزاء

اشرف علی　　ربیع الاول ۱۳۳۸ھ

تفصیل البیان پر تنقید

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ واقف الاسرار الفرقانیۃ،
راس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الاسرار الخفی منہا والجلی اعنی بہ

مولانا محمد اشرف علی التھانوی

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

تفصیل البیان پر تنقید

سوال: تحریر بعض احباب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامداً و مصلیاً اما بعد: میں نے کتاب تفصیل البیان فی مقاصد القرآن کا دیباچہ اور مصنف صاحب کا وہ خط جو کتاب کے ہمراہ تھا مطالعہ کیا، اور اس غرض و غایت پر مطلع ہوا جو مصنف صاحب نے اس کتاب کی تصنیف میں مدنظر رکھی ہے۔

نیز میں نے کتاب کے بعض مقامات کو بھی دیکھا ان سب کے دیکھنے سے میں یہ سمجھا ہوں (اور اس سمجھنے میں معذور ہوں) کہ مصنف صاحب اس کتاب کی تصنیف میں صرف "وهم يحسبون انهم يحسنون صنعا کے مصداق ہیں اور فی نفسہ نہ ان کا مقصد صحیح ہے اور نہ جو کام انہوں نے کیا ہے وہی درست ہے، ہم یہ مان سکتے ہیں کہ مصنف صاحب نے جو کچھ کیا وہ نیک نیتی سے کیا، لیکن یہ ضروری نہیں کہ جو کام نیک نیتی سے کیا جاوے وہ درست بھی ہو یا کم از کم اس کے کرنے والے کو معذور سمجھا جاوے کیونکہ هم يحسبون انهم يحسنون صنعا اس پر شاہد ہے کہ اشخاص معہودین (جو آیت کے مورد ہیں) اپنے کام کو اچھا سمجھ کر کرتے تھے مگر اس کے ساتھ ہی ان کو معذور نہیں قرار دیا گیا بلکہ ضل سعيهم في الحيوة الدنيا۔ فرمایا گیا پس ثابت ہوا کہ محض نیک نیتی ہر حالت میں عذر نہیں ہو سکتی۔

اب رہی یہ بات کہ مصنف صاحب کا مصداق فی نفسہ صحیح نہیں، سو اس کی وجہ یہ ہے کہ جہاں تک میں مصنف صاحب کے بیان سے سمجھ سکا ہوں، ان کا مقصد یہ ہے کہ وہ اس طریق سے قوم کے لئے ایک مجموعہ آداب ملی مرتب کرنا چاہتے ہیں، لیکن نہ اس غرض سے کہ مسلمان تصحیح عقائد اصلاح و اعمال اخلاق سے حق تعالیٰ کی

خوشنودی حاصل کرسکیں، محض اس لئے کہ ان میں قومی اتحاد پیدا ہو اور اس سے ان کو سیاسیات میں نفع پہنچے، اور اس بناء پر میں نہایت بجا طور پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ اپنے اس دنیاوی مقصود میں بین طور پر **ضل سعیھم فی الحیوۃ الدنیا وھم یحسبون انھم یحسنون صنعا** کے مصداق ہیں۔

اب رہی یہ بات کہ جو کام انہوں نے کیا ہے وہ بھی درست نہیں۔ سو اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے خدا کے کلام بلیغ اور معجزہ کو پارہ پارہ کر کے لوگوں کے سامنے ایسی شکل میں پیش کیا ہے کہ جس سے بجائے اس کے کہ لوگوں کو اس کی طرف رغبت ہو الٹی وحشت ہوگی، کیوں کہ جب وہ ناتمام فقرے اور غیر مربوط جملے دیکھیں گے تو ظاہر ہے کہ ان کو کوئی دلچسپی نہیں ہوسکتی، آپ اس کو اس طرح سمجھ سکتے ہیں کہ ایک شاعر کا اعلیٰ درجہ کا شعر لے لیجئے، پھر اس کے مختلف اور غیر مرتب فقرے بنا کر اس کو پڑھیئے۔ پھر دیکھئے کہ اس کے ہر فقرے اور ہر ٹکڑے میں کیا وہ لطافت اور دل کشی باقی ہے جو اس شعر میں تھی، ہر مذاق صحیح یہ ہی بتلادے گا کہ ان میں ہرگز وہ لطافت اور پاکیزگی نہیں ہے پس ایسی حالت میں ایک کلام معجز اور بلیغ کو ایسے ٹکڑوں میں تقسیم کرنا کیونکر جائز ہوسکتا ہے دوسرے کلام الٰہی کے اس طرح پارہ پارہ کرنے میں علاوہ اس کی بلاغت و لطافت اور اعجاز کو صدمہ پہنچانے کے تحریف معنوی بھی ہے کیونکہ اس کا ایک فقرہ جب اپنے محل پر تھا تو وہ علاوہ لغوی معنی کے ایک دوسرے معنی بھی ادا کرتا تھا جس کو ترکیبی معنی کہا جاسکتا ہے اور جبکہ اس کو اس کی جگہ سے ہٹا دیا جاوے گا تو صرف لغوی معنی رہ جائیں گے اور ترکیبی معنی فوت ہوجائیں گے۔

مثال کے طور پر یوں سمجھئے کہ حق تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قول نقل فرماتے ہیں **ان تعذبھم فانھم عبادک وان تغفرلھم فانک انت العزیز الحکیم** اب اگر اس میں **انک انت العزیز الحکیم** کاٹ کر الگ جملہ بنا دیا جاوے تو اس کے وہ معنی ہرگز نہیں رہ سکتے جو اس جگہ مقصود ہیں، کیوں کہ اس کے معنی ہیں **ان تغفرلھم فلا مانع لک لانک انت العزیز ولا اعتراض علیک لانک انت الحکیم** اور یہ معنی مستقل جملہ سے مفہوم نہیں ہوسکتے اس لئے یہ فعل

مسخ کلام الٰہی اوراس کی تحریف ہوگا جوکہ کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں ہوسکتا۔

تیسرے اس طرز عمل سے خطرہ ہے کہ کہیں جاہل اور نادان مسلمان اس سے دھوکہ کھا کر قرآن منظم ومرتب کو ہاتھ سے نہ کھوبیٹھیں، اوراس غیر مرتب اور محرف کتاب کوکافی سمجھ کراس پر قناعت نہ کربیٹھیں یااس میں اور ردوبدل کر کے قرآن کو توریت وانجیل کی طرح بالکل مسخ اور محرف کردیں اس لئے یہ طرز عمل اپنے نتیجے کے لحاظ سے نہایت خطرناک ہے۔ چوتھے اس طرز عمل میں گویا حق تعالیٰ کواصلاح دینا ہے کہ اس نے جس صورت میں قرآن کونازل فرمایا ہے وہ ہماری ضرورت کے لئے ناکافی ہے اوراس میں ردوبدل کی ضرورت ہے۔

پانچویں مضامین قرآن کی جوسرخیاں قائم کی گئی ہیں ان میں تحریف معنوی کا پہلونمایاں ہے مثلاً سرخی قائم کی گئی ہے ''اعضائے انسانی کی نسبت باری تعالیٰ کی طرف'' اوراس کے تحت میں آیات وجہ ویدوغیرہ درج کی گئی ہیں۔

پس سرخی پر نظر کر کے اس سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ آیات میں منہ سے مراد انسانی منہ اور ہاتھ سے مرادانسانی ہاتھ ہے وغیرہ وغیرہ اوراس کا تحریف ہونا ظاہر ہے نیز ایک عنوان قائم کیا گیا ہے۔ ''جنت میں لذائذ روحانی'' اوراس کے تحت میں وہ آیتیں درج کی گئی ہیں جن میں نہروں اور کھانوں وغیرہ کا ذکر ہے اس سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ چیزیں حسی نہیں بلکہ معنوی ہیں اور یہ تحریف ہے۔

نیز مصنف صاحب کہتے ہیں کہ جن آیات میں لوگوں کو جہاد کے لئے ابھارا گیا ہے، وہاں انہیں اس بات کی غیرت دلائی ہے کہ تم ان لوگوں سے کیوں نہیں لڑتے جنہوں نے تمہیں تمہارے ملک اور تمہارے گھروں سے نکالا ہے، اس قسم کی آیات کے لئے میں نے جہاد کے علاوہ حب وطن کا عنوان بھی تجویز کیا ہے اھ لیکن یہ حب وطن کا عنوان کسی طرح آیات کا مدلول نہیں، اس لئے یہ سراسر تحریف ہے، نیز وہ کہتے ہیں کہ جن آیات میں سیم وزر کے جمع کرنے اوراسے سینت سینت کر رکھنے کی مذمت بیان کی گئی ہے میں نے ان آیات کو سرمایہ داری کے تحت میں بھی لیا ہے لیکن یہ کھلی ہوئی تحریف ہے سرمایہ داری متعارف جس کو بالشویک خیال کے لوگ برا سمجھتے ہیں اس

کو آیات مذکور سے کوئی لگاؤ نہیں، اسی طرح انہوں نے ایک عنوان قائم کیا ہے کہ جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھتے ہیں وہ فدیہ دے سکتے ہیں، ان میں مال دار لوگوں کو روزہ سے سبک دوش کر دینا ہے جو کہ بالکل غلط ہے ان وجوہ سے مسلمانوں کے لئے یہ کتاب نہایت خطرناک اور گمراہ کن ہے، مصنف صاحب کا فرض ہے کہ وہ اس کی اشاعت کو بند کریں، ورنہ جس قدر گمراہی اس سے پھیلے گی اور جو مفاسد اس پر مرتب ہوں گے خدا کے یہاں وہ ان کے ذمہ دار ہوں گے، مصنف صاحب عنقریب خدا کے پاس جانے والے ہیں، ان کو اس کا ضرور خیال کرنا چاہئے بالخصوص ایسی حالت میں کہ مصنف صاحب کا جو اس سے مقصود ہے یعنی مسلمانوں میں قومی اتحاد پیدا کرنا اور ان کو سیاسی نفع پہنچانا وہ بھی اس سے حاصل نہیں ہوسکتا، کیونکہ یہ کتاب ان مناشی کے دور کرنے کے لئے کافی نہیں ہے جو اس تشتت اور افتراق کا منشاء ہیں پھر اس درد سری اور کوشش لایعنی کا بجز ناکامی دنیا و آخرت کے کیا نتیجہ **وما علینا الا البلاغ**۔

رہا مصنف صاحب کا یہ خیال کہ جو کام میں نے انجام دیا ہے وہ ایسا نہ تھا جس کی ضرورت سب سے پہلے مجھے ہی محسوس ہوئی ہو نہیں مجھ سے پہلے کئی بزرگ خادمان دین نے اس راہ میں قدم رکھا، سو اس کا جواب خود مصنف صاحب ہی کے کلام میں موجود ہے، چنانچہ وہ کہتے ہیں گو مجھے معلوم نہیں کہ کسی نے بالکل اسی نوع کی خدمت قرآن کی کی ہو، جیسے میں نے کی ہے، لیکن یہ بزرگ کچھ نہ کچھ ضرور کر گئے ہیں۔

مصنف صاحب کا یہ اقرار خود بتلا رہا ہے کہ بزرگان پیشین اور مصنف صاحب کے کام میں بہت فرق ہے، اس لئے ان کا فعل مصنف صاحب کے لئے حجت نہیں ہوسکتا، افسوس ہے کہ جن کتابوں کا مصنف نے ذکر کیا ہے جیسے جواہر القرآن، غزالی وغیرہ اس وقت ہمارے سامنے نہیں ہیں ورنہ ہم دونوں کے طرزوں کا فرق واضح طور پر دکھلاتے، لیکن جب کہ مصنف صاحب کو فرق خود تسلیم ہے تو اس کی ضرورت نہیں رہتی۔ واللہ اعلم۔ تمام شد رسالہ الهادی للحیران.

(النور ص: ۷، صفر ۱۳۵۱ھ)

اَلْهَادِیُ لِلْحَیْرَانِ

فِیْ وَادِیْ تَفْصِیْلِ الْبَیَانِ

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ واقف الاسرار الفرقانیۃ،
رأس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الاسرار الخفی منہاد الجلی اعنی بہ
مَوْلَانَا مُحَمَّدْ اَشْرَفْ عَلِی التَّھَانْوِیْ
نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

کتاب ”تفصیل البیان فی مقاصد القرآن“ کے مصنف نے اپنی کتاب حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی خدمت میں بھیج کر تقریظ لکھنے کی درخواست کی۔

حضرت رحمہ اللہ نے اُن کی کتاب اور درخواست میں جو نقائص شرعی ملاحظہ فرمائے اُن کو اِس رسالہ میں قلمبند فرمائے ہیں۔

اَلْهَادِیْ لِلْحَیْرَانِ فِیْ وَادِیْ تَفْصِیْلِ الْبَیَانِ

بعد الحمد والصلوٰۃ ایک کتاب تفصیل البیان فی مقاصد القرآن کی (جس میں مضامین مختلفہ کے اعتبار سے قرآن مجید کی تبویب کی ہے) ناتمام جلدی اظہار رائے بصورت تقریظ کی غرض سے آئیں اس پر میں نے بھی کچھ لکھا اور میرے ایک دوست (المراد بہ المولوی حبیب احمد الکیرانوی ۱۲) نے بھی لکھا، اور مصنف صاحب کے پاس بھیج دیا، مفید ہونے کی وجہ سے اس مجموعہ کی مع خط مصنف صاحب نقل بھی رکھ لی اور اس کا ایک لقب بھی رکھ دیا یعنی (الهادی للحیران فی وادی تفصیل البیان).

آگے اس خط کو ملاحظہ فرمایئے۔

اشرف علی.....۲۱ رجب ۱۳۵۰ھ

خط مصنف صاحب

مکرمی معظمی جناب مولانا صاحب دامت برکاتہم، السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

اس عریضہ کے ساتھ ایک جلد تفصیل البیان فی مقاصد القرآن ہر چہار حصہ خدمت والا میں ارسال کر رہا ہوں قرآن کریم کی کوئی آیات مطلوبہ نکالنے کے لئے عربی میں متعدد کتابیں موجود ہیں لیکن جہاں تک مجھے علم ہے کلام الٰہی کے مطالب و معانی کے اعتبار سے کوئی ایسی جامع کتاب اب تک تیار نہیں کی گئی جس سے علماء واعظین وعام قارئین کو بلا دقت ہر مسئلہ کے متعلق قرآن کریم کی جملہ آیات ایک جگہ مل جائیں اور ورق گردانی اور دیدہ ریزی کی ضرورت نہ رہے۔ مدت گزری مجھے اس

قسم کی خدمت کا خیال پیدا ہوا۔ مگر کام کی عظمت اور محنت طلبی بار بار ہمت توڑ دیتی تھی۔ آخر اللہ کا نام لے کر میں نے اس کام کو جس کی تکمیل کسی تنہا انسان سے بے حد دشوار تھی السعی منی والاتمام من اللہ کے بھروسہ پر شروع کر دیا۔ خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کہ اس نے مجھے اپنے کلام مقدس کی خدمت کی توفیق دی۔ اس کہن سالی اور ضعیفی کے عالم میں اپنے فضل سے مجھے جوانوں کی سی ہمت عطا فرمائی اور میں نے اپنی بساط اور قابلیت کے مطابق اس کام کو انجام تک پہنچایا۔ فالحمد للہ.

آپ کتاب کو ملاحظہ فرمائیں گے تو آپ پر روشن ہو جائے گا کہ استدلالات اور امر و نواہی، قصص و حکایات، بصائر و عبر، غرض کلام الٰہی کے ہر پہلو کے متعلق آیات ایک ایک جگہ جمع کر دی گئی ہیں۔ اور مطالب کی فہرست میں حتی الوسع جامعیت پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ میں یہ عرض کر دوں کہ جو کتاب آپ کی خدمت میں ارسال کی جا رہی ہے آٹھ جلدوں پر مشتمل ہے دو جلدیں ابھی زیر طبع ہیں اور دو زیر تحریر ہیں اس لئے جو مطالب آپ کو ان طبع شدہ دو جلدوں میں نظر نہ آئیں ان کی مجھے اطلاع دیجئے یقین رکھئے وہ ان شاء اللہ بقیہ جلدوں میں فراہم کر دیئے جائیں گے۔ اس مختصر عریضہ میں زیادہ تفصیل کے ساتھ اس کتاب کی افادی حیثیت کو بیان کرنا مشکل بھی ہے اور غیر ضروری بھی۔ کتاب آپ کے سامنے ہے آپ جیسے ارباب علم و بصیرت خود اس کے حسن و قبح کا اندازہ فرما سکتے ہیں۔ اس عریضہ کے ارسال سے مدعا یہ ہے کہ آپ ازراہِ عنایت جلد سے جلد اپنی پہلی فرصت میں اس مخلصانہ دینی خدمت پر تقریظ لکھ کر مجھ پر احسان فرمائیں مجھے اس کتاب سے جلبِ منفعت کا خیال نہیں بلکہ صرف کلام الٰہی کی خدمت اور اپنی مغفرت کا خیال اس ترتیب و اشاعت کا محرک ہوا ہے۔

غرض نقشے است کز ما یاد ماند ‏ ‏ ‏ ‏ که ہستی را نمی بینم بقائے
مگر صاحبدلے روزے بہ ہمت ‏ ‏ ‏ ‏ کند در کارِ این مسکین دعائے

مجھے اُمید ہے کہ آپ اس کو ملاحظہ فرما کر اس کی رسید ہی میں مختصراً اپنی رائے

بھیجیں گے تا کہ مسلمانوں کو اس سے خریدنے کی ترغیب ہو اور قرآن حکیم کے پڑھنے اور سمجھنے کا فرق عام ہو جائے۔ (۱۷ نومبر ۱۹۳۱ء)

الجواب: احقر از اشرف علی عفی عنہ بخدمت مکرمی محترمی دامت الطافہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

نامہ نامی وہدیہ گرامی بصورتِ تفصیل البیان باعث منت متضاعفہ ہوا۔ میں کئی وجہ سے خجل ہوں اول اس لئے کہ جو خدمت میرے سپرد فرمائی گئی ہے میں اس کا اہل نہیں۔ اسی لئے اس زمانہ میں ہزاروں تصانیف جدیدہ شائع ہو رہی ہیں میں نے ابتداءً کسی کے متعلق اظہار رائے کی جرأت نہیں کی لیکن بعد امر کے امتثال نہ کرنا اس سے زیادہ خجلت کا موجب تھا۔ اس لئے اس خجلت کو گوارا کیا۔

دوسرے اس لئے کہ اس خدمت کی بجا آوری میں دیر ہوئی جس کا سبب علاوہ عدم اہلیت کے فرصت کا فقدان ہے جس کا تعلق مشاہدہ سے ہے۔ تیسرے اس لئے (اور یہ سب خجلتوں سے اشد ہے) کہ وہ خدمت حسب مرضی عالی نہ کر سکا مگر میں دینی حیثیت سے اس میں معذور ہوں جو اس حیثیت سے ظاہر ہے۔

یایھا الذین آمنوا کونوا قومین بالقسط شھداء للہ ولو علی انفسکم اوالوالدین والاقربین ان یکن غنیا اوفقیرا فاللہ اولی بھما فلا تتبعوا الھوی ان تعدلوا الآیہ یہ سب خجلتیں جمع ہو کر حافظ کا یہ شعر یاد دلاتی ہیں۔

زدست کوتہ خود زیر بارم کہ از بالا بلند ان شرمسارم

اب المامور معذور کی بناء پر دیباچہ اور فہرست مضامین اور خط کو پیش نظر رکھ کر اس خدمت کی تفصیل مجمل پیش کرتا ہوں اور ساتھ ساتھ معافی چاہتا ہوں۔

دیباچہ میں (۱) مقصود بالبقاء قومیت کو بتایا ہے۔ (۲) فقہ کو بیکار بتایا ہے۔ (۳) حدیث کو صرف قرآن کی تفسیر قرار دیا ہے جس سے متبادر ہوتا ہے کہ اس سے مستقلاً احکام ثابت نہیں ہوتے۔

(۴) قرآن کا حاصل قومی انحطاط کے بواعث اور ترقی کے وسائل کی طرف توجہ دلانا کہا ہے۔ (۵) اہل سیاست کو بلا کسی شرط اور قید کے مسائل سیاسیہ کو قرآن سے سمجھنے کی اجازت دی ہے اور اسی غرض سے قرآن مجید کی یہ تبویب کی گئی ہے۔

(۶) آگے کچھ کتابوں کے نام لکھے ہیں جن سے اپنی اس کتاب میں مدد لی ہے جس میں یہ اقرار ہے کہ ان کتابوں میں جو کام کیا گیا ہے وہ اور نوع کا ہے اور اس کتاب میں اور نوع کا۔ اتنا تو خود اقرار ہے باقی اس سے زیادہ تفصیل فرق میں اس وقت معلوم ہو سکتا ہے جب ان کتابوں کو دیکھا جائے۔

اتنا اس وقت بھی کہا جا سکتا ہے کہ جن کی یہ کتابیں ہیں بعض تو ان میں قابل اقتداء ہی نہیں اور جواہر القرآن کی نسبت بعض دیکھنے والے ثقات سے سنا ہے کہ اس میں صرف حمد و ثنا کی آیات بطور ورد کے جمع کی ہیں نہ تمام قرآن کا استیعاب مقصود ہے نہ ترتیب ابواب نہ اثبات احکام اور اگر کسی قابل اقتداء سے ایسا کرنا ثابت ہو تو اس زمانہ میں کسی مفسدہ کا احتمال نہ ہوگا بخلاف اس زمانہ کے جسمیں بعضے یہاں تک خیال ظاہر کر رہے ہیں کہ بجائے ترتیب حاضر کے ترتیب نزول پر قرآن کو مرتب کرنا چاہئے سو اس تبویب میں ایسے خیالات کی تقویت ہے اس لئے ایک کا قیاس دوسرے پر صحیح نہیں۔ بہر حال اس کتاب میں ان کتابوں کی اقتداء کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا۔

(۷) آگے موضوعات کی فہرست میں حب الوطنی کی ترغیب اور سرمایہ داری کی مذمت کو مثال کے طور پر لیا ہے حالانکہ ان الفاظ کا جو اس وقت مفہوم ہے قرآن مجید کو اس سے مس بھی نہیں تو غیر مدلول قرآنی کو اس کا مدلول بنانا ایک نوع کی تحریف ہے۔

(۸) آگے عوام کے نفع کے لئے ترجمہ کرنے کو مناسب بتلایا گیا اور نفع وہی تھا جس کا ذکر (۵) میں ہوا ہے تو اس میں عوام کو قرآن مجید سے اخذ مسائل کی اجازت دی گئی ہے جس کے مفاسد مشاہد ہیں یہ مختصر و مجمل کلام ہے دیباچہ کے بعض اجزاء پر اس کے بعد خط کے اجزاء کے متعلق کچھ معروض ہے۔

(۹) خط میں اس تدوین کی مصلحت یہ بیان کی گئی ہے کہ ایک مضمون کی آیتیں ایک جگہ مل جائیں گی سواول تو اس غرض کے لئے وہ کتابیں بھی کافی ہیں جن میں مضامین قرآن کی فہرست مع نشان مقام لکھی ہے صرف جامع کو تھوڑی سی مشقت جو زیادہ دشوار نہیں برداشت کرنے کی ضرورت ہوگی۔ دوسرے اگر اس مصلحت کے ساتھ کوئی مفسدہ بھی ہو تو سمعاً وعقلاً مفسدہ کو موثر قرار دے کر اس سے تحرز کا حکم دیا جائے گا اور مصلحت کا اہتمام نہ کیا جائے گا خصوص جبکہ وہ مصلحت دوسرے سالم طریق سے بھی حاصل ہو سکے۔

(۱۰) آگے تحریر فرمایا گیا ہے کہ جو مطالب ان جلدوں میں نظر نہ آئیں اطلاع دیں بقیہ جلدوں میں فراہم کردیئے جائیں گے اس کی نسبت یہ عرض ہے کہ ایسے مطالب کی فہرست طویل ہے آسانی سے ضبط نہیں ہو سکتی اس پر اطلاع کا صرف یہی طریقہ تھا کہ کل جلدیں اور ان کی فہرستیں سامنے ہوں جس سے اس وقت معذوری ہے اور بدون اس کے یہ رائے قائم کرنا کہ انتخاب مکمل ہے یا غیر مکمل ہے دشوار اور سخت دشوار ہے البتہ موجودہ فہرستوں میں حب الوطن وسرمایہ داری وغیرہما کے موضوعات دیکھ کر شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس مذاق کا دوسرے خاص مسائل میں بھی اثر ظاہر ہوا ہو جیسے ہدایت بالجہاد محض الدین یا استرقاق یا صدور معجزات وکرامات اور بقیہ جلدوں میں بھی یہ موضوعات نہ ہوں اور بہت سے مسائل اس قسم کے ہیں جن میں عقلاء زمان علماءِ ادیان سے اختلاف رکھتے ہیں اگر ان میں بھی نہیں تو انتخاب نہ جامع ہے کہ یہ اجزاء خارج رہ گئے اور نہ مانع ہے کہ حب الوطنی اور سرمایہ داری وغیرہما داخل ہو گئے۔

(۱۱) آگے حسن نیت کا ذکر فرمایا ہے اس میں کلام کرنے کا کسی کو حق نہیں البتہ اس قدر عرض کرنے کی اجازت چاہتا ہوں کہ قانون الٰہی میں اجر مطلق نیت پر موعود نہیں بلکہ عمل کا ماذون فیہ ہونا بھی شرط ہے اور ابھی تک اس کا ماذون فیہ ہونا سمجھ میں نہیں آیا جیسا کہ مفصلاً معروض ہوا۔ (۱۲) اس کے بعد تقریظ کے لئے فرمایا گیا ہے اس میں وہی عذر ہے جو اس عریضہ کے ابتدائی حصہ میں معروض ہوا یعنی تقریظ شہادت

ہے اور شہادت میں میرا معذور ہونا اوپر کی تفصیل سے ظاہر ہے آخر میں درخواست ہے کہ چاروں جلدیں امانت رکھی ہیں اگر محصول کے ٹکٹ بھیج کر مجھ کو بھیجنے کی اجازت دی جاوے تو کسی مستحق کے پاس پہنچ جاویں گی۔ میں نے احتیاطاً اپنے ایک دوست کو بھی ان کا خیال حاصل کرنے کے لئے یہ جلدیں دکھلائیں تھیں ان کی رائے بھی ملاحظہ گزرے گی جو جدا ورق پر مرقوم ہے گو لہجہ اس کا میری تحریر کے لہجہ سے زیادہ صاف ہے لیکن نفس مقصود کے اعتبار سے بالکل پر از انصاف ہے اب متکلم ومخاطب وغائب سب کی نیت سے اس دعا پر اس معروضہ کو ختم کرتا ہوں:

اللهم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعه

والباطل باطلا وارزقنا اجتنابه. والسلام

از تھانہ بھون اول عشرۂ اخیر ۵/ رجب ۱۳۵۰ھ (النور محرم ۱۳۵۱ھ ص:۱۴)

رساله موخرة الظنون عن ابن خلدون

اس رسالہ کو جس طرح بحث عقائد قدیمہ کے تعلق ہے۔ جیسا ظاہر ہے اسی طرح عقائد جدیدہ سے بھی تعلق ہے کہ نو تعلیم یافتہ بھی اس عقیدۂ مہدی کے نافی ہیں پس دونوں مباحث کے بعد اس کا الحاق بہت مناسب ہے ۱۲ منہ۔

تَنزِیہِ عِلمِ الرَّحمٰنِ عَن سِمَۃِ النُّقصَانِ

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ، واقف الأسرار الفرقانیۃ،
راس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الأسرار الخفی منہا والجلی اعنی بہ

مَولانا مُحمّد اَشرف علی التھانوی

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

ایک صاحب نے ایک کتاب بنام ''بلغة الحیران'' لکھی اوراس میں فرق باطلہ کا قول نقل کرنے کے بعد اس کا ابطال اور تقبیح نہیں فرمائی تھی۔

حضرت والا رحمہ اللہ نے اس رسالہ میں ان کو تنبیہ کی ہے کہ اہل باطل کا قول نقل کرنے کے بعد اس کا ابطال و تقبیح بھی ناقل کے ذمہ ضروری ہے۔

تَنزِیہُ عِلمِ الرَّحمٰنِ عَن سِمَۃِ النُّقصَانِ

سوال: (تمہید از اشرف علی) ایک مہمان نے ایک کتاب بلغۃ الحیر ان میرے سامنے پیش کی اس میں ایک مضمون نظر سے گزرا جس پر میں نے کلام کیا۔ اس مہمان نے اس کتاب کو جلا دیا جس کی اطلاع مجھ کو بعد میں ہوئی۔ اس کی ناتمام خبر کسی ذریعہ سے مؤلف صاحب کو ہوگئی ان کا خط آیا۔ میں نے جواب دینے سے ایک عذر لکھ دیا انہوں نے وہ عذر رفع کرنے کے لئے کتاب بھیج دی اس پر میں نے قدرے مفصل جواب دیا۔ اور اسی دوران میں مسئلہ کے دوسرے پہلو کے متعلق کسی جبری کا اشکال اور بعض اکابر اہل حق کا حل ایک کتاب میں مل گیا۔ طلبہ کے حظ کے لئے اس کو بھی تحریر ہذا کے ساتھ ملحق کر دیا۔ چنانچہ ذیل میں سب تحریرات منقول ہیں اور چونکہ وہ ایک خاص شان کا مضمون ہے اس لئے اس کا ایک نام بھی تجویز کر دیا جو پیشانی پر لکھا ہوا ملے گا۔

اجزاء المضمون

① اصل المکتوب بقصد الصواب ② العذر عن لجواب
③ رفع العذر بار سال الکتاب ④ تحقیق المقام بفصل الکتاب
⑤ حل بعض الاشکال بشعر عجاب.

① اصل المکتوب

بخدمت شریف اعلیٰ حضرت مولانا مولوی محمد اشرف علی صاحب مدظلہ العالی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

منجانب محمد نذر شاہ عباسی عرض ہے کہ تفسیر بلغۃ الحیر ان میری اور غلام خاندان کی تصنیف ہے۔ چنانچہ دیباچہ سے ظاہر ہے مولانا حسین علی صاحب مدظلہ سے ترجمہ پڑھا اور ان کی تقریریں لکھیں اور بعض مقام پر کچھ اپنی تقریر بھی لکھ دی ہے۔ اصل عبارت سورہ ہود میں یہ ہے۔ ﴿کل فی کتاب مبین﴾ یہ علیحدہ جملہ نہیں ماقبل کے ساتھ متعلق ہے تا کہ یہ لازم آ جاوے کہ تمام باتیں اولاً کتاب میں لکھی ہیں۔ جیسا کہ اہل سنت والجماعت کا مذہب ہے یا کہ اس کا معنی یہ ہے کہ تمہارے تمام اعمال لکھ رہے ہیں فرشتے معتزلہ کو اہل حق اس مسئلہ کے واسطے کافر نہیں کہتے مگر نووی۔ اور بعض احادیث کے الفاظ اس پر منطبق ہیں۔ اصل عبارت منقول عنہ کی یہ ہے اور مطبوعہ میں یوں عبارت ہے ﴿کل فی کتاب مبین﴾ یہ علیحدہ جملہ ہے ماقبل کے ساتھ متعلق نہیں تا کہ یہ لازم آئے کہ اولاً تمام باتیں کتاب میں لکھی ہوئی ہیں جیسا کہ اہل سنت والجماعت کا مذہب ہے اس کا معنی یہ ہے الخ اور احادیث کے الفاظ بھی اس مذہب پر منطبق ہیں الخ۔ اور یہ غلط ہے۔ (فی النووی ص: ۳۳۳)

فی هذه الاحادیث دلالات ظاهرة ان جمیع الواقعات بقضاء الله والملک لله لااعتراض علی المالک فی ملکه وقد طوی الله تعالٰی علم القدر عن العالم فلم یعلمه نبی مرسل وملک مقرب وفی النووی ص: ۳۳۴ ج: ۲ القدر من اسرار الله تعالٰی اللتی ضربت من دونها الاستار. اختص الله تعالٰی به حجبه عن عقول الخلق ومعارفهم وقد طوی علم القدر عن العالم فلم یعلمه نبی مرسل ولا ملک مقرب اهـ. فی النووی ص: ۲۷ ج: ۱ اعلم أن مذاهب اهل الحق اثبات القدر ومعناه ان الله تعالٰی قدر الاشیاء وعلمه سبحانه انها ان ستقع فی اوقات معلومة فهی تقع علی حسب ماقدرها سبحانه وانکرت القدریة هٰذا وزعمت انه سبحانه بقدرها ولم یتقدم علمه وانه مستانفة الیکم اهـ فی التفسیر الکبیر

ص: ۲۶۵ ج: ۱ ولقد کان السلف والخلف من المحققین معولین علی الکلام الهادم لاصول المعتزلة یهدم قواعدهم ولقد قاموا وقعدوا واحتالوا علٰی دفع اصول المعتزلة فمااتوا بشیء مقنع. وفی الکبیر ص: ۴۹۹ ج: ۱ اذا قضی امرا فانما یقول له کن فیکون الایه. تلک القضاء لابدان یکون محدثا لانه دخل علیه حرف اذا هـ قال الله انما قولنا لشیء اذا اردناه الایة کل فی کتاب مبین.

کل شی ءکاالیٰ ابدالآباد ہونا محال ہے۔ کیونکہ اشیاء غیر متناہی ہیں۔ ملاعلی قاری نے شرح مشکوٰۃ میں یہ لکھ کر بحوالہ حدیث درمنثور لکھا ہے کہ مراد الی یوم القیامۃ ہے۔

ترمذی شریف کا حاشیہ اسی حدیث پر دیکھو۔

اور مثنوی دفتر ۵ ص: ۸۴ ہمچنیں قد جف القلم وکیف ان لایستوی الطاعة والمعصیة ولا یستوی الا مانة والسرقة جف القلم ان لایستوی الشکروالکفران جف القلم ان الله لایضیع اجر المسلمین۔

پس قلم نبوشت کہ ہر کار را — لائق آں ہست تاثیر و جزا
ظلم آری مدبری جف القلم — عدل آری برخوری جف القلم
تو رواداری رواباشد کہ حق — ہمچو معزول آید از حکم سبق
کہ زدست من بروں رفت ست کار — پیش من چندیں میا چندیں مزار
بلکہ معنی آں بود جف القلم — نیست یکساں پیش من جف القلم
پس جفا گویند شہ راپیش ما — کہ برو جف القلم کم کن وفا

قال الله تعالٰی کل فی کتاب مبین۔ هکذا فی سورة هود وفی سورة النمل وما من غائبة فی السماء والارض الا فی کتاب مبین وفی سورة ابراهیم مایخفی علی الله من شیء فی الارض ولا فی السماء وفی التفسیر الکبیر ص: ۳۱۰ یمحوا الله مایشآء ویثبت وعنده ام الکتاب

من النبی علیه السلام ان الله سبحانه وتعالٰی فی ثلث ساعات بقین من اللیل ینظر فی کتاب الذی لاینظر فیه احد غیره فیمحوا الله مایشاء ویثبت اھ کل فی کتاب مبین. اور مامن غائبة فی السماء والارض اور فی کتاب مبین میں یامرادعلم اللہ ہے یاقیدالٰی یوم القیامہ مرادہوگی یامرادکتاب اعمال نامہ ہوگی۔ وفی سورة القمر کل شیء فعلوه فی الزبر. وکل صغیروکبیر مستطر. وفی سورة یس ونکتب ماقدموا واثارھم وکل شیء احصیناه فی امام مبین وفی سورة عالم الغیب لایعزب عنه مثقال ذرة فی السمٰوٰت ولا فی الارض ولا اصغر من ذلک ولا اکبر الا فی کتاب مبین لیجزی الذی امنوا الایة. فی سورة یونس ولا تعملون من عمل الا کنا علیکم شهودا اذ تفیضون فیه الآیة.

خلاصہ یہ ہے کہ ہماری اس تفسیر کے اس مقام پر کس بات پرآپ کااعتراض ہے اورجیسا کہ سنا گیا ہے کہ تفسیر جلائی گئی کون امر باعث ہوا ہے۔اگرکتاب کے الفاظ پر اعتراض ہےتو وہ طبع کی غلطی ہے جس کاصحت نامہ ان شاءاللہ عنقریب شائع کردیاجائے گا۔اگرمذہب پراعتراض ہےتو وہ معتزلہ کامذہب ہے ہم نے فقط نقل کردیاہے جیسا کہ اورکتابوں میں بھی منقول ہے۔اگرآپ کے پاس کتاب نہ ہوتو ہم خود کتاب خدمت میں بھیج دیں تاکہ آپ ہم کوہمارے سب اغلاط سے متنبہ فرمادیں،جزاکم اللہ تعالٰی۔

❷ (عذر) جب تک کتاب کی عبارت سامنے نہ ہومیں کچھ عرض نہیں کرسکتا۔

❸ (رفع عذر) تفسیر خدمت عالیہ میں ہدیۃً روانہ ہے۔

❹ (تحقیق المقام) الجواب ومنہ الصدق والصواب۔

مولانابارک اللہ تعالٰی فی کمالاتہم۔السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

ارسال خط وارسال کتاب سے ممنون ہوا۔چونکہ خط میں بہت باتیں عدیم التعلق یابعید التعلق لکھ دی گئی ہیں اس لئے جواب میں ان سے تعرض کرنے کی ضرورت نہیں

بھی۔ نیز میرے پاس اتنا وقت بھی نہیں۔ نیز ضعف عمر و ضعف مرض بھی مانع ہوئے اس لئے صرف ضرورت پر اکتفا کیا گیا۔ امید کہ اس اختصار کو معاف فرمادیں گے۔

سو عرض کرتا ہوں کہ جس عبارت میں آپ نے طبع کی غلطی بتلائی ہے میں نے اسکو پہلے دیکھا نہ اب دیکھنے کی ضرورت سمجھی۔ جو مضمون میں نے دیکھا تھا کتاب پیش کرنے والے کے سامنے اس پر کلام کیا تھا۔ مگر میں نے جلانے کا مشورہ نہیں دیا نہ صراحۃً نہ اشارۃً البتہ اس مضمون سے میں نے تحاشی تام کی جیسا کہ وہ اس کا مستحق ہے۔ ممکن ہے کہ اس سے ان پر یہ اثر ہوا ہو کہ اس کو جلا دیا۔ اور اس کے بعد بھی مجھ کو اطلاع نہیں۔ ایک بار میں نے مکرر دیکھنے کے لئے کتاب مانگی تب اس کی اطلاع ہوئی ورنہ اگر مجھ سے مشورہ کرتے تو میں اس مقام پر حاشیہ تنبیہی لکھوا دیتا۔ اب وہ کلام عرض کرتا ہوں کہ اہل باطل کا کوئی قول نقل کرنے کے بعد ناقل کے ذمہ ہے کہ اس کا ابطال اولاً تقبیح کے ساتھ کرے جیسا نووی نے کیا ہے۔ فی قولہ الآتی یا اگر یہ نہ ہو تو تصریح کے ساتھ کرے جیسا کہ صاحب کبیر نے کیا۔ فی قولہ الآتی اور وہ دونوں قول یہ ہیں:

قال النووی بعد نقل قولهم المذکور فی السوال انما یعلمها سبحانه وتعالٰی بعد وقوعها و کذبوا علی الله سبحانه وتعالٰی وجل عن اقوالهم الباطلة علوا کبیرا وسمیت هذا الفرقه قدریة لانکارهم القدر. قال اصحاب المقالات من المتکلمین وقد انقرضت القدریة القائلون بهذا القول الشنیع الباطل ولم یبق احد من اهل القبلة علیه وصارت القدریة فی الازمان المتاخرة معتقدة اثبات القدر ولکن یقولون الخیر من الله والشر من غیره تعالٰی عن قولهم (کتاب الایمان باب معرفۃ الایمان والاسلام) **وقال صاحب الکبیر تحت اٰیة واذا بتلی ابراهیم ربه الاٰیة وقال هشام بن الحکم انه تعالٰی کافی الازل عالما بحقائق الاشیاء وماهیا تها فقط واما حدوث تلک الماهیات ودخولها فی**

الوجود فهو تعالىٰ لايعلمها الا عند وقوعها الىٰ قوله واعلم ان هشاماً كان رئيس الرافضة فلذلک ذهب قدماء الروافض الى القول بالبداء اما الجمهور من المسلمين فانهم اتفقوا انه سبحانه وتعالىٰ يعلم جميع الجزئيات قبل وقوعها اھ۔

مگر اس کتاب بلغۃ میں اس مقام پر ایسا نہیں کیا گیا چنانچہ یہ قول باطل اس عبارت پر ختم ہوا ہے ان کے کرنے کے بعد معلوم ہوگا اھ۔ سواس کے بعد اخیر تک اس کا ابطال صریح عبارت میں بھی نہیں فضلاً عن التقبیح بلکہ وہاں ایسی عبارت ہے جس سے کسی قدر اس باطل کی تائید متبادر ہوتی ہے فی قولہ اور آیات قرآنیہ الی قولہ ان کا معنی صحیح کرتے ہیں اور اس کے بعد اہل سنت والجماعت کی تفسیر بہت معمولی طور پر ایک مختصر جملہ میں نقل کردی اور نہ اس کی فی ذاتہ تصحیح کی نہ اس کو قول مقابل پر ترجیح دی۔ پس دونوں مذہب کو نقل کر کے چھوڑ دیا۔ جس سے یہ بھی معلوم نہیں ہوسکتا کہ مؤلف کا عقیدہ کیا ہے۔ کیا ایسا احتمال بلکہ اہمال تدین کے خلاف اور نکیر شدید کے قابل نہیں۔ پس یہ حاصل ہے میرے کلام کا۔ اب ایک التماس پر معروضہ کو ختم کرتا ہوں وہ یہ کہ میں ایسی کتاب کو جس میں ایسی خطرناک عبارت ہو بعد حاشیہ تنبیہی کے بھی نہ اپنی ملک میں رکھنا چاہتا ہوں نہ اپنے تعلق کے مدرسہ میں۔ اگر عید کے قبل محصول ورجسٹری کے ٹکٹ بھیج دیئے جائیں تو ان ٹکٹوں سے ورنہ بعد میں اپنے ٹکٹوں سے خدمت میں بھیج دوں گا۔ والسلام خیر ختام

کتبہ: اشرف علی　　　لعشرین من رمضان ۱۳۵۷ھ

تمت رسالہ تنزیہ علم الرحمٰن

(النور جمادی الاخریٰ ص:۸)

5 حل بعض الاشکال فی الشعر جوہرۃ التوحید ایک کتاب ہے منظوم توحید میں مصنفہ العلامۃ الشیخ ابراہیم اللقانی اس کی شرح ہے۔ تحفة المريد على

جوهرة التوحيد للعلامة الشيخ ابراهيم الباجوری بھی کہتے ہیں یہ اشعار تحفة المريد شرح جوهرة التوحيد میں شارح علامہ ابراہیم بیجوری نے فرقہ جبریہ پر کلام کرتے ہوئے اس طرح نقل کئے ہیں۔

قال شاعرهم موردا على اهل السنة ۔

ماحيلة العبد والاقدار جارية عليه فی كل حال ايها الرائی

القاه فی اليم مكتوفاً وقال له اياک اياک ان تبتل بالماء

واجابه بعض اهل السنة بقوله:

إن حفه اللطف لم يمسسه من بلل ولم يبال بتكنيف والقاء

وان يكن قدر المولٰى بغرقته فهو الغريق ولو القٰى بصحراء

تحفه المريد ص: ۵۷ طبع مصر. انتهت الرساله وملحقتها.

(النور ص: ۷ جمادی الاولٰی ۱۳۵۸ھ)

بدیعہ تتمہ رسالہ تنزیہ علم الرحمٰن

(یہ مضمون رسالہ تنزیہ علم الرحمٰن (علم الٰہی کی پاکی) کا تتمہ ہے جو خود رسالہ تنویہ علم الرحمٰن عن سمۃ النقصان (علم الٰہی کی بلندی نقصان کی علامت سے) کا تتمہ تھا)

تتمہ رسالہ تنویہ علم الرحمٰن عن سمۃ النقصان

(مطبوعہ النور جمادی الاولٰی و جمادی الاخری ۱۳۸۵ھ)

رسالہ مذکور میں تحت عنوان تحقیق المقام جواباً میری یہ عبارت ہے کہ جس عبارت میں آپ نے طبع کی غلطی بتلائی ہے میں نے اس کو نہ پہلے دیکھا نہ اب دیکھنے کی ضرورت سمجھی۔ جو مضمون میں نے دیکھا تھا کتاب دیکھنے والے کے سامنے اس پر کلام کیا تھا الخ اس عبارت جوابی کے لکھتے وقت وہ مضمون (جس کی نسبت میں نے اپنا دیکھنا لکھا ہے) کسی عارض سے نقل نہیں کر سکا۔ کئی روز ہوئے اتفاقاً ایک صاحب نے جن کا

صاحب (تفسیر لکھوانے والے صاحب سے مروی کا تعلق ہے) املاء تفسیر سے ارادت کا
تعلق رہا ہے۔ بغرض تحقیق وعبارت نقل کر کے بھیجی ہے تتمیم (پورا فائدہ دینے کیلئے)
فائدہ کیلئے اس کو ذیل میں نقل کرتا ہوں تاکہ میرے جواب کی مزید وضاحت ہوجائے
وہی (وہ عبارت ہے) ہذہ۔ پھر یہی حضرت سورہ ہود کی آیت کل فی کتاب مبین کی
شرح میں لکھتے ہیں۔ یہ علیحدہ جملہ ہے ماقبل کے ساتھ متعلق نہیں تاکہ یہ لازم آئے کہ
تمام باتیں اوّلاً کتاب (لوح محفوظ یہی معنی صحیح ہیں کتاب ظرف ہے اس کا مظروف
وہی ہوسکتا ہے جس کا وجود کتاب سے باہر نہ ہو اعمال پہلے سے اس کے اندر درج ماننے
ہوں گے جو عمل بعد میں ہونگے تب فرشتے کہیں گے وہ ابھی کتاب میں کہاں ہوئے
کتاب ان کا ظرف کہاں ہوئی) مبین میں لکھی ہوئی ہیں جیسا کہ اہل سنت والجماعت کا
مذہب ہے۔ بلکہ اس کا معنی یہ ہے کہ تمہارے تمام اعمال لکھ رہے ہیں فرشتے۔

حاصل مقام کا یہ ہے کہ اہل سنت والجماعت قائل ہیں کہ سب کچھ پہلے لکھا ہوا
ہے اور اس کے مطابق دنیا میں امور ہو رہے ہیں۔ لہٰذا اس مذہب پر اعتراضات تو یہ
معتزلہ کے آتے ہیں۔ یعنی پس لازم آگیا کہ بندہ کو عذاب دینے کی وجہ (یعنی جب
لوح محفوظ کے لکھے ہوئے کے خلاف نہ ہوگا تو پھر بندہ مجبور ہوگیا تو گناہوں کے
عذاب کی کیا وجہ ہوئی۔ حالانکہ یہ بات سرسری سی ہے کہ لوح محفوظ میں وہ ہے جو علم
الٰہی میں ہے اور علم الٰہی ازلی ابدی ہے ازل سے ابد تک ہر ہونیوالی چیز علم الٰہی میں ہے
مگر علم الٰہی میں ہونے سے اس کا فاعل مجبور تو نہیں ہوگیا جیسے علم الٰہی میں وہ سب اُمور
بھی تو ہیں جو اللہ تعالیٰ تا ابد فرمائیں گے اگر علم میں ہونے سے مجبوری لازم آتی تو کیا
نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ کو تا ابد کے امور میں مجبور کہا جا سکتا ہے جو اللہ ہونے کے خلاف ہے
جب علم میں ہونے سے ان کو مجبور نہیں کہا جا سکتا تو علم الٰہی میں ہونے سے بندہ بھی
مجبور نہیں بن سکتا بلکہ علم الٰہی اور پھر لوح محفوظ میں یہی ہے کہ وہ اپنے اختیار سے ویسا

کرے گا اختیاری افعال میں سے عبادات پر ثواب' معاصی پر عذاب ہوگا) کیا ہوئی
گناہوں سے اور خود (بالکل رہا جیسے خود حق تعالیٰ اپنے آئندہ کے افعال میں خود مختار
ہیں باوجود علم ازلی میں ہونے کے اور علم ازلی ہونے سے ان کی مجبوری نہیں کہی جاسکتی
بندہ بھی مجبور نہیں کہلا سکتا بلکہ علم میں یہ ہے کہ اپنے اختیار سے بد کرے گا۔ اب بھی خود
مختار ہونے کے معنی وہی ہیں جو بلا اس صورت کے تھے کہ انسان کو اتنا اختیار ہے کہ وہ
کرے یا نہ کرے۔ اختیار سلب نہیں ہوا جیسے خود اللہ کا اختیار سلب نہیں ہوتا باوجود علم
میں ہونے کے) مختار بھی رہا کیونکہ اوپر اس تقدیر کے خود مختار ہونے کا معنی نہیں معلوم
ہوتا کہ کیا ہے اسی واسطے مسامرہ والے نے اس کا جواب نہ دیا اور کہا کہ نہایت سخت
اشکال ہے اور تفسیر کبیر والے نے کہا ہے کہ اس کے واسطے بہت حیلے کئے ہیں۔

لیکن کوئی معتدبہ (شمار کے قابل) جواب نہ دیا جس سے تسلی اور یقین آجائے۔
دوسرا یہ ہے کہ باری تعالیٰ اس تقدیر پر (بالکل غلط ہے کسی چیز کا علم ہونا آخر اختیار کی قوت
کو کیسے سلب کر سکتا ہے یا چاہے خود کو علم ہو یا دوسرے کو، ان کو اپنے افعال کا بھی علم ہے
ہمارے افعال کا بھی اور ازل سے علم ہے اگر ازل سے علم ہونے سے مجبوری ہوتی تو ازل
سے ہی مجبور کیسا ہوگا جو الوہیت کے بالکل خلاف ہے چاہے لوح محفوظ میں ہوتا یا نہ ہوتا
تو جیسے ازلی علم میں ہونے سے مجبوری نہیں ہوسکتی لوح محفوظ میں ہونے سے بھی نہیں
ہوسکتی ایک کھلا مغالطہ ہے مرید (ارادہ والا) ہوتا بھی صفات ازلیہ میں سے ہے اس صفت
کا تعلق حادث شے سے حادث اور بعد کا ہوگا نہ کہ ارادہ ہونا کہ وہ قدیم صفت ہے) مختار
نہ رہا۔ کیونکہ اس تحقیق پر مرید ہونے کا معنی کیا ہے بلکہ لازم آتا ہے کہ مختار نہ رہے۔

جیسا کہ حکماء کہتے ہیں اور معتزلہ کہتے ہیں کہ پہلے ذرہ بذرہ لکھا ہوا نہیں بلکہ
جو چاہا تھا لکھا تھا سب چیز موجود کا عالم ہے اور جس چیز کا ارادہ کرتا ہے۔ اس کا بھی علم
ہے اور جس (یہ ایک مغالطہ ہے صفت ارادہ اور شے ہے اور حادث سے اس کا تعلق

ہونا اور شے ہے یہ تعلق حادث ہے مغالطہ صفت اور اس کے تعلق میں خلط ملط کر لے
سے ہو رہا ہے ورنہ ارادہ تو صفت قدیمہ ہے ازل سے موجود ہے ہاں اس صفت کا تعلق
شے حادث سے بعد میں ہوگا۔ جیسے صفت موجد قدیم اور اس کا تعلق موجودات سے
بعد میں ہوتا ہے۔ اس شے کے نہ ہونے سے اس کے علم کا نہ ہونا اس کے ارادہ کا نہ ہونا
لازم نہیں آتا صرف اسی سے تعلق نہ ہونا ارادہ کا لازم ہے) چیز کا ابھی ارادہ نہیں کیا اس
کا عالم نہیں۔ کیونکہ اصل میں وہ شے بھی نہیں اور انسان خود (ٹھیک ہے مگر علم الٰہی میں
ہونے سے اس کی مختاری کہاں چلی گئی بلکہ علم میں نہ ہونے سے کہ وہ اپنے اختیار سے
کرے گا خود مختاری تو اور قوی ہوگئی) مختار ہے اچھے کام کریں یا نہ کریں اور اللہ کو پہلے
اس سے کوئی علم (اس کا علم نہ ہونے اس درجہ میں جہل ہونا آیا جیسے لفظ کرنے کے بعد
معلوم ہوگا سے معلوم ہو رہا ہے تو علم کامل علم مطلق کہاں ہوا اور جہل الوہیت کے خلاف
ہے اس لئے یہ بات محال ہے کہ علم نہ ہو) ہی نہیں کہ کیا کریں گے بلکہ اللہ کو ان کے
کرنے کے بعد معلوم ہوگا اور آیات قرآنیہ جیسا کہ و لیعلم الذین (اور تاکہ جان لیں
اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو۔ سے بظاہر یہی معلوم ہوا کہ ابھی قبل وجود کے حق تعالیٰ کو علم نہیں
تھا۔ حالانکہ کلام انسانوں کو عقل کے موافق اور ان کو سمجھانے کا ہے کہ تمہاری عقل کے
موافق اللہ تعالیٰ یہ جان لیں یعنی ان کا علم تمہاری عقل وفہم کے سامنے آجائے) وغیرہ
بھی اور احادیث کے الفاظ بھی اس مذہب پر منطبق ہیں مگر بعض مقام قرآنیہ جو ان کے
مطابق نہیں بنتے ان کا معنی (یعنی اپنے قول کے مطابق کرنے میں تاویلیں کر لیتے
ہیں) صحیح کرتے ہیں اور اہل سنت والجماعت کے معنی (علم الٰہی کا ظہور یعنی تاکہ علم الٰہی
تم پر ظاہر ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو جان لیا ہے) علم کے ظہور لیتے ہیں جس جگہ
مخالف آجائے انتہت تتمہ (تتمہ ختم ہوگیا) اس کا کافی رد اصل رسالہ میں جس کا پورا پتہ
اس تتمہ کی پیشانی کی عبارت میں لکھا ہے۔ مذکور ہے ملاحظہ فرمایا جائے۔

اَلتَّقصِیر فِی التَّفسِیر

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ، واقف الاسرار الفرقانیۃ، رئیس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الاسرار الخفی منہا والجلی اعنی بہ

مَولانا مُحمّد اَشرف علی التّھانوی

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

موجودہ زمانہ کے بعض علماء نے قرآن مجید کی ایک تفسیر لکھی ہے جس میں بعض آیات کی تفسیر میں رائے اور قیاس کو دخل دیا ہے اور بعض مقامات پر تاویلات بعیدہ سے کام لیا ہے۔ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اس رسالہ میں ان غلطیوں پر متنبہ فرمایا ہے۔

التقصیر فی التفسیر

امابعد! الحمد والصلوٰۃ فقد قال اللّٰہ تعالیٰ یحرفون الکلم من بعد مواضعہ وقال تعالیٰ قل ما اسئلکم علیہ من اجر وما انا من المتکلفین وقال تعالیٰ و من اضل ممن اتبع ھواہ بغیر ھدی من اللّٰہ وقال تعالیٰ ان یتبعون الا الظن وقال تعالیٰ ولا تقف مالیس لک بہ علم و قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم. من قال فی القرآن برأیہ فاصاب فقد اخطأ (مشکوٰۃ عن الترمذی و ابی داؤد) وقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم یحمل ھٰذا العلم من کل خلف عدولہ ینفون عنہ تحریف الغالین وانتحال المبطلین و تاویل الجاھلین. (رواہ البیہقی فی کتاب المدخل مرسلا کذا فی المشکوٰۃ): ان آیات واحادیث سے چند امور مستفاد ہوئے۔

(نمبراوّل) جس طرح نصوص کی تحریف لفظی یعنی تبدیل کلمات مذموم ہے۔ اسی طرح تحریف معنوی یعنی غیر محمل صحیح پر محمول کرنا اور معنی غیر واقعی سے تفسیر کرنا بھی مذموم ہے۔

(نمبر۲) غیر ثابت کو تکلف سے ثابت کرنا بھی مذموم ہے۔

(نمبر۳) بغیر دلیل شرعی کے محض اپنے خیالات کا تابع ہونا مذموم ہے۔ اسی دلیل شرعی کے یہ القاب ہیں۔ ہدیٰ، علم اوران خیالات کے یہ القاب ہیں۔ ہویٰ، ظن۔

(نمبر۴) نصوص کی تفسیر بالرای مذموم ہے۔ (نمبر۵) دین میں کہ اعظم اس میں قرآن ہے غلو کرنا یعنی حدود سے تجاوز کرنا جس میں حدود تفسیر سے تجاوز کرنا بھی آ گیا تحریف ہے اور قول باطل کا اختیار کرنا جس میں تفسیر غیر صحیح بھی آ گئی انتحال یعنی

ادعائے کاذب ہے اور جہل سے کوئی بات کہنا کہ بدون دلیل شرعی کے تفسیر کرنا بھی اس میں آ گیا تاویل باطل ہے۔(نمبر۶) جو لوگ ایسا کریں وہ محرفین و متکلفین اور اہل ہوی واہل ظنون فاسدہ واہل غلو و مدعی کاذب و مخترع و جاہل ہیں۔

(نمبر۷) سلف کے بعد خلف میں جس طرح محرفین و مدعین ظاہر ہوتے رہیں گے۔اسی طرح ان ہی میں ایسے خادمان علم بھی ہمیشہ پیدا ہوتے رہیں گے جو ایسی تحریفات و دعاوی کاذبہ و تاویلات جاہلانہ کا ردّ کرتے رہیں گے۔چنانچہ سب زمانوں میں دونوں سلسلے برابر جاری رہے جو کہ مخفی نہیں۔حتیٰ کہ اسی سلسلہ میں ہمارے وقت میں بھی دونوں جماعتیں موجود ہیں۔محرفین حقائق کی بھی اور معرفین حقائق کی بھی (یہ رسالہ بھی ان دونوں جماعتوں کا آئینہ ہے) پھر اُن محرفین میں دو جماعتوں میں ایک وہ جو اپنی جماعت جدا بنائے ہوئے ہیں اور ان کا جدا ہونا سب کو معلوم ہے، دوسرے وہ جو اپنے کو اہل حق کی جماعت میں داخل کہتے ہیں اور دوسروں کی نظر میں بھی وہ اہل حق کے آحاد ہیں۔یہ جماعت سخت خطرناک ہے کیونکہ ان کا باطل حق سے ممتاز نہیں ہوتا، اس لیے عوام تو عوام بعض خواص بھی ان کے باطل سے متاثر ہو جاتے ہیں۔چنانچہ اس وقت ایسی ہی ایک جماعت اپنے کو ہمارے اکابر کی طرف منسوب کرتی ہے اور اپنے آراء مخترعہ اور اہواء مبتدعہ سے نصوص میں خصوص قرآن مجید میں تصرفات کر کے بزعم خود دین کی خدمت کر رہی ہے جو کہ بالکل اِس شعر کا مصداق ہے:

دوستی بے خرد چوں دشمنی ست حق تعالیٰ زین چنیں خدمت غنی ست

اور وہ تصرفات بعینہا ان اشعار کے مصداق ہیں:

بر ہوا تاویل قرآں میکنی پست و کثر شد از تو معنی سنی
چوں ندارد جاں تو قندیلہا بہر بینش میکنی تاویلہا
کردۂ تاویل لفظ بکر را خویش راتاویل کن نے ذکر را

ہر چند کہ اجمالاً اس جماعت کا مدت سے علم تھا لیکن اس پر متنبہ کرنے کا کوئی

خاص اور قوی داعی نہ تھا، اس لیے کبھی اس طرف التفات نہیں ہوا۔

لیکن اب قریب ہی زمانہ سے بعض واقعات جن کی تفصیل عنقریب آتی ہے اس تنبیہ کے محرک ہوئے، اس لیے یہ چند سطور بضمن ایک مقدمہ اور چند فصول اور ایک خاتمہ کے اس حقیقت کے کشف کے لیے لکھی جاتی ہیں۔

واللہ ولی الھدایہ وھو العاصم عن العمی والغوایہ

مقدمہ

جن احکام کو نصوص کی طرف مستند کیا جاتا ہے وہ دو قسم کے ہیں۔ ایک قسم وہ کہ جو وجوہ دلالات علماء و مجتہدین کے نزدیک معتبر اور کتب اُصول و عربیت میں مدون ہیں۔ اُن وجوہ کے اعتبار سے وہ نصوص ان احکام پر دلالت کرتے ہیں۔

پھر یہ دلالت اگر تنصیصاً ہو تو اس کا نام تفسیر ہے خواہ قطعی ہو یا ظنی اور اگر استنباطاً ہے تو اس کا نام فقہ اور اجتہاد ہے اور تنصیصی دلالت کا دلالت ہونا تو ظاہر ہے اور استنباطی دلالت کا دلالت ہونا اس اصل متقرر پر ہے کہ "**القیاس مظھر لامثبت**" اور دوسری قسم یہ کہ وہ نصوص دلالت کے وجوہِ معتبرۂ مذکورہ کے اعتبار سے ان احکام پر دلالت نہیں کرتے لیکن جن احکام کو اُن نصوص کی طرف مستند کیا ہے اُن احکام کو اُن نصوص کے مدلولات سے ایک گونہ مناسبت و مشابہت ہے۔

اس مناسبت کے سبب ان احکام مدلولہ سے ان احکام مستندہ کی طرف ذہن منتقل ہو جاتا ہے اور اس تعلق کے سبب بنا بر قاعدہ "**الشی بالشی یذکر**" اس حکم کو اس نص کے ذیل میں بطور تشبیہ کے ذکر کر دیا جاتا ہے اور اس قسم کے احکام کو مدلول نص اور ثابت بالنص کہنا یقیناً تفسیر بالرائے اور تحریف نصوص اور سخت معصیت ہے جس پر وعید شدید وارد ہے جن میں سے بعض تمہید میں مذکور ہو چکی ہے۔

لیکن اگر مدلول نص نہ کہا جاوے تو تحریف و تفسیر بالرائی کی حد سے تو نکل گیا باقی

رہا جواز و عدم جواز، اس میں یہ تفصیل ہے کہ وہ حکم اگر دین میں مطلوب ہو جس کی علامت یہ ہے کہ وہ دوسری نصوص سے بوجوہ دلالات معتبرۂ قسم اوّل مقصوداً ثابت ہو تب تو جائز ہے اور ہمیشہ اُمت میں معمول بہ رہا ہے۔ خصوص صوفیہ میں اور اس کا نام علم اعتبار ہے اور اگر وہ حکم دین میں مطلوب نہ ہو خواہ فی نفسہٖ صحیح ہی ہو جس کی علامت ابھی مذکور ہوئی تو وہ ناجائز اور داخل غلو و تکلف منہی عنہ ہے۔

جیسے آیہ "**وان اردتم ان تسترضعوا اولادکم فلا جناح علیکم**" سے یہ حکم ثابت کیا گیا کہ اگر از ممالک خارجہ کساں رابرائے ترتیب نہر وغیرہ قوم خود طلبانیدہ شود درست "**کما سیاتی فی العبارۃ السابعۃ عشر من الفصل الثالث**" سو یہ حکم جواز طلب از ممالک غیر گو فی نفسہٖ صحیح ہے مگر شرعاً مطلوب و مقصود تو نہیں ہے۔ چنانچہ ظاہر ہے تو اس حکم کا استناد قرآن کی طرف یقیناً غلو ہے بخلاف احکام صوفیہ کے کہ وہ دین میں یقیناً مطلوب ہے جیسے قصہ ذبح بقرہ بنی اسرائیل سے نفس کشی کا استنباط کیا گیا ہے کہ خود نفس کشی حکم شرعی اور دین میں مطلوب اور دوسری نصوص سے مقصوداً ثابت ہے۔ "**فشتان ما بینھما ولا یصح قیاس احدھما علی الآخر کما قال الرومی رحمہ اللّٰہ**":

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر   گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

وقال الرومی رحمہ اللہ:

معجزہ را باسحر کردہ قیاس   ہر دو را بر مکر بنہادہ اساس

اس مسئلہ کی مزید تحقیق کرنا ہو تو میرے رسالہ مسائل السلوک من کلام ملک الملوک کا خطبہ اور مسائل المثنوی میں سرخی تحقیق حمل صوفیہ کرام آیات را بر معانی خلاف ظاہر اور رسالہ ظہور العدم بنور القدم کا اخیر مضمون ملقب بہ الحاق ملاحظہ فرما لیا جاوے۔ مقدمہ ختم ہوا آگے چند فصول میں مقصود آتا ہے۔

فصل اوّل

جس مقصود کو میں اس وقت عرض کرنا چاہتا ہوں اس کا تعلق صرف کلام مجید اور اس کی تفسیر سے ہے اور وجہ اس تخصیص بالقرآن کی یہ ہے کہ قریب مدت کے اندر احقر کو چند واقعات معلوم ہوئے۔ پہلا واقعہ جو سب سے اوّل وقوع میں آیا کہ اپنی جماعت کے ایک ذی اثر نوعمر عزیز ترجمہ یا تفسیر کی تحصیل کے لیے ایک ایسے ہی مقام میں پہنچے جہاں تفسیر میں اسی قسم کے افراط وتفریط کا احتمال اہل علم کی روایت سے معلوم ہوا تھا مگر چونکہ ہر سنی ہوئی بات موثوق نہیں ہوتی اس لیے عزم تھا کہ ان عزیز سے اس کی اصل دریافت کی جاوے گی۔ لیکن اتفاقاً اُن عزیز کو خود ایسی پریشانیوں کا سامنا ہوگیا جس سے ایسی تحقیق کی گرانی اُن پر ڈالنے کو دل نے گوارا نہیں کیا، قریب ایک سال کے اسی حالت راہنہ میں گزر گیا۔ دوسرا واقعہ غالباً ایک مہینہ ہوا ہوگا کہ مجھ کو ایک فاضل دوست نے دو رسالے اُن ہی مترجم کے دیئے۔

ایک میں سورۂ قریش کی تفسیر تھی، دوسرے میں سورۂ کوثر کی، جس کی لوح پر صریح لفظ ''سلسلہ تفسیر وتشریح مضامین سورہ'' لکھا ہے جس سے اُن تقریرات کا علم اعتبار میں داخل ماننے کا احتمال بھی دفع ہوگیا کیونکہ علم اعتبار نہ تفسیر ہوتا ہے اور نہ اس کے معلومات نصوص کے مضامین یعنی مدلولات ہوتے ہیں، صرف اُن مضامین کے مشابہ ہوتے ہیں ''كما ذكر في المقدمة'' ان کے دیکھنے سے بدرجہ اجمال وہ احتمال مبدل بہ یقین ہوگیا۔ تیسرا واقعہ اپنی جماعت کے ایک صحیفہ شہر یہ بابت شعبان ۱۳۴۷ھ میں ان عزیز کے ایک مضمون معنون بہ نتائج القرآن کے بعض مقدمات نظر سے گزرے۔ اُن کے طرز تحریر سے شبہ ہوا کہ عجب نہیں، یہ اسی شان کی تفسیر کا طوطیہ ہو۔ چوتھا واقعہ پھر وسط شعبان مذکور میں اپنی جماعت کے بعض طلباء سے ملاقات ہوئی جو اسی مقام پر جانے کو تیار تھے اور اُن ہی سے یہ بھی معلوم ہوا کہ متعدد طلبہ جانے کو

ہیں جن کا سبب میرے گمان میں اُن عزیز کا جانا ہے جو واقعہ اولیٰ میں مذکور ہوا۔ اُن ہی صاحب نے چند اجزاء قلمی لکھے ہوئے دکھلائے جن میں مترجم مذکور کے ایک شاگرد نے اپنے اُستاد کی بعض تقریرات ضبط کی تھیں اور وہ اجزاء ان صاحب کو نقل کے لیے دیئے تھے۔ ان کے دیکھنے سے وہ امر محتمل مجملاً جو واقعہ دوم میں مذکور ہوا مفصلاً محقق ہو گیا۔ نیز ان اجزاء میں کچھ تعریفات اور کچھ مقدمات بھی تھے، اُن میں سے بعض مقدمات کا نتائج القرآن کے بعض مقدمات سے بعینہ توافق دیکھ کر جس پر فصل پنجم کے جزو دوم میں تنبیہ کی جاوے گی اس طوطیہ کا ظن قریب بہ یقین غالب ہو گیا جس کا ذکر واقعہ سوم میں ہوا ہے۔ احقر نے اُن صاحب کو تو وہاں جانے سے زبانی منع کر دیا مگر دوسرے غائب حضرات کے لیے بھی عموماً اور اُن عزیز کے لیے خصوصاً دلسوزی سے دل چاہا کہ اس کے متعلق کچھ مختصر سا لکھ بھی دوں تا کہ حقیقت کی اطلاع ہو جاوے۔ پھر ہر ایک اپنے دین کا خود ذمہ دار ہے۔ پھر جانا یا نہ جانا اس کا مصداق ہوگا۔ "لیھلک من ھلک عن بینة ویحیی من حی عن بینة" یہ وجہ ہے اس تخصیص کی کہ صرف قرآن مجید کے متعلق یہ مضمون لکھا جا رہا ہے۔

فصل دوم

قرآن مجید کی اصلی غرض اصلاح معاد ہے، عقائد صحیحہ و اعمال مرضیہ ظاہرہ و باطنہ سے باقی معاش کا ایک حصہ بھی چونکہ معین فی الدین ہے۔ بقدر ضرورت اس سے بھی تعرض کیا گیا ہے مگر نہ اس طرح کہ اس کے حاصل کرنے کی تدابیر بتلائی گئی ہیں بلکہ صرف اس طور پر کہ خاص حدود و قیود کے ساتھ اس کی تحصیل کی اجازت و ترغیب دی گئی ہے جیسے کتب طبیہ کی اصلی غرض تدابیر صحت کی تعلیم ہے اور چونکہ ماکولات و مشروبات بقاء صحت میں معین ہیں۔ اس لیے بقدر ضرورت اس کے احکام سے بھی تعرض کیا گیا ہے مگر نہ اس طرح کہ روٹی اور قورمہ پکانے کی ترکیب بتلائی گئی ہو

بلکہ صرف اس طور پر کہ خاص حدود و قیود کے ساتھ اس کے کھانے کی اجازت و ترغیب دی گئی ہے اور یہ دعویٰ قرآن مجید میں نظر کرنے سے کالشمس فی نصف النہار روشن ہے۔ پس قرآن مجید سے تدابیر معاش کو ثابت کرنا اور اس کو حکم قرآنی قرار دینا جیسا ان تقریرات مذکورہ واقعہ چہارم فصل اوّل میں کیا گیا ہے جن کی تفصیل فصل سوم میں آتی ہے۔ ایسا ہے جیسے کسی نے کافیہ کی کہ نحو کی کتاب ہے مسائل تصوف کے ساتھ شرح کی ہے کیا اس کو الحاد اور کج روی اور اتباع ہویٰ نہ کہا جاوے گا؟

فصل سوم

اس میں اجزاء مذکورہ واقعہ چہارم فصل اوّل میں سے بعض عبارات نمونہ کے طور پر مختصراً مختصراً نقل کرتا ہوں۔ مبصر کے لیے تو خود وہ عبارات ہی اپنی حقیقت بتلانے کے لیے کافی ہیں۔ "کما قیل سبوح لھا منھا علیھا شواھد و کما قیل ،صورت بیں حالت مپرس۔ مگر غیر مبصر کے ایقاظ کے لیے ان کے متعلق کچھ کچھ تنبیہات بھی عرض کی جاویں گی جن سے علاوہ محذورات مذکورہ مقدمہ کے اور خرابیاں بھی ظاہر ہوں گی۔ ذیل میں ملاحظہ ہو اور دونوں کو محاذاۃ میں اس لیے لکھا کہ اگر کوئی اُن عبارات کو مجتمعاً دیکھنا چاہے تو درمیان میں تنبیہات فاصل نہ ہوں۔ جیسا کہ توجیہات و تنبیہات کے تعاقب سے فصل ہو جاتا اور اس کی ہیئت ویسی ہی ہے جیسی رسالہ انموذج کی۔

توجیہات: (اوّل) ہاروت و ماروت انسان فرشتہ سیرت بود آنہارا خدا تعالیٰ ایں چنیں قدرت دادہ بود۔

تنبیہات: (اوّل) اس کی بنا، نہ کوئی نقل صحیح ہے جس کے سبب قرأۃ متواترہ کے حقیقی معنی کو چھوڑ دیا جاوے، نہ کوئی دلیل عقلی ہے جس سے فرشتہ سے اس فعل کے صدور کا امتناع ثابت ہو۔

(دوم) مولوی عبیداللہ سندھی تطبیق پنج باقی ہم کردہ نسخ رامنسوخ کردہ

(دوم) ظاہر عبارت سے نسخ کا انکار معلوم ہوتا ہے جو جمہور کی سخت مخالفت ہے۔

(سوم) **واقیموا الصلوٰۃ** ۔اکنوں مشق قتال کنید بدانکہ نماز وزکوٰۃ نمونہ و مشق جہاد ست، وما تقدموا ہر قدر کہ مشق خواہید کرد

(سوم) صریح دعویٰ ہے کہ نماز وغیرہ خود عبادات مقصودہ بذاتہا نہیں ہیں مقصود بغیر ہا ہیں، یعنی للجہاد پھر اس سے بھی مقصود ملک داری و ملک گیری ہے۔

چنانچہ تنبیہ ششم میں اس کا شاہد آتا ہے جس کی کوئی دلیل نہیں بلکہ اس کا بطلان ظاہر ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ خود جہاد مقصود بذاتہ نہیں ہے بلکہ مقصود للعبادات المقصودہ ہے "**کما قال تعالی الذین ان مکناھم فی الارض اقاموا الصّلوٰۃ واٰتوا الزکوٰۃ وقال تعالیٰ وقاتلوھم حتّی لا تکون فتنۃ ویکون الدین للّٰہ**" ورنہ جن سے جہاد ساقط ہو گیا ہو، ان پر نماز فرض نہ رہتی، علاوہ اس کے اللہ تعالیٰ کو اس طرح ہیر پھیر کر کے مشق جہاد کا حکم دینے کی کیا ضرورت تھی جس کو آج تک کوئی بھی نہیں سمجھا تو ایسے چیستانی حکم سے فائدہ ہی کیا ہوا، پھر نماز پڑھنے سے قتال میں کون سی مہارت ہو سکتی ہے بلکہ مخالفین کی نظر میں ایک مضحکہ بنانا ہے جیسے بعضے لوگ شطرنج کی یہی مصلحت بتلاتے ہیں کہ اس سے قواعد جنگ کے معلوم ہوتے ہیں، ایسا ہی یہ بھی مضحکہ ہے، کیا اس کا صریح حکم نہیں فرما سکتے تھے۔

جیسا کہ ایک آیت میں ارشاد فرمایا: "**واعدوا لھم ما استطعتم من قوۃ**" اور خطاب ملائکہ کے ضمن میں فرمایا: "**فاضربوا فوق الاعناق واضربوا منھم کل بنان**" اور غور کرنے کی بات ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جس طرح ایمان و اسلام کے سوال میں عقائد و نماز و روزہ و زکوٰۃ و حج کو بطور تفسیر فرمایا ہے کہیں اس طرح جہاد کو بھی فرمایا ہے اور جہاد اس وقت مشروع ہو چکا تھا کیونکہ حج کی مشروعیت جہاد سے متاخر ہے۔ "**کما سیاتی فی التنبیہ السادس**"

(چہارم) **ان فی خلق السموات** (مضمون سعی رزق) در مابعد عنقریب

خواہد آمد کہ کلوا مما فی الارض لہٰذا اقبل اکل طریق حصول رزق معلوم کنانیدہ شد یعنی اللہ تعالیٰ بقدرت کاملہ خویش خزائن سماوی وارضی پیدا کردہ است وانسان را عقل دادہ است کہ آن خزائن را حاصل کردہ وجہ معیشت کند دریں زماں عمل بریں آیت باشندگان مغرب بسیار کردہ اند۔

(چہارم) آیتوں کو کس قدر توڑا مروڑا ہے کہ خدا کی پناہ، سیدھا مطلب آیات کا جو قرآن دیکھنے سے بلا تکلف ظاہر ہے یہ ہے کہ "الٰهكم الله واحد" میں دعویٰ توحید کا کیا گیا ہے، آگے آیت "ان فی خلق السمٰوات" میں اس دعویٰ پر دلیل عقلی قائم کی گئی اس کے بعد "ومن الناس من يتخذ" میں شرک واہل شرک کی مذمت فرمائی گئی ہے اس کے بعد "يايها النّاس كلوا مما فی الارض الی قوله انما حرّم عليكم الميتة الآيه" میں بعض رسوم شرکیہ کا ردّ ہے۔

غرض تمام آیات کا حاصل تصحیح عقائد ہے مگر مترجم صاحب نے ایک عجیب ارتباط کا اختراع کیا کہ اصل مقصود "كلوا مما فی الارض" کو بنایا اور وہ بھی بحیثیت ابطال رسوم شرک نہیں بلکہ مقصود بالذات ہونے کے طور پر "کما قیل، تو معتقد کہ زیستن از بہر خوردن است ......اور "ان فی خلق السمٰوات الخ" کو اس کا مقدمہ بنایا اور آیت کا پورا عامل انگریزوں کو قرار دیا تو گویا قرآن مجید کسب دُنیا کے اس درجہ کا حکم دے رہا ہے جس کو انگریز حاصل کر رہے ہیں۔ "انا للّٰه" اس تمام تر فساد کی بنا، وہی کمبخت حسب حب ترقی ہے۔ "اللّٰهمّ احفظنا"

(پنجم) "كتب عليكم اذا حضر احدكم الخ" مثلاً پسر قوت میگردد و پدرش پیر فرتوت ست ایں پسر را باید کہ برائے پدر خود قدرے مال وصیت کند۔ "صاحبهما فی الدنيا معروفا" وایں وصیت للوارث ہم نیست چرا کہ پدر کافر وارث نمی تواند شد

(پنجم) پہلا کوئی نقلی یا عقلی قرینہ اس کا ہے بھی کہ والدین سے مراد کافر والدین ہیں، اسی لیے آج تک اس تفسیر کی کسی نے جرأت نہیں کی یہ تمام تر خرابی انکار نسخ کی ہے

کیونکہ جب اس میں نسخ نہ ہوگا تو وصیت للوارث کا اشکال لازم آوے گا، اس اشکال کے دفع کرنے کے لیے والدین کو کافر بنایا گیا۔ کیا نسخ کا اشکال اس تحریف سے زیادہ ہے۔ "ربنا لا تزغ قلوبنا" پھر حسرت پر حسرت یہ کہ جس نسخ سے بچنے کے لیے یہ مصیبت اُٹھائی اس نسخ سے اب بھی بچاؤ نہ ہوا کیونکہ کافر کی قید لگانا حدیث "الا لا وصیۃ لوارث" سے یہ تقید مطلق بالحدیث ہے تو آیت کا نسخ حدیث سے ہوا۔

(ششم) "واتموا الحج" در قتال ضروری اشیاء را مشق کردن درج کنید و آں دہ اند خروج عن الوطن خود را در محال خطرات افگندن۔ احبار را خیر باد، سادہ زندگی بسر کردن حتی کہ در کفن کفایت کردن، چوں احرام در یک لباس ملبوس بودن۔ در ماہ فلاں بتاریخ فلاں بوقت فلاں تمامی مسلمان بمرکز جمع شدن در ایں چنیں مجمع عظم مناقشات فیما بین خود را بالائے طاق داشتن از تعمیل حکم افسر بمقدار ذرہ ہم پس پاشدن۔ از خانہ خود ثمر برداشتہ آمدن ازیں ہمہ اشیاء مطلوب یک چیز است۔ یعنی حصول رضائے الٰہی واعلاء کلمۃ اللہ مقدمۂ قتال حج ست دریں سبق ست از جہاد

(ششم) سب سے اوّل تو یہی سوال ہے کہ "ھاتوا برھانکم ان کنتم صٰدقین" علاوہ اس کے اس میں بھی وہی محذور جو تنبیہ سوم میں مذکور ہوا کہ اس سے حج کا مقصود بالغیر ہونا لازم آتا ہے جو ماہر شریعت کے نزدیک صریح البطلان ہے۔

نیز تاریخ بھی اس کے خلاف پر شاہد ہے کیونکہ اہل نقل کا اس پر اتفاق ہے کہ جہاد کی فرضیت حج پر مقدم ہے۔ پھر افعال حج مقدمات جہاد کیسے ہوسکتے ہیں ورنہ مقدمات کا مقصود سے تاخر لازم آتا ہے جو عقلاً باطل ہے اور اس عبارت میں جو جہاد کا مقصود اعلاء کلمۃ اللہ کہا گیا ہے اس سے تنبیہ سوم کے اس قول پر شبہ نہ کیا جاوے جس میں ان صاحبوں کی طرف جہاد کا مقصود ملک داری و ملک گیری ہونے کو منسوب کیا گیا ہے کیونکہ یہ حضرات ملک گیری وسلطنت ہی کو رضا الٰہی بتلاتے ہیں۔

چنانچہ عبارت بست و یکم کے ختم پر یہ قول صریح مذکور ہے تا ایں مقام ملک داری

ختم شد اس میں تصریح ہے کہ ان تمام احکام مذکورہ سے جس میں "حافظوا علی الصّلوات" بھی داخل ہے جو یقیناً رضائے حق کے لیے ہے مقصود یہی سلطنت کی تحصیل ہے۔ بس رضائے حق یہی سلطنت ہوئی۔

(ہفتم) ولا تنکحوا المشرکات: مرد وزن درعقد معاہدہ پابند یک دیگر اند مرد رائی صغیر وزن رعایا صغیرست ہم چنیں حاکم ومحکوم پابند معاہدہ می باشند پس، ہرگاہ یک عورت مسلمان رعیت صغیر (منکوحہ) مشرک اگر چہ بادشاہ باشد نمی تواند شد پس جم غفیر مسلمان رعیت رائی کبیر کافر خواہد شد ہرگز نہ۔ مسلمان ہرگز کافر را راہی خود نمی تواند کرد

(ہفتم) اس میں علاوہ مفاسد مشترکہ مذکورہ بالا جیسے اس استنباط کے مقصود نہ ہونے کی کوئی دلیل نہ ہونا اور جیسے اس کا صریح حکم موجود ہوتے ہوئے اس استنباط کی حاجت نہ ہونا ایک بڑی خرابی یہ لازم آتی ہے کہ یہاں دو حکم ہیں ایک "لا تنکحوا المشرکات" اور دوسرا "لا تنکحوا المشرکین" ظاہر ہے کہ یہ حکم جو مستنبط کیا گیا ہے حکم ثانی سے مستنبط ہے۔ سو اگر یہ استنباط معتبر ہے تو چاہیے حکم اوّل سے یہ مسئلہ مستنبط کیا جاوے کہ ہرگاہ یک عورت مشرکہ رعیت صغیرہ (منکوحہ) مسلمان اگر چہ بادشاہ باشد نمی تواند شد پس جم غفیر مشرکاں رعیت رائی کبیر مسلمان چگونہ خواہد شد۔ مشرک ہرگز مسلمان را رائی خود نمی تواند کرد اب ہم منتظر ہیں کہ یہ مجتہد صاحب اس استنباط کی نسبت کیا فرماتے ہیں۔ "ربنا لا تزغ قلوبنا"

(ہشتم) ویسئلونک عن المحیض، ہم چنیں در سیاست حاکم مسلمان را دخل نیست کہ کافر کہ در ملک او رعیت شدہ می ماند در وقت بت پرستی او را قتل کند و زدوکوب ودرپے او افتد چرا کہ ایں وقت نجاست ست مانند حیض

(ہشتم) اس استنباط پر تو بے ساختہ وہ مصرعہ یاد آتا ہے "لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں" جب علم وسلیقہ نہیں تو اپنے کو اضحوکہ طفلان بنانا کیا ضرور ہے یوں نہ سوچا کہ اوّل تو حیض میں جو وطی ہوتی ہے وہ اپنے انتفاع کے لیے ہوتی ہے نہ کہ عورت کے

اضرار کے لیے تو وطی کی نہی سے اضرار کی نہی پر کیسے استدلال صحیح ہوسکتا ہے اور اگر صحیح ہے تو اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ جیسے طہارت عن الحیض میں وطی جائز ہے۔ اسی طرح غیر حالت بت پرستی میں کافر کو زدوکوب کرنا جائز ہے۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔

(نہم) **نسائکم حرث لکم**، رعیت برائے شما آبادی ست خود بدسلوکی نہ کنید

(نہم) اگر حرث لکم سے یہ استنباط بواسطہ ایک مقدمہ اجنبیہ کے کہ حرث کو اُجاڑنا نہ چاہیے صحیح ہے تو "**فاتوا حرثکم انی شئتم**" سے بلاواسطہ کسی مقدمہ کے یہ استنباط بھی صحیح ہوگا کہ رعیت کے اموال میں جس طرح چاہو تصرف کرو۔ بشرطیکہ وہ استیصال تک نہ پہنچے تو کیا اس کا التزام کرنا ممکن ہے۔

(دہم) **للذین یولون من نسائھم**، چنانکہ راعی صغیر یعنی مرد را چار ماہ مہلت وغورمی باشد ہمچناں راعی کبیر را ہم مدت مذکور غور کردن باید اگر رعیت نہ فہمد پس مطابق دل خود کار کند وقطع کند۔

(دہم) اگر یہ استنباط صحیح ہے تو یہ حکم بھی لازم ہوگا کہ چار مہینہ سے زائد مہلت دینا رعیت کو جائز نہیں۔ اگرچہ نوعیت معاملہ کی اس سے زیادہ مہلت کو مقتضی ہو، اگر اس سے زیادہ مہلت دے گا تو قرآنی حکم کا مخالف ہوگا، کیا اس التزام کے لیے مجتہد صاحب تیار ہیں۔

(یازدہم) **ولا یحل لھن ان یکتمن**، حق تلفی درست نیست

(یازدہم) حق تلفی کا معصیت ہونا تو کتمان حمل کے معصیت ہونے سے اشہرو اظہر ہے خفی سے جلی کا استنباط بجز مضحکہ کے اور کیا ہے۔

(دوازدہم) **وللرجال علیھن درجه**، وقت تصادم آراء رائے حاکم راترجیح ست

(دوازدہم) مقیس علیہ میں حقوق کے تصادم کا نشان بھی نہیں جس پر تصادم آراء کو قیاس کیا گیا ہے اور ظاہر ہے کہ مقیس علیہ ومقیس میں تماثل ضروری ہے۔

(سیزدہم) **الطلاق مرتان**، عامل اگر در ضلع خود با رعیت موافق نمی شود وفساد میکند برآں تہدید باید کرد تا سہ بار اگر نہ فہمد از اں ضلع تبدیل باید کرد

(سیزدہم) یہاں تو عورت نے جو کہ رعیت ہے اپنے مرد کے ساتھ جو کہ راعی ہے ناموافقت کی ہے تو اس سے رعیت کے ساتھ عامل کے ناموافق ہونے کے استنباط کا کیا تعلق ہے، پھر مقیس علیہ میں تو قطع تعلق کیا گیا ہے نہ کہ بقاء تعلق کے ساتھ تبدیل حالت افسوس ہے تحریف کے اُصول کے بھی قائم نہ رہے سچ ہے۔ عیب کردن را ہنر باید

(چہاردہم) **فلا تعضلوھن**: چنانچہ مرد بعد از طلاق آں را منع نہ کند از نکاح دیگر ہم چناں عاملے کہ از ضلع مستعفی شدہ است و عاملے دیگر برآں ضلع میرود باید کہ عامل اوّل بدظنی دردل عامل دیگر نکند و ایں خیال نکند کہ چونکہ از قبضہ من رفتہ در قبضہ ایں ہم نیاید

(چہاردہم) عجب مسخراپن ہے کہ عورت کہیں رعیت بن جاتی ہے۔ "**فما تکون علی حال تدوم بھا ☆ کما تلون فی اثوابھا الغول**" شاید عورت حدیث **کلکم راع** سے رعیت بنائی گئی ہو اور خلقت من ضلع اعوج سے ضلع بنائی گئی ہو۔

(پانزدہم) **والوالدات یرضعن**: ہرگاہ از جدوجہد راعی و رعیت ممالک مفتوح شوند کہ مانند اولاد ہستند پس حق رعیت این ست کہ افراد خود برائے راعی حاضر کنند و حق راعی این ست کہ برائے تعلیم و تربیت و تہذیب ایشاں زر کثیر صرف کنند۔

(پانزدہم) ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ پرانی رعیت کو مثل والدہ کے قرار دیا گیا ہے اور نئی رعیت کو مثل اولاد کے پس جس طرح والدہ نے اپنے کو ارضاع کے لیے پیش کر دیا ہے اسی طرح پرانی رعیت اپنے کو خدمات ملکیہ کے لیے پیش کر دے اور جس طرح والد نے رزق و کسوۃ خرچ کیا ہے اسی طرح راعی بھی تعلیم و تربیت کے لیے صرف کرے لیکن مقیس علیہ میں تو بعد حصول اولاد کے عورت نے اپنے کو پیش پیش کیا ہے اور مقیس میں قبل فتح پیش کرنے کی ضرورت ہے اور مقیس علیہ میں رزق و کسوۃ مرضعہ کے لیے صرف کیا جاتا ہے اور مقیس میں نئی رعیت کے لیے اور اس کا خبط ہونا ظاہر ہے اور اگر کوئی توجیہ گھڑی بھی جائے تب بھی اس کا وہی حال ہوگا جو اوپر کی توجیہات کا ہے جس سے قرآن مجید بجائے ہدی و بینہ ہونے کے ایک لاینحل معما ہوگا

جو نزول سے چودہ صدی کے بعد حل ہوا اور جمیع علماءِ اُمت مصداق مصرع۔ جملہ می میرند ہادست تہی۔ کے ہو کر گزر گئے۔

(شانزدہم) **والذین یتوفون (الیٰ قوله ولا جناح علیکم فی ماعرضتم)** ہرگاہ عاملے استعفا میخواہد دیگر عاملے را این چنیں دباید کہ اعلیٰ افسر را گوید کہ جلد بجلد این را استعفاء دہید من بجائے او کار خواہم کرد لیکن اگر تعریفاً گوید کہ شما باین عامل چند مدت بسر کنید اگر این فہمد خدا تعالیٰ دیگرے آمین پیدا خواہد کرد۔

(شانزدہم) یہاں مخطوبہ عورت افسر ہوگئی اور مرد خاطب خادم ہوگیا اور یہ معلوم نہ ہوا کہ "**اربعة اشهر و عشرا**" جو اس مخطوبہ کی عدت ہے کیا اس عامل کی تعریض کے لیے بھی اسی مدت کو حکم شرعی قرار دیا جائے گا، اگر نہیں تو اُصول مخترعہ کا بھی التزام نہ رہا اور اگر قرار دیا تو کیا یہ حکم بدعت نہ ہوگا۔

(ہفدہم) **وان اردتم ان تسترضعوا**، اگر از ممالک خارجہ کساں برائے ترتیب نہر وغیرہ قوم خود طلبانیدہ شود درست است

(ہفدہم) اس عبارت کے متعلق مقدمہ میں بھی کچھ لکھا گیا ہے اور اس میں ایک خاص خبط بھی کیا گیا ہے کہ مطلق رعیت کو جو کہ قدیم کو بھی شامل ہے بجائے اولاد کے قرار دیا ہے اور عبارت پانزدہم میں صرف نئی رعیت کو بجائے اولاد کے قرار دیا تھا۔ اس کا مقتضاء یہ ہے کہ اس آیت میں صرف جدید رعیت کے مصالح کے لیے غیر ملکی لوگوں کو بلانا جائز ہوا اور اگر مختلف اعتبارات کی بناء پر سب تشبیہات کی تصحیح کی جاوے تو دوسرے شخص کو جائز ہوگا کہ دوسرے اعتبارات فرض کر کے ان احکام کے مضاد احکام قرآن سے مستنبط کرے تو قرآن کیا ہوا موم کی ناک ہوئی۔ نعوذ باللہ

(ہشتدہم) **لا جناح علیکم ان طلقتم النساء مالم تمسوهن:**
ازیں آیت مستنبط ست کہ بعد از انتخاب راعی قبل از چارج گرفتن اگر راعی بحالت مجبوری مستعفی شود جائز ست

(ہشدہم) یہاں عدم فرض مہر کے مشابہ کون چیز ہوگی اور متعہ کے مشابہ کیا چیز ہوگی جو اس مستعفی کے ذمہ ہوگی اور اس کا کیا حکم ہوگا۔ معلوم ہوتا ہے ذہن چلا نہیں تو گویا یہ جزو ملک داری کے حکم سے خالی رہا، بڑی حسرت ہوئی ہوگی کہ یہ حکم خالص شرعی رہ گیا۔ اسی طرح فرض مہر کے مشابہ کیا چیز ہوگی اور اس کی تنصیف کا بھی رائی مامور ہوگا سننے کا شدت سے انتظار ہے۔

(نوزدہم) **ولا تنسوا الفضل**، رائی و رعیت را بحالت انفکاک۔ مثلاً استعفاء رعایت بیک دیگر کردن باید

(نوزدہم) مقیس علیہ میں تو رعایت بشکل تکمیل مہر یا معافی مہر تھی مقیس میں یہ تکمیل یا معافی کیا ہے، ذرا سمجھ کر گھڑا جاوے۔

(بستم) **حافظوا علی الصلوات**: اکثر ایں چنیں میباشد کہ انسان در عبادت مقید می ماند در معاملات ہر طریق کہ شارع بیان کردہ بران عمل نکند ازیں جہت خدا تعالیٰ فرمودہ کہ حفاظت ہر امر شرعی مثل حفاظت نماز ست در طریق اصلاح **فیما بین الزوجین** مثلاً حفاظت کردن می باید چنانکہ در نماز میکنند

(بستم) چونکہ برگردی و برگرد و سرت خانہ ہم گردندہ بنماید برت

جب دُنیا کا اس قدر غلبہ ہوا کہ معاملات تو عبادت مقصودہ کے درجہ میں اور عبادات مقصودہ معاملات کے درجہ میں نظر آنے لگے جو شخص آیات مقام کی بلا تدبر بھی تلاوت کرے گا وہ تو ربط مقام میں یوں کہے گا، اکثر ایں چنیں می باشد کہ انسان در معاملات و معاشرت مقید می ماند و در عبادات ہر طریق کہ شارع بیان کردہ براں عمل نکند ازیں جہت خدا تعالیٰ فرمودہ کہ حفاظت نماز اہم ست از حفاظت معاملات بر نماز چناں حفاظت کردن باید چنانکہ در معاملات میکنند۔ پھر حیرت ہے کہ طلبہ جو بعید بعید احتمالات کو قادح استدلال سمجھتے ہیں ایسے قریب احتمالات کو بھی کیسے قادح نہیں سمجھتی:

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی ست

(بست ویکم) فان خفتم ، یعنی اگر امرے باعث مجبوری بجا نہ آید کہ زوج مفلس است اورا معاف است تا ایں مقام ملک داری ختم شد۔

(بست ویکم)

خست اوّل چوں نہد معمار کج　　تا ثریا میرود دیوار کج

جب امر بحفظ الصلوٰۃ سے مقصود امر بحفظ المعاملات ہے تو ظاہر ہے کہ عجز عن الصلوٰۃ سے مقصود عجز عن المعاملات ہونا لازم ہوگا۔ انا اللہ اور اس جملہ اخیرہ ما ایں مقام ملک داری ختم شد نے تمام عذروں کا باب مسدود کر دیا کیوں کہ اس میں تصریح ہے کہ مدلول ان آیات کے یہی قوانین ہیں ملک داری کے۔

چنانچہ اس کے بعد ملک گیری کے مضامین ہیں جن میں سے بعض یقیناً مدلول قرآن ہیں جیسے قصہ طالوت و جالوت کا پس یہ صریح قرینہ ہے کہ یہ مضامین ملک داری کے بھی مدلول قرآنی ہیں۔ پس اس سے سب عذر ختم ہوگئے۔ آگے بھی گفتگو کی جاسکتی تھی لیکن مقصود صرف نمونہ دکھلانا ہے جو طالب حقیقت کے لیے کافی ہے اور غیر طالب کے لیے دفتر بھی ناکافی ہے۔ لہٰذا اسی نمونہ پر اکتفا کیا گیا۔ واللہ الموفق

فائدہ: ان مترجم صاحب کے بعض نظراء کی تفسیر سورۂ بقرہ بھی نظر سے گزری۔ انہوں نے بھی تمام آیات کو اسی طرح مصالح و مسائل پر چسپاں کیا ہے اور بناء اس کی ان کے اقرار سے یہ ہے کہ سورۂ بقرہ کا موضوع خلافت کبریٰ کو قرار دیا ہے اس لیے ہر آیت کو کھینچ تان کر اس موضوع پر منطبق کرنے کی کوشش کی تا کہ موضوع محفوظ رہے اور ان کے بعض متبوعین کی یہ رائے سنی گئی ہے کہ ہر سورت کا ایک خاص موضوع ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ اس کا کلیاً دعویٰ کرنا خود یہ بنا ہی فاسد ہے اگر بے تکلف کسی سورت کا کوئی خاص موضوع خصوصیات مضامین سے ذہن میں بے تکلف آجاوے۔ بشرطیکہ آیات میں تغیر نہ کرنا پڑے قابل انکار نہیں۔ مثلاً سورہ اخلاص کا موضوع توحید ہونا ظاہر ہے یا سورہ احزاب کا غالب حصہ تعلیم احترام نبوی ہے۔

باقی ہر سورت میں اس کا دعویٰ محض تکلف و تعمق ہے۔

تتمہ فصل سوم

شاید کسی کو یہ شبہ ہو کہ ممکن ہے کہ ان عبارات مذکورہ فصل سوم کی نسبت صاحب ترجمہ کی طرف غیر واقعی ہو یا تخلل واسطہ سے اس میں کچھ تغیر و تبدیل ہو گیا ہو اس لیے بطور تتمہ کے اُن دونوں رسالوں کے مضامین سے بھی بہت مختصر تعرض کرتا ہوں جن کا ذکر فصل اوّل کے واقعہ دوم میں کر چکا ہوں یعنی ایک سورہ کوثر کی تفسیر دوسری سورہ قریش کی کیونکہ قرائن عادیہ سے ان کی نسبت الی المترجم میں یہ احتمال نہیں۔ چنانچہ ان کی لوح پر مترجم کے نام کے ساتھ عبارت مرقوم ہے۔ "من العبد المذنب الراجی رحمة اللّٰہ العلی الخ" جس سے صاف ظاہر ہے کہ مترجم صاحب اس نسبت کے خود مقر ہیں۔ احتمال غلطی نسبت تو اس سے مدفوع ہو گیا باقی احتمال اس کے علم اعتبار ہونے کا ان رسالوں کی عبارات لوح سے مدفوع ہے جو فصل اوّل کے واقعہ دوم میں مذکور ہوئی ہیں اور چونکہ دونوں رسالے ایک ایک جزو کے ہیں اور ان سے تفصیلاً تعرض کرنے میں تطویل ہے جس کی حاجت نہیں، اس لیے ان کا ملخص (جو قریب قریب ان رسالوں کے الفاظ ہی میں ہے) نقل کر کے ان کی حقیقت پر اختصار کے ساتھ آگاہ کرتا ہوں کہ مقصود اس سے حاصل ہو جائے گا۔ "فاقول ومن اللّٰہ التوفیق وبیدہ ازمة التحقیق والھدایه الٰی سواء الطریق"

خلاصہ رسالہ متعلقہ سورہ کوثر

کوثر سے مراد قرآن ہے جو ایک نعمت عظمٰی ہے۔ آیت "اِنَّا اَعْطَیناک الکوثر" میں اس کا ذکر کیا گیا ہے۔ آگے "فصلّ لربک وانحر" میں اس نعمت کے شکر کا امر ہے اور وہ شکر دو عمل سے ہے، ایک صلوٰۃ سے جو عبادات بدنیہ سے سب سے بڑی عبادت ہے جس سے مقصود بالذات قرآن کی تبلیغ ہے۔ گویا اشاعت کتاب کی ایک بہترین صورت شارع نے تجویز فرمائی۔ دوسرے قربانی سے جو عبادات مالیہ میں سب سے بڑی

ہے۔آگے "ان شانئک ھو الابتر" میں آخری نتیجہ یہ تلایا ہے کہ جب ہر دو اُصول مذکورہ پر عمل کرنے کے لیے آمادہ ہو جائیں گے تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ جو اس خدا پرست جماعت کے مقابلہ میں آئے گا ذلت و نامرادی اور بربادی کا منہ دیکھے گا۔

خلاصۂ رسالہ متعلقہ سورہ قریش

الاعتبار والتاویل جس طرح قریش شعائر اللہ میں سے بیت اللہ الحرام کے مجاور و محافظ تھے اور اسی عہدہ جلیلہ کے باعث رب البیت کی عبادت اور اس کے پیغمبر یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حمایت ان کا فرض منصبی قرار دی گئی تھی۔ بعینہٖ اسی طرح علماء کرام اور صوفیائے عظام اللہ تعالیٰ کے دو شعائروں کے محافظ ہیں۔

ایک کتاب اللہ دوسرا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کتاب اللہ کی حفاظت تو ظاہر ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت سے مراد محافظت سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ حاصل یہ ہے کہ سورہ قریش سے اعتباراً و تاویلاً ربانی علماء کرام و صوفیائے عظام کا فرض منصبی سمجھ میں آتا ہے کہ یہ حضرات اشاعت کتاب و سنت کو اپنی زندگی کا مقصد قرار دیں، اپنے اوقات عزیزہ یعنی اپنی زندگی کا بہترین حصہ اس کام کے لیے وقف کردیں، پھر خواہ توکل قسم اوّل اختیار کریں یعنی ترک اسباب بالکلیہ یا قسم دوم یعنی تجارت زراعت وصنعت وحرفت وغیرہ یہ تو ملخص تھا ان دونوں رسالوں کا اب ان کی حقیقت کے متعلق کرتا ہوں۔

(نمبر اوّل) کوثر کی تفسیر قرآن کے ساتھ مضائقہ نہیں۔

(نمبر دوم) "فصل لربک وانحر" کو شکر نعمت پر محمول کرنے میں کلام نہیں۔

(نمبر سوم) لیکن صلوٰۃ سے تبلیغ کا مقصود بالذات ہونا محض بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل ہے۔ بلا دلیل ہونا تو ظاہر ہے اور خلاف دلیل اس لیے کہ تبلیغ قرآن کا خطاب مسلمانوں کے ساتھ خاص نہیں اور اقتداء فی الصلوٰۃ مسلمانوں کے ساتھ خاص ہے۔

نیز اگر اس سے تبلیغ مقصود ہوتی تو نمازیں سب جہری ہوتیں کیونکہ تبلیغ غیر جہری سے تبلیغ کی غرض ہی حاصل نہیں ہو سکتی۔

(نمبر چہارم) "ان شانئک ھو الابتر" کو "فصلّ لربک وانحر" پر مرتب کرنا بالکل قرآن کی تحریف ہے الفاظ قرآنیہ کے بھی خلاف ہے کیونکہ یہاں کوئی کلمہ ترتیب کا نہیں اور محض ترتیب ذکری ترتیب حکمی کو مستلزم نہیں اور شانِ نزول کے بھی خلاف ہے کیونکہ جس کافر کی گستاخی پر آپ کے تسلیہ کے لیے یہ سورت نازل ہوئی اس کی ابتریت کا حکم خود مستقل و مقصود ہے، صلوٰۃ و نحر پر مرتب نہیں۔ یعنی یہ مراد نہیں کہ اگر آپ صلوٰۃ و نحر ادا کریں گے تب تو وہ ابتر ہو گا ورنہ نہیں۔

حاصل سورت کا یہ ہے کہ اس بیہودہ بکنے سے آپ رنج نہ کیجئے بلکہ دو مضمونوں سے تسلی حاصل کیجئے، ایک یہ کہ ہم نے آپ کو بڑی بڑی نعمتیں دی ہیں، ان کا شکر کیجئے، دوسرے یہ کہ ہم نے آپ کے دشمن کی نعمتوں کو منقطع کر دیا ہے باقی صلوٰۃ و نحر کے خواص و برکات خود مستقلاً نصوص میں وارد ہیں جو مصلی و ناحر کے اعداء کے مغلوب و مخذول ہونے سے بدرجہا اکثر و اعظم ہیں پھر خواہ مخواہ اس آیت میں ان کا ٹھونسنا اور بلاغت قرآن کو برباد کرنا اور قرآن کو ایک چیستان بنانا کیا ضرور اگر ان برکات کا بیان کرنا ہے ان نصوص کی طرف مستند کر کے بیان کرنے سے کون امر مانع ہے مگر جدت اور جدت سے شہرت کیسے ہو گی مصیبت تو تمام تر یہ ہے کہ وہ بات کہو جو کسی نے نہ کہی ہو۔ یہ تو خلاصہ سورۂ کوثر کے متعلق کلام تھا۔

آگے خلاصہ سورہ قریش کے متعلق عرض ہے۔ اس میں غنیمت ہے کہ قرآن کی تحریف نہیں کی گئی بلکہ اپنے نزدیک الاعتبار والتاویل کا عنوان قائم کر کے اعتراض کو گویا دفع کر دیا لیکن دو سوال اب بھی ہیں ایک یہ کہ لوح پر لفظ سلسلہ تفسیر اس اعتبار و تاویل کی نفی کر رہا ہے۔ جیسا فصل اوّل کے واقعہ دوم میں مذکور ہے دوسرا یہ کہ علماء و صوفیہ کا یہ فرض منصبی دوسرے نصوص میں صراحۃً مذکور ہے، پھر اس کو اس سورہ میں

ٹھونسنا اور قیاس سے ثابت کرنا کیا ضرور ہے۔

جیسا خلاصہ سورہ کوثر کے متعلق کلام میں بھی اس کا ذکر کیا گیا ہے۔ ہاں اگر ان مضامین کو ثابت کرنا ہے تو اپنے محل سے کیا جاوے اور تائید ایسے مضامین مناسبہ سے بھی کردی جاوے اور دلالات و تائید کی جدا جدا سُرخیاں قائم رکھی جاویں۔

بشرطیکہ اُن حدود سے تجاوز نہ ہو جو مقدمہ میں مذکور ہوئی ہیں تو مضائقہ نہیں لیکن ان رسالوں میں جو طرز اختیار کیا گیا ہے اس سے تو صاف دلالت کا شبہ ہوتا ہے جو حقیقت کے خلاف اور بدعت ضلالت و محل وعید شدید اور واجب الاجتناب ہے لیکن اگر تائید کا عنوان اختیار کریں تو پھر ایسے تمام تر توجیہات کا تار و پود ہی درہم برہم ہو جائے گا اور وہی پرانی تفسیریں رہ جائیں گی جن سے یہ نئے لوگ صرف ملول ہی نہیں بلکہ نفور ہو چکے ہیں۔ "اللھم اھدنا و سددنا"

فائدہ: ہر چند کہ وجوہ دلالت معتبرہ عند اہل العلم کتب اُصول و عربیہ میں مفصلاً مدون و منضبط ہیں لیکن اس کی حقیقت اجمالیہ پر کتب میزانیہ سے بھی متنبہ کیے دیتا ہوں اس کی تعریف مشہور ہے "الدلالہ ھو کون الشیء بحالة یلزم من العلم به العلم بشیء آخر" اور ظاہر ہے کہ مضامین "متکلم فیھا" مدلول بدلالت مطابقیہ یا تضمیہ تو ہیں نہیں اگر احتمال ہے تو دلالت التزامیہ کا ہے۔ "لکن بحسب اصطلاح اھل العربیة لانه ھو المعتبر فی المحاورات" پھر اس میں بھی لزوم بین تو یقیناً منفی ہے پس صرف لزوم غیر بین رہ گیا مگر جب کہ جزم باللزوم اس میں بھی ضروری ہے۔ گو یہ جزم محتاج واسطہ کا ہوتا ہے جیسے حدس یا تجربہ وغیرہ اور یہاں خود جزم باللزوم ہی نہیں تو لزوم غیر بین کا تحقق بھی نہ ہوا، سو دلالت التزامیہ بھی نہ پائی گئی۔ پس دلالت بھی منفی ہوگی تو ان معانی کو معانی منقولہ عن المحققین پر قیاس کرنا اور ان کے بعض دلالات کے اختفاء پر اپنی دلالات کے انتفاء کو قیاس کرنا بالکل اس شعر کو یاد دلاتا ہے:

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

فصل چہارم

تفسیر کے اس طرز مبتدع ومخترع کا کہ اپنے مقاصد کو زبردستی قرآن میں داخل کرنے کی سعی کی جاتی ہے جیسے ایک سبب بعض کے لیے غلو فی العمل ہے کہ ہر عمل دینی سے بھی مقصود مصالح معاشیہ کو سمجھا جاتا ہے۔ اسی طرح بعض کے لیے دوسرا سبب غلو فی الاعتقاد بھی ہے۔ یعنی **حجج** اربعہ شرعیہ میں سے تین کی نفی کر کے اور حجیۃ کو صرف قرآن مجید میں منحصر کر کے اس کی کوشش کر لیتے ہیں کہ ہر حکم کو قرآن سے ثابت کریں خواہ ثابت ہو یا نہ ہو اس فصل میں تبعاً اس کا ابطال بھی اجمالاً فی الکلام واکمالاً المرام کیا جاتا ہے اور چونکہ مبنی اس طرز کا نفی ہے ادلہ ثلثہ کی اس لیے ان ادلہ کی حجیت وضرورت کا اثبات اس غلو کے ابطال کے لیے کافی ہے، سو اس کو ثابت کرتا ہوں۔

حجیۃ الحدیث

قال اللّٰہ تعالٰی ما اتاکم الرسول فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا وعن ابی رافع قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لا الفین احدکم متکئا علی اریکتہ یاتیہ الامر من امری مما امرت بہ او نھیت عنہ فیقول لا ادری ما وجدنا فی کتاب اللّٰہ اتبعناہ رواہ احمد و ابوداؤد والترمذی وابن ماجۃ والبیھقی فی دلائل النبوۃ وعن المقدام بن محمد معدیکرب قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم الا انی اوتیت القرآن ومثلہ معہ الا یوشک رجل شبعان علٰی اریکتہ یقول علیکم بھذا القرآن فما وجدتم فیہ من حلال فاحلوہ وما وجدتم فیہ من حرام فحرموہ وان ما حرم رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم کما حرم اللّٰہ الا لایحل لکم الحمار الاھلی ولا کل ذی ناب من السباع ولا لقطۃ معاھد الا ان یستغنی عنھا صاحبھا ومن نزل بقوم فعلیھم

ان یقروه فان لم یقروه فله ان یعقبهم بمثل قراه رواه ابو داؤد والدارمی نحوه و کذا ابن ماجة الٰی قوله کما حرم اللّٰه وعن العرباض بن سارية قال قام رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلّم فقال ایحسب احدکم متکئا علی اریکته یظن ان اللّٰه لم یحرم شیئا الا ما فی هٰذا القرآن والاوانی واللّٰه قد امرت ووعظت ونهیت عن اشیاء وانها لمثل القرآن او اکثر ان اللّٰه لم یحل لکم ان تدخلوا بیوت اهل الکتاب الا باذن ولا ضرب نسائهم واکل ثمارهم اذا اعطوکم الذی علیهم رواه ابوداؤد و فی اسناده اشعث بن سعد المصیصی قد تکلم فیه وقلت لا یضر مثل هذا الکلام بعد تعدد الطرق الذی علی ان یبلغ حدالتواتر المعنوی. (مشکوٰة باب الاعتصام)

حجیۃ الاجماع

قال اللّٰه تعالٰی ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الهدی ویتبع غیر سبیل المؤمنین نوله ما تولی ونصله جهنم الآیة وعن ابن عمر قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ان اللّٰه لا یجمع امتی او قال اُمة محمد علی ضلالة وید اللّٰه علی الجماعة ومن شذ شذ فی النار رواه الترمذی وعنه قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلّم اتبعوا السواد الاعظم فانه من شذ شذ فی النار رواه ابن ماجة من حدیث انس و عن معاذ بن جبل قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلّم (فی حدیث طویل) وعلیکم بالجماعة والعامة رواه احمد و عن ابی ذر قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلّم من فارق الجماعة شبرا فقد خلع ربقة الاسلام من عنقه رواه احمد و ابوداؤد (مشکوة باب الاعتصام) وقال فی المرقاة فی الحدیث

الاوّل فیه دلیل علی حجیة اجماع الامة قلت و کذا فی ما بعده لانه اذا لم یجز مخالفة الجماعة بمخالفة الجمیع.

حجیۃ الاجتہاد والقیاس

قال اللّٰہ تعالیٰ ففھمناھا سلیمان وقال اللّٰہ تعالیٰ فاعتبروا یا اولی الابصار وعن معاذ بن جبل ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم لما بعثہ الی الیمن قال کیف تقضی اذا عرض لک قضاء قال اقضی بکتاب اللّٰہ قال فان لم تجد فی کتاب اللّٰہ قال بسنة رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال فان لم تجد فی سنتہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال اجتھد رایی ولا آلو قال فضرب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم علیٰ صدرہ وقال الحمد للّٰہ الذی وفق رسول رسول اللّٰہ لما یرضیٰ بہ رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم رواہ الترمذی و ابوداؤد والدارمی وعن عبداللّٰہ بن عمرو ابی ھریرہ قالا قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلّم اذا حکم الحاکم فاجتھد و اصاب فلہ اجران واذا حکم فاجتھد و اخطأ فلہ اجر واحد. متفق علیہ (مشکوۃ باب العمل فی القضاء) قلت الحدیث الاوّل صریح فی الاجتھاد فی الحکم والثانی علم لہ وفی الاجتھاد فی فحص الواقعہ.

فصل پنجم

اس میں دو جزو ہیں۔ جزواوّل: دررفع اشتباہ متعلق مضمون فصل چہارم اگر کسی کو شبہ ہو کہ قرآن مجید میں ہے: ونزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شیء الآیة اور حدیث میں ہے عن عبداللّٰہ بن مسعود قال لعن اللّٰہ الواشمات والمستوشمات والمتنمصات والمتفلجات للحسن المغیرات خلق

الله فجاء ته امراة فقالت انه بلغنی انک لعنت کیت و کیت فقال مالی لا العن من لعن رسول الله صلی الله علیه وسلّم ومن هو فی کتاب الله فقالت لقد قرأت ما بین لو حین فما وجدت فیه ما تقول قال لئن کنت قرایته لقد وجدتیه اما قرأت ما اتاکم الرسول فخذوه وما نهاکم عنه فانتهوا قالت بلٰی قال فانه قد نهی عنه متفق علیه. (مشکوٰۃ باب الترجل)

اور کسی بزرگ کا قول مشہور ہے:

جمیع العلم فی القرآن لکن تقاصر عنه افهام الرّجال

ان سب سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں تمام احکام معادیہ یا کہ معاشیہ بھی مذکور ہیں۔ پھر اگر کوئی ان سب کو قرآن سے ثابت کرنے لگے تو کیا حرج ہے بلکہ عین مطلوب ہے۔ جواب یہ ہے کہ آیت میں تبیان عام ہے بواسطہ یا بلا واسطہ کو اور کل سے مراد خاص دین کی باتیں ہیں۔ پس دُنیا کی باتیں تو مراد ہی نہیں اور دین کی باتیں بعض سنت و اجماع و قیاس سے ثابت ہیں اور ان تینوں کا حجت ہونا قرآن سے ثابت ہے۔ "کما ذکر آنفا پس امور ثابته بهٰذه الدلائل" بھی بواسطہ قرآن سے ثابت ہیں اور حدیث کا یہی محمل ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول میں صریح ہے باقی شعر اوّل تو حجت نہیں۔ وعلیٰ تقدیر التسلیم استغراق کے حقیقی ہونے کی کوئی دلیل نہیں عرفی محتمل ہے جیسے اس آیت میں ہے: "و اوتیت من کل شیء" اور جیسے اس قول میں ہے جمع الامیر الصاغۃ اور استغراق حقیقی کے تسلیم پر طرق دلالت منجملہ اسرار ہیں۔ جیسا دوسرا مصرعہ اس کا قرینہ بھی ہوسکتا ہے کیونکہ اگر طرق متعارفہ مراد ہوتے تو ان سے تو افہام قاصر نہیں رہے اور یہ اسرار ایسے ہیں۔

جیسے حضرت شیخ اکبر کے ایک مشہور رسالہ شجرہ نعمانیہ میں سورہ روم کی شروع آیات سے ملوک سلطنت اسلامیہ ترکیہ کے واقعات کا استخراج کیا گیا ہے۔ سو ایسے اسرار کشفیہ میں گفتگو نہیں کیونکہ وہ مقاصد قرآنیہ سے نہیں خوب سمجھ لو۔

اور اس شبہ کے بعض اور بھی مناشی ہوسکتے ہیں "کالمذکور فی النوع الخامس والستین من الاتقان" ان سب کا جواب ان وجوہ میں ہے جو ادنیٰ تامل سے ان میں جاری ہوسکتے ہیں۔(۱) بعض کا کتب کی تفسیر باللوح سے۔

(۲) بعض کا دلالت بواسطہ سے (۳) بعض کا عموم کا مخصوص بالدین ہونے سے، پھر عموم کے بھی عرفی ہونے سے (۴) بعض کا کتاب کی تفسیر بالشریعت سے بقصد نفی رائے کے (۵) بعض کا عدم ثبوت سے (۶) بعض کا عدم دلالت سے

(۷) بعض کا عدم مقصودیت سے (۸) بعض کا عدم حجیت سے "بناءً علیٰ کون القائل مجھولًا" (۹) بعض کا مستنبط کے محض نکتہ ہونے سے جس کو مدلولیت سے کوئی تعلق نہیں (۱۰) بعض کا طرح بعارضۃ الاقویٰ سے (۱۱) بعض کا عموم الاصول و الکلیات للفروع والجزئیات سے (۱۲) بعض کا ارادۂ احتمال سے (۱۳) بعض کا توافق بدون المقصودیت سے (۱۴) بعض کا حمل علی الاسرار الکشفیۃ غیر المقصودہ سے "کقول لوضاع لی عقال بعیر لوجدته کتاب اللّٰہ تعالیٰ والادب حمل الوجدان علیٰ وجدان ادب صیاعه بالصبر علیه الداخل فی قوله تعالیٰ اذا اصابتھم مصیبة لا وجدان مکان فقده وزمانه"

(۱۵) بعض کا خود تامل کے تردد سے "و امثال ذالک" اور ان شاء اللہ یہ وجوہ تمام مناشی حاضرہ وغائبہ کے جواب کے لیے کافی ہوں گے۔

تذنیب

بعض لوگ ایسے احاطہ کے تو قائل نہیں ہوئے لیکن ایسے اختراعات کو حدیث "لاینقضی عجائبه" سے "ما ذون فیه" سمجھتے ہیں مگر موٹی بات ہے کہ اگر وہ اختراعات مدلول قرآنی نہ ہوں تو وہ عجائب القرآن کیسے ہوں گے۔

پس ثابت ہوا کہ ان کا مدلول قرآنی ہونا لازم ہے اور یہاں مدلول ہی نہیں

"کما ذکر فی آخر الفصل الثالث" اب توضیحاً للمقصود عجائب القرآن کے بعض امثلہ ذکر کرتا ہوں جن کی نسبت آیا ہے۔ "لاینقضی عجائبه" اوران میں بواسطہ یابلاواسطہ پانچ صفات کا ہونالازم ہے۔

اوّل ان کامدلول ہوناورنہ وہ قرآن کی طرف منسوب نہ ہوں گے۔

دوسری صفت ان کا عجیب ہونا خواہ "من حیث الذات" خواہ "من حیث مدلولیة القرآن" جیسا کہ ان کالقب ہی اس پردال ہے۔

تیسری صفت جودوسری کے لیےلازم ہے وہ یہ ہے کہ جس وقت ان میں سے جس فرد کاظہور ہوا ہے اس سے پہلے اس کی اس شخص کے علم میں خواہ واقع میں کسی کا ذہن نہیں گیا۔

خواہ اس لیے کہ دلالت غامض تھی یا اس لیے کہ اس کی طرف کسی کے ذہن کو التفات نہیں ہوااور خواہ وہ اور کسی دلیل کامدلول نہ ہواور خواہ اور کسی دلیل کا بھی مدلول ہومگر کسی خاص نص کے مدلول ہونے کےاعتبار سے وہ عجیب قرار پایا۔

چوتھی صفت ان کاغیر منقضی ہونایعنی خواہ کتنا ہی زمانہ گزرجائے مگران کاخاتمہ نہ ہو۔

پانچویں صفت جو اس چوتھی کے لیے لازم ہے وہ یہ ہے کہ وہ عجائبات ایسے احکام وشرائع نہ ہوں گے جو پہلے سے کسی نص سے ظاہر نہ ہو چکے ہوں کیونکہ شرائع کا تاخرزمانہ حاجت سے جائز نہیں اس لیے وہ زمانہ حاجت کے اندراندر مکمل ہو جاویں گےاور تکمیل کے لیے منتہی و منقضی ہوناواجب ہے۔اس لیے وہ اس قسم کے شرائع نہ ہوں گے بلکہ یاتو دوسری قسم کےعلوم لطیفہ نافعہ ہوں گے جن کا ظاہر نہ ہونادین میں مضر نہ تھااور یااگر شرائع ہی ہوں تو ایسے شرائع ہوں گے جو پہلے سے دوسرے نصوص کے مدلول ہیں صرف اس نصف خاص کے مدلول ہونے کے اعتبار سے عجائب میں داخل ہوں گےاور عموم ازمنہ میں ماضی اور حال اور مستقبل سب داخل ہیں۔

چنانچہ ماضی میں تو یہ عدم انقضاء تدوین سے ظاہر ہے اور حال میں علماء کی تقریرات وتحریرات سے مشاہدہ ہورہاہے جن میں سے بعض مدون بھی نہیں ہوتے اور

مستقبل میں پیشین گوئی کی بناء پر اُن کے ظہور دائم کا اعتقاد ہے اور گو وہ خبر قطعی نہیں لیکن قرون متطاولہ میں اس کا وقوع متصل نہایت قوت کے درجہ میں اس خبر کو قریب قطعیت کے پہنچاتا ہے۔ اب ان امثلہ کو پیش کیا جاتا ہے مگر ان امثلہ کو ماضی میں سے تو اس لیے نہیں لیا کہ اس زمانہ حال تک عدم انقضاء کا ظہور نہ ہوتا تھا اور مستقبل کے لینے پر قدرت نہ تھی اس لیے حال میں سے لیا جاتا ہے جو کہ علماء موجودین کے ملفوظات و مکتوبات میں پائی جاتی ہیں مگر چونکہ احقر کو ان کا احاطہ نہیں اس لیے بجبوری اپنی تقریرات و تحریرات میں سے صرف چھ مسئلے جو بے تکلف یاد آ گئے بطور نمونہ کے لیتا ہوں ورنہ تتبع سے ان کا بڑا عدد جمع ہو سکتا ہے اور اپنے کلام سے لینے میں ایک دوسری حکمت بھی ہے اور وہ حکمت اس کا ظاہر کرنا ہے کہ جب مجھ جیسے کم علم کے زبان و قلم پر بھی یہ عجائب ظاہر ہو جاتے ہیں تو علماء سے تو کس درجہ ظہور ہوا ہوگا تو اس سے "لاینقضی عجائبه" کا کامل مشاہدہ ہو جاتا ہے۔ ان چھ مسئلوں میں سے دو مسئلے علم سلوک کے ہیں اور دو مسئلے علم کلام کے اور دو علم میزان کے۔

المسئلة الاولٰى

النهى عن التصدى للامور الغير الاختيارية.

المسئلة الثانى

الحض على الامور الاختيارية: قوله تعالٰى ولا تتمنوا ما فضل الله به بعضكم علٰى بعض للرجال نصيب مما اكتسبوا وللنساء نصيب مما اكتسبن واسألوا الله من فضله ان الله كان بكل شیء عليما: فى الجلالين نزلت لما قالت ام سلمة ياليتنا كنا رجالاً فجاهدنا الخ قلت مقابلة ما فضل الله بما اكتسبوا دليل علٰى كون المراد بما فضل الله مالا يكون مكتسبًا ويؤيده رواية الجلالين

لحصل من الآية ان الفضائل موهوبة غير اختيارية و مكسوبة اختيارية ويتعلق بالاوّل التمنى فنهى عنه وبالثانى الاكتساب وحض عليه ولقوله واسئلوا اللّٰه من فضله تعلق بالنهى عن التمنى وتعلق بالحض تقرير الاوّل ان الاستعدادات مختلفة متفاوتة فقسم اللّٰه تعالٰى لكل ما يصلح له بمقتضى استعداده فالتمنى لانفع فيه نعم ينفع السؤال من فضل اللّٰه تعالٰى فيعطيه من احسانه الزائد وانعامه المتكاثر ما يناسب حاله وتقرير الثانى ان الاكتساب و ان كان محضوضا عليه لكن لايغتر به ولا يعتقده علة للثمرات بل يسئل اللّٰه تعالٰى من فضله ويعتقد ان ما اعطٰى من ثمرات الاعمال هو من فضل اللّٰه تعالٰى لا من لوازم عمله وكذا قوله تعالٰى ان اللّٰه كان بكل شيء عليما له ربط بالنهى عن التمنى والمعنى ان اللّٰه لما كان عليما فضل بعضهم علٰى بعض حسب مراتب استعدادتهم وتفاوت قابلياتهم وربط بالاكتساب والمعنى ان اللّٰه لما كان عليما يجازيكم علٰى ما اكتسبتم حسب تفاوت نياتكم واخلاصكم والنهى عن التصدى للفضائل الغير الاختيارية من اعظم مقاصد الفن فان هذا لتصدى من اعظم المشوشات المانعة عن التوجه فى المقصود و كذا النهى عن النظر الى المجاهدات والعجب بها كداب من لم يذق من كاس الفناء ولم ينج من العناء قلت ودلالة الآية على المسئلتين ظاهرة.

المسئلة الثالثة

قدم الكلام النفسي.

المسئلة الرابعة

حدوث الكلام اللفظى: قوله تعالٰى: انا جعلناه قرانًا عربيًا لعلكم

تعقلون وانه فی اُم الکتاب لدینا لعلی حکیم : الجعل ان فسر بالخلق دل علٰی مخلوقیة ما اتصف بکونه عربیا وما هو الا الکلام اللفظی ولو فسر اُم الکتاب بالعلم الالهی کما اخرج عبدالرزاق و ابن جریر عن سیاء عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنه انه سال کعبا رضی اللّٰہ عنه عن اُم الکتاب فقال علم اللّٰہ ما هو خالق وما خلقه عاملون الخ کانت الآیة دالة علٰی قدم الکلام النفسی و یفسر قوله لدینا بکونه فی مرتبة الصفات التی هی اقرب الی الذات ویفسر قوله لعلی بکونه عالیا عن الحدوث وقوله حکیم بمحکم لان القدیم لایتغیر والمسئلتان عقلیتان وانما ذکرت ما ذکرت تبرعًا وتقویة للعقل بالنقل فان الشیء یمکن ان یثبت بدلیلین لکن لا بدفیهما من الدلالة.

المسئلة الخامسة

دلیل کا جواب کہیں منع سے بھی دیا جاتا ہے۔

المسئلة السادسة

موجبہ کلیہ کی نقیض سالبہ جزئیہ ہے اور سالبہ کلیہ کی نقیض موجبہ جزئیہ ہے۔ ”قال اللّٰہ تعالٰی لا یسخر قوم من قوم عسی ان یکونوا خیرا منهم الی قوله تعالٰی اجتنبوا کثیرا من الظن ان بعض الظن اثم“ تقریر اثبات مسئلہ خامسہ کی یہ ہے کہ کسی کو حقیر سمجھ کر اس کے ساتھ تمسخر کرنا یہ عملاً قوت میں اس دعوے اور دلیل کے ہے کہ مجھ کو اس کے ساتھ تمسخر کرنا جائز ہے کیونکہ یہ مجھ سے حقیر ہے اور جو کسی سے حقیر ہو اس کو اس سے تمسخر کرنا جائز ہے۔ پس مجھ کو بھی اس کے ساتھ تمسخر کرنا جائز ہے۔

”عسٰی ان یکونوا“ میں اس دلیل کے مقدمہ اولیٰ پر منع وارد کیا گیا ہے یعنی ہم نہیں مانتے کہ یہ تم سے حقیر ہے بلکہ یہ بھی احتمال ہے کہ تم سے اچھا ہو اور مسئلہ سادسہ

کے اثبات کی یہ تقریر ہے کہ بے دلیل گمانوں کا اتباع کرنا یہ عملاً قوت میں اس دعوے کے ہے کہ یہ سب گمان صحیح ہیں اور یہ موجبہ کلیہ ہے اور **ان بعض الظن اثم** قوت میں اس کی ہے کہ بعض گمان صحیح نہیں ہوتے اور یہ سالبہ جزئیہ ہے۔ اس سے وہ موجبہ کلیہ مرتفع ہو گیا یا اتباع ظنون اس دعوے کی قوت میں کہ کوئی گمان غلط نہیں اور یہ سالبہ کلیہ ہے اور **ان بعض الظن** اس کی قوت میں ہے کہ بعض گمان غلط ہیں اور یہ موجبہ جزئیہ ہے، اس سے وہ سالبہ کلیہ مرتفع ہو گیا اور یہ دلالت بھی ظاہر ہے کیونکہ "**نہی لاتجسسوا**" اور امر **اجتنبوا** کا صحیح ہونا موقوف ہے ان دونوں مسئلوں کی صحت پر جیسا کہ ظاہر ہے اور وجود موقوف مستلزم ہوتا ہے وجود موقوف علیہ کو۔

پس آیت ان دونوں مسئلوں پر بالالتزام دال ہوئی اور یہ دلالت التزامی حسب اصطلاح اہل عربیتہ ہے۔ گو لزوم اتفاق سے عقلی بھی ہے لیکن اگر کہیں لزوم عادی بھی ہو وہ بھی کافی ہے۔ عجائب قرآن اس طرح قرآن کے مدلول ہوتے ہیں خواہ دلالت قطعی ہو یا ظنی اور گو وہ مدلولات دوسری دلیل سے بھی ثابت ہوں کیونکہ مدلول واحد کے لیے تعدد دلیل میں کوئی محذور نہیں اور معانی مخترعہ تو کسی طور پر قرآن کے مدلول ہیں ہی نہیں فافترقا۔

جزو دوم در رفع اشتباہ متعلق مضمون اصل رسالہ

فصل اوّل کے چوتھے واقعہ میں مترجم متکلم فیہ کی تقریرات میں بعض تعریفات اور بعض مقدمات کے ہونے کا اجمالاً ذکر ہو چکا ہے۔ وہ ذیل میں تفصیلاً منقول ہیں:

"**التعریفات: التفسیر مایتوقف علی المنقول، التاویل، هو صرف الآیة الی معنی یلیق بها محتملا لما قبلها وما بعدها وغیر مخالف لکتاب والسنة. التفسیر بالرائے هو تاویل القرآن علی مراد نفسه وما هو تابع لهواه**"

مقدمات اربعہ

(۱) احکام قرآن عام اند (۲) ربط آیات توقیفی ست (۳) مخاطب قرآن

شریف و مستفید ازاں محض سلیم الفطرت و موحد است (۴) ترک معنی حقیقی درست نیست مگر بوقت تعذر حقیقت مجاز متعارف گرفتہ خواہد شد اھ۔ ان میں سے بعض مقدمات زیر عنوان نتائج القرآن شائع بھی ہوئے ہیں۔ جیسا فصل اوّل کے چوتھے واقعہ میں مذکور ہوا ہے اس کو دیکھ کر ایک سوال ناشی ہو سکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ جو شخص اپنی تفسیر میں ان تعریفات و مقدمات کو پیش نظر رکھے گا اس سے ابتداع و اختراع کیسے صادر ہو سکتا ہے جس کو فصل سوم میں ذکر کیا گیا۔ جواب یہ ہے کہ اوّل تو ان میں سے بعض پر کلام بھی ہو سکتا ہے دوسرے اس سے قطع نظر کر کے بھی یہ سب برائے گفتن ہے توجیہات مذکورہ فصل سوم میں ان کی ذرا بھی رعایت نہیں کی گئی بلکہ خلاف کیا گیا ہے۔

چنانچہ ایک نمونہ خصوصیت سے پھر بھی دکھلاتا ہوں یعنی توجیہ اوّل میں ہاروت و ماروت کو مجاز پر بلاضرورت محمول کیا ہے اور اگر فرشتہ میں اس کا تقدس تعلیم سحر سے مانع ہے تو فرشتہ خصلت انسان میں بھی بعینہ یہی تقدس مانع ہے۔ اسی طرح ہے ہر توجیہ اور اس کے متعلق ہر تنبیہ کو ملاحظہ فرمانے سے یہ عدم رعایت واضح ہوتی ہے اور اگر بزعم خود رعایت کی ہے تو اس رعایت کے استعمال کا طریق غلط ہوگا۔

خاتمہ اس میں تسہیل فہم وضبط کے لیے رسالہ کا ملخص لکھا جاتا ہے اور اسی پر رسالہ کو ختم کر دیا جاوے گا۔ حاصل مقام و خلاصہ مرام یہ ہے کہ اس تفسیر مبحوث عنہ کے تین درجے ہیں، ایک یہ کہ حدود شرعیہ کے اندر نہ ہو یعنی اس سے قرآن کی تغییر لازم آجاوے۔ جیسا بعض اقوال منقولہ فصل سوم کی حالت ہے جو تنبیہات کے ملاحظہ سے واضح ہو سکتی ہے، یہ تو غلو کے درجہ میں ہے، ایک یہ کہ حدود کے اندر ہو یعنی اس سے تغییر قرآن کی لازم نہ آئے، صرف غیر مدلول قرآنی کو مدلول قرآنی پر کسی مناسبت و مشابہت سے قیاس کر لیا جاوے اور اس کی دو قسمیں ہیں، ایک یہ کہ وہ غیر مدلول قرآنی حکم دینی ہو جیسا بعض اقوال میں ہے۔ دوسری یہ کہ وہ غیر مدلول قرآنی حکم دنیوی ہو جیسا اکثر اقوال میں ہے اور ان دونوں قسموں میں یہ امر تو مشترک ہے کہ یہ

قیاس حجت شرعیہ نہیں اسی لیے اس قیام سے اس حکم کو اس نص کی طرف منسوب کرنا جائز نہیں۔ حجت شرعیہ صرف قیاس فقہی ہے جس کا حاصل بضرورت عمل اشتراک علت سے تعدیہ حکم کا ہے۔ مقیس علیہ سے مقیس کی طرف اور چونکہ اصل حکم منصوص میں بھی مؤثر وہی علت ہے اور وہ مقیس میں بھی جاتی ہے اس لیے اس حکم کو بھی نص کی طرف مستند کیا جاتا ہے۔ بخلاف اس قیاس کے کہ یہاں مقیس میں حکم دوسری مستقل دلیل سے ثابت ہے، اس قیاس سے محض توضیح وتائید مقصود ہوتی ہے۔

پس یہ حقیقی قیاس نہیں محض صورت قیاس کی ہے اسی لیے اس کے لیے قیاس کے احکام ثابت نہیں۔ پس یہ امر تو دونوں قسموں میں مشترک ہے، پھر آگے ان میں ایک تفصیل ہے جس سے دونوں کا درجہ جدا جدا ہو جاتا ہے، وہ یہ کہ اگر وہ غیر مدلول قرآنی مقصود دینی ہے تو اس قیاس کا درجہ علم اعتبار کا ہے اور وہ معمول اُمت کا رہا ہے۔ بشرطیکہ اس کو درجہ تفسیر تک نہ پہنچایا جائے اور اگر وہ غیر مدلول قرآنی مقصود دنیوی ہے تو اس قیاس کا درجہ فال متعارف یا شاعری سے زیادہ نہیں۔

گو مضمون مقیس صحیح ہی ہو یا اتفاق سے صحیح ہو جاوے۔ چنانچہ شعراء بھی اپنے خیالی دُعاوی میں ایسے ہی قیاسات سے استدلال کیا کرتے ہیں اور کبھی وہ دُعاوی فی نفسہٖ صحیح بھی ہوتے ہیں، ایک اُردو کا شاعر کہتا ہے:

سرخ رو ہو گیا پیش حکماء بطلمیوس　　جب وہ خورشید ہوا گرد بنارس دوار

اس شاعر کا ممدوح ایک ہندو ہے جو بنارس گیا تھا، شاعر نے ممدوح کو آفتاب سے تشبیہ دی ہے اور بت خانہ بنارس کو زمین سے اور اس کے گرد طواف کرنے سے بطلمیوس کے مذہب کی صحت پر استدلال کیا کہ آفتاب زمین کے گرد گھومتا ہے۔ ایک فارسی شاعر کہتا ہے:

فدا گنگ وجمن بر ہر دو چشم اشکبار من　　نمی آئی چرا از بہر اشنان در کنار من

اس میں اپنی دونوں آنکھوں کو گنگ وجمن سے تشبیہ دی اور اس سے محبوب کیلئے غسل کے واسطے اپنے پاس آنے کی ضرورت پر استدلال کیا۔ ایک عربی کا شاعر کہتا ہے:

لراک ظننتِ السلک جسمی فعقتہ علیک بلنر من لقاء الترالب

اس میں اپنے جسم کو بزعم محبوب خیط عقد کے مشابہ قرار دے کر سینہ سے جدا رکھنے کی تجویز پر استدلال کرتا ہے تو کیا ان استدلالات کو علوم کمالیہ میں بلکہ علوم آلیہ میں بھی کوئی شمار کرتا ہے یا ان کو قابل تحصیل سمجھتا ہے۔

اسی طرح اہل فال کبھی قرآن سے اپنے خاص احکام خبریہ یا انشائیہ پر استدلال کیا کرتے ہیں تو کیا وہ علوم قرآنیہ میں داخل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً اگر کسی شخص مسمی زید کا اپنی بی بی سے کچھ جھگڑا ہوا اور اس کو یا تو یہ تردد ہو کہ اس معاملہ کا انجام کیا ہوگا یا یہ تردد ہو کہ مجھ کو اس میں کیا کرنا چاہیے اور وہ قرآن سے تفاول کرے اور اتفاق سے اس میں سورۂ احزاب کی آیات جو زید بن حارثہ کے باب میں نازل ہوئی ہیں نکل آویں اور اس سے اپنے انجام پر استدلال کرے کہ مفارقت ہوگی یا اس مشورہ پر استدلال کرے کہ اس سے مفارقت کر لینا مناسب ہے اور واقع میں بھی ایسا ہی ہو تو کیا یہ استدلال صحیح ہے اور کیا قرآن سے اس خبر یا انشاء کی صحت کا اعتقاد جائز ہوگا، اسی واسطے محققین علماء نے ایسے تفاول کو حرام کہا ہے۔ (کمافی الفتاویٰ الحدیثیہ لابن حجر الہیثمی، ص ۶۴)

اور جس تفاول کی اجازت ہے اس کی حقیقت صرف تقویت رجاء کی ہے بناء ضعیف پر جو کہ بدون ایسی بناء کے بھی مامور بہ ہے نہ کہ استدلال اور اس درجہ میں تفاول من المصحف بھی جائز ہوگا۔ اگر کوئی شبہ کرے کہ شاید مبنی فتویٰ حرمت کا یہ ہو کہ اس میں علم غیب کا دعویٰ ہے نہ یہ کہ ایسا استنباط ناجائز ہے جواب یہ ہے کہ علم غیب کا دعویٰ بھی تو جب ہی ہے جب یہ استنباط ناجائز ہے کیونکہ اگر یہ استنباط جائز ہو تو پھر یہ علم بواسطہ دلیل ہوتا علم غیب نہ ہوتا کیونکہ اس کی حقیقت علم بلا واسطہ ہے۔

اسی استنباط کا ناجائز ہونا ہر حال میں لازم ہے اور ظاہر ہے کہ اہل تفاول صریحاً ایسے احکام کو مدلول قرآنی نہیں کہتے۔ پھر بھی ایہام لزوم سے حرمت کا حکم کیا جاتا ہے اور ان تفاسیر مخترعہ میں تو اُن کے مدلول قرآنی ہونے کا صریح التزام کیا جاتا ہے۔

چنانچہ تنبیہ بست و یکم میں یہ تصریح منقول ہے تا ایں مقام ملک داری ختم شد۔ پس جو درجہ اس شاعری یا اس تفاول کا ہے۔

یہی وجہ اس قیاس متکلم فیہ کا ہے بلکہ ایک علم جو بوجہ انتساب الی الصلحاء اس سے بھی اشرف ہے یعنی تعبیر رؤیا کہ اس کا مدار بھی ایسے ہی مناسبات پر ہے اس کو بھی نہ کوئی قابل تحصیل سمجھتا ہے اور نہ کسی درجہ میں اس کو حجت سمجھتا ہے بلکہ جو علم اس علم تعبیر سے بھی اشرف ہے یعنی علم اعتبار اور اشرف ہونے کی وجہ یہ ہے کہ تعبیر سے تو فقط احکام تکوینیہ پر استدلال کیا جاتا ہے اور علم اعتبار سے خالص احکام شرعیہ پر استدلال کیا جاتا ہے۔ سو اس حساب سے علم اعتبار ان قیاسات مبحوث عنہا سے دو درجے اشرف ہوا خود وہ علم اعتبار بھی قابل تحصیل نہیں بلکہ بلاتحصیل ہی جس کے ذہن کو ان مناسبات سے مناسبت ہوگی، وہ ایسے استدلالات پر قادر ہوگا، گو علم و فضل میں کوئی معتد بہ درجہ نہ رکھتا ہو۔

چنانچہ یہ احقر جس کو علم و فضل کی ہوا بھی نہیں لگی، بعض اُمور میں ایسی مناسبات تک پہنچ گیا جو علماء سے بھی منقول نہیں۔ چنانچہ میرا رسالہ مسائل السلوک اس کا شاہد ہے بطور نمونہ کے ایک ایسا ہی مقام نقل کرتا ہوں۔ قصہ ذبح بقرہ بنی اسرائیل سے نفس کشی کے مسئلہ پر تو بکثرت استدلال منقول ہے اور بقرہ اور نفس میں وجوہ مناسبت بھی سب نے نقل کی ہیں لیکن صفت صفراء میں بقرہ اور نفس کا اشتراک کسی کے کلام میں میری نظر سے نہیں گزرا مگر میں نے اس سے بھی بعنوان ذیل تعرض کیا: ”**قوله تعالٰى انها بقرة صفراء الخ قال العبد الضعيف مثل الصوفية النفس بهذه البقرة و يزيد فى التناسب بينهما كون البقرة صفراء و كذلك يكون نور النفس فيما يكاشفون به**“ سو ایسے کم درجہ کے مقصود کے لیے جو نہ کمالات میں سے ہے نہ آلات میں سے اہتمام و اعتناء کرنا یا اس کو علم سمجھنا بجز اختلال عقل بلکہ اختلال حواس کے کیا سمجھا جائے، ایسے لوگوں کو خلوص و خشوع کے ساتھ اس مناجات کا التزام کرنا چاہیے جس پر رسالہ کو ختم کرتا ہوں۔ ”**وهى هذه**“

نالہ کردم کاے تو علام الغیوب　　زیر سنگ مکرما را مکوب
یا کریم العفو ستارالعیوب　　انتقام از ما مکش اے ذنوب
انچہ درکون ست زاشیا انچہ ہست　　دائما جاں گہر حالت کہ ہست
آب خوش را صورت آتش مدہ　　اندر آتش صورت آبے منہ
از شراب قہر چوں مستی دہی　　نیست ہارا صورت ہستی دہی
گر خطا گفتیم اصلاحش بکن　　مصلحی تو اے تو سلطاں سخن
لاتزغ قلبا ہدیت بالکرم　　واصرف السوء الذی خط القلم

وھٰذا آخرما اردناہ فی ھٰذا الباب واللّٰہ اعلم بالصّواب والیہ المرجع والمآب.(مکتبہ اشرف علی لاول یوم من رمضان ١٣٤٧، تھانہ بھون)

اِصلاح ترجمہ دہلویہ

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ واقف الاسرار الفرقانیۃ،
راس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الاسرار الخفی منہا والجلی اعنی بہ

مَولانا مُحَمّد اَشرف علی التّھانوی

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

ڈپٹی نذیر احمد صاحب دہلوی نے قرآن مجید کے ترجمہ میں اکثر مقامات پر جو غلطیاں کی ہیں، جن سے مسائل شرعیہ اور عقائل اسلامیہ میں دھوکہ ہوتا ہے۔ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اس رسالہ میں ان سب غلطیوں پر تنبیہ کر کے اِصلاح فرمائی ہے اور اس دھوکہ سے اُمت محمدیہ کو بچالیا ہے۔

اِصلاح ترجمہ دہلویہ

"حامداً و مُصلیاً"..........ان دنوں قرآن مجید کا ایک اُردو ترجمہ ڈپٹی نذیر احمد صاحب کا لکھا ہوا دہلی سے مختلف تقطیعات پر شائع ہوا جس کے بامحاورہ ہونے کی عام شہرت سن کر منگا کر دیکھا بامحاورہ بے محاورہ ہونے کا فیصلہ کرنا تو اہل زبان کا کام ہے اور نہ اس سے کوئی ضروری غرض زیادہ متعلق ہے جس میں گفتگو کی جائے مگر دو چار متفرق مقام پر نظر ڈالنے سے اتنا معلوم ہوا کہ اس میں خود مطالب قرآنیہ بھی کہیں متن سے کہیں حاشیہ سے بدل گئے ہیں۔ چونکہ ایسی حالت میں بجائے منفعت کے عام مسلمانوں کو اس سے مضرت پہنچنے کا قوی اندیشہ تھا۔ اس لیے اس کا انسداد ضروری ہوا۔

تاہم احتیاطاً بعض مقام کے متعلق خود مترجم صاحب سے بذریعہ خط دریافت کیا گیا۔ جب کچھ جواب نہ ملا اور نہ بظاہر اُمید تھی کہ وہ اپنی تحقیقات سے رجوع فرماتے اسی لیے باوجود رائے دینے بعض حضرات کو اس کا زیادہ اہتمام بھی نہیں کیا گیا بجبوری عام مسلمانوں کی حفاظت دین کی ضرورت سے ترجمہ مذکورہ بالا بالاستیعاب اوّل سے آخر تک دیکھنا پڑا جن لغزشوں کا گزر عقائد و احکام تک نہ تھا ان سے زیادہ تعرض نہیں کیا گیا مگر جن کا اثر عقائد و

احکام تک پہنچتا ہوا دیکھا اور کوئی توجیہ قریب بھی نہ بن سکی اُن کو ضبط کیا گیا جس کا مجموعہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

چونکہ مقصود اصلی اس تحریر سے صرف عام مسلمانوں کو غلطی سے بچانا ہے اس لیے اس میں بحث و جدال کا طریقہ اختیار نہیں کیا گیا۔ سیدھی سادہ مختصر عبارت میں اصلی مطلب کی تقریر کر دی۔

ترتیب اس کی یوں رکھی ہے کہ اوّل ہر سورت کے رکوع کا نمبر نشان کے لیے لکھ دیا ہے، پھر قولہ کے تحت میں ترجمہ مذکورہ کی عبارت، پھر اقول کے بعد اپنا التماس ظاہر کر دیا ہے جن صاحبوں کے پاس ترجمہ مذکورہ موجود ہو ان کو ضروری ہے کہ ایک نسخہ اس تحریر کا اپنے پاس رکھیں بلکہ مناسب ہے کہ اس ترجمہ کے ساتھ ہی اس کو مجلد کرا لیں بلکہ ترجمہ کے ان مقامات پر حاشیے کے طور پر چڑھا لیں تاکہ ترجمہ دیکھنے والے کے ذہن میں غلطی عابر سبیل سے زیادہ مسافرانہ بھی نہ ٹھہرنے پائے اور چونکہ آج کل اکثر لوگوں کو قرآن شریف کے ترجمہ لکھنے کا شوق ہوتا جاتا ہے۔

اس لیے عام مسلمانوں کو آگاہ کرنے کے لیے ایک فتویٰ جو کسی وقت لکھنے کا اتفاق ہوا تھا جس میں وہ شرائط و اوصاف مذکور ہیں جس کا مترجم قرآن میں جمع ہونا واجب ہے۔

رسالہ ہٰذا کے آخر میں لگا دیا جاتا ہے تاکہ جس مترجم میں یہ شرائط نہ پائے جائیں ناظرین اُس کے ترجمہ کو دیکھنے کی تکلیف نہ اُٹھائیں۔

"وَاللّٰهُ وَلِيّ الهدَايَة والْعَاصم من الضَلالة والغواية"

سورۂ بقرہ

رکوع ۴ آیہ "قَالَ يَادَمُ اَنۡۢبِئۡهُمۡ الخ" قولہ فی ف۲ اور ارواح مجردہ ہیں اقول فرشتے نہ صرف ارواح ہیں اور نہ مجرد ہیں بلکہ اجسام لطیفہ ہیں جن میں روح ملکی بھی ہے اور وہ مادی ہیں۔ اگرچہ مادہ لطیف ہے تمام قرآن وحدیث اُن کی جسمانیت اور مادیت کو بتارہا ہے۔ ایضاً رکوع ۱۴ آیت "وَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنۡ مَّنَعَ الخ" قولہ فی ف۱ خانہ کعبہ میں اذان دینی الخ اقول مکہ معظمہ میں اذان مشروع ہی نہ ہوئی تھی جیسا احادیث میں منصوص ہے۔ ایضاً رکوع ۱۷ آیت "وَكَذٰلِكَ جَعَلۡنٰكُمۡ الخ" قولہ فی ف۲ پیغمبر صاحب تو نئے قبلہ کی طرف نماز عصر پڑھا چکے تھے اور مسجد قبا میں جماعت ہورہی تھی، ایک صحابی مسجد قبا سے ہوکر گزرے اور انہوں نے نمازیوں سے کہا الخ اقول ظاہر کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ قبا میں عصر کے وقت خبر پہنچی حالانکہ حدیث میں مصرح ہے کہ فجر کی جماعت میں ان لوگوں کو خبر ہوئی، البتہ ایک اور مسجد میں عصر کے وقت خبر پہنچی تھی۔

ایضاً رکوع ۱۸ آیت "وَلِكُلٍّ وِّجۡهَةٌ الخ" قولہ فی ف۲ مسلمان جیسے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھنے کی حالت میں مسلمان تھے ویسے ہی کعبہ کی طرف ویسے ہی ریل اور کشتی میں ہر طرف اقول اگر قبلہ کا علم ہو اور استقبال پر قدرت ہو تو پھر ریل اور کشتی وغیرہ میں بھی استقبال فرض ہے ہر طرف کیسے جائز ہے اور اگر علم یا قدرت نہیں تو ریل اور کشتی کی کوئی تخصیص نہیں، پھر یہ کہ عبارت میں ایسی قید بڑھانا ضرور ہے جس سے اطلاق جواز کا شبہ نہ پڑے۔

ایضاً رکوع ۱۹ آیت "اِنَّ الصَّفَا وَالۡمَرۡوَةَ الخ" قولہ فی ف۲ حج کا دستور

اسلام سے پہلے یہی تھا الی قولہ اسلام نے اصلاح کر کے حج کو عبادت کا رنگ دے دیا۔ اقول اس عنوان سے مفہوم ہوتا ہے کہ اسلام سے پہلے وہ محض دستور تھا اور کبھی اس میں عبادت کی حیثیت نہیں ہوئی حالانکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت میں اس کا عبادت ہونا منصوص ہے اور دوسرے انبیاء علیہم السلام نے بھی حج کیا ہے۔

ایضاً رکوع ۲۱ آیت ''وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا الخ'' قولہ فی ف ا مشرکین عرب سانڈ وغیرہ کو حرام سمجھتے تھے۔ اقول اس سے شبہ پڑتا ہے کہ واقع میں سانڈ حرام نہیں ہے حالانکہ اس کی حرمت خود منصوص قرآنی ہے اور ''مَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ'' کی تحقیق میں خود مترجم صاحب نے بھی اس کی حرمت مان لی ہے اور کتب فقہیہ میں اس کی تفصیل موجود ہے اس لیے موہم عبارت لکھنا مناسب نہ تھا۔ اصل یہ ہے کہ شریعت میں اس کی حرمت بوجہ خبث کے ہے اور اُن کے عقیدے میں بوجہ عظمت کے تھی۔ اس لیے اس قید کا ظاہر کر دینا رفع اشتباہ کے لیے واجب تھا۔

ایضاً رکوع ۲۳ آیت ''وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ الخ'' قولہ فی ف ا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک مسلمان کو فرضی روزہ رکھنا چاہیے مگر بیمار اور مسافر کو رخصت ہے کہ رمضان میں روزہ نہ رکھے بعد کو قضاء رکھ لے اور مقدور والا ہو تو قضاء بھی نہ رکھے...... (بلکہ روزے پیچھے ایک محتاج کا پیٹ بھر دے اور روزہ قضاء بھی رکھے) اور محتاج کا پیٹ بھی بھر دے تو نورٌ علیٰ نور کہ روزے کے بدلے روزہ ہوا اور فضیلت رمضان جو فوت ہوگئی تھی اس کی تلافی کے لیے محتاج کا پیٹ بھر دیا، اگرچہ مقدور والوں کو قضاء کے بدلے فدیہ دینے کا اختیار دیا گیا ہے مگر ان کو بھی روزہ رکھنا چاہیے تا کہ لوگ روزہ سے بچنے کے لیے بہانے نہ ڈھونڈھیں۔

اقول یہ آیت باجماع علمائے مجتہدین اُمت منسوخ ہے یا مؤول یہ کسی کا مذہب ثابت نہیں کہ ظاہر معنی پر محمول کر کے اس کا حکم باقی رکھا جائے۔ جیسا مترجم صاحب نے فرمایا ہے چونکہ اجماع حجت قطعیہ ہے اس لیے اس کی مخالفت حرام و

بدعت ہے اور ہرگز اس حاشیہ پر عمل کرنا جائز نہیں، حالت سفر یا مرض میں جو روزہ ناغہ ہوگا حالت قیام وصحت میں اس کی قضاء رکھنا فرض ہے بجائے روزہ کے محتاج کا پیٹ بھر دینا ہرگز کافی اور درست نہیں، اس مقام پر ضروریات دین اور مذہبی احکام میں دست اندازی کی گئی ہے جس سے توبہ کرنا فرض ہے۔

"ولا تفترن بتفسير الاصم لانه لا يسقط القضاء بل يوجب الفدية على المفطر و وجوب القضاء بدليله ظاهر ولا بما نقل عن غيره لعدم ثبوته اولا ولرفع الاجماع المتاخر الخلاف المتقدم ثانيا فافهم"

ایضاً رکوع ۲۴ "فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ الخ" قولہ فی ف ا یعنی جہاں رُکے وہیں قربانی کرلے۔اقول چونکہ یہ مذہب حنفی کے خلاف ہے کیونکہ اُن کے نزدیک قربانی کا حرم میں پہنچنا ضروری ہے اس لیے یا حنفیہ کا مذہب لکھنا چاہیے تھا کہ اس ملک والوں کی جو کثرت سے حنفی ہیں رعایت اس کو مقتضی ہے یا اس میں تصریح کردینا چاہیے تھا تاکہ غلط فہمی نہ ہواور اسی حاشیہ میں ہے یاروزوں کے بدلے چھ مسکینوں کو کھانا کھلاوے۔اقول چونکہ حدیث میں اس فدیہ کی مقدار میں صاع وارد ہے اور ظاہر ہے کہ کھلانے میں اس مقدار کا اتمام غیر اختیاری ہے اس لیے اطعام کافی نہیں بلکہ تملیک ضروری ہے ہر مسکین کونصف صاع۔

ایضاً رکوع ۲۵ آیت "فَمَنْ تَعَجَّلَ فِیْ یَوْمَیْنِ الخ" قولہ فی ف ۲ اللہ تعالیٰ نے جماؤ کو اسلام میں بھی توڑنا نہیں چاہا کہ خرید وفروخت کے دن ہیں، اقول قیام منٰی کی اصل غرض اس مصلحت دنیوی کو قرار دینا بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل ہے ورنہ رمی جمار اس میں مشروع نہ ہوتا کہ اس کو غرض مذکور میں کوئی دخل نہیں بلکہ اصلی مقصود ذکر اللہ ہے قولاً اور عملاً جس میں رمی جمار بھی داخل ہے۔

جیسا آیہ قرآنی "فَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَذِکْرِکُمْ" اور حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے جس کو ابوداؤد نے روایت کیا ہے، معلوم ہوتا ہے اور اجازت ہو جانا

تجارت کی اور بات ہے اُس سے اس کا غایت اصلی ہونا لازم نہیں آتا۔

ایضاً رکوع ۲۸ آیت "لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ" قولہ فی ف ۳ لایعنی قسم سے وہ قسم مراد ہے جو بغیر قصد اور ارادے کے الخ اقول یہ بھی مذہب حنفی کے خلاف ہے کیونکہ اُن کے نزدیک لغو کی تفسیر یہ ہے کہ ماضی پر خلاف واقع بظن صدق قسم کھائے دعویٰ نفع رسانی اس ملک والوں کا (جو خطبہ سے معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ حصہ اُن میں حنفی ہیں) اس کے خلاف کو مقتضی ہے۔

ایضاً رکوع ۲۸ آیت "وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ الخ" قولہ فی ف ۴ اس کو چار مہینے کی مہلت ہے اس کے بعد یا رجوع کرے الخ اقول یہ بھی مذہب حنفی کے خلاف ہے۔ اس میں بھی وہی عرض ہے جو ابھی عرض کیا گیا کیونکہ ان کے نزدیک چار ماہ گزرنے پر خود طلاق واقع ہو جاتی ہے رجعت کا حق کہاں۔

ایضاً رکوع ۱۹ آیت "اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ" قولہ فی الترجمۃ طلاق (جس کے بعد رجوع بھی ہو سکتا ہے وہ دو ہی طلاق ہیں جو دو دفعہ کر کے دی جاتی ہیں) اقول دو طلاق کے بعد عدت کے اندر مطلقاً رجعت جائز ہے خواہ وہ طلاق یکبارگی واقع کی جائیں یا متفرق۔ پس یہ قید جو مترجم نے لگائی ہے صحیح نہیں اور مرتان بمعنی اثنان ہے اور اگر مرتان اپنے ظاہری معنی پر رکھا جائے تو اس کا مدلول یہ نہیں ہے کہ اگر تفریق نہ ہو تو رجعت جائز نہیں۔ جیسا ترجمہ میں لفظ حصر سے مستفاد ہے کہ یہ اجماع کے خلاف ہے بلکہ بعض علماء نے تو عدم تفریق کی صورت میں اس کو ایک ہی قرار دیا ہے۔ اگرچہ یہ قول صحیح نہیں مگر یہ قول کسی کا نہیں کہ اگر دفعتہً دو طلاق دی جائیں تو رجعت جائز نہیں بلکہ مرتان کے اختیار کرنے میں یہ نکتہ ہے کہ تفریق مستحب ہے باقی حکم رجعت میں جمع اور تفریق دونوں برابر ہیں اور اگر بتکلف بعید یہ تاویل کی جائے تو دو طلاقیں جبھی دو ہوں گی کہ بتفریق دی جائیں ورنہ ایک ہوگی اوّل تو عبارت ترجمہ اس مطلب کے لیے کافی نہیں دوسرے یہ مذہب صحیح بھی نہیں۔ جیسا کہ ابھی عرض ہوا۔

ایضاً رکوع ۳۰ آیت ''وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ'' قولہ فی الترجمۃ دودھ پلانے کا نان ونفقہ جیسا اصل باپ پر ویسا اُس کے وارث پر اقول مذاہب متبوعہ معمول بہا میں سے کسی کا یہ مذہب نہیں کہ باپ کے وارث پر دودھ پلانے کا نان و نفقہ واجب ہو بلکہ وارث سے مراد یا تو بچہ ہے کہ وہ باپ کا وارث ہے جبکہ اس کے حصے کا کچھ مال ہو، اس میں واجب ہوگا اور یا بچہ کا وارث مراد ہے کہ علاقۂ وراثت سے انفاق واجب ہوتا ہے جبکہ بچہ مال دار نہ ہو۔

ایضاً رکوع ۳۰ آیت ''وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْا اِلٰی، اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ط'' قولہ فی الترجمۃ اگر تم اپنی اولاد کو کسی دایہ سے (الیٰ قولہ) بشرطیکہ جو تم نے دستور مطابق ماؤں کو دینا کیا تھا، اُن کے حوالے کرو۔ اقول یہ کیا ضرور ہے کہ جو ماؤں کو دینا کیا تھا دایہ کو بھی وہی دینا شرط جواز ہو اور ''اٰتَيْتُمْ'' کے لفظ سے اگر شبہ ہوا ہو تو اُس کے معنی ''اَرَدْتُّمْ اِيْتَاءَهٗ'' ہیں اور اشتراط ''سَلَّمْتُمْ'' کا مذہب کے لیے ہے۔

ایضاً رکوع ۳۱ آیت ''اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ'' قولہ فی ف ۲ معلوم ہوا کہ نکاح بے مہر ٹھہرانے کے بھی ہو جاتا ہے نکاح ہونے کے پیچھے آپس میں راضی ہو کر ٹھہرا لیں گے حاکم مہر مثل ٹھہراوے گا۔ اقول مطلقا ہر حال میں حاکم کو مہر مثل ٹھہرانے کا اختیار ہونا۔ جیسا حاشیہ مذکور کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے۔ دلیل شرعی کا محتاج ہے اور بلا دلیل احکام شرعیہ میں دست اندازی ہے۔ خود آیت میں منصوص ہے کہ اگر مہر نہ ٹھہرانے کی صورت میں مس نہ ہوا ہو تو صرف تمتع کا حکم ہے مہر مثل واجب نہیں۔

ایضاً رکوع ۳۵ آیت ''اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ الخ'' قولہ فی ف ۳ اور عزیر کے قصہ میں سے کاف تشبیہ سے شروع کیا کہ اس بادشاہ کی سی بدعقیدگی نہیں ہے مگر ہے اُسی کے لگ بھگ قول جب کاف تشبیہ کالذی پر داخل ہوا تو عزیر کا قصہ تو مشبہ ہو گیا۔ اس صورت میں اس کافر بادشاہ کا قصہ اس کے مشابہ اور لگ بھگ ہوا نہ بالعکس جیسا حاشیے میں دعویٰ کیا گیا ہے۔ البتہ اگر یہ قصہ مقدم ہوتا اور کافر بادشاہ کا قصہ مؤخر

اوراس مؤخر پر کاف تشبیہ داخل ہوتا تو اس نکتہ کی گنجائش ممکن تھی اوراب تو اس کی صحت کی کوئی وجہ نہیں، علاوہ اس کے تعجب اورانکار کا لگ بھگ ہونا بھی محل کلام میں ہے تعجب تو بڑے بڑے انبیاء علیہم السلام کو ہوا ہے۔ جیسا خود قرآن مجید میں کئی قصوں میں مذکور ہے کیا نعوذ باللہ اُن کی اس حالت کو حالت کفر کے مشابہ کہا جا سکتا ہے حاشا وکلا۔

ایضاً رکوع ۳۵ آیت "فَصُرْهُنَّ" قولہ فی الترجمۃ اوران کو اپنے پاس منگواؤ، اقول اس کا ترجمہ منگوانا نہیں ہے بلکہ بلانا ہے۔

سورۂ آل عمران

رکوع ۴ آیت "قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّیْ اٰیَۃً" (الی) "اَلَّا تُکَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَۃَ اَیَّامٍ" قولہ فی الترجمۃ (یعنی روزہ رکھنا) وفی ف ا چنانچہ زکریا علیہ السلام نے پے در پے تین روزے رکھے۔ اقول حضرت زکریا علیہ السلام کا اس واقعہ میں روزے رکھنا کہیں نظر سے نہیں گزرا اوراگر عدم کلام مع الناس سے استدلال کیا جائے تو صحیح نہیں کیونکہ صوم کو عدم کلام لازم تھا، عدم کلام کو صوم لازم نہیں اورلازم عام سے وجود ملزوم پر استدلال کرنا غلط ہے۔

ایضاً رکوع ٦ آیت "وَنِسَآءَ نَا وَنِسَآءَ کُمْ" قولہ فی الترجمۃ اورنیز ہم اپنی بیبیوں کو بلائیں اورتم اپنی بیبیوں کو بلاؤ، اقول نساء لفظ عام ہے بی بی کا ترجمہ صحیح نہیں اورخصوص واقعہ سے استدلال کرنا کافی نہیں، ممکن ہے کہ مراد تو عام ہو، آگے اس عام کے جو فرد خاص بھی واقع ہو جائے اس سے مدلول کی تخصیص جائز نہیں، اس ترجمہ میں ضمناً دعویٰ لازم آتا ہے کہ اگر فریق مقابل اپنی بیبیوں کے علاوہ اورعورتوں کو لاتے تو کافی نہ ہوتا سو یہ دعویٰ محتاج دلیل ہے اوراسی آیت کے متعلق ف ۲ میں ہے پیغمبر صاحب نے ان کی یہاں تک خاطر داری کی کہ مسجد نبوی میں ٹھہرایا اوروہ وہیں اپنے طور کی عبادت بھی کرتے تھے۔ اقول یہ دعویٰ اخیر دلیل اورروایت کا محتاج ہے۔

ایضاً رکوع ۹ آیت "اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ الخ" قولہ فی ف ۲ جس طرح کوئی

چیز فطرت سے خارج نہیں ہوسکتی۔ الخ، اقول گو اس عبارت کی تاویل بعید ہوسکتی ہے مگر بظاہر اس میں منکرین خوارق کی پوری تائید ہے کیونکہ اس میں بھی اشیاء کا مجرائے طبعی سے خروج ضروری ہے اس لیے اگر یہ تقریر لکھنا ہی ضرور تھا تو ایسی توضیح اور تقیید واجب تھی جس سے اشتباہ اور ایہام نہ ہوتا ورنہ بظاہر اس میں اس زمانہ کی آزاد منشوں کی پوری موافقت ہے جو کہتے ہیں "الاسلام هو الفطرة والفطرة هي الاسلام"

ایضاً رکوع ۹ آیت "فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا" قولہ فی الترجمہ ان میں کوئی شخص (کرہ) زمین (کی گول) بھر کر بھی الخ اقول جو چیز اندر سے خالی ہو اس کی ظرف ملا کی اضافت کرنا اس معنی کو مفید ہوتی ہے اور جو چیز مصمت یعنی ٹھوس ہو اس کی طرف اضافتِ ملا کی اُس کے ظاہر سطح کے بھرنے کے لیے مستعمل ہوتی ہے نہ کہ اس کو خالی فرض کر کے اس کی اندرونی پُری مراد لی جائے۔

ایضاً رکوع ۱۶ آیت "اِذْ تُصْعِدُوْنَ الخ" قولہ فی ف ابتدائی حالت میں مسلمانوں کا بیدل ہونا آئندہ کامیابیوں میں خلل انداز رہتا۔ اقول یہ کہنا اس وقت صحیح ہوتا کہ واقع میں معاف کرنا مرضی کے خلاف تھا مگر اس ضرورت سے تسلی کرنا مناسب ہوا۔

ایضاً رکوع ۲۰ آیت "وَرَابِطُوْا" قولہ فی الترجمۃ اور آپس میں مل کر رہو۔ اقول ربط بمعنی مل کر رہنے کے اُردو کا محاورہ ہے۔ آیت میں یہ مراد لینا صحیح نہیں بلکہ قدم یا قلب کا ثابت رکھنا مراد ہے۔

سورۂ نساء

رکوع ۲ آیت "وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ" (الیٰ) "وَلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ" قولہ فی الترجمۃ اور دوسری ماں سے اُس کا بھائی ہو یا بہن ہو۔ اقول اس آیت میں بالاجماع اور باعتراف حاشیہ مترجم صاحب اخیافی بھائی بہن مراد ہے جو ماں میں شریک ہوں اور باپ علیحدہ علیحدہ ہوں۔ سو ترجمہ میں یہ لکھنا کہ دوسری ماں سے ہو،

ملا ہے۔ البتہ اگر کاتب نے غلطی کی ہو تو خیر۔

ایضاً رکوع ۲ آیت "غَيْرَ مُضَارٍّ" قولہ فی ف ۲ اسی طرح مرنے والا کسی کا قرضہ رعایۃً بھی اپنے اوپر لے سکتا ہے مگر وصیت ہو یا قرض مرنے والے کو یہ اختیار نہیں کہ وارثوں کا نقصان کرے۔ اقول اس آیت میں جس دین کا ذکر وصیت کے ساتھ ہے وہ دین نہیں جو میت نے رعایۃً اپنے ذمہ لے لیا ہے وہ تو حکم وصیت میں ہے اس لیے اس حاشیے میں اس دین کی تفسیر اور اس کو مغایر وصیت کا ٹھہرانا صحیح نہیں۔

ایضاً رکوع ۳ آیت "اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً" قولہ فی ف ۱۱ اپنے باپ کی پہلی بی بی سے نکاح کر لینا۔ اقول پہلی اور دوسری اس میں سب برابر ہیں جو سوتیلی ہو اس لیے یہ تخصیص صحیح نہیں۔

ایضاً رکوع ۱۱ آیت "فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ط" قولہ فی الترجمۃ اگرچہ پکے پکے گنبدوں میں ہی کیوں نہ ہو۔ اقول برج بمعنی گنبد اُردو محاورے میں مستعمل ہوتا ہے عربی محاورے میں مطلق بنائے رفیع کو کہتے ہیں خواہ گنبد کی شکل ہو یا دوسری صورت کا ہو۔

ایضاً رکوع ۱۵ آیت "وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ الخ" قولہ فی ف ۱ اور اتنا بھی موقع نہ ملے تو ایک ہی پر کفایت کرے۔ جیسا کہ احادیث میں آیا ہے۔ اقول مذاہب متبوعہ میں سے کسی کا مذہب ایک رکعت کا نہیں اور وہ جو حدیث میں وارد ہے اس سے مراد صلوٰۃ مع الامام ہے کہ وہ ایک ہو گی۔ دوسری علیحدہ پڑھنی پڑے گی اور اگر اجتہاد سے یہ دعویٰ کیا گیا ہے تو شرائط جواز اجتہاد کے مفقود ہیں۔

سورۂ مائدہ

رکوع اوّل آیت "يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ الخ" حاشیہ ف قولہ حاجیوں کو جو شکار کی ممانعت کی گئی ہے سو مصلحت یہی معلوم ہوتی ہے کہ ملک میں سرسبزی اور آبادی ہو اور ملک عرب کو اس کی سخت ضرورت تھی اور ہے۔ اقول اس

مصلحت کا قیاسی ہونا خود مترجم صاحب کے اعتراف سے ثابت ہے۔ چنانچہ لفظ (معلوم ہوتی ہے) اس پر دلالت کرتا ہے اور چونکہ یہ قیاس نصوص شرعیہ کے خلاف ہے اس لیے غیر صحیح ہے جیسا اُصول میں مقرر ہو چکا ہے اور عقل میں بھی یہ بات آتی ہے کہ جو قیاس نص کے خلاف ہو وہ غیر مقبول ہوتا ہے کیونکہ نص حکم شارع کا ہے اور قیاس ایک اُمتی کی رائے۔ سو ایک اُمتی کی رائے حکم شارع کے مقابل کب معتبر ہو سکتی ہے۔ وجہ اس کے مخالف ہونے کی یہ ہے کہ یہ نصوص سے ثابت ہے کہ جس طرح حد حرم میں شکار کرنا حرام ہے۔ گو شکار کرنے والا احرام نہ باندھے ہو۔ اسی طرح حالت احرام میں بھی شکار کرنا حرام ہے۔ گو حد حرم سے باہر ہی ہو۔ سو اگر یہ مصلحت قیاسی علت اس کی ہوتی تو چاہیے تھا کہ حالت احرام میں شکار کرنا جبکہ حد حرم سے باہر ہو اور وہ جانور بھی اس حد کا نہ ہو جائز ہوتا کیونکہ اس سے حرم کی سرسبزی اور آبادی میں کوئی خلل نہیں پڑتا۔ اسی طرح چاہیے تھا کہ جو شکار حد حرم کے اندر کا رہنے والا ہو اور وہ اتفاق سے باہر آ جائے تو اُس کا شکار کرنا غیر محرم کو بھی جائز ہوتا کیونکہ اُس سے آبادی حرم میں خلل واقع ہوتا ہے حالانکہ پہلی صورت میں شکار حرام اور دوسری صورت میں حلال۔

اُس سے معلوم ہوا کہ یہ مصلحت خلاف نص کے باطل ہے علاوہ اس کے ملک عرب میں سرسبزی اور آبادی کی ضرورت ہے تو آدمیوں کے لیے یا جانوروں کے لیے شق ثانی کا تو احتمال ہی نہیں ورنہ دلیل قائم کرنا چاہیے اور شق اوّل پر جب آدمیوں کو ان سے منتفع ہونے کی اجازت نہ ہوئی تو پھر آدمیوں کے لیے ہونے کے کوئی معنی نہیں اور اگر یہ احتمال نکالا جائے کہ خود سرسبزی مقصود ہو نہ آدمیوں کے لیے اور نہ جانوروں کے واسطے تو مترجم صاحب کا قول (کہ ملک عرب کو اُس کی سخت ضرورت تھی اور ہے) اس سے آبی اور منکر ہے کیونکہ محض سرسبزی جو زینت کے لیے ہو ضروری، پھر سخت ضروری نہیں، اس سے عقلاً بھی اُس مصلحت کا غلط ہونا ثابت ہوا غرض عقلاً ونقلاً وہ قیاس نامقبول ہے اوّل تو احکام منصوصہ میں علت ڈھونڈھنے کی ضرورت ہی کیا ہے اور

اگر محض فائدہ کی غرض سے معلوم ہی کرنا ہے تو اس کی علت تعظیم حالت احرام یا مکان احرام کہنا چاہیے جس کی تائید اشارات قرآن وحدیث سے بھی ہوتی ہے۔ ہر حکم میں ملکی مصلحت نکالنا کیا ضرور ہے کیا احکام دینیہ صرف دنیوی منافع کے حاصل کرنے کو مشروع ہوئے ہیں اور کیا دین سے ثمرات آخرت کا مقصود ہونا خلاف عقل ہے۔ دوسری کمی اس میں یہ ہے کہ ممانعت شکار میں صرف حاجیوں کی تخصیص کی گئی ہے حالانکہ اہل عمرہ کے لیے بھی یہی حکم ہے اور حد حرم میں اور لوگوں کے لیے بھی۔

ایضاً رکوع اوّل کلمہ "وَالْمُنْخَنِقَةُ" قولہ ترجمہ اور جو گلا گھٹنے سے مر گیا ہو۔ اقول ہر چند توجیہ اس کی ہو سکتی ہے مگر ظاہراً اس سے شبہ پڑتا ہے کہ جو خود گلا گھٹنے سے مر گیا ہو وہ تو حرام ہے اور جس کا گلا کسی نے گھونٹا ہو اس کی حرمت سے قرآن ساکت ہو، اس شبہ کو تعمیم ترجمہ سے یا مستقل حاشیہ سے اس لیے تصریحاً رفع کرنا ضروری تھا کہ بعضے لوگ اس زمانہ میں گلا گھونٹی مرغی وغیرہ کو حلال کہتے ہیں۔ اس ترجمہ سے اُن کی تائید کا احتمال ہے جس کا انسداد ایسے موقع پر نقلاً وعقلاً ضروری ہے، اگر باب انفعال کا عذر ہو تو اس کا جواب لفظ (یا مستقل حاشیہ سے) میں موجود ہے۔

ایضاً رکوع اوّل کلمہ "اَكْمَلْتُ وَاَتْمَمْتُ وَرَضِيْتُ" سب کلمات کے ترجمہ میں ہم نے کیا ہے۔ اقول اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات پاک کے لیے بعض جگہ واحد متکلم کی ضمیر اختیار فرمائی ہے اور بعض جگہ جمع متکلم کی اور ہر مقام پر جدا نکتہ ہے۔ گو ہم کو بالتفصیل معلوم نہ ہو مگر یہ فرق بالیقین کسی رعایت سے خالی نہیں۔ پس ترجمے میں بھی اس فرق کی رعایت ضروری تھی ورنہ اس نکتے کا ضائع ہونا لازم آئے گا۔ سو ایسا تصرف ایسے محفوظ کلام میں گنجائش نہیں رکھتا۔

ایضاً رکوع اوّل کلمہ "وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ" قولہ فی الترجمۃ اور شکاری جانور جو تم نے شکار کے لیے سدھا رکھے ہوں۔ اقول اس ترجمہ میں مکلبین کا ترجمہ چھوٹ گیا ہے، اگر یہ کہا جائے کہ تعلیم اور تکلیب دونوں کا حاصل

معنیٰ متحد تھا اس لیے اس کا ترجمہ کافی ہو گیا، اس میں یہ خدشہ ہے کہ گو دونوں کا حاصل قریب قریب ہے، اگرچہ متحد نہیں مگر تاہم اس کی تکریر میں جو نکتہ اصل کلام میں مرعی کیا گیا ہے ترجمہ میں بھی واجب الرعایۃ ہے۔ مثلاً یوں عبارت ہوتی شکار کے لیے سکھا اور سدھار کھے ہوں۔

ایضاً رکوع ۴ آیت "یَتِیۡهُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ط" قولہ فی الترجمۃ (مصر کے) جنگل میں بھٹکتے بھٹکتے پھریں گے۔ اقول مصر کی تخصیص محتاج دلیل ہے میری نظر سے نہیں گزری۔

ایضاً رکوع ۶ آیت "نَکَالًا مِّنَ اللّٰهِ ط" قولہ فی الترجمۃ یہ تعزیر اُن کے حق میں خدا کی طرف سے اقول قرآن مجید کے ترجمہ میں اصطلاح شرعی کی رعایت زیادہ ضروری ہے۔ بہ نسبت اصطلاح عرفی کے اور تعزیر باصطلاح شریعت مقابل اور قسم حد کی ہے نہ کہ اس کے مرادف یا اس سے عام جیسا کہ عرف میں ہے ایسے ترجمے سے احکام شرعی میں غلط فہمی کا اندیشہ ہے، مثلاً جس شخص نے یہ مسئلہ سنا ہو کہ تعزیر میں تخفیف جائز ہے اور پھر اس مقام پر ترجمہ میں لفظ تعزیر دیکھے۔ لامحالہ اس سزائے سرقہ میں جو اس آیت میں مذکور ہے تخفیف کو جائز سمجھے گا حالانکہ یہ حدود میں سے ہے جس میں کوئی تخفیف جائز نہیں، بجائے تعزیر کے لفظ سزا لکھنا مناسب تھا وہ لفظ عام ہے اور کوئی شرعی اصطلاح بھی نہیں۔

ایضاً رکوع ۶ آیت "سَمّٰعُوۡنَ لِلۡکَذِبِ" قولہ فی الترجمۃ جھوٹی جھوٹی باتوں کی کنسوئیاں لیتے پھرتے ہیں۔ اقول جھوٹی باتوں سے کس کی باتیں مراد ہیں، کافروں کی یا پیغمبر صاحب اور مسلمانوں کی، اگر کافروں کی باتیں مراد ہیں تو واقعی ان کے جھوٹ ہونے میں تو کوئی اشکال نہیں مگر کنسوئیاں لینا نہیں بنتا کیونکہ یہ لوگ تو مسلمانوں کی کنسوئیاں لیتے تھے نہ کہ کافروں کی اور وہ تو اُن کے بھائی بند ہی تھے کنسوئیوں کی حاجت ہی کیا ہوتی۔ علاوہ اس کے یہ واقع بھی نہ تھا اور اگر جناب پیغمبر صاحب صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی باتیں مراد ہیں جن کو وہ ٹوہ لگا کر سنتے تھے تو کنسوئیاں لینا تو بن گیا مگر اُن کا جھوٹ ہونا کیا معنی۔ اس لیے یہ ترجمہ غلط ہے۔ پس

معون میں اگر کافروں کی باتیں سننا مذکور سمجھا جائے تو کذب سے مراد کافروں کی
باتیں ہوں گی اور ترجمہ یوں ہوگا کہ جھوٹی باتوں کے خوب سننے والے ہیں اور اگر
یہاں پیغمبر صاحب اور مسلمانوں کے سننے کا ذکر ہے تو کذب مصدر ہوگا اور یوں ترجمہ
ہوگا کہ کنسوئیاں لیتے پھرتے ہیں جھوٹ بولنے کی غرض سے، ان دونوں معنوں میں
کوئی اشکال نہیں اور مفسرین نے انہیں کو اختیار بھی کیا ہے۔

ایضاً رکوع: ۷ آیت ''وَلِیحکم اَهْلُ الْاَنجِیْلِ''قولہ فی الترجمۃ اور اہل
انجیل کو (عیسائی ہونے کی حیثیت سے) چاہیے (تھا)۔ اقول لیحکم صیغہ امر کا ہے جو
موضوع ہے معنی حال واستقبال کے لیے سو ماضی سے ترجمہ کرنا صحیح نہیں بلکہ اس کو
اپنے معنی پر باقی رکھ کر اور قلنا مقدر مان کر اس کا ترجمہ بین الہلالین ظاہر کر دینا
چاہیے تھا جیسا اور مفسرین نے کیا ہے۔ اس طرح ''اور ہم نے عیسائیوں کو حکم دیا
کہ انجیل والوں کو اُس کے مطابق حکم دینا چاہیے۔''

ایضاً رکوع ۱۲ آیت ''لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ الخ''قولہ فی الترجمۃ تمہاری قسموں
میں جو لایعنی ہیں۔ الخ ف الایعنی سے مراد وہ قسم جو بے قصد وارادہ زبان سے نکل جائے۔
اقول چونکہ اِس ترجمہ قرآنیہ سے غرض اس ملک کے لوگوں کو نفع پہنچانا بیان کیا گیا ہے اور
اس ملک میں اکثر مسلمان حنفی المذہب آباد ہیں اور یہ تفسیر یمین لغو کے موافق مذہب امام
شافعی رحمہ اللہ کے ہے صرف اس پر اکتفا کرنا اُس غرض کے خلاف ہے اگر صرف مذہب
حنفی کے موافق تفسیر پر اکتفا کرنا پسند نہ تھا تو کم از کم اس تفسیر کے بعد ہی اُس کو ظاہر کر دیا
جاتا، سو فائدہ عامہ کے لیے اس کو لکھا جاتا ہے، مذہب حنفی میں یمین لغو کے معنی یہ ہیں کہ کسی
گزشتہ حکایت پر اس کو صحیح اور واقعی سمجھ کر قسم کھالینا مگر واقع میں وہ صحیح نہ ہو۔

ایضاً رکوع ۱۴ آیت ''لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ''اس مقام میں
صرف ترجمہ پر اکتفا کیا گیا۔ اقول چونکہ امر بالمعروف بقدر استطاعت واجب ہے
اور یہاں اُس کے سقوط کا شبہ بظاہر ہوتا ہے جس سے تعارض نصوص کا احتمال ہے،

ایسے موقع پر حاشیہ میں ضرور ہے کہ توضیح کردی جائے، جیسا کہ اور مفسرین نے اس مقام پر کیا ہے مثال کے لیے صرف حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ کی توضیح پر اکتفا کیا جاتا ہے، وہ فرماتے ہیں یعنی اگر شما صلاح کردید و شرط امر بالمعروف بجا آوردید مخالفت مخالفان ضرر نمیکند۔

ایضاً رکوع ۱۵ آیت "فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ" قولہ فی الترجمۃ جو شخص پھر بھی تم میں سے (ہماری خدائی کا) انکار کرتا رہے گا۔ اقول اس تخصیص کی نہ کوئی دلیل اور ضرورت اس لیے قابل الحذف ہے۔

سورۂ انعام

رکوع ۳ آیت "ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ" قولہ فی الترجمۃ پھر اس سے بڑھ کر ان کی فضیحت کیا ہوگی۔ اقول فتنہ بمعنی فضیحت مستعمل ہونا محتاج دلیل ہے۔ عامۂ مفسرین نے فتنہ کی تفسیر کفر بالکذب سے کی ہے شق اوّل میں مضاف محذوف ہوگا۔ اے عاقبۃ کفرہم اور شق ثانی میں اُن کا عذر و جواب کاذب مراد ہوگا۔

سورۂ اعراف

رکوع ۴ آیت "قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الخ" قولہ فی ف ۲ از قسم زینت و رزق طیب کوئی چیز کسی پر حرام نہیں۔ اقول اس مقام پر اُن اشیائے زینت کو کلیاً یا جزئیاً مستثنیٰ کرنا چاہیے تھا جن کی حرمت دلائل شرعیہ سے ثابت ہے۔ مثلاً سونے کی انگشتری مردوں کے لیے یا حریر مردوں کے لیے یا اسبال ازار مردوں کے لیے وغیر ذالک ورنہ کم علم نوجوانوں کو اس عموم سے اپنی بدوضعی میں سند ہاتھ آئے گی اور اگر لفظ از خود کو جو آگے آتا ہے اس شبہ کا رافع سمجھا جائے تو عوام اس قدر دقیق بین نہیں ہیں جو اُن کی نظر یہاں تک پہنچ کر ان کو غلطی سے بچائے۔

ایضاً رکوع ۷ آیت "اُدْعُوْا رَبَّكُمْ" قولہ فی ف ا اور ایک درجہ رضا و تسلیم کا ہے

علیحدہ ہے۔ اقول رضا اور تسلیم کو دُعا کے خلاف کہنا صحیح نہیں ہے، تفسیر کبیر میں اس آیت اور آیت "وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ" کی تفسیر میں اس کو بدلائل ثابت کر دیا ہے اور وہ جو بعض بزرگوں کی حکایتیں منقول ہیں وہ آثار غلبہ حال سے ہے نہ آثار رضا و تسلیم سے ورنہ لازم آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دُعا کی تعلیم میں تسلیم و رضا کے ترک کرنے کا حکم فرمایا ہے، ایسے امر کا کون قائل ہوسکتا ہے۔

ایضاً رکوع ۱۱ آیت "اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّنَا ط" قولہ فی الترجمۃ مگر یہ کہ خدا جو ہمارا پروردگار ہے اُسی کی مرضی ہو اقول چونکہ لغتہً ہمیشہ اور عرفاً اکثر مرضی کے معنی پسندیدہ کے ہیں اور کفر ہرگز پسندیدۂ الٰہی نہیں ہوسکتا اس لیے یہاں مرضی کے ساتھ ترجمہ صحیح نہیں ہے اور مشیت اور مرضی میں جو فرق ہے مترجم صاحب نے سورۂ انعام کے رکوع ۱۸ ف ۱ میں خود تسلیم کرلیا ہے۔ پھر ترجمہ کرنا اُس سے جو کہ ترادف پر مبنی ہوتا ہے کس طرح صحیح ہے۔ اگر بجائے اس کے یہ ترجمہ ہوتا (اُسی کو منظور ہو) یا مثل اس کے تو یہ اشکال اُس میں نہ ہوتا۔

ایضاً رکوع ۲۲ آیت "وَاِذْ اَخَذَ رَبُّکَ مِنْ م بَنِیْٓ اٰدَمَ الخ" قولہ فی ف ا مطلب یہ ہے کہ خدا نے انسان کے دل کو اس طرح کا بنایا ہے کہ از خود اس کو معلوم ہوتا ہے کہ خدا ہے اور اکیلا ایک ہے۔ الخ۔ اقول اُصول میں ثابت و مقرر ہے کہ جب تک حقیقی معنی بن سکیں مجاز پر محمول کرنا جائز نہیں اور یہاں جب حقیقی معنی ممکن ہیں اور اُس میں کوئی اشکال عقلی و نقلی وارد نہیں اس کو چھوڑ کر اس تشبیہ و تمثیل پر جو کہ من قبیل مجاز ہے محمول کرنا کس طرح صحیح ہوگا۔ بالخصوص جبکہ خود صاحب وحی جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے مطابق ظاہر الفاظ و معنی حقیقی کے تفسیر فرمادی ہو۔ جیسا حدیثوں میں وارد ہے صاحب وحی کی تفسیر کو غلط کہنا تو ممکن ہی نہیں اصل میں معنی تشبیہی پر محمول کرنا معتزلہ کا قول ہے جیسی ان کی عادت ہے کہ اپنی رائے اور قیاس کی وجہ سے ہمیشہ نصوص میں کہیں تحریف کہیں ردّ و انکار کیا کرتے ہیں اور معنی حقیقی میں اُنہوں نے کچھ اشکالات وارد کیے ہیں جن کے جوابات ہمارے علماء دے چکے ہیں۔ چنانچہ تفسیر کبیر میں وہ سب مذکور ہیں

اور خود یہ مضمون صحیح ہے کہ خدا نے انسان کے دل کو اسی طرح کا بنایا ہے۔ الخ مگر کلام اس میں ہے کہ اس مضمون سے تفسیر آیت کی کرنا کیسا ہے جیسا مترجم صاحب نے تصریح کردی ہے۔ اس لفظ سے (مطلب یہ ہے) البتہ تفسیر صحیح پر جو اشکال وارد ہوتا ہے کہ وہ عہد تو یاد نہیں اس کی بناء پر محاجہ اور مواخذہ کس طرح جائز ہوگا۔ اس کا ایک جواب اس تقریر میں بھی جو فائدے میں لکھی ہے ممکن ہے مگر اُس کا تفسیر بنانا صحیح نہیں اور دوسرا جواب کہ وقتاً فوقتاً اللہ تعالیٰ ہادیوں کے ذریعہ سے بندوں کو یاد دلاتا ہے مشہور ہے۔

سورۂ انفال

رکوع اوّل آیت "وَاِذْ یَعِدُکُمُ اللّٰہُ اِحْدَی الطَّآئِفَتَیْنِ الخ" قولہ فی الترجمۃ خدا تم سے وعدہ فرماتا ہے کہ مشرکین مکہ کی اُن دو جماعتوں میں کوئی سی ایک بھی تم سے لڑائی کے واسطہ اختیار کرلو گے تو تمہارے ہاتھ آ جائے گی۔ اقول یہاں مقصود ابہام ہے نہ تخییر جیسا ترجمے میں اختیار کیا گیا ہے کیونکہ اگر تخییر مراد ہوتی تو جس جماعت کو یہ لوگ اختیار کرتے حسب وعدہ وہی ہاتھ آنا چاہیے تھی ورنہ نعوذ باللہ وعدہ خلافی لازم آتی ہے حالانکہ اُن کے اختیار اور خواہش کے خلاف واقع ہوا جس کا خود بعد میں مذکور ہے اور ابہام میں اشکال لازم نہیں آتا۔

ایضاً رکوع ۲ آیت "فَلَمْ تَقْتُلُوْھُمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ قَتَلَھُمْ وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی ج" الخ قولہ فی الترجمۃ اور اے پیغمبر جب تم نے تیر چلائے الخ۔ قولہ فی ف ارمٰی عربی کا ایک لفظ مشترک ہے تیر چلانے کو بھی کہتے ہیں اور کنکر پھینکنے کو بھی کہتے ہیں چونکہ پیغمبر صاحب سے تیر چلانا اور کافروں کی طرف مٹھی خاک کا پھینکنا دونوں باتیں ثابت ہیں۔ ہم نے تیر کا چلانا ترجمہ کیا ہے کہ معمولی کو چھوڑ کر غیر معمولی پر کیوں دوڑیں۔ الخ۔ اقول جب رمٰی کو لفظ مشترک مان لیا اور یہ مقرر ہو چکا ہے کہ لفظ مشترک کے چند معانی میں سے کسی خاص معنی کو ترجیح دینے کے لیے کوئی

مستقل قرینہ و دلیل چاہیے۔ سو مترجم صاحب نے ایک معنی کا معمولی ہونا موجب ترجیح سمجھا۔ سو ابھی اس کا موجب ترجیح ہونا محل کلام میں ہے۔ اگر خلاف معمول واقعہ کو محال کہا جائے یا اُس کے وقوع کی تکذیب کی جائے، جیسا اس وقت فطرت پرست لوگ دعویٰ کرتے ہیں گو غلط دعویٰ ہے مگر اس حالت میں تو معمول ہونا واقعہ کا موجب ترجیح ہوسکتا ہے لیکن جبکہ اس غیر معمولی کو بھی ممکن بلکہ واقع مان لیا جائے۔

جیسا مترجم صاحب نے اپنے حاشیے میں آگے چل کر مان لیا ہے تو اُس صورت میں کلام دونوں کو علی السوا متحمل ہوگا اس کے علاوہ اور کوئی وجہ اس معنی کے ترجیح کی ہونی چاہیے۔ سو وہ محض مفقود ہے، اب دوسرے معنی کنکر پھینکنے کے جو عامہ مفسرین نے اختیار کیے ہیں اس کی وجہ عقلی اور نقلی سننا چاہیے۔ وجہ نقلی تو یہ ہے کہ یہ قصہ بدر میں واقع ہوا اور تیر چلانا بدر میں کہیں ثابت نہیں اور مترجم صاحب نے جو لکھا ہے کہ تیر چلانا اور خاک پھینکنا دونوں ثابت ہیں۔ دریافت طلب بات یہ ہے کہ اگر بدر میں تیر چلانا ثابت ہے تو دلیل اس بات کی پیش فرمانا ضروری ہے اور جو کسی دوسرے غزوے میں ثابت ہے تو اس غزوے کا یہاں ذکر نہیں۔ قول اصح یہی ہے کہ یہ سب بدر کا مذکور ہے اور یہ امر خود مترجم صاحب کے اعتراف سے بھی ثابت ہے۔ چنانچہ اسی فائدہ کے شروع میں "کَیْدَ الْکٰفِرِیْنَ" تک قصۂ بدر کے مذکور ہونے کی تصریح لکھ دی ہے۔ پس جب بدر میں تیر چلانا ثابت نہیں تو یہ تفسیر نہ صرف مرجوح بلکہ غلط ہوگی اور جن بعض مفسرین نے تیر چلانا کہا ہے اُنہوں نے ان آیتوں کا نزول یوم خیبر میں مانا ہے جس کا صحیح نہ ہونا باعتراف مترجم صاحب ثابت ہے یہ کسی نے نہیں کیا کہ نزول آیات کا بدر میں مانا ہو اور تیر چلانا تفسیر کیا ہو۔ بہر حال وقوع میں مرجح بننے کی زیادہ قابلیت ہے۔ یہ نسبت معمولی ہونے کے اور وجہ عقلی ترجیح کی یہ ہے کہ مقام امتنان کا ہے اور امتنان مقتضی تعظیم فعل کا ہے جس قدر کوئی فعل خلاف معمول ہوگا اُسی قدر عظیم ہوگا۔ سو تین سو تیرہ آدمیوں کا ایک ہزار آدمیوں پر مسلط بالقتل ہو جانا اور مشت خاک کا سب پر اثر پہنچنا، یہ البتہ فعل عظیم ہیں

اور کمان میں سے ایک تیر کا نکل جانا یہ کون عجیب امر ہے۔

ایضاً رکوع ۳ آیت "وَلَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِیْهِمْ خَیْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ط وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ" قولہ فی الترجمۃ اور اگر اللہ اُن میں کچھ بھی بہتری پاتا تو اُن کو سننے کی قابلیت بھی دیتا۔ تاہم یہ بدی ہوئی بات ہے کہ یہ لوگ منہ پھیر پھیر کر اُلٹے بھاگے۔ اقول یہ مقدمہ عقلیہ مسلمہ بدیہیہ ہے کہ لازم کا لازم لازم ہوتا ہے اور ترجمہ مذکور کے اعتبار سے تولی مرتب ہے، اسماع پر اور اسماع مرتب ہے علم خیر پر تو مقدمہ مذکورہ کی بناء پر تولی کا ترتب علم خیر پر لازم آیا جس کا حاصل یہ ہوا کہ اگر اللہ تعالیٰ ان میں بہتری پاتا تو بھی یہ لوگ منہ پھیر پھیر کر اُلٹے بھاگتے حالانکہ یہ بالکل خلاف واقع بلکہ محال ہے۔ یہ کب ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علم میں جس کے لیے خیر ثابت ہو اور پھر اُس سے اتنے بڑے شر کا صدور ہو۔ یہ خرابی جملہ ثانیہ کے غلط ترجمہ ہونے سے لازم آتی ہے۔ صحیح ترجمہ وہ ہے جو دوسرے محققین نے اختیار کیا ہے "اور جوان کو اب سنا دے تو اُلٹے بھاگیں" جس کا حاصل یہ ہوا کہ اگر عدم علم خیر کی حالت میں سنا دے تو اعراض ہی کریں۔ چنانچہ عامۂ مفسرین نے مختلف عبارتوں میں اسی مطلب کو لکھا ہے۔ غرض یہ کہ جملہ اولیٰ میں اسماع اور ہے اور جملہ ثانیہ میں اور ہے۔ پہلا علم خیر کی حالت میں ہے اور دوسرا عدم علم خیر کی صورت میں اس میں کوئی اشکال نہیں اور مترجم صاحب کی عبارت ترجمہ کی اس توجیہ کی متحمل اور محتمل نہیں ہو سکتی۔ جیسا کہ ظاہر ہے۔

ایضاً رکوع ۳ آیت "اِذَا دَعَاكُمْ الخ" قولہ فی الترجمۃ جب ہمارے یہ رسول محمد تم کو ایسے دین کی طرف بلاتے ہیں۔ الخ، اقول اذا استقبال کے لیے ہے اس لیے صحیح ترجمہ ہے کہ جب کہ بلائیں تم کو، الخ۔ جیسا اور مترجمین نے اختیار کیا ہے دوسرے یہ کہ ماکلمۂ لما میں عام ہے اسی طرح "دُعَاكُمْ" میں دعوت عام ہے دلیل اس کی ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قصہ ہے جو حدیث میں آیا ہے کہ آپ نے اُن کو حالت نماز میں پکارا اور وہ جب نہ بولے تو بعد نماز کے آپ نے اُن کو یہی آیت یاد دلائی اس سے

ثابت ہوا کہ اگر کسی معمولی کام کے لیے نبی بلائیں اجابت واجب ہے اور ترجمہ مذکور میں تخصیص کردی گئی ہے، سواس تخصیص میں مخالفت تعمیم منصوص کی ہے۔

ایضاً رکوع ۷ آیت "فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ" قولہ فی الترجمۃ جولوگ اُن کی پشتی پر ہیں۔ اقول پشتی ہمارے محاورے میں بمعنی مددگاری مستعمل ہے اور لفظ خلف کا اس معنی میں استعمال نہیں پایا گیا۔ گو واقع میں اُن کے مددگار ہوں مگر اُس سے ترجمہ کرنا صحیح نہیں۔

ایضاً رکوع ۷ آیت "فَانْبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ط" قولہ فی ف ۳ مساوات ملحوظ رکھنے کا یہ مطلب ہے کہ الیٰ قولہ ان کو جتا بتا کر اتنی مہلت دی جائے کہ دونوں فریق لڑائی کے لیے یکساں طور پر باطمینان تیاری کرسکیں۔ اقول مہلت کی مقدار پر نہ قرآن کا کوئی لفظ دلالت کرتا ہے نہ کسی دوسری دلیل شرعی سے ثابت ہے۔ لفظ سواء کی دلالت مساوات کے لحاظ رکھنے پر مسلم ہے مگر اس کا یہ مطلب قرار دینا بلا دلیل ہے بلکہ مساوات کے یہ معنی ہیں کہ جب اُن کو صاف صاف صلح شکنی کی اطلاع دے دی تو اس صلح شکنی کے علم میں فریقین مساوی ہوگئے یہ نہیں ہوا کہ ہم کو تو اپنے ارادے کی خبر ہو اور اُن کو خبر نہ ہو۔ پس مساوات حاصل ہوگئی۔ گو بلا تراخی اُن پر فوج کشی کرلیں اور مہلت کی مقدار مذکور مقرر کرنا جب بلا دلیل ہے تو احکام شرعی کی اس میں تغییر اور تبدیل ہے اس لیے یہ مضمون غلط ہے۔

سورۂ براۃ

رکوع اوّل آیت "فَسِيْحُوْا فِى الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ الخ" قولہ فی الترجمۃ ذیقعدہ ذی الحجہ محرم رجب اقول قرآن مجید میں "اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ" مجمل ہے محض قیاس سے تو اس کی تفسیر ممکن نہیں کوئی دلیل نقلی چاہیے۔ سو اس بات میں مفسرین نے کل تین روایتیں ذکر کی ہیں۔ شوال سے شروع محرم پر ختم، ۱۰ ذی الحجہ سے شروع ۱۰ ربیع الآخر پر ختم، ۱۰ ذی قعدہ سے شروع ربیع الاوّل پر ختم اور ہر ایک قول کی نقلی دلیل بیان کی ہے

جو تفسیر کبیر میں مذکور ہے۔اس ترجمہ میں ان سب کے علاوہ چوتھا امر اختیار کیا ہے جس پر یہ دلیل قائم کرنا ضرور ہے اور وہ مفقود ہے بلکہ دلیل سے اس کا غیر صحیح ہونا معلوم ہوتا ہے دو وجہ سے اوّل وجہ یہ کہ محاورہ میں ایسے موقع پر جب چار ماہ کہا جائے چاروں متصل مہینے متبادر ہوتے ہیں اور اس قول میں پانچ ماہ فاصل درمیان میں آئے جاتے ہیں جن کو مخاطب کسی طرح نہیں سمجھ سکتا اور ان پانچ ماہ میں اگر امن نہ ہو تب تو نقض عہد میں خداع کی صورت ہے۔نعوذ باللہ کہ وہ تو مطمئن رہے اور اُن کو اجازت قتال کی ہوگئی اور اگر ان میں بھی امن رہے تو بجائے چار ماہ کے نو ماہ ہوئے جاتے ہیں جو مداول قرآنی کے خلاف ہے۔دوسری وجہ یہ کہ ابتداء یا وقت نزول سے ہونا چاہیے یا وقت بلاغ سے جیسا اوپر کے اقوال میں ہے اور اس قول رابع میں کچھ بھی نہیں اور اگر آیت "اِنۡسَلَخَ الۡاَشۡهُرُ الۡحُرُمُ" سے یہ شبہ واقع ہوا ہو تو وہاں یا تو حُرُم لغوی مراد ہیں جس میں یہ چار ماہ بھی حرام ہوگئے اور اگر اصطلاحی مراد ہیں تو بنی تغلب پر ہیں۔

ایضاً رکوع ۳ آیت "قُلۡ اِنۡ كَانَ اٰبَآءُ كُمۡ وَاَبۡنَآءُ كُمۡ الخ" قولہ ف اس آیت میں شروع شروع کے مسلمانوں کے لیے بڑی سختی ہے۔ایک حساب سے اُن کو بالکل علائق دُنیا کے ترک کرنے کا حکم دیا گیا ہے لیکن اگر ایسا نہ کیا جاتا تو مسلمانوں کی جماعت بھی قائم نہ ہوتی۔الخ اقول جس حالت میں غلبہ حب الٰہی کا وجوب جابجا نصوص شرعیہ واحادیث نبویہ میں صریح الفاظ سے مامور بہ دائمی ہے تو ایک عارضی امر کو اُس کا مبنی بنانا کس طرح ہوسکتا ہے کہ اگر ایسا نہ کیا جاتا تو مسلمانوں کی جماعت قائم نہ ہوتی۔اِس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ جہاں جماعت قائم ہوچکی ہو یا جب ان کی قائم ہوچکی ہوگی اس وقت اس آیت کا حکم منسوخ کیا جائے گا "لرفع المعلول برفع العلته" حالانکہ یہ حکم اب بھی باقی ہے جیسا کہ احادیث میں موجود ہے اور خود اِس آیت میں بھی اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوسکتا ہے کیونکہ علائق کو قطع کرنے کے لیے نہیں فرمایا بلکہ احبیت پر ملامت کی گئی ہے۔پس مبنی صحیح اُس کا وہی اللہ اور رسول کی محبت کا غلبہ

ہے۔ پس جبکہ غلبۂ حب الٰہی اب بھی فرض ہے تو اُس میں شروع شروع کے مسلمانوں کی کیا تخصیص ہے، کیا یہ حکم اب باقی نہیں اور اس میں سختی کی کیا بات ہے، حکم شرع تو ایک بھی ایسا نہیں جس میں بڑی سختی ہو، ایسا خیال خود نصوص شرعیہ کے خلاف ہے۔

ایضاً رکوع ۷ آیت "وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ الخ" قولہ فی ف ا پیغمبر صاحب کو خبر معلوم ہوئی اور ملک گیری کی غرض سے نہیں، لڑنے کے لیے نہیں بلکہ صرف رومیوں کے حوصلے پست کرنے کے ارادے سے چڑھائی کی۔ اقول یہ نفی محتاج دلیل ہے اور جس حالت میں مقابلہ میں سب امور عقلاً محتمل ہیں اور شرعاً جائز ہیں اور وقوعاً ثابت ہیں تو یہ نفی کس طرح صحیح ہوسکتی ہے۔

ایضاً رکوع ۱۳ آیت "اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ط" قولہ تم اُس میں کھڑے ہوکر (امامت کیا کرو) اقول امامت کرنا نہ مفہوم قیام کا جز ہے نہ اس پر ارتباط کلام کا موقوف ہے۔ اس لیے بلاوجہ و بے ضرورت ایسی افزونی ترجمے میں جائز نہیں۔ اگر بجائے اس کے یوں ہوتا کہ تم اُس میں کھڑے ہو (کر نماز پڑھا کرو) تو کوئی خرابی نہ تھی۔

سورۂ یونس

رکوع، آیت "لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الخ" قولہ فی الترجمۃ ان کے لیے دُنیا کی زندگی میں بھی (عافیت) کی خوشخبری ہے۔ قولہ فی ف ا مسلمان کی شان یہ ہے کہ وہ خوشحالی میں اترائے نہیں، اپھرے نہیں اور خدا کی شکر گزاری کرتا رہے اور مصیبت پڑنے پر گھبرائے نہیں، بے دل نہ ہو، غرض ملائم اور ناملائم جیسی حالت پیش آئے، خدا پر بھروسہ کیے، مطمئن رہے اور عافیت سے یہی مراد ہے۔ اقول اوّل تو عافیت کی یہ تفسیر محتاج دلیل ہے۔ وعلیٰ تقدیر التسلیم یہ سب امور ایسے ہیں کہ انسان اُن کے کرنے کا مکلّف ہے تو یہ احکام ہوئے احکام کو بشارت بنانے کے کیا معنی، بشارت تو نتیجہ احکام ہے سو وہ ایسا امر ہونا چاہیے کہ جس کا انسان مکلّف نہ ہو اُس کے فعل و عزم کو اُس کے وجود میں دخل نہ ہو جیسے رویائے صالحہ یا محبت خلق۔

سورۂ ہود

رکوع اوّل آیت "وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَآءِ الخ" قولہ فی الترجمۃ اور اُس وقت کا تخت (کبریائی) پانی پر تھا، قولہ فی ف امطلب یہ ہے کہ پانی پر جلوہ فرما تھا، جلوہ فرما ہونا تو معلوم اور اُس کی کیفیت معلوم نہیں۔ اقول مترجم صاحب آیت میں مجاز کے قائل ہوئے ہیں، عرش کے پانی پر ہونے سے خود اپنا پانی پر ہونا مراد ہے اسی لیے ترجمے میں لفظ کبریائی بڑھایا گیا اور بضرورت رفع اشکال مشہور حاشیہ بڑھانا پڑا جس سے اِس مجاز لینے کا پورا یقین ہو گیا حالانکہ اُصول میں مقرر ہو چکا ہے کہ جب تک معنی حقیقی میں تعذر نہ ہو معنی مجازی کا ارادہ جائز نہیں ہے اور یہاں معاملہ بالعکس ہے کہ مجازی معنی میں تو یہ تعذر ہے جس کا جواب دینے کے لیے حاشیہ لکھنا پڑا کہ جلوہ فرمانا تو معلوم اور کیفیت معلوم نہیں اور حقیقی معنی میں یہ تعذر نہیں کیونکہ ایک جسم کا فوق ہونا دوسرے جسم سے خواہ بالوصل خواہ بالفصل نقلاً وعقلاً مستحیل نہیں، ایسی حالت میں حقیقت کو چھوڑ کر مجاز لینا کیونکر صحیح ہوگا۔ خصوصاً جہاں ذات وصفات میں ایک امر غیر ثابت کا اعتقاد لازم آتا ہو کیونکہ کسی نص سے خود حضرت حق جل وعلیٰ شانہ کا پانی پر جلوہ فرمانا مذکور نہیں۔ سو ذات پاک پر اپنی رائے سے ایک حکم زائد لگانا یہ الحاد فی الاسماء ہے جس سے توبہ کرنا واجب ہے۔

سورۂ رعد

رکوع ۲ آیت "وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ الخ" قولہ فی ف ا ہر ایک مخلوق اپنے خالق کی ہستی اور قدرت پر دلالت کرتی ہے یہی اُس کی تسبیح اور تقدیس ہے۔ اقول جب تک حقیقت پر حمل کرنا کلام کا جائز ہو مجازی معنی مراد لینا صحیح نہیں اور معنی حقیقی کا محال ہونا کسی دلیل سے ثابت نہیں ہوا، پھر اس تاویل کی کیا ضرورت ہے اور قرآن میں جہاں آسمان وزمین کا اقرار اطاعت کرنا اور داؤد علیہ السلام کے ساتھ طیور کا ذکر کرنا اور پتھروں کا خدائے تعالیٰ کے خوف سے گر پڑنا وغیرہ وغیرہ مضامین صاف صاف مذکور

ہیں وہاں تاویل کیسے چلے گی اور جو کوئی چلائے وہ کیا دلیل قائم کرے گا اور اس آیت میں ملائکہ کا عطف فرمانا وہ جو حقیقتاً مسبح ہیں ارادہ معنی حقیقی کا زیادہ موکد کرنے والا ہے اور کسی مصنف کی تقلید مدعی تحقیق کے لیے عذر نہیں ہو سکتی۔

ایضاً رکوع ۲ آیت "طَوْعًا وَّ کَرْهًا" قولہ فی ف ۲ یوں فی زمانا ہذا جس کے جی میں آئے (الیٰ قولہ) اُن کے جیل خانے۔ اقول مطالب قرآنیہ میں اس مضمون کو کیا دخل ہے اگر کہا جائے کہ مقصود یہ ہے کہ تشبیہ سے توضیح مقصود ہو جائے سو اور بہت مناسب تشبیہیں موجود ہیں ایسی تشبیہ ایسے مقام پر بے شک خلاف ادب ایمانی ہے، قال اللہ تعالیٰ "وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ط" اور اگر خود اس مضمون کو قصداً ذکر کرنا مقصود ہے تو اور بہت سی کتابوں میں اس کی گنجائش تھی، قرآن میں کا لجزء بنانا کیا ضرور تھا۔

سورۂ ابراہیم

رکوع ۵ آیت "وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ج" الخ قولہ فی الترجمۃ اسی طرح ایک اعتبار سے سورج اور چاند کو تمہارے اختیار میں کر دیا۔ اقول پس اس صورت میں کلام مجاز ہوا حالانکہ اس کی کوئی حاجت نہیں حقیقی معنی رکھ کر یوں ترجمہ کر سکتے ہیں اور تمہارے کام میں لگایا سورج اور چاند کو الخ۔ جیسا شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کیا ہے مجاز ماننا اور پھر اس میں تکلف کرنا محض امر زائد ہے۔

ایضاً رکوع ۷ آیت "سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ الخ" قولہ فی الترجمۃ تارکول کے اُن کے کُرتے ہوں گے، اقول قطران کی جو ماہیت ہے، اگرچہ تارکول میں اور اس میں سیاہی وصف مشترک ہے مگر ماہیت جدا جدا ہے۔ پس اگر اس ترجمے کو حقیقی معنی کہے جائیں تب تو صحیح نہیں کہ وہ مبنی ہوتا ہے ترادف پر اور وہ یہاں مفقود ہے اور اگر معنی مجازی کہے جائیں تو اوّل تو جب تک حقیقی معنی بن سکیں مجاز مراد لینا جائز نہیں، دوسرے اگر مجاز لیا جائے تو اس میں غرض متکلم کو بدلنا نہ چاہیے۔ اس مقام پر جو قطران عذاب میں تجویز فرمایا گیا ہے تو

صرف سیاہ رنگی کی وجہ سے نہیں بلکہ چند اوصاف مکروہہ اُس میں ہوتے ہیں وہ سب ملحوظ ہیں۔ سوزش و تیزی آگ کا اُس میں جلدی لگ جانا اور بدرنگی اور بدبو، تارکول میں یہ سب اوصاف نہیں ہیں تو اس ترجمہ سے بلاغت مضمون کی بھی گھٹتی ہے، ان وجوہ سے یہ ترجمہ صحیح نہیں اور ظاہر ہے کہ لغت میں دعویٰ قیاس کا نہیں ہو سکتا۔

سورۂ حجر

رکوع ۲ آیت "فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ" قولہ ف: جب کوئی شیطان فرشتوں کی گفتگو سننے لگتا ہے شہاب پھینک کر اُس کو ہٹا دیتے ہیں، یہ معاملات ہم لوگوں کے فہم سے باہر ہیں اور ہم کو ان میں زیادہ کاوش کرنے کی ضرورت نہیں جو بات قرآن کے الفاظ سے سمجھ میں آتی ہے اُس کو کان دبا کر سن لینا اور دل سے یقین کر لینا مسلمان کا کام ہے۔ اقول فہم سے باہر ہونے کا اگر یہ مطلب ہے کہ اس کی مفصل کیفیت اور لِم معلوم نہیں تو مسلم ہے مگر اس کی کیا تخصیص ہے جو اشیاء کہ ہر وقت ہماری استعمال میں ہیں اُن کے حقائق کا احاطہ ہم کو کب حاصل ہے ہم کو قوت مقناطیسی اور اُس کے عجیب و غریب آثار کی حقیقت کب معلوم ہے مگر ان چیزوں کے وجود کے تسلیم کرنے میں یہ نہیں کہا جاتا کہ کان دبا کر سن لینا اور دل سے یقین کر لینا عاقل کا کام ہے حالانکہ یہ سب اُمور اور شبہات اور امثال اُس کے اس معنی میں متساوی الاقدام ہیں اور اگر یہ مطلب ہے کہ اُس کے ماننے میں کوئی عقلی یا نقلی اشکال ہے تو اُس اشکال کی تعیین اور محققین سے اُس کا رفع کرنا چاہیے تھا ورنہ اس طرح عاجزانہ دب کر ماننے میں مخالفین کو اعتراض اور موافقین کو تردد و خلجان پیدا ہونے کا موقع ملے گا۔ البتہ متشابہات قرآنی جن کا ظاہر پر حمل کرنا بدلائل عقلی و نقلی مشکل ہے اُن کو اجمالاً مان لینا فرض ہے اور جب یہاں کوئی اشکال نہیں پھر ایسی مجبوری کی بات کیوں کہی جائے، اس میں تو اپنے اوپر الزام لینا ہے۔ ع...... "ہم الزام اُن کو دیتے تھے مگر خود ہو گئے ملزم"

ایضاً رکوع ۳ آیت "وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ الخ" قولہ

فی الترجمۃ اور ہم جنات کو آدم سے بھی پہلے لو کی گرمی سے پیدا کر چکے تھے۔ اقول نار کے حقیقی معنی آگ کے ہیں اس کو چھوڑ کر گرمی کے معنی لینا حسب قاعدہ اُصولیہ جس کا کئی بار ذکر آچکا ہے جائز نہیں بلکہ اس مقام پر ایک واقعہ کا غلط ہونا لازم آتا ہے یعنی جنوں کا حرارت سے کہ مقولہ عرض سے ہے، پیدا ہونا لازم آتا ہے حالانکہ خود قرآن مجید سے اُن کا بولنا چالنا چلنا پھرنا وغیرہ کہ خواص جوہر سے ہیں ثابت ہے اور جو لوگ آج کل وجود جوہری جنات کے منکر ہیں اور ان سب چیزوں کو قوائے انسانیہ کہتے ہیں اُن کو اس ترجمے سے سند ہاتھ لگنے کا احتمال ہے، ان وجوہ سے اس ترجمہ کی ترمیم واجب ہے، اِس طرح کہ لطیف آگ سے پیدا کر چکے تھے۔

سورۂ نحل

رکوع ۱۰ "عَلٰی مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ" قولہ فی الترجمۃ اپنے زیر دستوں یعنی نوکروں، غلاموں الخ اقول اس ترجمہ کا اور پھر یعنی کے ساتھ جو تفسیر کی ہے اُس کا یہ حاصل نکلا کہ "مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ" کے معنی خاص غلام نہیں بلکہ مطلق محکوم کو کہتے ہیں۔ خواہ غلام ہو خواہ نوکر تو جو لوگ اس زمانہ میں مسئلہ غلامی کو شریعت سے خارج کرنا چاہتے ہیں اور اہل حق ان الفاظ سے اُن کی مشروعیت پر استدلال کیا کرتے ہیں وہ اس ترجمے سے ان دلائل کا جواب دے سکیں گے، گو وہ جواب مردود ہوگا اور فی نفسہ بھی "مَا مَلَكَتْ" شرعاً یا لغۃً عام نہیں ہے بلکہ خاص ہے، مملوک کے ساتھ بخلاف نوکر کے کہ وہ آزاد ہوتا ہے اور مقابل اور قسیم مملوک کا پس اس ترجمے میں قسیم کا قسم ہونا لازم آتا ہے جو کہ عقلاً بھی محال ہے اس لیے ترجمے میں صرف غلام، لونڈی لکھنا چاہیے۔

سورۂ بنی اسرائیل

رکوع اوّل آیت "سُبْحٰنَ الَّذِیْ الخ" قولہ ف اکے سے راتوں رات بیت المقدس پہنچنا تو متفق علیہ ہے مگر مفسروں نے بڑے بڑے اختلاف کیے ہیں کوئی کہتا

ہے کہ روحانی جیسے خواب کوئی کہتا ہے جسمانی، کوئی کہتا ہے کہ صرف ایک بار کوئی کہتا ہے کئی بار کوئی کہتا ہے صرف بیت المقدس تک اکثر کہتے ہیں پہلے بیت المقدس تک پھر آسمان تک اقول جس امر میں اختلاف ہو اُس میں اختلاف کا نقل کرنا مضائقہ نہیں لیکن اگر ان اختلافات میں سے کسی خاص قول کو ترجیح ہو اُس کا اظہار بھی تو ضروری ہے تاکہ ناواقف کو شبہ تساوی اقوال کا واقع نہ ہو جیسا اس مقام پر دوسرے مفسرین نے کیا ہے کہ تصریحاً لکھ دیا کہ معراج جسمانی تھی اور اس کو دلائل سے ثابت بھی کر دیا۔ اسی طرح بیت المقدس تک پہنچنے کو متفق علیہ کہنے سے یہ شبہ پڑتا ہے کہ معراج آسمانی کا مضمون بھی اختلاف کی گنجائش رکھتا ہے حالانکہ احادیث صریحہ وصحیحہ بروایت متعددہ اس میں وارد ہیں، ایسی حالت میں اختلاف کب مقبول ہوسکتا ہے۔ غرض ایسے عنوان سے اختلاف نقل کیا گیا ہے کہ ہر شخص جس احتمال کو قبول کر لے، اس کی اجازت نکلتی ہے جن میں بعض احتمالات سے حدیث کی تکذیب بھی لازم آتی ہے۔

ایضاً رکوع ۴ آیت "وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ط" قولہ فی ف ا انسانی معلومات کے چند ذریعے ہیں جو اس ظاہر و باطن انسان کو انہی کے ذریعوں سے کسی بات کا یقین ہوسکتا ہے۔ اقول مطلق معلومات کے ذرائع کو ان میں منحصر کرنا جیسا لفظ (ان ہی) سے معلوم ہوتا ہے صحیح نہیں کیونکہ معقولات کے لیے نہ حواس ظاہری کافی ہیں نہ حواس باطنی بلکہ اُن میں عقل کی ضرورت ہے جیسے اپنے محل میں ثابت ہو چکا ہے۔ البتہ معلومات میں سے صرف محسوسات کے ذرائع کا انحصار ذرائع مذکورہ میں صحیح ہے مگر وہ خلاف مقصود ہے۔

ایضاً رکوع ۶ آیت "وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا" قولہ ف ۳ یعنی معجزوں سے اس کے سوا کوئی اور غرض متعلق نہیں۔ الیٰ قولہ معجزہ کوئی ایسی مستحکم دلیل نہیں ہوسکتی جس پر زور دیا جائے۔ اقول قرآن مجید میں معجزات موسیٰ کے بارے میں کہیں "تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ" کہیں "بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ" کہیں "شَیْءٍ مُّبِيْنٍ" اور اسی

طرح مطلق معجزات کی نسبت اسی قسم کے الفاظ فرمائے گئے ہیں جس سے صاف صاف معلوم ہوتا ہے کہ معجزہ بہت بڑی دلیل اثبات نبوت کی ہے، رہ گئے شکوک سو معاند کو ہر قسم کی دلیل میں ہو سکتے ہیں اور منصف کو معجزات میں بھی نہیں ہوتے رہا یہ کہ معجزات کا سب کو معائنہ نہیں ہوتا، یہ نہایت ہی ضعیف شبہ ہے، جیسا معائنے سے کسی شے کا یقین ہوتا ہے تو اتر اخبار سے بھی تو ہوتا ہے۔

پس ان شبہات سے معجزے کو مستحکم دلیل نہ کہنا صریح غلطی ہے۔اصل یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام مختلف طبائع والے لوگوں کی طرف مبعوث ہوتے ہیں اس لیے اثبات دعویٰ کے لیے مختلف دلائل کی حاجت ہوتی ہے اور ہر دلیل اپنی ذات میں نہایت محکم ہوتی ہے ورنہ نعوذ باللہ لازم آئے گا کہ انبیاء کمزور دلیلیں لے کر تشریف لاتے ہیں پھر ایسے مضامین سے منکرین معجزات کو بھی سہارا ملے گا جو ان کو خلاف فطرت ہونے کی وجہ سے مستحیل کہتے ہیں اور اُن کو اثبات نبوت میں کچھ دخل نہیں دیتے، اگر آیت قرآنی سے شبہ پڑے کہ یہ تو اس باب میں نص قطعی ہے تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس آیت میں ”اَلْاٰیَاتِ“ سے یا تو مطلق معجزات مراد نہیں بلکہ خاص وہ آیتیں مراد ہیں جن کی براہِ عناد فرمائش کی جاتی تھی اور الف لام اس میں عہد کا ہے۔ چنانچہ اس کے قبل کی آیت ”وَمَا مَنَعَنَا الخ“ اس تخصیص کا قرینہ ہے اور وہاں فرمائشی معجزات کا مراد ہونا خود مترجم صاحب کے اعتراف سے ثابت ہے تو اُن کا خاص تخویف کے لیے ہونا اُس کو مستلزم نہیں کہ جمیع آیات تخویف ہی کے لیے ہوں اور اگر مطلق ہی مراد ہوں جب بھی قصداً اثبات رسالت کی نفی لازم نہیں آتی یہ بھی تخویف ہی ہے کہ اگر اس پر بھی رسالت کے قائل نہ ہوگے تو عذاب کے مستحق ہوگے۔

سورۂ مریم

رکوع اوّل آیت ”اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَ لَيَالٍ“ قولہ فی ف ا اور ہم نے لاتکلم کو صیغۂ نہی سمجھ کر پارہ تلک الرسل رکوع ۱۲ میں ایک فائدہ لکھا ہے۔ اقول وہ صیغۂ

نفی نہیں ہوسکتا کیوں کہ نفی مجزوم ہوتی ہے نہ منصوب۔

ایضاً رکوع ۵ آیت "وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ الخ" قولہ فی ف ا یا ہماری ضرورت کے مطابق مکتب و مدرسہ اقول چونکہ اس زمانہ میں اکثر ضعیف المذہب لوگ ایسے اُمور کو بھی ضرورت میں داخل کرنے لگے ہیں جو صریح دین کے خلاف ہیں اور وہ یقیناً باقیات الفاسدات سے ہیں، اس لیے اِس موقع پر لفظ ضرورت پر جو محض مبہم ہے اکتفا کرنا موجب غلط فہمی ہے جس کے رفع کرنے کے لیے ضرورت کی توضیح واجب ہے کہ کون سی ضرورت اور کیسے مدرسے۔

سورۂ نور

رکوع ۴ آیت "اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا" قولہ فی ف الیکن اصلی بات یہ ہے کہ ہر ایک کے لیے "مَا ظَهَرَ" کا معیار جداگانہ ہے، ہر ایک عورت آپ اپنے لیے تجویز کرلے کہ پاس شرم وحیا کے ساتھ دُنیا کے کاروبار کے لیے اُس کو کون سی چیز بجبوری کھلی رہنی ضروری ہے۔ اقول چونکہ اجماع کا احکام میں حجت ہونا ثابت ہے اور یہ تفویض ہر عورت کی رائے پر اجماع کے خلاف ہے اس لیے یہ غلط ہے جس سے احکام شرعیہ میں کمی بیشی لازم آتی ہے جو جائز نہیں۔

ایضاً رکوع ۴ آیت "اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ" قولہ فی الترجمۃ اپنے ہاتھ کے مال یعنی لونڈی غلاموں پر۔ اقول چونکہ یہ تعلیم مذہب حنفی کے خلاف ہے کیونکہ اُن کے نزدیک غلام سے بھی پردہ ہے اور کثرت سے اس ملک میں یہی آباد ہیں اس لیے نفع رسانی عام میں جو اصلی مقصود اس ترجمہ کے لکھنے سے ہے اس مذہب کی رعایت ضروری تھی۔ جیسا کہ سورۂ مائدہ رکوع ۱۲ آیت "لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ" کے متعلق ہو چکا ہے اس لیے مناسب ترجمہ اس لفظ کا وہی ہے جس کو مترجم صاحب نے سورۂ احزاب رکوع ۷ میں اس لفظ کے تحت میں لکھا ہے یعنی صرف لونڈی لکھا ہے۔

ایضاً رکوع ۴ آیت "غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَۃِ" قولہ فی الترجمۃ جیسے خواجہ سرا یا بڈھے ہوں۔ اقول یہ تعمیم بھی مذہب حنفی کے خلاف ہے کیونکہ خواجہ سرا سے بھی اُن کے نزدیک پردہ چاہیے، اُس میں بھی وہی غرض ہے جو ابھی عرض ہو چکا ہے۔

ایضاً رکوع ۸ آیت "اَنْ یَّضَعْنَ ثِیَابَھُنَّ" قولہ فی الترجمۃ اگر اپنے کپڑے دوپٹے وغیرہ اُتار کر رکھا کریں، اقول چونکہ سر کا ڈھانکنا بالاجماع عورت پر واجب ہے اور ہمارے ملک میں سر کا پردہ دوپٹے ہی سے ہوتا ہے اس لیے اس ترجمہ سے سربرہنگی کے جواز کا شبہ بلکہ یقین ہوتا ہے بلکہ مراد ثیاب سے اوپر کا کپڑا ہے جو علاوہ سربند کے اوڑھنے کی عادت تھی کہ اُس کے اُتارنے سے سر نہیں کھلتا۔ چنانچہ عرب میں اب بھی معمول ہے اور اگر کوئی قول شاذ اس اجماع کے خلاف پایا جائے وہ قادح اجماع نہیں ہو سکتا کما ہو مقرر فی الاصول۔

سورۂ فرقان

رکوع اوّل آیت "فَقَدَّرَہٗ تَقْدِیْرًا" قولہ فی ف۲ کل موجودات اور تمام واقعات کے لیے ایک اندازہ باندھ رکھا ہے کوئی چیز اس اندازہ سے باہر نہیں جا سکتی۔ اقول ظاہراً نفی امکان سے تائید عقیدۂ فطرت پرستی کی ہوتی ہے جو خلاف فطرت کے وقوع کو محال کہتے ہیں اور اسی بناء پر معجزات کے منکر ہوئے ہیں چونکہ اس زمانہ میں اس عقیدے کے بہت لوگ موجود ہیں اس لیے ایسی موہم عبارت سے احتراز واجب ہے۔

ایضاً رکوع ۲ آیت "کَانَ عَلٰی رَبِّکَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا" قولہ فی الترجمۃ اور باستحقاق اُس سے مطلب کیا جا سکتا ہے۔ اقول اللہ سبحانہ وتعالیٰ پر کسی کے استحقاق کا قائل ہونا معتزلہ کا مذہب ہے جس کو اہل حق نے دلائل نقلی و عقلی سے ردّ کیا ہے اگر باستحقاق کی جگہ لفظ بنابر وعدہ ہوتا تو مضائقہ نہ تھا۔

ایضاً رکوع ۳ "حِجْرًا مَّحْجُوْرًا" قولہ فی الترجمہ فرشتوں کو دیکھ کر کہیں گے

دور فان اقول لفظ دور دفان وہاں بولا جاتا ہے جہاں قائل مقول لہ کو حقیر سمجھتا ہو اور یہاں تو کفار فرشتوں سے ہیبت کھا کر ''حِجۡرًا مَّحۡجُوۡرًا'' کہیں گے اس لیے باعتبار محاورے کے اس مقام پر یہ ترجمہ صحیح نہیں اور نہ اس ترجمے کو معنی لغوی سے کوئی مناسبت ہے اس لیے اچھا ترجمہ شاہ عبدالقادر صاحب کا ہے اسی طرح ''هَبَآءً مَّنۡثُوۡرًا'' کا ترجمہ بکھری ہوئی دھول محل نظر ہے۔

ایضاً رکوع ٦ آیت ''قُلۡ مَا يَعۡبَؤُا بِكُمۡ رَبِّىۡ الخ'' قولہ فی ف ۳ مطلب یہ ہے کہ پیغمبروں کے بھیجنے اور کتابوں کے اُتارنے سے خدا تعالیٰ کی کوئی ذاتی غرض نہیں ہے بلکہ بندے مصیبت پڑنے پر اُس کو بلاتے ہیں تو وہ اُن کے حال پر شفقت فرماتا اور چاہتا ہے کہ دوزخ میں یہ نہ پڑیں۔ اقول یہ مسلم کہ ارسال رسل و کتب میں اللہ تعالیٰ کی کوئی ذاتی غرض نہیں مگر یہ غلط ہے کہ اوّل بندے مصیبت میں اُس کو بلاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہدایت و نجات کا سامان عطا فرماتا ہے ارسال رسل تو محض ابتدائی رحمت ہے، خواہ کوئی بندہ اس کی درخواست کرے یا نہ کرے، کیا جو اللہ تعالیٰ سے بالکل غافل ہو اُس کی ہدایت کے واسطے رسول نہیں آئے۔

اس لیے یہ تقریر نہ خود صحیح ہے اور نہ آیت کی تفسیر بن سکتی ہے۔ جیسا کہ دعویٰ کیا گیا ہے بلکہ صحیح اور سہل معنی یہ ہیں کہ مطیعین کی حالت بیان فرما کر ارشاد ہے کہ مخالفین سے کہہ دیجئے کہ تم پر جواب تک عذاب نہیں آیا اس سے یہ نہ سمجھنا کہ خدائے تعالیٰ کے یہاں تمہاری کوئی قدر و منزلت ہے۔ قدر و منزلت کچھ نہیں اور تمہاری کچھ بھی پرواہ نہیں، محض تاخیر عذاب کی یہ وجہ ہے کہ تم اُس کو شدائد میں پکارتے رہتے ہو اس لیے تم پر مہربانی رہتی ہے ورنہ تم مستحق تو ہو ہی کیونکہ تکذیب کرتے ہو تو اب تک نہیں تو آئندہ عذاب آئے گا۔ اس کی نظیر وہ ہے ''وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمۡ وَهُمۡ يَسۡتَغۡفِرُوۡنَ'' اور دوسرے صحیح معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں مگر مطلب مذکور کسی تفسیر پر بھی محتمل نہیں۔

سورۂ شعراء

رکوع ۲ آیت "وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ" قولہ فی ف ۱۱ اور ایک معنی یہ بھی ہوسکتے ہیں کہ یہ احسان (پرورش) جو تم مجھ پر رکھتے ہو (کیا) اسی کی وجہ سے تم نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے۔ اقول یہ معنی نہ تو ترکیب نحوی کے اعتبار سے ان لفظوں پر منطبق ہیں اور نہ عقلی طور سے صحیح ہوسکتے ہیں کیونکہ تعبید بنی اسرائیل تو مقدم ہے اور امتنان مؤخر ہے، پھر پرورش کے بدلے میں تعبید کیونکر ممکن ہے تو اس تقریر کا کچھ بھی حاصل نہ ہوا۔

سورۂ نمل

رکوع ٦ آیت "فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ" قولہ فی ف ۲ لوح محفوظ سے مراد علم الٰہی ہے اور لفظوں پر جاؤ تو وہ ایک تختی ہے۔ الخ، اقول اس سے معلوم ہوا کہ معنی راجح تو علم الٰہی کے ہیں اور تختی مراد ہونا مرجوح اور لفظ پرستی ہے حالانکہ بحسب قاعدۂ مذکورہ چند بار کہ جب تک حقیقی معنی بن سکیں، مجاز کی طرف رجوع جائز نہیں، ترجیح اسی تختی کے معنی کو ہے اور روایات سے اس کی تائید ہوتی ہے اور علم الٰہی پر لوح کا اطلاق بلا اذن شرعی جائز بھی نہیں اس لیے یہ تفسیر صحیح نہیں، سورۂ حجر رکوع ۲ آیت "فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ" کے متعلق جو عرض کیا ہے اس کو یہاں بھی ملاحظہ فرما لیا جائے۔

ایضاً رکوع ٦ آیت "اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ" قولہ فی ف ۲ یہ ایک پیشین گوئی ہے کہ اُس کی تصدیق اُس کے وقوع ہی سے ہوسکتی ہے اور خدا کی قدرت کے سامنے تو کوئی چیز عجیب نہیں، خدا کی باتیں خدا ہی جانے، مسلمانوں کا کام یہ ہے کہ جو فرمایا بے چون و چرا تسلیم کرلیا۔ اقول جن چیزوں کے وقوع کی خبر وحی سے دی گئی ہے قبل وقوع کے بھی اس کی تصدیق فرض ہے۔ پس یہ کہنا صحیح نہیں کہ اس کی تصدیق اس کے وقوع ہی سے ہوسکتی ہے۔ وقوع کے وقت تصدیق کرلینا تو کچھ بھی کمال نہیں

اُس وقت تو موافق ومخالف سب مان ہی لیں گے اور اُس کے وقوع میں کوئی اشکال عقلی بھی نہیں جس کو عقل نہ قبول کرتی ہو ورنہ اس استحالے کا بیان کرنا چاہیے۔ پس جب عقلاً ممکن اور نقلاً ضروری الوقوع ہے پھر ایسے عنوان سے ماننا جو کہ موہم شک ہے جیسا کہ عبارت مذکورہ کے سیاق سے مترشح ہے بلا وجہ ہے۔

سورۂ روم

رکوع اوّل آیت "غُلِبَتِ الرُّوْمُ" قولہ فی ف ا اور بالفرض پیغمبر صاحب کی کوئی ذاتی رائے اس بارہ میں رہی بھی ہو تو اُس کو وحی آسمانی قرار دے کر مشتہر کرانا رسالت کی محکم دلیل ہے۔ اقول اپنی ذاتی رائے کو وحی قرار دینا نعوذ باللہ افترا علی اللہ ہے جس کا کسی پیغمبر میں بھی احتمال نہیں، یہ فرض ہی فرض محال ہے جس کی اس مقام پر کوئی ضرورت نہیں اور بعد تقدیر فرض اس کو رسالت کی دلیل اور دلیل بھی مستحکم قرار دینا اس سے بھی زیادہ عجیب ہے۔ افترا علی اللہ جو منافی رسالت بلکہ منافی ایمان ہے رسالت کی دلیل کیوں کر ہو سکتا ہے۔

ایضاً رکوع ۴ آیت "تَخَافُوْنَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ" قولہ فی الترجمۃ اور تم اُن کی ویسی ہی پروا کرتے ہو جیسی کہ تم اپنی پروا کرتے ہو۔ الخ۔ اقول پروا کے معنی پرداخت جیسا کہ مترجم صاحب نے ف ا میں تصریح کر دی ہے۔ ترجمہ خوف کا نہیں، پس نہ ترجمہ صحیح ہے نہ تقریر ف اکی جو اس پر مبنی ہے بلکہ صحیح ترجمہ یہ ہے کہ خوف کرتے ہو، اُن سے جیسا کہ خوف کرتے ہو اپنے برابر کے لوگوں سے یعنی غلاموں سے مثل احرار معاملہ نہیں کرتے، اُن کو اپنے برابر نہیں سمجھتے کیونکہ اوپر استفہام انکاری ہے، پھر اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو اُس کا مماثل کیوں سمجھتے ہو۔

ایضاً رکوع ۴ آیت "فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ" قولہ فی ف ا اس کا اجر خدا کے ہاں دو چند، سہ چند چہار چند وغیرہ ہوتا رہتا ہے۔ اقول "مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا"

ہے جب یقیناً ثابت ہو چکا کہ اقل درجہ تضعیف کا دس چند ہیں تو اُس سے کم کا احتمال تجویز کرنا جیسے دو چند سہ چند چہار چند نص قطعی کے خلاف ہونے کی وجہ سے صحیح نہیں۔

سورۂ احزاب

رکوع اوّل آیت "مَا جَعَلَ اللّٰهُ عَلٰی رَجُلٍ مِّنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهٖ" قولہ فی ف ا ہم نے اپنی کتاب محصنات کی لوح کے صفحہ پر اس آیت کا حاصل ترجمہ یوں نظم کر دیا ہے:

ہم معتقد دعوے باطل نہیں ہوتے　　سینے میں کسی شخص کے دو دل نہیں ہوتے

اقول چونکہ اس کتاب کا نتیجہ مضمون تعدد ازواج کی مطلق ممانعت ہے گو شوہر عدل واجب بھی کر سکے اور اُس میں آیت "فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا" و آیت "وَلَنْ تَسْتَطِیْعُوْا اَنْ تَعْدِلُوْا" کی تفسیر میں تحریف بھی کی گئی ہے اس لیے لوح پر کسی آیت کا حاصل ترجمہ لکھنا جس سے مضمون کتاب کی تائید ہوتی ہو نا جائز اور تائید باطل بالحق ہے نہ وہاں لکھنا جائز تھا اور نہ یہاں اُس کی حکایت جائز ہے کہ خواہ مخواہ موہم صحت کتاب ہے۔ دوسرے یہ کہ حاصل ترجمہ آیت کا تو تصرف مصرع ثانی ہے اور مصرع اوّل (جس میں امکان عدل کے دعوے باطل ہونے کی طرف اشارہ ہے ورنہ کتاب مذکور سے اُس کو تعلق نہیں ہوگا)۔ اس آیت کے حاصل سے کوئی علاقہ نہیں رکھتا بلکہ شرع و عقل کے بھی خلاف ہے۔

ایضاً رکوع ۵ آیت "مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ الخ" قولہ فی ف ا اور اُس وقت دستور تھا اور اب تک بھی ہے کہ بچوں کو زبردستی پکڑ کر لے جاتے ہیں اور غلام بنا لیتے ہیں۔ اقول یہ تو ظاہر ہے کہ وہ اُس وقت کا دستور محض ظلم تھا، اُس کے بعد یہ لکھنا کہ اب تک بھی یہی ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ برابر یہ دستور باطل اس وقت تک چلا آ رہا ہے موہم اس امر کا ہے کہ استرقاق ہمیشہ بالباطل جاری رہا جس سے ایک امر منصوص کا ابطال لازم آتا ہے اور اگر یہ مقصود نہیں تو یا تو اس عبارت کی ضرورت نہ تھی کہ اب تک

یہی ہے اور یا اس کے ساتھ ایسی قید ہونا چاہیے تھی جس سے یہ ایہام نہ ہوتا خصوصاً اس زمانے میں کہ مطلین استر اق بکثرت موجود ہیں۔

ایضاً رکوع ۵ آیت "مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ" قولہ فی ف ا بے شک پیغمبر صاحب بہ تقاضائے بشری اُس وقت بہت ہی متردد ہوئے ہوں گے مگر آخر کار اصلاح کا پہلو غالب رہا اور آپ نے خود زینب سے نکاح کر لیا۔ الخ۔

اقول ظاہر کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ اس تردد میں خود پیغمبر صاحب نے ایک پہلو کو اپنے لیے خود اپنی رائے سے ترجیح دے کر نکاح کر لیا۔ وحی کو اُس میں دخل نہ تھا حالانکہ "زَوَّجْنٰکَهَا" نص قطعی اس کے خلاف موجود ہے جس سے ثابت ہے کہ آپ نے اپنی رائے کے خلاف حکم وحی کی تعمیل فرمائی۔

ایضاً رکوع ۹ آیت "فَاَبَیْنَ اَنْ یَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ط" قولہ فی الترجمۃ اُنہوں نے بزبان حال اُس کے اُٹھانے سے انکار کیا اور اُس سے ڈر گئے اور آدمی نے گویا ارادۃً بے تامل اُس کو اُٹھا لیا۔

اقول حسب قاعدہ مذکورہ چند بار جب تک معنی حقیقی کا متعذر رہونا ثابت نہ ہو، مجاز لینا جائز نہیں، جیسا ترجمۂ مذکورہ میں لیا گیا ہے اور ف ا کی تقریر اسی پر مبنی ہے اسی قاعدے سے اُس تقریر کا صحیح نہ ہونا بھی معلوم ہو جاوے گا۔

سورۂ سبا

رکوع ۲ آیت "یٰجِبَالُ اَوِّبِیْ" قولہ فی ف ا پہاڑ گونج اُٹھے۔ اقول یہاں تو فضائل داؤدی کا ذکر ہو رہا ہے، پہاڑ کا گونج جانا تو ہر معمولی آدمی کی آواز سے واقع ہوتا ہے، اُس میں فضل کی کیا بات تھی، پھر یہ کہ یہ معنی مجازی ہیں جس کی کوئی ضرورت شرعی لغوی عقلی نہیں بلکہ ظاہر الفاظ سے اس کا قائل ہونا واجب ہے کہ پہاڑ اور طیور حقیقتاً تسبیح کرتے تھے اور یہ داؤد علیہ السلام کا معجزہ تھا۔

سورۂ صفّٰت

رکوع ۳ آیت ''وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ'' قولہ فی ف ا اور ہمارا ذہن اس طرف منتقل ہوا کہ شاید بڑی قربانی سے بقرعید کی قربانی مراد ہو کہ یہ بھی سنت ابراہیمی ہے والعلم عند اللہ اقول فدیہ کہتے ہیں ایک شے کو دے کر دوسری چیز کو چھڑا لینا اور بچا لینا تو بقرعید کی قربانی جو بعد اس واقعہ کے مشروع کی گئی۔ فدیہ اسماعیل علیہ السلام کا ہو سکتی ہے اس لیے یہ انتقال ذہنی مخالف قرآن ہونے کی وجہ سے غلط ہے بلکہ صحیح وہی ہے جو اور مفسرین نے کہا ہے کہ کوئی دُنبہ اُن کی چھری تلے لا کر رکھ دیا گیا اور اسماعیل علیہ السلام اُٹھا لیے گئے، پھر یہ کہ ظواہر الفاظ کو چھوڑ کر ایسی بعید توجیہ کی حاجت ہی کیا ہے کیا قرآن مجید میں کسی عجیب قصے کا مذکور ہونا کوئی مضائقہ کی بات ہے جو اُس کے بدلنے اور نکالنے کی کوشش کی جائے۔

سورۂ صٓ

رکوع اوّل آیت ''كُلٌّ لَّهٗ اَوَّابٌ'' قولہ فی ف ۲ ویسی ہی آواز پہاڑوں سے آتی۔ الخ، اقول سورۂ سبا کے رکوع ۲ میں عرض کر چکا ہوں ملاحظہ ہو۔

ایضاً رکوع ۲ آیت ''فَتَنّٰهُ الخ'' قولہ فی ترجمہ ہم نے اُن کو صرف ایک چقما دیا ہے۔ الخ، قولہ فی ف ا اس مقام پر اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے الخ۔ اقول چقما ترجمہ خداع کا ہے فتنا کا ترجمہ ہے امتحان اور آزمائش یہ تو ترجمے میں غلطی ہے اور حاشیے میں وہی مشہور قصہ بیبیوں کا لکھا ہے جس کا کہیں بسند صحیح پتہ نہیں اور اس میں تقلید کا عذر نہیں ہو سکتا جبکہ دوسرے مقامات پر ادنے ادنے شبہات سے اور مفسرین کے خلاف کیا گیا ہے، یہ مقام تو زیادہ نازک ہے بلکہ اس کی بے غبار تفسیر یہ ہے کہ داؤد علیہ السلام نے جو ایک فریق کا بیان سن کر فرمایا: ''لَقَدْ ظَلَمَكَ'' گو مقصود اس سے قضیۂ شرطیہ ہے مگر چونکہ صورۃً جملۂ خبریہ ہے اس لیے داؤد علیہ السلام نے اس سے استغفار فرمایا۔

سورۂ زمر

رکوع ۳ آیت "غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ" قولہ فی الترجمۃ اِس میں کسی طرح کی پیچیدگی نہیں۔ اقول عوج کا ترجمہ ہی ٹیڑھاپن اور ہر چند کہ ٹیڑھاپن کا لفظ اُردو محاورہ میں پیچیدگی کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے مگر عربی محاورے میں عوج کے یہ معنی نہیں دیکھے گئے۔

سورۂ حم السجدہ

رکوع ۲ آیت "وَحِفْظًا ط" قولہ فی ف ایہ معاملہ (یعنی شہاب سے شیاطین کا مارنا) داخل اسرار الٰہی ہے جن کو خدا نے کسی مصلحت سے ہم پر ظاہر نہیں فرمایا، اقول اگر اس میں کوئی اشکال عقلی یا نقلی باقی رہتا تو بے شک اس اعتبار سے داخل اسرار ہوتا اور جب اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں اظہار فرمادیا اور کوئی اشکال بھی اُس پر وارد نہیں پھر اسرار میں کہاں رہا اور اگر باعتبار تفصیلی کیفیت کے اسرار میں داخل کیا جائے تو اس کی کیا تخصیص ہے، معمولی معلومات بھی اس حیثیت سے اسرار ہی ہیں۔ سورۂ حجر کے رکوع ۲ میں جو عرض کیا گیا ہے اس کا ملاحظہ فرمایا جائے یہ کیا ضرور ہے کہ جس امر تک ظاہر پرستوں کی نظر نہ پہنچتی ہو اُس کو دل تنگ ہو کر مانیں۔

سورۂ زخرف

رکوع ۲ آیت "اَصْفٰكُمْ بِالْبَنِيْنَ" قولہ فی الترجمۃ اور تم کو بیٹے دے کر نوازا، اقول اصفا کے معنی اختیار اور ترجیح کے ہیں نہ بمعنی نوازش۔

ایضاً رکوع ۷ آیت "اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ" قولہ فی الترجمۃ ہاں جو لوگ صدق دل سے حق (بات یعنی کلمۂ توحید) کے قائل ہیں۔ اقول ظاہراً صدق دل سے قائل ہونا ترجمہ شہادت کا ہے کیونکہ ماہیت شہادت کی یہی ہے تو اس صورت میں یعلمون کا ترجمہ چھوٹ گیا اور اگر صدق دل سے یعلمون کے ترجمے کی طرف اشارہ ہے اور قائل ہونا شہادت کا ترجمہ ہو تو اس صورت میں شہادت کا ترجمہ نا تمام ہوگا۔

سورۂ فتح

رکوع۴ آیت "اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ" قولہ فی الترجمۃ کافروں کے حق میں (تو اُن کی ایذاؤں سے بچنے کے لیے) بڑے سخت ہیں۔ اقول جب حب فی اللہ اور بغض فی اللہ فرض ہے تو مبغوضین عند اللہ سے بغض رکھنا نہ صرف اِس وجہ سے ہے کہ وہ ایذاء پہنچاتے ہیں بلکہ اس لیے کہ وہ حق سے بغض رکھتے ہیں۔ پس یہ قید مذکور بین الہلالین کسی طرح صحیح نہیں۔

سورۂ حجرات

رکوع۲ آیت "وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ" قولہ فی ف اسخت افسوس ہے کہ آج کل مسلمانوں میں یہ فساد کثرت سے شائع ہوگیا ہے کہ بات بات میں مسلمانوں کو کافر بنا دیتے ہیں۔ اقول علی الاطلاق افسوس کرنا بیجا ہے جیسے لوگوں کا اس آیت میں مذکور ہے کہ باوجود دعویٰ اسلام کے خود اللہ تعالیٰ نے اُن سے ایمان کی نفی فرمائی جن کی حالت اب بھی ایسی ہوگی کہ زبان سے دعویٰ ایمان کا کریں مگر جو عقائد و اعمال ایمان کے ہیں، اُن کا انکار و تحریف کرتے ہوں اسی فتویٰ الٰہیہ کے اتباع سے اگر اُن کے کفر کا فتویٰ دیا جائے تو کیا افسوس کی بات ہے۔ البتہ بلا دلیل شرعی کسی کی تکفیر کرنا ضرور محل تاسف ہے۔ پس اظہار تاسف میں ایسی قید لگانا واجب ہے ورنہ اہل باطل کی طرف داری کا شبہ پڑتا ہے بلکہ عموم لفظ میں بالیقین اُن کی حمایت داخل ہوئی جاتی ہے۔

سورۂ ذاریت

رکوع۳ آیت "فَاِنَّ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا" قولہ فی الترجمۃ ان ظالموں کے لیے بھی پیمانے مقرر ہیں اور اُن کے بھرنے کی (ہری) الخ ف ا، اقول محاورہ عربیہ میں اس ترکیب کا یہ مقصود نہیں اور لغت میں قیاس چلتا نہیں بلکہ یہ محاورہ ماخوذ ہے نوبت بنوبت ڈول بھرنے سے اور مراد اس سے مطلق نوبت ہے۔

سورۂ طور

رکوع اوّل آیت "تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا" قولہ فی الترجمۃ جس دن آسمان (سمندر کے پانی کی طرح) لہریں مارنے لگے۔ اقول لفظ مور کا استعمال عربی میں لہر کے معنی میں نہیں دیکھا گیا جیسا کہ ترجمے میں استعمال کیا گیا۔

سورۂ نجم

رکوع اوّل آیت "عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى الخ" قولہ فی ف اسدرۃ المنتہی وہ بیری کا درخت ہے جو ساتویں آسمان پر ہے۔ الے قولہ یہ ساری باتیں داخل اسرار الٰہی ہیں۔ فہم بشر سے خارج اقول جب قرآن مجید میں ایک چیز کی خبر صاف صاف لفظوں میں دی جائے اور اُس میں کسی قسم کا اشکال نہ ہونے کی وجہ سے کسی تاویل کی ضرورت نہ ہو، پھر اُس کو داخل اسرار کہنا کس وجہ سے صحیح ہوگا، شہاب کی بحث میں دو جگہ جو کچھ عرض کیا گیا، وہ یہاں بھی معروض ہے، اس عبارت سے تو خواہ مخواہ شبہ پڑتا ہے کہ غالباً یہ امور محتاج تاویل ہیں۔

ایضاً رکوع ۲ آیت "وَاِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِىْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا" قولہ فی الترجمۃ اٹکل کا حال یہ ہے کہ وہ تو حق بات کے سامنے کچھ بکار آمد نہیں، اقول محاورۂ عربی میں اس ترکیب کے یہ معنی نہیں ہیں بلکہ مراد یہ ہے کہ اٹکل کچھ کام نہیں دیتی، یقین کے موقع میں یعنی ظن مثبت حق نہیں ہوسکتا، یہ نہیں کہ مزاحم حق نہیں ہوسکتا۔

سورۂ واقعہ

رکوع اوّل آیت "وَمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ" قولہ فی الترجمۃ اور پانی کیچھر نوں۔ اقول سکب کے معنی بہنے کے ہیں، جھرنوں کا مفہوم اس میں ماخوذ نہیں۔

ایضاً رکوع ۳ آیت "وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ" قولہ فی الترجمۃ اور موت تو جب آئے گی تب آئے گی ہم تو اُس سے بھی زیادہ تم سے نزدیک ہیں۔ اقول یعنی موت بھی

اس قدر تم سے نزدیک نہیں جس قدر ہم تم سے نزدیک ہیں۔ یہ مطلب ہوا اس ترجمہ کا۔ سو کسی طرح یہ ترجمہ اس آیت کا نہیں بن سکتا، اگر قرآن کی عبارت یوں ہوتی "نَحۡنُ اَقۡرَبُ اِلَیۡکُمۡ مِنۡہُ" تب یہ معنی درست ہوتے اور ترکیب موجود میں الیہ کی ضمیر صاحب موت کی طرف ہے اور معنی یہ ہیں کہ جو شخص مر رہا ہے اور تم لوگ اُس کے پاس بیٹھے ہو، سو اس شخص سے جس قدر تم لوگ نزدیک ہو ہم تم سے بھی زیادہ اُس شخص سے نزدیک ہیں۔

سورۂ حدید

رکوع ۲ آیت "وَاَنۡزَلۡنَا الۡحَدِیۡدَ فِیۡہِ بَاۡسٌ شَدِیۡدٌ" قولہ فی الترجمۃ تو اس میں بڑا خطرہ ہے۔ اقول یہ لفظ ہمارے محاورے میں ایسے موقع پر بولا جاتا ہے جہاں کسی چیز کی مضرت بیان کرنا مقصود ہو اور یہاں ذکر ہے فوائد کا جیسا کہ امتنان سے معلوم ہوتا ہے اس لیے یہ ترجمہ نامناسب ہے بلکہ رعب یا دھاک کا ترجمہ بہتر ہے۔

ایضاً رکوع ۴ آیت "وَرَھۡبَانِیَّۃَ الخ" قولہ فی الترجمۃ ترک دُنیا اقول یہ ترجمہ صحیح نہیں ترک دُنیا تو ہمیشہ سے فرض رہا اور اب بھی فرض ہے اور رہبانیت پہلے مشروع مخیر تھی اور اب غیر مشروع تو فرض اور غیر فرض بلکہ غیر مشروع کس طرح متحد بالماہیۃ ہو سکتے ہیں اس کا صحیح ترجمہ ترک لذات ہے جس کو شریعت میں موجب تقرب جاننا ممنوع کیا گیا ہے اور معالجے کے لیے اور بات ہے بلکہ اُس ترجمے سے آج کل کے ہوسناکوں کو شبہ پڑے گا کہ رہبانیت کی حقیقت ترک دُنیا ہے اور رہبانیت شریعت میں منفی کی گئی ہے تو طلب دُنیا مقاصد شریعت سے ہوگا اور اس غلطی میں پڑ کر غیر متناہی تعلیمات نبویہ کی مخالفت پر آمادہ ہو جائیں گے۔ قولاً و عملاً و اعتقاداً۔

سورۂ مجادلہ

رکوع ۳ آیت "فَقَدِّمُوۡا بَیۡنَ یَدَیۡ نجواکم صَدَقَۃً ط" قولہ فی الترجمۃ تو کان میں عرض مطلب کرنے سے پہلے کچھ خیرات لا کر آگے رکھ دیا

کرو۔ اقول تقدیم کے معنی آگے رکھنے کے نہیں بلکہ صحیح ترجمہ یہ ہے کہ عرض مطلب کرنے سے پہلے کچھ خیرات دیدیا کرو۔

سورۂ ممتحنہ

رکوع اوّل آیت "لَنْ تَنفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ" قولہ حاطب بن بلتعہ اقول صحیح نام حاطب بن ابی بلتعہ ہے۔

ایضاً رکوع ۲ آیت "عَادَيْتُم مِنْهُمْ" قولہ فی الترجمہ جس کے ساتھ تمہاری (مذہبی) دشمنی ہے۔ اقول اس مقوس لفظ کی ضرورت ہی کیا ہے اگر منشاء عداوت کا بیان کرنا مقصود ہے تو ظاہر ہی ہے اور اگر یہ مقصود ہے کہ کفار سے طبعی تنفر نہ ہونا چاہیے تو غلط ہے۔ حب فی اللہ و بغض فی اللہ کی حدیثیں اور جابجا آیات میں غیظ و غلظت کا اثبات کہاں تک تاویل پذیر ہوگا۔

سورۂ منافقون

رکوع اوّل آیت "لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ" قولہ فی ف ا بعض مسلمانوں سے منافقوں کے سردار ابی بن سلول کی تکرار ہوگئی؟ اقول اس میں دو غلطیاں ہیں ایک تو نام میں اُس مشہور منافق کا نام اُبی نہیں ہے عبداللہ بن اُبی ہے، اُبی اس کا باپ ہوا اور ابی سلول کا بیٹا نہیں بلکہ ابی شوہر ہے اور سلول بیوی ہے اور ابن سلول صفت ثانی عبداللہ کی ہے۔ دوسری غلطی واقعہ میں۔ اُس مسلمان کی لڑائی خود ابن ابی سے نہیں ہوئی بلکہ دوسرے شخص سے ہوئی تھی اور اُس نے ابن ابی سے شکایت کی تھی۔

سورۂ طلاق

رکوع اوّل آیت "يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ" قولہ فی ف ا عدت میں مرد و عورت کو اچھا موقع دیا گیا ہے کہ پھر ملاپ کریں اور مرد اپنی طلاق کو واپس لے

جس کو اصطلاح شرع میں رجوع اور رجعت کہتے ہیں اقول۔ چونکہ رجعت ایک خاص قسم کی طلاق میں جائز ہے اس لیے علی الاطلاق عدت میں رجعت کے جواز کا حکم کرنا غلط و باعثِ غلط اندازی عوام ہے۔

سورۂ تحریم

رکوع اوّل آیت "یٰاَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ الخ" قولہ فی ف ا اُن کی خانہ داری کے معاملات کو دین سے کچھ تعلق نہیں۔ اقول جس چیز کو دین سے تعلق نہ ہو اُس کو بے دینی سے تعلق ہوگا، خدا جانے اس کلام کے کیا معنی ہیں بلکہ یہ دین تو ایسا وسیع اور محیط ہے کہ دُنیا میں کسی اُمتی کا کوئی فعل ایسا نہیں جس کو دین سے کچھ تعلق نہ ہو۔ حلت یا حرمت تعلق تو عام لفظ ہے اور اگر تعلق سے مراد تعلق انطباق ہو تب بھی نبی کے فعل میں تو اُس کے عدم کا احتمال نہیں ہوسکتا، جب نبی ہی کو جواز و ناجواز سے بحث نہ ہو، پھر اور لوگ کیوں مکلّف ہوں گے، اس سے تو بدمذہب لوگوں کو خوب تقویت پہنچے گی جو کہتے ہیں کہ معاملات دُنیا میں شریعت کو کوئی دخل نہیں، وہ ہماری رائے پر ہے جس طرح چاہیں کیا کریں جس کا غلط ہونا محتاج بیان نہیں، جا بجا احکام نکاح و طلاق و بیع و شراء کے نصوص میں مذکور ہیں۔

سورۂ ملک

رکوع ۲ آیت "اَنْ یَّخْسِفَ بِکُمُ الْاَرْضَ" قولہ فی الترجمۃ زمین دلدل بنا کر اُس میں تم کو دھنسا دے۔ اقول اِس قید مقوس کی نہ کوئی دلیل اور نہ کوئی ضرورت، حق سبحانہ وتعالیٰ کو قدرت ہے کہ خشک زمین میں دھنسا دے، اس قید سے فطرت پرستوں کی غلطی کی تائید ہونے کا احتمال ہے کہ خلاف فطرت کا وقوع محال کہتے ہیں۔

سورۂ مزمل

رکوع اوّل آیت "قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا" قولہ فی الترجمۃ رات کے وقت نماز میں کھڑے

رہا کرو (سو بھی ساری رات نہیں بلکہ) ساری رات سے کم۔ اقول ترجمے میں لازم آتا ہے کہ قلیلاً بمعنی ظرف ہو قیام کا حالانکہ قلیلا ظرف قیام سے معنا مستثنیٰ ہے، دوسرے اس ترجمے میں الا کا مفہوم کہیں نہیں لیا گیا۔ اس لیے صحیح ترجمہ یہ ہے کہ باستثناء تھوڑی رات کے باقی شب میں کھڑے رہو آگے، اس باقی شب کی تفسیر ہے نصفہ الی آخرہ۔

سورۂ مدثر

رکوع ۲ آیت "حَتّٰی اَتٰنَا الْیَقِیْنُ" قولہ فی الترجمۃ یہاں تک (کہ مرے پیچھے آنکھ سے دیکھا تو) ہم کو یقین آیا۔ اقول یقین آنا بمعنی یقین کرنا اُردو کا محاورہ ہے، عربی میں مستعمل نہیں، اس لیے یہ ترجمہ غلط ہے۔ صحیح معنی یہ ہیں کہ ہم برابر قیامت کے دن کو جھٹلاتے رہے یہاں تک کہ ہم کو موت آ پہنچی۔

سورۂ انفطار

آیت کراماً کاتبین قولہ فی ترجمۃ کراماً کاتبین دو فرشتے قولہ فی ف ۴ مگر اب ان کا نام پڑ گیا ہے اسی سبب سے ہم نے ترجمہ نہیں کیا۔ اقول گو ہمارے عرف میں نام پڑ گیا ہو مگر ترجمے میں تو مدلول قرآنی کا لحاظ واجب ہے سو وہاں صفت ہی مراد ہے تسمیہ مقصود نہیں اس لیے ترجمہ لفظی واجب ہے۔

سورۂ بروج

آیت "وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ" قولہ فی ف ا آسمان کے بارہ حصے کر رکھے ہیں۔ الخ، اقول یہ حصے اوّل تو فرضی ہیں، اللہ تعالیٰ نے واقعیات کی قسم کھائی ہے نہ فرضیات کی، مترجم صاحب کے اقوال وہی مراد لیے جائیں گے جن کو اہل عرب اپنی اطلاقات میں بھی استعمال کرتے ہوں اور کہیں ثابت نہیں کہ عرب میں بروج سے یہ بارہ حصے سمجھتے، بولتے ہوں یہ تو یونانیوں کی اصطلاح ہے۔ قرآن مجید میں کس طرح مراد ہو سکتے ہیں بلکہ صحیح معنی

بروج کے وہی گنبد ہیں جن کی مترجم صاحب نے نفی فرمائی ہے اور مراد اس سے بڑے بڑے کواکب ہیں۔ جیسا کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قول ہے۔ قرآن مجید میں ان کے ساتھ جعل بھی متعلق کیا گیا ہے۔ "جَعَلَ فِی السَّمَآءِ بُرُوْجًا" جس سے ان کا موجود ہونا ثابت ہے۔ پس جس تفسیر پر یہ محض فرضی ہوں وہ تفسیر صحیح نہیں ہے اور اُس میں کسی مفسر کی تقلید کا عذر نہیں ہوسکتا کیونکہ ایسے اُمور میں تقلید صحیح نہیں۔

سورۂ واللیل

آیت "وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَۃَ وَالْاُوْلٰی" قولہ فی ف ۲ تو جو آدمی دُنیا کا خواہاں ہوگا اُس کو دُنیا دیں گے اور جو آخرت کا خواہاں ہوگا اُس کو آخرت دیں گے اور جو دونوں کا خواہاں ہوگا دونوں دیں گے۔ اقول اِس آیت میں تو صرف دُنیا و آخرت کا مملوک خداوندی ہونا مذکور ہے، ان وعدوں کا کہیں پتا بھی نہیں اور اگر یوں کہیے کہ غرض اس اخبار سے یہی ہے۔ سو اس میں شرط یہ ہے کہ یہ غرض دوسرے نصوص سے خلاف نہ ہو حالانکہ غور کرنے سے اس میں دو امر خلاف معلوم ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ طالب دُنیا کو دُنیا کا مل جانا ضروری نہیں۔ مشاہدۃ اور آیت "مَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْعَاجِلَۃَ عَجَّلْنَا لَہٗ فِیْھَا مَا نَشَآءُ" اُس کی دلیل ہے۔ دوم یہ کہ اس عبارت سے طالب مجموعۂ دُنیا و آخرت کی تفضیل طالب آخرت پر نکلتی ہے، بے انتہا آیات و احادیث اس کی تکذیب کرتے ہیں۔ اگر آیہ حسنۂ دارین سے شبہ ہوا ہو تو سمجھ لینا چاہیے کہ دُنیا اور چیز ہے اور حسنۂ فی الدنیا اور چیز ہے کہ وہ عین دین ہے۔

سورۂ قارعہ

آیت "کَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ" قولہ فی الترجمۃ جیسے پَر دار چیونٹیاں۔ اقول زجاج نے تصریح کی ہے کہ فراش وہ جانور ہے جو آگ میں گرتا ہے تو اُس کا ترجمہ پروانہ ہوا اور گو اس کو فراش بوجہ تفرش و انتشار کے کہا جاتا ہے مگر "لا قیاس فی اللغۃ" آئمہ عربیت کا مسلم مسئلہ ہے۔

سورۂ ہمزہ

آیت "فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَۃٍ" قولہ فی الترجمۃ اور وہ دیگ کے بڑے بڑے ستونوں کی شکل میں دوزخیوں کو چاروں طرف سے گھیرے ہوگی۔ اقول اِس ترجمے میں بلا دلیل دو مجاز ماننے پڑتے ہیں، ایک مجاز بالحذف کہ عمد کا مضاف شکل یا صورت محذوف ہوگا، دوسرا مجاز فی المفرد کہ آگ بشکل ستون کے ہوگی چونکہ معنیِ حقیقی کے تعذر کی کوئی وجہ عقلی و نقلی نہیں، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں، عامۂ مفسرین نے جو معنیِ لکھے ہیں کہ جہنم کے اندر یا دروازہ پر بڑے بڑے ستون سچ مچ کے ہوں گے ظاہر وہی ہے۔

سورۂ کوثر

آیت "اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ" قولہ فی الترجمۃ ہم نے تم کو بڑی خیر کثیر دی۔ اقول اس میں کچھ شک نہیں کہ لغوی معنی یہی ہیں مگر چونکہ اطلاق شرعی میں وہ ایک نہر جنت کا نام ہے یہاں تسمیہ کا لحاظ بہ نسبت ترجمہ کراماً کاتبین کے زیادہ ضروری تھا کیونکہ اطلاق شرعی بہ نسبت اطلاق عرفی کے زیادہ رعایت کے قابل ہے۔ بالخصوص ایسے زمانہ میں کہ معادیات و غیبیات کو سرے سے اُڑانا چاہتے ہیں وہ اسی کو غنیمت سمجھیں گے کہ چلو قرآن مجید میں تو بعض ان چیزوں کا ذکر نہیں ہے۔ رہی حدیث سو وہ لوگ فیصلہ ہی کر چکے ہیں کہ راویوں نے روایات کو اپنے خیالات پر منطبق کر کے الفاظ از خود تجویز کر لیے ہیں، ایسے وقت میں تو ایسے اُمور کے اثبات پر زور دینا واجب ہے۔ خصوصاً جبکہ حضور پُر نور صاحب وحی نے کسی لفظ کی خود تفسیر فرما دی ہو۔ جیسا اِس لفظ کی تفسیر میں آپ نے اس نہر کا دلچسپ حال بیان فرمایا۔

خلاصۂ فتویٰ جامع شرائط مترجم

مترجم کے لیے کم ازکم ان چند اوصاف کا جامع ہونا واجب ہے۔

اوّل: عربی زبان خوب سمجھتا ہو کہ عربی سے ترجمہ کر سکے کیونکہ ترجمے سے ترجمہ کرنے میں اصل سے بُعد ہو جاتا ہے۔

دوم: فنون عربیت (صرف ونحو و بلاغت ولغت) میں ماہر ہو تا کہ ترجمے میں صیغہ وترکیب واسالیب کلام ودقائق وضع کی رعایت رکھ سکے کیونکہ ان کے اہمال سے ترجمے میں سخت غلطیاں واقع ہو جاتی ہیں۔

سوم: اصطلاحات شرعیہ سے واقف ہو کیونکہ مصطلحات کا ترجمہ معانی لغویہ سے کرنے میں مراد متکلم کی بدل جاتی ہے۔

چہارم: حدیث کو شیوخ سے حاصل کیا ہو تا کہ تفسیر کرنے میں مخالفت صاحب وحی باثبات نزول کی لازم نہ آئے۔

پنجم: مذاہب مجتہدین پر نظر ہو تا کہ فقہیات کی تفسیر میں اجماع کی مخالفت نہ کرے۔

ششم: علم کلام وتفصیل عقائد اہل سنّت جانتا ہو تا کہ اعتقادیات کی تفسیر میں بدعت سے بچ سکے۔

ہفتم: مفسرین محققین کے اقوال پیش نظر ہوں تا کہ ناسخ ومنسوخ وزیادت وحذف وغیرہ پر اطلاع ہو جن میں نقل کی احتیاج ہے۔

ہشتم: اُصول ومعقول بقدر ضرورت حاصل کیا ہو تا کہ عقلیات وشرعیات کی تفسیر میں تقریر استدلال پر قادر ہو۔

نہم: مواضع مغلقہ ومجملہ میں تاویل مشترک یا رفع تعارض یا بیان نسخ یا تفسیر مبہم یا تفصیل مجمل وغیرہ کے اظہار کے لیے صرف ترجمے پر اکتفا نہ کرے بلکہ بطور شرح یا حاشیے کے اُمور مذکورہ کی توضیح کر دے۔

دہم: جس زبان میں ترجمہ کرنا ہے اُس میں پورا مذاق ہو، صرف استعداد کتابی پر قناعت نہ کرے تا کہ مطالب قرآنیہ کو کافی عبارت میں ادا کر سکے۔

یازدہم: صحیح العقیدہ صالح الاعمال ہو تا کہ تفسیر میں تائید بدعت و ہوای و خیانت تبدیل سے امن رہے۔

دوازدہم: علمائے محققین معاصرین کی ایک معتد بہ جماعت کی نظر میں مقبول و مسلم و معتبر ہو۔

سیزدہم: ذہین وذکی ہو، بلید و غبی نہ ہو تا کہ اقوال مختلفہ میں سے مناسب قول کو ترجیح دے سکے۔ دقائق کلام کو سمجھ سکے، مخالفین کے شبہات کو شائستگی سے رفع کر سکے۔

چہاردہم: ترجمہ حامل المتن ہو، صرف تراجم کے شائع ہونے سے آئندہ اصل کے ضائع ہونے کا احتمال ہوتا ہے۔

پانزدہم: خودرائے ومتکبر نہ ہو تا کہ جس مقام پر شرح صدر نہ ہو، علمائے وقت کی خدمت میں رجوع کرنے سے عار و ننگ نہ کرے، اگر کوئی اس کی لغزش پر اطلاع دے اُس کو قبول کر کے اصلاح کر دے جو شخص شرائط مذکورہ کا جامع نہ ہوگا وہ ترجمے پر مبادرت کرنے سے عاصی و خاطی اور بانی ضلالت و جہالت ہوگا اور کئی ایسے شخصوں کا جمع کر لینا جن میں ایک وصف ہو، کافی نہیں ہے۔ جیسا کہ اب تک انگریزی اور بعض اُردو ترجموں میں ہوا۔

والدليل الكلى لهذه الامور. ان فقد انها يقضى الى التفسير بالرأى كما لا يخفى على المتأمل والمجرب وقد قال رسول الله صلى الله عليه وسلّم من قال فى القرآن برأيه فليتبَوا مقعده من النار وفى روايةٍ من قال فى القرآن بغير علم فليتبوّأ مقعده. وقال من قال فى قرآن برأيه فاصاب فقد اخطاء رواها الترمذى وقال من سن فى الاسلام سنة سيئة كان عليها وزرها و وزر من عمل بها من بعده

وفی الکشاف

فالفقیه وان برز علی الاقران فی علم الفتاویٰ والاحکام +والمتکلم وان بذ اهل الدنیا فی صناعة الکلام +وحافظ القصص والاخبار وان کان من ابن القریة احفظ + والواعظ وان کان من الحسن البصریٰ وعظ والنحوی و ان کان انحی من سیبویة واللغوی وان عللک اللغات بقوة لحییه + لایتصدیٰ منهم احد لسلوک تلک الطرائق + ولا یغوص علی شیء من تلک الحقائق + الارجل قد برع فی علمین مختصین بالقرآن وهما علم المعانی وعلم البیان + وتمهل فی ارتیادهما اونة + وتعب فی التنقیر عنهما ازمنة + وبعثتة علی تتبع مظانهما همة + فی معرفة لطائف حجة اللّٰه + وحرص علی استیضاح معجزة رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلّم. بعد ان یکون اخذا من سائر العلوم بحظ جامع بین امرین تحقیق وحفظ کثیر المطالعات طویل المراجعات + قد رجع زمانا و رجع الیه + وردا وانّا ورُدّ علیه + فارسا فی علم الاعراب + مقدما فی حملة الکتاب لو کان مع ذلک مسترسل الطبیعة منقادها + ومشتعل القریحة وقاده یقظان النفس دراکاللمحة وان لطف شانها + منبتها علی الرمزة وان خفی مکانها لاکزًّا جاسیًا + ولا غلیظا جافیا + منصرفا اذا دُربة باسالیب النظم والنثر + مرناضا فیر ریض یتلقیح نبات الفکر + قد علم کیف یرتب الکلام ویؤلف + وکیف ینظم ویوصف ظالما دُفع الی مضایقه ووقع فی مداحضه ومزالقه انتهی + اور اس پر بھی ناظرین کو صرف مطالعہ ترجمہ کا کافی نہیں بلکہ سبقاً سبقاً کسی استاد ماہر سے پڑھیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

وفی الاتقان: قال الامام ابو طالب الطبری فی اوائل تفسیرہ. القول فی اداب المفسر اعلم ان من شروطه صحة الاعتقاد اولا و لزوم سنة الدین فان کان مغموصا علیه فی دینه لا یوتمن علی الدنیا فکیف علی الدین ثم لا یوتمن من الدین علی الاخبار عن عالم فکیف یوتمن فی الاخبار عن اسرار اللّٰه ولانه لا یؤمن ان کان متهما بالالحاد ان تبغی الفتنة ویغیر النّاس بلیته وخداعة کداب الباطنیة وغلاة الرافضة وان کان متهما بهوی لم یومن ان تحمله هواه علی ما یوافق بدعة کداب القدریة وفیه ایضا بعد عدة سطور ومن شرطه صحة المقصد فیما یقول لتلقی التسدید. قد قال تعالیٰ والذین جاهد وافینا لنهدینهم سبلنا وانما یخلص له المقصد اذا زهد فی الدنیا لانه اذا رغب فیها لم یؤمن ان یتوسل به الی غرض یصده عن صواب قصده ویفسد علیه صحة عمله وتمام هذه الشرائط ان یکون ممتلیا من عدة الاعراب لا یلتبس علیه اختلاف وجوه الکلام فانه اذ خرج بالبیان عن وضع اللسان اما حقیقة او مجازا فتاویله تعطیله وقد رایت بعضهم یفسر قوله تعالٰی قل اللّٰه ثم ذرهم انه یلازمه قول اللّٰه ولم یدرالمعنی ان هذه جملة حذف منها الخبر والتقدیر اللّٰه انزله انتهی کلام ابی طالب وفیه ایضا یجوز تفسیره لمن کان جامعا للعلوم التی یحتاج المفسر الیها وهی خمسة عشر علما احده اللغة لان بها یعرف شرح مفردات الالفاظ ومدلولاتها بحسب الوضع قال مجاهد لایحل لاحد یومن باللّٰه والیوم الاخران یتکلم فی کتاب اللّٰه اذا لم یکن عالما بلغات العرب وتقدم قول مالک فی ذلک ولا یکفی فی حقه معرفة الیسیر منها فقد یکون اللفظ مشترکا وهو یعلم احد المعنیین والمراد

الآخر الثانی النحو لان المعنی یتغیر ویختلف باختلاف الاعراب فلا بد من اعتباره اخرج ابو عبید عن الحسن انه سئل عن الرجل یتعلم العربیة یلتمس بها حسن المنطق ویقیم بها قراء ته فقال حسن فتعلمها فان الرجل یقرٔ الأیة فیعیٰی بوجهها فیهلک فیها الثالث التصریف لان به یعرف الابنیه والصیغ قال ابن فارس و من علمه فاته المعظم لان وجد مثلا کلمة مبهمة فاذا صرفناها اتضحت بمصادرها وقال الزمخشری من بدع التفاسیر قوله من قال ان الامام فی قوله تعالٰی یوم ندعو کل اَناس بامامهم جمع ام وان الناس یدعون یوم القیمة بامهاتهم دون ابائهم قال وهذا غلط اوجبه جهله بالتصریف فان اما لا یجمع علی امام الرابع الاشتقاق لان الاسم اذا کان اشتقاقه من مادتین مختلفتین اختلف المعنی باختلافهما کالمسیح هل هو من السیاحة او من المسح.

الخامس والسادس والسابع المعانی والبیان والبدیع لانه یعرف بالاول خواص تراکیب الکلام من جهته افادتها المعنی وبالثانی خواصها من حیث اختلافها بحسب وضوح الدلالة وخفائها وبالثالث وجوه تحسین الکلام وهذه العلوم الثلثة هی علوم البلاغة وهی من اعظم ارکان المفسر لانه لا بدله من مراعاة ما یقتضیه الاعجاز وانما یدرک بهذه العلوم قال السکاکی اعلم ان شان الاعجاز عجیب یدرک ولا یمکن وضعه کاستقامة الوزن تدرک ولا یمکن وضعها وکالملاحة ولا طریق الی تحصیله لغیر ذوی الفطرة السلیمة الا التمرن فی علمی المعانی والبیان وقال ابن ابی الحدید اعلم ان معرفته الفصیح والافصح والرشیق والارشق من الکلام امر لا یدرک الا باللوق ولا یمکن اقامته الدلالة علیه وهو بمنزلة جاریتین احدهما بیضاً مشربة بحمرة دقیقة الشفتین نقیة الثغر

کحلاء العین اسیلة الخددقیقة الانف معتدلة القامة والاخری دونها فی هذه الصفات والمحاسن لکنها اجلی فی العیون والقلوب منها ولا یدری سبب ذلک ولکنه یعرف بالذوق والمشاهدة ولا یمکن تعلیله وهٰکذا الکلام نعم یبقی الفرق بین الموضعین ان حسن الوجوه وملاحتها وتفضیل بعضها علٰی بعض یدرکه کل منْ له عین صحیحة واما الکلام فلا یدرک الا للذوق ولیس کل من اشتغل بالنحوا واللغة او الفقة یکون من اهل الذوق ولمن یصلع لانتقاد الکلام وانما اهل الذوق هم الذین اشتغلوا بعلم البیان وراضوا انفسهم بالرسائل والخطب والکتابة والشعر وصارت لهم بذلک دربة و ملکة تامة فالی اولٰئک ینبغی ان یرجع فی معرفة الکلام وفضل بعضه علٰی بعض وقال الزمخشری من حق مفسر کتاب اللّٰه الباهر وکلام المعجز ان یتعاهد بقاء النظم علی حسنه والبلاغة علی کما لها اوما وقع به من التحدے سلیما من القادح و قال غیره معرفت هذه الصناعة باوضاعها هی عمدة التفسیر المطلع علی عجائب کلام اللّٰه وهی قاعدة الفصاحة و واسطة عقد البلاغة الثامن علم القرأ ات لانه به یعرف کیفیة النطق بالقرآن وبالقرأ ات یرجح بعض الوجوه المحتملة علی بعض التاسع اصول الدین لما فی القرآن من الآیات الدالة بظاهرها علی مالا یجوز علی اللّٰه فالاصولی یوول ذلک ویستدل علی ما یستحیرا وما یجب وما یجوز العاشر اُصول الفقه اذ به یعرف وجه الاستدلال علی الاحکام والاستنباط الحادے عشر اسباب النزول والقصص اذ بسبب النزول یعرف معنی الآیة المنزلة فی بحسب ما انزلت فیه الثانی عشر الناسخ و المنسوخ لیعلم المحکم من غیره الثالث عشر الفقه الرابع عشر الاحادیث المبنیة لتفسیر المجمل المبهم الخامس عشر علم الموهبة وهو علم یورثه اللّٰه لمن عمل بما علم والیه الاشارة

بحديث من عمل بما علم ورثه الله علم مالم يعلم قال ابن ابى الدنيا و علوم القران وما يستنبط منه بحر لا ساحل له قال هذه العلوم التى هى كالالة للمفسر لايكون مفسرا الا بتحصيلها فمن فسر بدونها كان مفسر بالرأى المنهى عنه واذا فسر مع حصولها لم يكن مفسرا بالراے المنهى عنه قال والصحابة والتابعون كان عندهم علوم العربيه بالطبع لا بالاكتساب واستفادو العلوم الاخرى من النبى صلى الله عليه وسلم قلت ولعلك تستشكل علم الموهبة وتقول هذا شيءٌ ليس فى قدرة الانسان لتحصيله وليس كما ظننت من الاشكال والطريق فى تحصيله ارتكاب ألاسباب الموجبة له من العمل والزهد قال فى البرهان اعلم انه لا تحصيل للناظر فهم معانى الوحى ولا يظهر له اسراره وفى قلبه بدعة او كبر اوهوى اوحب الدنيا او هو مصر على ذنب او غير متحقق بالايمان او ضعيف التحقيق او يعتمد علىٰ قول مفسر ليس عنده علم او راجع الى معقوله وهذه كلها حجب و موانع بعضها آكدمن بعض قلت وفى هذا المعنى قوله تعالىٰ ساصرف عن اٰياتى الذين يتكبرون فى الارض بغير الحق قال سفيان ابن عيينة يقول انزع عنهم فهم القران اخرجه ابن ابى حاتم فقط تمت.

الحاشية المتعلقة بقول المؤلف

ولا تغترن الواقع فى صفحه۵

بسم اللّٰه الرحمٰن الرّحيم٥

هذا توضيح ما اشرنا اليه اجمالا بقولنا ولا تغترن الخ تحت قوله تعالىٰ وعلى الذين يطيقونه الآية فاستمع انى قد عثرت فى بعض اسفارى علىٰ بعض المراسلات التى جرت بين المترجم الدهلوى

وبين بعض الافاضل فرايته فيها استدل على دعواه من الاقتصار على الفدية للمريض والمسافر بعد الصحة واقامة ببعض عبارات بعض الكتب ولما كان هذا مزلة قدم بعد ثبوتها رايت ان اكشف القناع عن وجه المرام فها انا انقل لك تلك العبارات التى نقلتها اولا و انبه على حقيقتها ثانيا والعبارات هذه فنقل عن تفسير الاكليل للسيوطى استدل بالآية على ان المسافر والمريض يفديان ولا يقضيان اخذ امن عموم اللفظ وعن فتح البارى ومن قال بالاطعام ابن عمر لكنه بالغ فى ذلك فقال يطعم ولا يصوم وعن فتح البيان عن ابن عباس بسند صحيح انه قال لام ولد له حامل او مرضعة انت بمنزلة الذين يطيقون الصوم عليك الطعام لاقضاء عليك وعن تفسير ابن كثير ومما يلحق الحامل والمرضع اذا خافتا على انفسهما او ولديهما ففيهما خلاف كثير بين العلماء فمنهم من قال يفطران ويفديان ويقضيان وقيل ويفديان فقط ولا قضاء وقيل يجب القضاء بلا فدية وقيل يفطران ولا فدية ولا قضاء ثم نسب المترجم فى عبارته الهندية ناقلا عن الكبير الى ابى المسلم الاصفهانى والاصم البقاء التخيير فى حق المسافر والمريض على حاله وكون النسخ موجبا للعسر واستنبط من هذا ان مسلكهما مطابق له اهذا غاية سعى المترجم فى استدلاله النقلى وامام اجتح به من الدليل العقلى من رعاية حال المساكين فمها لا حاجة الى جوابه لان الرآى المحض لا يعباء به فى مقابلة الدليل الشرعى واذ قد فرغنا من نقل دلائله حان ان نبهك على حقيقة الامر فاقول لما لم ينقل المترجم العبارات بتمامها وجب ان تنقلها تامة ليظهر انها هل تصلح للحجية على دعواه امر لا.

ففی تفسیر الاکلیل بعد العبارة المذکورة ورد لان قوله تعالیٰ
اولا فی حقهما فعدة من ایام اخر یمنع دلالة وعلی الذین یطیقونه
علیهما لان ماعطف علی الشیء غیره لا محالة وفی فتح الباری بعد
العبارة المذکورة فروی عبدالرزاق وابن المنذر وغیرهما من طرق
صحیحة عن نافع عن ابن عمر قال من تابعه رمضانان وهو مریض لم
یصح بینهما قضیٰ الآخر منهما بصیام وقضی الاوّل منهما باطعام مد
من حنطة کل یوم ولم یصم لفظ عبدالرزاق عن معمر عن ایوب عن
نافع قال الطحاوی تفرد ابن عمر بذلک وما نقل عن فتح البیان
وابن کثیر فلا مس له بالمطلوب لان فیهما بیان حکم الحامل
والمرضعة والکلام فی المریض والمسافر و شرائط القیاس مفقودة
وفی التفسیر الکبیر المسئلة الثانیة اختلفوا فی المراد بقوله وعلی
الذین یطیقونه علیٰ ثلثة احوال الاوّل ان هذا راجع الی المسافر
والمریض وذلک لان المسافر قد یکون منهما من لایطیق الصوم
ومنهما من یطیق الصوم اما القسم الاوّل فقد ذکر اللّٰه تعالیٰ حکم فی
قوله ومن کان مریضا او علیٰ سفر فعدة من ایام اخروا ما القسم الثانی
وهو المسافر والمریض للذان یطیقان الصوم فالیهما الاشارة بقوله و
علی الذین یطیقونه فدیة فکانه تعالیٰ اثبت للمریض وللمسافر حالتین
فی احدهما یلزمه ان یفطر وعلیه القضاء وهی حال الجهد الشدید لو
صام والثانیة ان یکون مطیقا للصوم لایثقل علیه فحینئذ یکون مخیرا
بین ان یصوم و بین ان یفطر مع الفدیة ثم قال اما القول الاوّل وهو
اختیار الاصم فقد احتجوا علی صحته من وجوه ثم قال ولو کانت
الآیة فمن شهد منکم الشهر فلیصمه ناسخة لهٰذا وعلی الذین یطیقونه
لما کان قوله یرید اللّٰه بکم الیسر ولا یرید بکم العسر لائقا بذلک
الموضع لان هذا التقدیر اوجب الصوم علی سبیل التضئیق ورفع

وجوبه على سبيل التخيير فكان ذلك رفعا لليسر و الباتا للعسرو اذ قد سمعت العبارات فانظر هل فيها من اسم او رسم من دعوى المذكورة فلن اصرحها ظاهراً ما نقل عن الاكليل لكنه او هن الكل حقيقةً لان المستدل مجهول لايعرف + هل هو من السلف او الخلف + وهل هو من اهل السنة او من اهل البدعة + وهل هو من اهل العلم او من الجهلة + وكيف يعتبر فى قول الذين لم يعرف قائله اذا لم يعتبر في امور الدنيا من الاخبار والحكايات + مالم ينبت ان الناقل من الثقات + فهو لعمرى او هن من بيت العنكبوت لو كانوا يعلمون هذا مع انه يزاحمُ الثقات العدول + وهل يستوى المجهول والمقبول + سيما اذا ترجح جانب كون قائله غير مقبول يرد الناقل قوله بدليل صحيح كما نقلنا عن الاكليل واما ما فى الفتح البارى عن ابن عمر رضى الله عنه فهو فى مريض خاص مر عليه رمضانان وهو مريض لم يصح بينهما لا فى المسافر ولا فى مطلق المريض فان الآية منسوخة عنده كما نقله البخارى ولو كان فى مطلق المريض لما كان للحكم بقضاء الرمضان الاخروجه لان الرمضانين سيان فى الرخصة عند هذا المدعى ومع ذلك فهو متفرد بذلك لم ينابع واماما فى فتح البيان و ابن كثير فقد قدمنا الجواب عنه من عدم مساسة بالمطلوب لان الدعوى فى المريض والمسافر والدليل فى الحامل ولمرضع اللتين يقول ابن عباس رضى الله عنه ببقاء الآية محكمة فيهما واما قول الاصم ومن وافقه من انكار نسخ الاية وعلى الذين يطيقونه فليس علىٰ تفسير المدعى من حمله على مطلق المسافر بل على المريض والمسافر الخاصين اللذين يطيقان الصيام فحاصل قوله ان المريض والمسافر اذا لم يطيقا الصوم يلزمهما الافطار وعليهما القضاء ولا فدية عليهما لانهما معذوران اشد عذر فلزمهما الافطار

وسقطوا عنه الفدية واقتصر على القضا واذا اطاقا ثم افطر اللحقهما علرهما لتخيرهما فى الصوم وتوجب عليهما الفدية ايضًا ولم ينف وجوب القضاء لان وجوبه ظاهر بدليله فعلى هذا التقدير لم تكن الآية منسوخة بقوله فمن شهد منكم الشهر فليصمه بل هو متمم لحكمها لانه لو كان ناسخا لها لزم كون الناسخ اشق من المنسوخ فلم يكن الامتنان باثبات اليسر مناسبا للمقام ولا يتفوه الاصم بما تفوه به هذا المترجم من سقوطها القضاء عن المسافر والمريض والالكان غيرالمطيق اولى به من المطيق مع انه صرح فى غيرالمطيق بوجوب القضاء فانما التفاوت بين المطيق وغيره فى لزوم الفطر وعدم لزومه وسقوط الفدية ووجوبها لا فى وجوب القضاء وعدمه فاين هذا من دعوى عموم سقوط القضاء عن مطلق المسافر والمريض فارجع البصر هل ترى من دعوى المترجم فى هذه التفاسير ثم ارجع البصر كرتين ينقلب اليک البصر خاسئا وهو حسير واذ قد بلغ الكلام هذا المقام رأينا ان نكف الاقلام ونقرء سلام الختام فقط واللّٰه تعالٰى اعلم

اِصلاح

ترجمہ مرزا حیرت

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماھر العلوم القرآنیۃ، واقف الأسرار الفرقانیۃ،
رأس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الأسرار الخفی منبعا والجلی اعنی بہ

مَولانا مُحمّد اَشرف علی التّھانوی

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

مرزا حیرت دہلوی نے قرآن مجید کے ترجمہ میں جو غلطیاں کی ہیں
حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے اس رسالہ میں اُن کی اِصلاح فرمائی ہے
اور لوگوں کو ان غلطیوں سے آگاہ فرمایا ہے۔

اِصلاح ترجمہ مرزا حیرت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد الحمد والصلوٰۃ عرض ہے کہ اندنوں ایک اور نیا ترجمہ قرآن مجید کا منجانب مرزا حیرت صاحب دہلی سے شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اتفاقاً نظر سے جوگزرا تو اُس سے بھی مسلمانوں کو مضرت پہنچنے کا اندیشہ غالب ہوا۔ اوّل احتیاطاً بعض اغلاط سے جو بضمن بیان مسائل حواشی میں واقع ہوئی تھیں۔ مترجم صاحب کو اُن کی انصاف پسندی کا اندازہ کرنے کی غرض سے اطلاع دی گئی جس کا جواب یہ ملا کہ ''الحمدللہ نفس ترجمہ میں کوئی غلطی نہیں بتائی گئی۔ رہا حاشیہ کی بابت خواہ آپ پڑھیں یا نہ پڑھیں مانیں یا نہ مانیں اس کی بابت کچھ نہیں کہا جاسکتا۔'' جس حالت میں کہ حاشیہ موضح متن ہوتا ہے ہر دانش منداس جواب کا پایہ سمجھ سکتا ہے مگر اتمام حجت کے لیے خود ترجمہ کو بھی جابجا دیکھا تو اغلاط سے خالی نہ پایا، اس لیے عام مسلمانوں کی حفاظت کی غرض سے ضروری معلوم ہوا کہ صرف دو پاروں کے ترجمہ میں متن وحواشی کی کچھ غلطیاں جو سرسری نظر سے خیال میں آئی ہیں۔ بطور نمونہ کے ظاہر کردی جاویں، اسی پر بقیہ حصہ کو قیاس کرلیا جاوے گا، اگر بقیہ کی غلطیوں کا اوسط اسی حساب سے لگایا جاوے تو کل ترجمہ کی غلطیاں اس نمونہ سے پندرہ گنی ہوں گی۔ چونکہ حسب مذاق جواب مذکور ترجمہ اصل اور حواشی تابع ہیں، اس لیے اُن کی ترتیب میں یہی لحاظ رکھا گیا۔ ''وَاللّٰہُ وَلِیُّ الْھِدَایَۃِ وَالْعَاصِمُ مِنَ الْغَوَایَۃِ''

اغلاط ترجمہ

ہر چند کہ ان میں بعض غلطیاں ایسی ہیں جن سے چشم پوشی ہوسکتی تھی مگر چونکہ مترجم صاحب اس سے خفیف غلطیوں پر بعض مترجمین سے مواخذہ کر چکے ہیں اس لیے اُن کی قاعدہ مسلمہ کے موافق یہ سب اغلاط دارو گیر کے قابل ہیں اور پھر بھی ہم نے عمداً بہت سی لغزشوں سے تعرض نہیں کیا۔ (۱۲ منہ سلمہ اللہ تعالیٰ رکوع دوم)

سورۂ فاتحہ "غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ" ترجمہ: نہ ان کی جن پر (تیرا) غضب نازل ہوا۔ اقول صیغۂ مجہول متعدی کا ترجمہ معروف لازم سے کرنا تبدیل مراد ہے۔

سورۂ بقرہ: رکوع اوّل "اُولٰئِکَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ" ترجمہ: اپنے رب کی طرف سے وہی لوگ سیدھی راہ پر (قائم) ہیں۔ اقول ترکیب نحوی میں من ربھم صفت ہدی کی ہے اور ترجمۂ مذکورہ میں لازم آتا ہے کہ عامل علی کے متعلق ہو، اس میں بھی تبدیل مراد قرآنی ہے۔ اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا" ترجمہ البتہ جولوگ الخ اقول لفظ البتہ باعتبار معنی لغوی کے یہاں صحیح ہے مگر ہمارے بول چال میں یہ لفظ دفع شبہ کے لیے مستعمل ہوتا ہے جو اس جگہ خلاف مقصود ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "عَلٰی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ" ترجمہ اور اُن کی آنکھوں پر پردہ (ڈال دیا) ہے۔ اقول گوڈال دیا کو بین الہلالین لکھا ہے مگر اس سے یہ جملہ فعلیہ بن گیا اور قرآن میں جملہ اسمیہ ہے اور قواعد بلاغت کے اعتبار سے ہر ایک کے جداگانہ آثار ہیں۔ پس اس میں غرض قرآنی کی تغیر ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع دوم: "وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِیْنَ" ترجمہ اور اُن کے (دل میں) ایمان نہیں ہے۔ اقول ھم اسم ما ہے اور بمؤمنین خبر اور ترجمہ مذکورہ اس کے مطابق نہیں۔ اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "وَلٰکِنْ لَّا یَشْعُرُوْنَ" ترجمہ اور مگر سمجھتے نہیں۔ اقول اور مگر اہل زبان سے نہیں سنا گیا اور غلط الفاظ سے ترجمہ کرنا غلط ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح

نہیں۔ ایضاً "فِیْ طُغْیَانِهِمْ" ترجمہ اپنے کفر میں اقول ترجمہ لفظ مرادف سے ہونا چاہیے اور طغیان اور کفر گو مصداقاً متحد ہوں مگر اتحاد مفہومی یعنی ترادف نہیں۔ اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "فَمَا رَبِحَتْ تِجَارَتُهُمْ" ترجمہ سو نہ اُن کی تجارت نے نفع دیا۔ اقول ربح لازم ہے نہ متعدی اسی لیے اس ترکیب میں اسناد مجازی مانی گئی ہے جس کی حقیقت "فما ربحوا فی تجارتهم" ہے جس میں متعدی کے صحت کا احتمال ہے لیکن اور ترجمہ مذکورہ میں اس کو متعدی لیا گیا ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "لَا یُبْصِرُوْنَ" ترجمہ اب اُنہیں کچھ نہیں سوجھتا۔ اقول چونکہ یہ ترجمہ مطابق صیغہ کے نہیں اس لیے صحیح نہیں۔ ایضاً "کُلَّمَآ اَضَاءَ لَهُمْ" ترجمہ جب اُن کے آگے اقول قرآن میں یہاں کوئی لفظ ایسا نہیں جس کا ترجمہ آگے ہو سکے، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ" ترجمہ اور اگر اللہ چاہے اقول "لَوْ" انتفاء فی الماضی کے لیے ہے اس لیے حال یا استقبال کے ساتھ ترجمہ کرنا صحیح نہیں۔

رکوع سوم: "جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا" ترجمہ زمین کا بچھونا اقول ترجمہ ترکیب کے مطابق نہیں اس لیے صحیح نہیں۔ اسی طرح ترجمہ "والسماء بناءً" کا صحیح نہیں۔ ایضاً "وَاتُوا بِهٖ مُتَشَابِهًا ط" ترجمہ انہیں ایک ہی رنگ اور صورت کے میوے ملا کریں گے۔ اقول ترجمہ مطابق ترکیب وصیغہ کے نہیں۔ جیسا ظاہر ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "وَمَا یُضِلُّ" ترجمہ (لیکن) اور اقول لیکن اور اہل زبان میں مستعمل نہیں، اس لیے یہ لفظ غلط ہے اور غلط لفظ سے ترجمہ کرنا غلط ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع چہارم: "اَنْبِئُوْنِیْ" ترجمہ: ہمیں ان چیزوں کے نام بتاؤ۔ اقول ضمیر وحدان کا ترجمہ جمع کے ساتھ "مُفَوِّتِ" بلاغت قرآنی ہے اس لیے صحیح نہیں۔ ایضاً "وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ" ترجمہ راندۂ درگاہ ہو گیا۔ اقول گو کافر کے لیے راندۂ درگاہ ہونا لازم ہے مگر مفہوم میں اتحاد نہیں اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "فَاَزَلَّهُمَا" ترجمہ اور حوا کو الخ۔ اقول ہما ضمیر تثنیہ کی ہے نہ واحد مؤنث کی جو حوا کی طرف راجع کی

جاوے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً ''مَتَاعٌ'' ترجمہ لطف زندگی۔ اقول متاع کے لغوی معنی میں نہ لطف ماخوذ ہے نہ زندگی اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع پنجم: ''اُذْکُرُوْا'' ترجمہ: شکر کرو۔ اقول ذکر کے معنی شکر نہیں اور شکر کا طریقہ ذکر ہونا اور بات ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ''وَاسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ'' ترجمہ: اور (مصیبت کے وقت) صبر سے کام لو اور نماز (پڑھو اور خدا) سے (دُعا مانگو) اقول اضافہ عبارت بین الہلالین تفسیر مقصود کے لیے ہوتی ہے نہ تغییر مقصود کے لیے اور یہاں مجموعہ عبارت کے اعتبار سے صلوٰۃ کا تعلق ''استعینوا'' سے نہ رہا جو مقصود نظم قرآنی ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع ششم: ''وَاَنِّیْ فَضَّلْتُکُمْ'' الخ ترجمہ: اور یہ (احسان بھی یاد کرو) کہ کرتے ہیں دُنیا بھر کے لوگوں سے تمہیں افضل بنایا۔ اقول ماضی کا ترجمہ حال کے ساتھ مجاز ہے اور بلا تعذر حقیقت کے مجاز جائز نہیں۔ بالخصوص جبکہ انعمت کو ترجمہ میں ماضی مان لیا گیا ہے وہ قرینہ حقیقت کا اور زیادہ مؤکد ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً ''وَاِذْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْکِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ'' ترجمہ اور (اُس وقت کو بھی یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ کو (ایک) کتاب (یعنی توریت) دی (کہ) جو (برے اور بھلے اور حلال حرام میں) تمیز کرا دینے والی ہے۔ اقول فرقان ترکیب میں کتب پر معطوف ہے نہ کہ اُس کی صفت۔ جیسا کہ ترجمہ میں قرار دیا ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

ایضاً ''فَاقْتُلُوْا اَنْفُسَکُمْ'' ترجمہ: اپنے آپ کو ہلاک کر دو۔ اقول ہلاک عام ہے غرق وحرق وخنق وہدم وسم وغیرہا کو اور قتل خاص ہے دونوں کے مفہوم میں تغایر ہوا اور ترجمہ مرادف کے ساتھ چاہیے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً ''فَاَخَذَتْکُمُ الصّٰعِقَۃُ'' ترجمہ تمہیں آگ نے آلیا۔ اقول صاعقہ آواز شدید کو کہتے ہیں نہ کہ آگ کو اور نار کا اقتران اور بات ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع ہفتم: ''وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ'' ترجمہ اور زمین میں فساد برپا

کرتے ہوئے مت پھرو۔ اقول عثی یعثی کے معنی افسد یفسد کے ہیں نہ کہ پھرنے کے، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

ایضاً "مِنْ بِقْلِهَا" ترجمہ (عمدہ) ترکاری (جیسے پودینہ) اقول چونکہ عربی میں بقل عام ہے ماکول وغیر ماکول کو اور مراد بیان ماکول ہے اس لیے بعض مفسرین نے بیان مراد کے لیے اطائب توکل کی قید لگادی ہے اور تمثیل میں نعناع وکرفس وکراث ذکر کرکے و اشباهها کہہ دیا ہے جس میں سب ماکولات آجاویں۔ ہمارے محاورہ میں لفظ ترکاری اطائب تُو کَلُ کے معنی کا فائدہ دیتا ہے اس لیے ترکاری سے ترجمہ کرنا بالکل کافی وافی ہے۔ پھر اُس میں عمدہ کی قید اور تمثیل میں پودینہ کی تخصیص یہ معنی مقصود کے اکثر افراد کی تخصیص دیتی ہے جس میں تغیر مراد ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع ہشتم: "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ" ترجمہ خدا مجھ کو اپنی پناہ میں رکھے۔ اقول اگر "اَعَاذَنِیَ اللّٰه" ہوتا تو اُس کا یہ ترجمہ صحیح تھا، صیغہ وترکیب موجود کا یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع نہم: "كَذٰلِكَ يُحْيِي اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ" ترجمہ اسی طرح اللہ مردوں کو جلاتا ہے اور تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے۔ اقول اگر احیاء موتی کا فی الحال مشاہدہ ہوا کرتا تو حال کا ترجمہ صحیح تھا، یہاں استقبال کا صیغہ مراد ہے۔ خطاب منکرین احیاء کو ہے کہ جس طرح ہم نے قصۂ مذکورہ میں زندہ کردیا۔ اسی طرح قیامت میں سب مردوں کو زندہ کردیں گے۔ البتہ یریکم کا ترجمہ حال کے ساتھ صحیح ہے کیونکہ آیات کے معنی نمونے کے ہیں اور مراد اس سے یہ قصہ احیاء کا ہے کہ نمونہ احیاء موتی کا ہے اور اُس کا مشاہدہ ہو چکا ہے اس لیے اُس کا ترجمہ حال سے صحیح ہے بخلاف ترجمہ "یُحْیِیْ" کے جیسا گزرا اس لیے یہاں یحیٰی کا ترجمہ صحیح نہیں۔

ایضاً "فَوَيْلٌ لَّهُمْ" دو جگہ ترجمہ تف اور پھٹ اقول کلمہ ویل تفجع وحزن کے لیے ہے نہ تنفیر اور تحقیر کے لیے، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً" ترجمہ جس نے (عمر بھر) برائی کی۔ اقول عمر بھر کی قید بلا دلیل بلکہ خلاف دلیل ہے۔

جب مدار وعید کا کسب سیئہ پر ہے جب علت پائی جاوے گی معلول پایا جاوے گا خواہ ایک بار ہو یا عمر بھر ہو، اگر معتزلہ وخوارج کا جواب دینا مقصود ہے تو یہ توجیہ کافی نہیں ہوئی بلکہ بعض افراد عاصی کا جو کہ عمر بھر مرتکب معاصی کا رہے مخلد رہنا تسلیم کرلیا گیا اور یہ عین مذہب فرق مذکورہ کا ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع دہم: ''تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ'' ترجمہ: چڑھائی کر کے جاتے ہو۔ اقول تظاہر بمعنی تعاون ہے نہ بمعنی چڑھائی اگر کوئی اپنی ہی مصلحت کے لیے دشمن پر چڑھ کر جاوے، اپنے کسی دوست کی مدد مقصود یا موجود نہ ہو، چڑھائی صادق آوے گی، تعاون صادق نہ آوے گا۔ پس یہ دونوں علیحدہ علیحدہ مفہوم ہیں، اس لیے یہ ترجمہ لغت کے خلاف ہونے کی وجہ سے صحیح نہیں۔

ایضاً ''فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا'' ترجمہ دُنیا کی چند روزہ زندگی میں اقول ''الحیوۃ الدنیا'' موصوف صفت ہیں اور ترجمہ مضاف مضاف الیہ کا کیا گیا ہے، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں ہے۔

رکوع یازدہم: ''فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ'' ترجمہ: ایمان والے ہی قلیل ہیں۔ اقول قلیل مرفوع نہیں ہے جو اس ترجمہ کا احتمال ہو بلکہ منصوب ہے یؤمنون کا مفعول مطلق۔ پس تقلیل ایمان کی مقصود ہے نہ اہل ایمان کی، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

ایضاً ''بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ'' ترجمہ اور اُن اعمال بد کی وجہ سے جن کو اُن کے ہاتھوں نے گناہوں کا پیش خیمہ بنا کر آگے بھیجا ہے۔ اقول اگر جن کو نہ ہوتا تو پیش خیمہ کی اضافت گناہوں کی طرف بیانیہ ہوسکتی تھی اور اب یقیناً مضاف مضاف الیہ متغائر ہیں۔ پس لازم آتا ہے کہ گناہ اور چیز ہیں اور اُن کا پیش خیمہ کچھ اور اور یہ محض غیر معقول ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع دوازدہم: ''نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ'' ترجمہ تمہارے دل میں ڈالا ہے، اقول تنزیل کا ترجمہ ڈالنا اور علی کا ترجمہ میں صحیح نہیں۔

رکوع سیزدہم: "مَنْ یَّتَبَدَّلِ الْکُفْرِ بِالْاِیْمَانِ" ترجمہ جس نے ایمان کے عوض کفر بدل لیا۔ اقول۔ یتبدل خود صیغہ مضارع کا پھر موقع شرط میں کسی طرح ماضی کا محتمل نہیں اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع چہاردہم: "مَنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰہِ" ترجمہ: اللہ کی مسجدوں میں اللہ کا نام لیے جانے سے لوگوں کو روکے۔ اقول مساجد مفعول فیہ نہیں ہے بلکہ مفعول بہ ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "اُولٰئِکَ مَا کَانَ لَھُمْ" الخ، ترجمہ: ان لوگوں کی خود یہ شان نہ تھی کہ اُس میں یعنی بیت المقدس میں جائیں مگر ڈرتے ہوئے چہ جائیکہ مسلمانوں کو روکیں اور اُس کی بے حرمتی کریں۔ اقول: مسلمانوں کو روکنے والے مشرکین مکہ تھے اور اُن کو بیت المقدس سے کوئی تعلق نہیں اور بیت المقدس میں جانے والے یہود یا نصاریٰ تھے اور اُن کا روکنا مسلمانوں کو آیت میں مذکور نہیں اس لیے یہ مضمون بالکل غیر مرتبط ہے۔ پس یا "یدخلوھا" میں ضمیر منصوب کا مرجع غلط سمجھے یا "اُولٰئِکَ" کا مشارٌ الیہ غلط سمجھے۔ بہرحال یہ ترجمہ صحیح نہیں اور یہ ظاہر ہے کہ لفظ مسلمان کا اطلاق عرف خاص وعرف عام میں صرف مؤمنین اُمت محمدیہ ہی پر آتا ہے۔ ایضاً "وَاسِعٌ" ترجمہ فراخ رحمت والا۔ اقول: واسع کا مفہوم مطلق ہے، رحمت اُس کا جز نہیں اور کسی مفسر کا واسع الرحمۃ کہہ دینا اس لیے حجت نہیں کہ ترجمہ میں تساوی مفہوم ضروری ہے اور تفسیر میں ایضاح مراد خواہ کسی طرح ہو، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع پانزدہم: "مَثَابَۃً" ترجمہ: زیارت گاہ، اقول: ثاب یثوب بمعنی رجع یرجع کے ہے نہ زار یزور کے، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں اور زیارت کی غرض ہونا اور بات ہے۔

رکوع ہفدہم: "فَلَنُوَلِّیَنَّکَ" ترجمہ: ہم اُسی کا حکم دے دیں گے۔ اقول: تولی یا بمعنی تحویل ہے یا بمعنی تمکین بمعنی حاکم کردن نہ بمعنی حکم دادن جیسا کہ ترجمہ سے لازم ہے۔ اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ" ترجمہ: جو تمہارا رب کہے حق وہی ہے۔ اقول یہاں کوئی لفظ ایسا نہیں جس کے معنی کہے کے ہوں یہ

زیادۃ علی الکتاب ہے، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع بستم: "وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ" ترجمہ: بلکہ ایمان والوں کو خدا کی محبت زیادہ ہوتی ہے۔ اقول: نہ واؤ مرادف بل کا ہے نہ مقام ترقی یا اعراض کا ہے کہ مجازاً مراد لیا جاوے بلکہ تقابل مقصود ہے جو منافی بل کا ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

ایضاً "وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا" ترجمہ: اور اگر کوئی ظالموں کو اُس وقت دیکھے الی قولہ تو اپنی گزشتہ غلط کاریوں پر سخت نادم ہوں گے۔ اقول: چونکہ اس جزا کو شرط کے ساتھ کوئی ربط نہیں، اس حیثیت سے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع بست ودوم: "اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا" ترجمہ: یہ ہی لوگ راست گو ہیں۔ اقول یہاں صدق قول وفعل دونوں کو عام ہے تخصیص کی کوئی وجہ نہیں، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ" ترجمہ: اور رشتہ داروں کو حصہ رسد وصیت کر جاوے۔ اقول: بالمعروف کا مفہوم حصہ رسد نہیں، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ" ترجمہ: پھر اُس پر کوئی گناہ نہیں (اس لیے کہ) اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اقول: یہاں کوئی حرف تعلیل کا نہیں، جس کا ترجمہ (اس لیے کہ) کیا گیا ہے نہ مقام مقتضی بلکہ نہ قابل تعلیل ہے کیونکہ غفور یہ علت عدم اثم کی نہیں ہوسکتی بلکہ غفور یہ کا اثر رفع اثم ہے جو خود مستلزم اثم کو ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع بست وسوم: "فَتَابَ عَلَيْكُمْ" ترجمہ: تم پر تخفیف کردی۔ اقول: توبہ کے معنی تخفیف کے کسی طرح درست نہیں، اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں اور تحقق توبہ کا ضمن تخفیف میں اور بات ہے۔ ایضاً "وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ" ترجمہ: اُن سے ہم بستر نہ ہونا۔ اقول: مباشرت لغت میں بھی اور مقام بیان احکام اعتکاف میں بھی عام ہے، وطی اور لمس وقبلہ کو یہ تخصیص محض بلا وجہ بلکہ مضر وموہم تخصیص منہی عنہ ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع بست وہفتم: "اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ" ترجمہ: اللہ کے نزدیک بڑا گناہ ہے۔ اقول: یہ ترجمہ کبیر کا ہوسکتا تھا نہ اکبر کا کہ افضل التفضیل ہے۔ چنانچہ اسی آیت میں

۴ کُبَرُ مِنَ الْقَتْلِ" کے ترجمہ میں اُس کی رعایت ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔

رکوع بست وہشتم: "اَنْ تَبَرُّوْا" ترجمہ: سلوک کروں۔ اقول: یہ حاصل معنی ضرور ہے مگر ترجمہ میں الفاظ کی خصوصیات کا لحاظ ضروری ہے اس لیے یہ ترجمہ صحیح نہیں۔ ایضاً "بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ" ترجمہ: بیہودہ قسم پر جو سبقت زبان سے نکل جاتی ہے۔ اقول: یہ تفسیر مذہب حنفیہ کے خلاف ہے اور اس سے قریب ہی قردہ کی تفسیر حنفیہ کے موافق کی ہے غیر مقلدی یہ ہی ہے۔

رکوع سی ام: "عَلَى الْوَارِثِ" ترجمہ: اور دودھ پلانے کا خرچ اگر باپ مر جاوے تو ایسا ہی اُس کے وارث پر ہے۔ اقول: متبادر عبارت سے یہ ہے کہ باپ کے مرنے کے بعد بچہ کے علاوہ باپ کا کوئی وارث بچہ کا کفیل ہوگا۔ پس اگر یہ ہی مطلب ہے تو غلط ہے کیونکہ اجماع مرکب سے یہ ثابت ہے کہ یا خود بچہ کے مال میں کہ وہ باپ کا وارث ہے یا بچہ کے وارث کے ذمہ یہ انفاق واجب ہے اور اگر عبارت مذکورہ کا کچھ اور مطلب ہے جو اس اجماع کے کسی جزو پر منطبق ہو سکے تو اُس کی توضیح ضروری تھی کہ ایہام خلاف مقصود کا نہ ہوتا، اس اعتبار سے یہ ترجمہ صحیح نہیں

رکوع سی ویکم: "مَتِّعُوْهُنَّ" اس کا ترجمہ چھوڑ دیا گیا ہے یہ بہت بڑی غلطی ہے۔ ایضاً "اَلتَّابُوْتُ" ترجمہ: ایک صندوق۔ اقول: چونکہ اس میں الف لام عہد کا ہے اور یہ ترجمہ اُس کے خلاف ہے اس لیے یہ ترجمہ غلط ہے۔

رکوع سی وسوم: "غُرْفَةً" ترجمہ: ایک آدھ چلو پانی۔ اقول: ایک آدھ کا لفظ ہمارے محاورہ میں متعدد قلیل کے لیے موضوع ہے اور غرفہ میں وحدت محض مقصود ہے، اس لیے یہ ترجمہ غلط ہے۔

اغلاط حواشی

صفحہ ۲ سطر ۹ قولہ چھٹا نام وافیہ ہے۔ اس سے پایا جاتا ہے کہ نماز معراج مومن ہے۔ اقول: اسم اور وجہ تسمیہ میں مناسبت تو ہونا چاہیے۔ یہاں اُس کا نشان بھی نہیں۔ صفحہ

ایضاً سطر ۳۷ قولہ: علم حقیقت اُس علم کو کہتے ہیں الخ۔ اقول: اس تفسیر کا کیا مطلب اور کیا سند۔ صفحہ ایضاً سطر ۴۰ قولہ علم شریعت کی دو قسمیں الخ، اقول: اُصول عقائد کیا چیز ہیں، فروع عقائد کیا چیز ہیں، پھر علم شریعت کا ان میں انحصار کیا معنی۔

صفحہ ۴ سطر ۲۴۔ قولہ جب تک ہم میں جلب منفعت کی قوت نہ ہوگی ہمیں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔ اقول: نہیں پہنچا سکتا میں امکان وقدرت کی نفی ہوئی حالانکہ ''اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ'' نص قطعی ہے یہ اشتراط قابلیت خاص فلاسفہ اور معتزلہ کا مذہب ہے جو صریح خلاف قرآن وخلاف عقل ہے۔ صفحہ ایضاً سطر ۲۵۔ قولہ بن دیکھی چیزوں پر الی قولہ کاش میں اُن سے ملتا، اقول: اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ صحابہ بن دیکھی چیزوں پر ایمان والے اور ''اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ'' میں داخل نہ تھے۔ نعوذ باللہ منہ

صفحہ ۶، سطر ۳۳، قولہ صالحات اُن اعمال مستقیمہ کو کہتے ہیں جن کا ثبوت عقلی دلائل اور کتاب وسنت سے ہوا ہو۔ اقول ظاہر عبارت سے متبادر یہی ہے کہ اُن کی استقامت پر تینوں دلائل قائم ہوں۔ اس سے لازم آتا ہے کہ جو محض دلیل نقلی سے ثابت ہوا ہو وہ عمل صالح نہیں۔ حالانکہ اکثر فروع شرعیہ اسی قبیل سے ہیں۔ یہ صاف مسلک فطرت پرستانِ حال کا ہے اور اگر کچھ تاویل کی جاوے تب بھی ایہام باطل کے التزام سے سبکدوشی نہیں ہوسکتی۔

صفحہ ایضاً سطر ۴۲۔ قولہ مگر اصطلاح شرع میں، الخ۔ اقول: مقسم کا اقسام پر صادق آنا ضروری ہے۔ جب مقسم میں خروج عن الطاعت کو گناہ کبیرہ کے ساتھ مقید کرلیا گیا۔ پھر جن چیزوں پر ایمان لانا واجب ہے اُن کا انکار کہ یقیناً کفر ہے اُس کی قسم کیونکر بن سکتی ہے کیونکہ مرتکب کبیرہ کا مومن ہی رہتا ہے اور اُس کو کافر جاننا خوارج کا مذہب ہے اور خارج از ایمان غیر داخل فی الکفر ماننا معتزلہ کا مذہب ہے۔

صفحہ ۷ سطر ۱۸۔ قولہ خداوند تعالیٰ کی نسبت ہدایت اور ضلالت کا آنا۔ الخ، اقول: خدائے تعالیٰ کی طرف ہدایت کی نسبت تو بہت جگہ آئی مگر نعوذ باللہ ضلالت کی نسبت

کہیں نہیں آئی۔ ضلالت کے معنی گمراہ ہونے کے ہیں نہ گمراہ کرنے کے۔ اس قول میں اتنی بڑی غلطی کی ہے کہ کلمۂ کفر تک نوبت پہنچ گئی ہے۔ صفحہ ایضاً سطر۲۲، قولہ تعجب کر کے فرماتا ہے۔ اقول: صدور تعجب کا حق جل وعلاشانہ سے محال ہے کیونکہ اُس کا منشا جہل ہے۔ تعالیٰ اللہ عن ذالک علوا کبیرا.

صفحہ ایضاً ۲۲، قولہ جیسا کہ خدا تعالیٰ کا یہ قول الحمدللہ الی قولہ اس پر دلالت کرتا ہے۔ اقول: واؤ محض عطف کے لیے ہے ترتیب کا اُس میں لحاظ نہیں۔ اس لیے اس دلالت کا دعویٰ محض غلط ہے۔ صفحہ ۹ سطر ۲۲۔ قولہ نسیان اگرچہ اُس الخ اقول: یہ مبنی ہے حکماء کے قول پر جس کا منشاء قضیہ کفریہ الواحد لایصدر عنہ الا الواحد ہے۔ پس یہ بناء الفاسد علی الفاسد تفسیر قرآن میں سراسر باطل ہے۔

صفحہ ایضاً سطر۲۳ قولہ کسی چیز کا بھول جانا اُس کے ترک کو لازم ہوتا ہے۔ الخ، اقول بھول جانا تو ترک کو لازم نہیں ہوتا البتہ ترک بھول جانے کو لازم ضرور ہے۔ یہ فاش غلطی ہے۔ پھر آگے چل کے اس قول میں ''تو جس طرح ملزوم کا لازم میں'' نسیان کو ملزوم اور ترک کو لازم مان لیا ہے جو اوپر کے دعوے کے بالکل خلاف ہے۔ کلام میں تعارض ہونا یہ دوسرا افساد ہے۔

صفحہ ۱۱ سطر۳ قولہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور اُن کے ایک سال بعد حضرت ہارون علیہ السلام نے بھی یہیں وفات پائی۔ اقول علمائے اسلام نے تصریحاً لکھا ہے کہ حضرت ہارون علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے قبل وفات پائی۔ صفحہ ایضاً سطر۲۱ قولہ بقل الخ اقول اول بیل کی قید پر دلیل مطلوب ہے پھر پودینہ وغیرہ کا لغتاً اس میں داخل نہ ہونا جیسا لفظ مگر اور بھی سے معلوم ہوتا ہے محتاج دلیل ہے۔ صفحہ ایضاً سطر۲۱۔ قولہ نصران جیسے ندمان اور نصرانۃ ندمانۃ کی جمع ہے۔ اقول نصران کی جمع تو بیشک ہے مگر نصرانۃ کی جمع کسی نے نہیں کہا، جیسا محشی نے کہا ہے۔

صفحہ ۱۴ سطر ۱۴ قولہ اور تمام عمر نیک اعمال میں گزار دی۔ اقول تو اس حساب سے

جو صحابہ یا دوسرے مسلمان جدید الاسلام ہیں نعوذ باللہ وہ مستحق جنت نہ ہونا چاہئیں کیونکہ اُن کا ایک حصہ عمر کا جو قبل قبول اسلام تھا نیک اعمال میں نہیں گزرا۔ اس میں صحابہ کی طرف کیسے امر قبیح کی نسبت لازم آتی ہے۔ صفحہ ۷ اسطر ۳۶ قولہ انہیں بالکل لاشئ محض ثابت کردیا ہے۔ اقول سحر کا مؤثر ہونا احادیث صحیحہ میں مذکور ہے اور مشاہدہ سے ثابت پھر اس کا لاشئ محض اور بے اثر مطلق ہونا کس طرح صحیح ہوگا اور ایسے غیر صحیح امر کا قرآن کی طرف منسوب کرنا کیسے جائز ہوگا بلکہ خود قرآنی نص "وَمَا هُمْ بِضَارِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ" اُس کی تاثیر کا اثبات کررہی ہے۔ صفحہ ۱۸ اسطر ۳۱ قولہ جتنی قابلیت بڑھتی گئی، الخ۔ اقول یہ خاص فطرت پرستوں کا مسلک ہے کہ طبیعت ہمیشہ ترقی کرتی ہے اور اس سے تو یہ لازم آتا ہے کہ ہر شریعت متاخرہ ہر شریعت متقدمہ سے افضل واکمل ہو، حالانکہ اس پر کوئی دلیل عقلی ونقلی قائم نہیں۔

صفحہ ۷ اسطر ۲۷ قولہ اس کی کھال کو بیچ کر چربی کو چراغ میں جلا کر الخ، اقول مردار کی کھال سے مطلقاً انتفاع جائز نہیں۔ جیسا قول مذکور سے معلوم ہوتا ہے بلکہ دباغت شرط ہے اور چربی تو کسی طرح جائز نہیں ہے، ان دونوں مسئلوں کی نقل میں غلطی ہوئی ہے۔ ایضاً سطر ۳۶ قولہ مچھلی الخ، اقول طافی اس حلت سے مستثنیٰ ہے۔ اس قید کی تصریح ضروری تھی۔ صفحہ ۲۹ سطر اوّل قولہ اب وصیت کے احکام الخ، اقول اس تمام تر مضمون میں اس حکم کا نسخ بیان نہیں کیا جس سے ناواقفوں کو شبہ پڑ سکتا ہے کہ اب بھی یہ حکم باقی ہوگا اور صرف اس قدر لکھ دینا کافی نہیں کہ اُس وقت تک میراث کی آیت نازل نہ ہوئی تھی کیونکہ اس سے تو صرف تقدم وتاخر نزول کا معلوم ہوا تھا یا نسخ پر ہرگز دلالت نہیں۔ صفحہ ایضاً سطر ۱۵ قولہ تو پھر قتل ضروری نہیں۔ اقول ضروری نہیں یا جائز ہی نہیں، ضرورت کی نفی سے محاورات میں جواز کا شبہ ہوتا ہے حالانکہ جواز بھی منفی ہے۔ صفحہ ایضاً سطر ۱۶۔ قولہ۔ اگر کوئی قاتل الی قولہ معاف کردیں، اقول اگر یہ اجتہاد ہے تو بوجہ فقدان شرائط کی غیر مقبول ہے اور اگر تقلید ہے تو کس کی ہو۔ اگر امام صاحب

کی ہے تو اس کی سند چاہیے اور اگر کسی اور کی ہے تو ضمن مسائل حنفیہ میں بیان کرنا موہم نسبت الی الامام کا ہے۔ اس لیے ہر صورت قابل مواخذہ ہے۔

صفحہ ۳۱ سطر ۴۰۔ قولہ اُنہوں نے گزشتہ سال میں الخ، اقول اگر اس کو علت قرار دیا جائے تو یہ آیت بے معنی ہوئی جاتی ہے۔ "وَلَا تُقَاتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الخ" اس مضمون کی تصحیح نقل بذمہٗ ناقل ہے اور بر تقدیر تصحیح کے بوجہ تعارض آیت مذکورہ کی اُس نقل کو ترک کرنا ضروری ہے۔ صفحہ ۳۲ سطر ۲۴۔ قولہ جو شخص متمتع ہو، اُس کو ایسی حالت میں الخ، اقول اس سے اوپر مسئلہ احصار کا مذکور ہے۔ پس ایسی حالت سے مراد وہی احصار ہوگا، اس تقریر پر یہ حکم اُس متمتع کا ہوا جو محصر ہے حالانکہ مطلق تمتع کا یہ حکم ہے اور قرآن مجید کا کلمہ "فَاِذَآ اَنْتُمْ" اس تخصیص کی نفی کر رہا ہے۔ اسی طرح اس مسئلہ کے ضمن میں یہ کہنا کہ (اس لیے کہ جو وہیں رہتے ہیں اُن کو اس کی کیا ضرورت ہے) دوسرے سال اس کی قضا کر سکتے ہیں) اس امر کی صاف تصریح کر رہا ہے کہ اُس حکم کو بھی محصر کے متعلق سمجھا ہے حالانکہ بالاجماع یہ غلط ہے محصر کے لیے، ہدی کے عوض نہ صیام ہے نہ قادر علی القضاء کے لیے احصار میں ہدی معاف ہے، ذلک کا مشارٌ الیہ یا نفس تمتع یا وجوب ہدی وصیام ہے۔ علی اختلاف المذہبین صفحہ ۳۵ سطر ۴۴۔ قولہ بشرطیکہ الخ، اقول اس شرط کی کیا دلیل ہے۔ عموم نصوص و واقعات نبویہ و صحابہ اس اشتراط کی نفی کر رہے ہیں۔ یہ احکام شرعیہ میں دست اندازی ہوئی۔

صفحہ ۳۶ سطر ۹۔ قولہ بیہقی میں الخ۔ اقول محض افترا ہے جمادی الاخریٰ میں یہ لشکر گیا ہے اور اخیر تاریخ میں قتال ہوا ہے جس میں یکم رجب ہونے کا شبہ ہوگیا تھا۔ مصرع ببین تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا۔ صفحہ ایضاً سطر ۴۲ قولہ صرف انگور کی شراب کو کہتے ہیں الخ۔ اقول اطلاق صحیح نہیں بلکہ خام کی قید بھی ہے۔ صفحہ ۳۷ سطر ۴۲۔ قولہ اس قدر انتظار کرنا چاہیے کہ جس میں غسل ہو سکے۔ اقول اس میں یہ بھی شرط لگانا ضروری ہے کہ اُس کے ذمہ ایک نماز واجب ہو جاوے۔ فرض کیا جاوے بعد طلوع آفتاب

عورت پاک ہوئی، قول مذکور پر تو چاہیے کہ مثلاً ایک گھنٹہ کے بعد صحبت حلال ہو جاوے۔ حالانکہ یہ حکم نہیں ہے بلکہ یا تو غسل کرے یا ظہر کی نماز اُس کے ذمہ واجب ہو جاوے اور درمیانی گھنٹوں میں وہ عورت حلال نہ ہوگی۔ بالا جماع۔

صفحہ ۳۸ سطر ۲۔ قولہ اور وہ بات مجھ کو اچھی معلوم ہوگی۔ اقول حدیث میں "تو ادی غیرھا خیر امنھا" آیا ہے جس کا ترجمہ یہ ہونا چاہیے کہ "اور اس کی خلاف بات مجھ کو اچھی معلوم ہوگی۔" اور عقل کے موافق بھی یہی ہے کیونکہ جس بات پر قسم کھائی ہے اور وہی شرعاً اچھی بھی معلوم ہوئی تو پھر قسم توڑنے کی کیا ضرورت ہے۔ غرض اس ترجمہ میں نقل و عقل دونوں کے خلاف کیا گیا ہے۔ صفحہ ایضاً سطر ۸ و ۱۴ قولہ چار مہینوں کے اندر صلح ہو جاوے۔ اقول صلح تو رنجش کے رفع ہونے کو کہتے ہیں حالانکہ فیئ کی شرائط اور ہیں گو رنجش رفع نہ ہو اور بدون وجود ان شرائط کے عورت حلال نہ ہوگی، گو رنجش رفع ہو جاوے۔ صفحہ ایضاً سطر ۱۶۔ قولہ طلاق دیدو عرف شریعت میں اس کو خلع کہتے ہیں۔ اقول خلع میں اختیار و قصد سے طلاق دینے کی ضرورت نہیں۔ جیسا لفظ دیدوں سے مترشح ہے۔ یہ احکام شرعیہ میں تحریف ہے۔

صفحہ ۳۹ سطر ۲۳۔ قولہ طلاق دے دے، اقول طلاق دینے کی ضرورت نہیں، یہ عقد خود مفرق ہے۔ صفحہ ۴۰ سطر ۱۸۔ قولہ خواہ وہ اُس کی بی بی ہو یا کوئی غیر الخ۔ اقول بی بی بلکہ معتدہ کو بھی دودھ پلائی پر معاوضہ لینا حرام ہے اور اُس کے بعد یہ کہنا کہ اگر شوہر غریب ہو، الیٰ قولہ ضروری ہے، صحیح نہیں، اگر یہ ضرورت دیانتاً ہے تو شوہر کے مال دار ہونے پر بھی ضرور ہے اور اگر قضاءً ہے تو شوہر کے غریب ہونے پر بھی ضرور نہیں۔ پس یہ کہنا کسی حال میں صحیح نہ ہوا۔

صفحہ ۴۱ سطر ۳۲۔ قولہ مہر مثل کا نصف الخ اقول یہ مسئلہ تو خود آیت میں منصوص ہے "مَتِّعُوْهُنَّ" صریح مذکور ہے جس کا ترجمہ بھی بین السطور چھوڑ دیا گیا ہے۔ مہر مثل کا نصف بالکل تراشیدہ حکم معارض نص کے ہے۔ البتہ اُس کی طرفین کو فقہاء نے محدود

زمایا ہے۔ اوساط محدود نہیں۔

صفحہ ۲۴ سطر ۳۔ قولہ مگر مجاہد وغیرہ کہتے ہیں الی قولہ تم وصیت کر جاؤ۔ اقول وصیت تو مجاہد کے نزدیک بھی واجب نہیں، پھر منسوخ کیوں نہ کہیں گے۔ البتہ عدت کے بارے میں تعارض ونسخ کی نفی ممکن ہے۔ پس مترجم کا یہ کہنا کہ مجاہد منسوخ نہیں کہتے اور عدم نسخ کی تقریر میں وصیت کا حکم لانا کس قدر خلط مبحث ہے اور اگر تاویل کی جاوے گی کہ مراد عدم تعارض در باب عدت ہی کے ہے اور وصیت منسوخ ہے تو مطلقاً یہ کہنا کہ مجاہد منسوخ نہیں کہتے غلط ہے۔ اگر یہ کہتے کہ در باب عدت منسوخ نہیں کہتے کیونکہ وہ فرع تعارض کی ہے جہاں تعارض نہیں، نسخ بھی نہیں تو البتہ کلام مصرح ہوتا اور وصیت کے باب میں منسوخ ہونے پر اتفاق نقل کرنا چاہیے تھا۔

صفحہ ایضاً سطر ۱۱۔ قولہ یہاں تبرعاً مذکور ہے۔ اقول مترجم صاحب اس آیت کے حکم کو اب بھی باقی سمجھتے ہیں اور تبرع پر محمول کرتے ہیں حالانکہ جب اُس کو صاحب میراث مان لیا اور وارث کے لیے تبرع کی وصیت کا نا جائز ہونا مشہور و مسلم مسئلہ ہے پھر یہ حمل کس طرح صحیح ہو سکتا ہے۔ یہ احکام کی تحریف ہے۔ فقط

فتویٰ متعلق خریداری و مطالعۂ تراجم وتفاسیر مخالفۂ قواعد اہل حق

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ آج کل قرآن مجید کے بہت سے ترجمہ اور تفسیریں شائع ہو رہی ہیں جن میں کثرت سے غلطیاں اور مضامین خلاف شرع ہوتے ہیں۔ ایسے ترجموں اور تفسیروں کا دیکھنا یا اس غرض سے خریدنا اور اُن پر اعتماد کرنا جائز ہے یا نہیں؟ المستفتی۔ خادم الحفاظ امام الدین کان پوری

جواب: کچھ بھی جائز نہیں۔ دارمی میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قصہ مذکور ہے کہ ایک نسخہ توریت کا کہیں سے لا کر رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں پڑھنا شروع کیا۔ آپ نہایت ناخوش ہوئے اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عفو تقصیر کرائی۔ دیکھو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ باوجودیکہ خود نہایت فہیم اور

بہت بڑے عالم تھے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پڑھنے سے تو کسی قسم کا احتمال خرابی کا تھا ہی نہیں۔ جہاں غلطی ہوتی آپ ضرور تنبیہ فرما دیتے۔

مگر پھر بھی احتیاطاً کہ شاید یہ اس کے دیکھنے کے عادی ہو جاویں اور کسی جگہ لغزش ہو جاوے یا اُن کو دیکھ کر اور ضعفاء کم علم خرابی میں پڑ جاویں یا اور کچھ نہیں تو کم از کم اضاعت اوقات تو ضروری اور یقینی ہے آپ نے سختی کے ساتھ روکا تو اس وقت کے ترجمہ اور تفسیریں دیکھنے والے کہ نہ اُن کو کافی علمی استعداد حاصل ہے نہ اپنے عقائد اور اعمال میں علی وجہ الکمال مستقیم ہیں اُن کے حق میں تو یقیناً ایسی چیزوں کا مطالعہ مضرت محض و موجب مفاسد بے شمار ہوگا۔

پس ایسی حالت میں یقیناً ایسی چیزوں کا مطالعہ کرنا ایسوں کے لیے ناجائز ہے، رہی خریداری سو اوّل تو بڑا مقصود اُس سے مطالعہ ہے اور مطالعہ ناجائز ٹھہرا اور پھر خریداری کہ اُس کا سبب اور ذریعہ سے ناجائز ہوگا۔

دوسرے اکثر ایسے ترجمے نفع رسانی دین کے لیے نہیں کیے جاتے بلکہ محض تجارت کی غرض سے، اگر خریداری بند ہو جاوے تو یقیناً ایسے ترجموں کا سلسلہ منقطع ہو جاوے تو خریداری حقیقت میں اُن کے اس عمل ناجائز کی اعانت ہے اور حرام کی اعانت حرام ہے۔ قال اللہ تعالیٰ "وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ" پس خلاصہ یہ ٹھہرا کہ جس طرح ایسے ترجموں کا تصنیف کرنا گناہ ہے اسی طرح خریدنا اور دیکھنا سب ناجائز ہے۔ اگر اُن کے مضامین پر اعتماد بھی نہ ہو تب بھی بوجوہ مذکورہ ایسے لوگوں کو جو علم دین میں کامل نہ ہوں یہ امور ناجائز ہیں اور اگر اعتماد بھی ہو تب تو ظلمت بعضها فوق بعض کا مصداق اور معصیت ہونے میں زیادہ شدید ہے۔

کتبہ محمد اشرف علی تھانوی عفی عنہ قطعۂ تاریخ از احقر محمد مظہر الفاروقی الحنفی الاصغری التھانوی عفاعنہ اللہ الولی بفضل خدا چھپ گیا یہ رسالہ۔ ہے جس کا سبب صرف دینی حمیت..... کہی تاریخ مظہر نے اس کی ..... ہے دلچسپ اصلاح اغلاط حیرت۔

الصَّحَائِفُ فِی اللَّفَائِفْ

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ، واقف الاسرار الفرقانیۃ، راس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الاسرار الخفی منہا والجلی اعنی بہ

مَوْلَانَا مُحَمَّدْ اَشْرَفْ عَلِی التَّھَانَوِیْ

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

اخبارات ورسائل اور وہ خطوط جن میں قرآن کریم کی آیت یا حدیث یا فقہ کی کوئی عبارت ہو تو اُن کو ڈاک کے ذریعے اِرسال کرنا بے ادبی میں داخل ہے یا نہیں؟ اِس رسالہ میں حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے تفصیل سے جواب تحریر فرمایا ہے کہ اِس قسم کی چیزیں ڈاک کے ذریعے بوقت ضرورت اِرسال کرنا بے ادبی میں داخل نہیں

الصَّحَائِفُ فِی اللَّفَائِفُ

قرآن کے نمونہ کا ڈاک میں ڈالنا بے ادبی نہیں ہے

السوال: رسالہ صوفی اور آب حیات دو پرچے میرے ہاں سے شائع ہوتے ہیں، قرآن مجید کی اشاعت کی غرض سے ان میں قرآن مجید کا اشتہار اور نمونہ ہر ماہ شائع ہوتا ہے، ڈاک میں کما حقہ ادب نہیں ہوسکتا، بعض لوگوں نے اعتراض بھی کیا ہے، آج کی ڈاک میں ایک صاحب نے لکھا ہے کہ اگر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانہ ہوتا تو اس بے ادبی کی سزا یہ دی جاتی کہ تم کو تختہ پر لٹکایا جاتا، میرے دل میں بھی کچھ وہم پڑ گیا ہے، اس لئے یہ نمونہ عام طور پر پیش کیا جاوے یا اس کی اشاعت کو بوجہ بے ادبی بند کیا جاوے اور پچھلی اشاعت کے متعلق اگر یہ گناہ ہے تو توبہ کی جاوے۔

الجواب: (ولقبته بالصحائف فی اللفائف بعموم الصحائف للمصاحف والکتب الدینیة) آپ کی خشیت و تعظیم احکام شرعیہ سے جی خوش ہوا، اور بطور مانعة الخلو (کمانی تفسیری) وعدہ ومن یتق اللہ یجعل له مخرجا الآیة، ظاہر ہوا، چنانچہ جواب سے واضح ہے، وھو ھذا فی العالمگیریه الباب الخامس من کتاب الکراھیة واذا حمل المصحف اوشیٔ من کتب الشریعة علی دابة فی جوالق ورکب صاحب الجوالق علی الجوالق لایکرہ کذا فی المحیط کیا یہ صورت بے ادبی کی ڈاک میں بھیجنے کی صورت سے اشد نہیں ہے پھر جائز رکھی گئی، نیز حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعض مبارک فرمانوں میں جو بنام شاہان عجم تھے قرآن مجید کی یہ آیت لکھوائی قل یا اھل الکتاب تعالوا الی کلمة سواء بیننا الخ، اور معلوم تھا کہ یہ فرمان مع آیت مقدسہ کفار کے ہاتھ میں پہنچے گا، جن سے کسی آداب اسلامی کی بھی توقع نہیں، کیا یہ صورت کہ ممسوس طاہر اور ماس غیر طاہر میں کوئی حائل بھی نہیں ڈاک میں بھیجنے کی

صورت سے کہ یہاں حائل کے سبب مس بھی نہیں اشد نہیں پھر جائز رکھی گئی۔

نیز تمام امت کا تعامل خطوط کے اندر بسم اللہ یا دیگر کلمات مقدسہ لکھنے کا شائع ہے، جو بوجہ جزو قرآن یا حدیث یا دیگر وجوہ سے محل ادب ہیں، چنانچہ یہ فتویٰ جو کہ نقہ کا ایک جزو ہے ڈاک میں جارہا ہے، حالاں کہ مثل قرآن مجید کے بے ادبی ان کی بھی جائز نہیں، کما ھو ظاہر وصرح بہ الفقہا، اور فقہاء نے تو خود حروف مرکبہ ومفردہ تک کی بے ادبی کو ناجائز فرمایا ہے، گو ابوجہل ہی کے نام کے حروف ہوں محض اس بناء پر کہ یہی حروف مادہ ہیں دوسرے کلام مقدس کے، نیز علاوہ خطوط کے تمام کتب شرعیہ دینیہ بلانکیر ڈاک میں روانہ کی جاتی ہیں، حالانکہ بے ادبی ان کی بھی ناجائز ہے، یہ سب مجموعی دلائل اس باب میں کافی سے زیادہ ہیں، کیا تمام اُمت کے علماء حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مذاق سے ناواقف تھے، یا (نعوذ باللہ) اس مذاق کے مخالف تھے یا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذاق (نعوذ باللہ) نص ارسال کتب نبویہ کے خلاف ہوسکتا ہے، اور راز اس کا دو امر ہیں، ایک یہ کہ مدار ادب کا عرف پر ہے، چنانچہ اصولیین کی تحقیق **لا تقل لھما اُف** کے متعلق اس کی دلیل ہے، اور ظاہر ہے کہ ڈاک میں اس طرح سے روانہ کرنا عرفاً خلاف ادب نہیں سمجھا جاتا دوسرا امر یہ کہ شریعت میں ضرورت کو خصوص ضرورت دینیہ کو احکام کی تسہیل وتخفیف میں خاص طور پر موثر قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ علماء شراح حدیث نے حدیث بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ **اشترطی لھم الولاء** میں تصریحاً فرمایا ہے کہ اشد المفسدتین کے دفع کے لئے اخف المفسدتین کا تحمل کرلیا جاتا ہے، اور ظاہر ہے کہ اگر ایسی روانگی ڈاک میں مفسدہ بھی ہوتب بھی اشاعت قرآن مجید وکتب دینیہ کے بند یا کم ہوجانے کے مفسدہ سے بہت اھون واخف ہے، اس لئے اس کو گوارا کیا جائے گا ورنہ اس وقت اشاعت مذکورہ مقصودہ فی الدین کا کوئی ذریعہ ہی نہیں اور مفسدہ کا اعظم ہونا ظاہر ہے، واللہ اعلم۔

نوٹ: البتہ ان نمونوں پر اگر یہ بھی چھاپ دیا جائے کہ ان کو ادب سے رکھیں تو بہتر ہے تاکہ پہنچنے کے بعد بلاضرورت بے ادبی نہ ہونے پاوے۔ (النور ص۹، شعبان ۵۶ھ)

رسالۃ وجیزۃ ومفیدۃ فی ربطِ الآیات

سبق الغایات

فی

نسق الآیات

حضرت حکیم الامت مجدد الملت جامع الکمالات منبع الحسنات ماہر العلوم القرآنیۃ، واقف الأسرار الفرقانیۃ،
رأس المفسرین مقدام الراسخین صاحب الشریعۃ والطریقۃ، بحر المعرفۃ والحقیقۃ کاشف الأسرار الخفی منھا والجلی اعنی بہ

مَولانا مُحمّد اَشرف علی التھانوی

نور اللہ مرقدہٗ وجعل الجنۃ مثواہ

اس رسالہ میں قرآن مجید کی آیات کا باہم ربط اوّل سے آخر تک بیان فرمایا ہے
اور مابعد کو ماقبل سے جو تعلق ہے اُس کو خوب ظاہر فرمادیا ہے۔
اللہ تعالیٰ کے کلام معجز نظام کی ایک نادر ونایاب خدمت انجام دی ہے۔

سورة الفاتحہ

(اعلم) ان مراتب احوال الخلق خمسة اولها الخلق وثانيها التربية فی مصالح الدنيا وثالثها التربية فی تعريف المبدأ ورابعها التربية فی تعريف المعاد وخامسها نقل الارواح من عالم الاجساد الى دار المعاد فاسم اللّٰه تعالٰی منبع الخلق والايجاد والتكوين والابداع واسم الرب يدل على التربية بوجوه الفضل والاحسان واسم الرحمٰن يدل على التربية فی معرفة المبدأ واسم الرحيم فی معرفة المعاد حتی يحترز عما لاينبغی ويقدم على ما ينبغی واسم الملک يدل على انه ينقلهم من دار الدنيا الى دار الجزاء ثم عند وصول العبد الى هذه المقامات انتقل الكلام من الغيبة الى الحضور فقال اياک نعبد كانه يقول انک اذا انتفعت بهذه الاسماء الخمسة فی هذه المراتب الخمس وانتقلت الى دار الجزاء صرت بحيث ترى اللّٰه فحينئذ تكلم معه على سبيل المشاهدة لاعلى سبيل المغائبة ثم قل اياک نعبد واياک نستعين كانه قال اياک ونعبد لانک اللّٰه الخالق واياک نستعين لانک الرب الرازق اياک نعبد لانک الرحمٰن واياک نستعين لانک الرحيم اياک نعبد لانک الملک واياک نستعين لانک المالک واعلم ان قوله مالک يوم الدين دل على ان العبد منقل من دار الدنيا الى دار الآخرة ومن دار الشرور الى دار السرور فقال لابد لذلک واليوم من زاد واستعداد وذلک هو العبادة فلا جرم قال اياک نعبد ثم قال العبد الذی اكتسبة بقوتی وقدرتی قليل لايكفينی فی ذلک اليوم الطويل فاستعان بربه فقال ما معی قليل فاعطنی من خزائن رحمتک ما يكفينی لی ذلک اليوم الطويل فقال واياک ونستعين ثم لما حصل الزاد ليوم المعاد قال هذا سفر طويل شاق والطرق كثيرة والخلق قد تاهوا فی

هذه البادية فلا طريق الا ان اطلب الطريق ممن هو بارشاد السالكين حقيق فقال اهدنا الصراط المستقيم ثم انه لابد لسالک الطريق من رفيق ومن بذرقة ودليل فقال صراط الذين انعمت عليهم والذين انعم اللّٰه عليهم هم النبيون والصديقون والشهداء والصّٰلحون فالانبياء هم الادلّاء والصديقون هم البذرقة والشهداء والصالحون هم الرفقاء ثم قال غير المغضوب عليهم ولا الضالين وذلک لان الحجب عن اللّٰه قسمان الحجب النارية وهی عالم الدنيا ثم الحجب النورية وهی عالم الارواح فاعتصم باللّٰه سبحانه وتعالٰی من هذين الامرين وهو ان لايبقی مشغول السر لابالحجب النارية لابالحجب النورية.

(وجه المناسبة بين آخر الفاتحة واوّل البقرة ان العبد لما سال الهداية من اللّٰه تعالٰی بقوله اهدنا الصراط المستقيم الخ. اجاب اللّٰه تعالٰی سؤاله فقال ذلک الكتٰب لاريب فيه هدی للمتقين انی خذ ما سئلت من الهداية فهٰذا الكتاب هو الهداية الكبرٰی ۱۲ عفی عنه).

سورة البقرة

